ازرق شامی: ایک شخص کا نام جو امام الشہدا ؓ کے قتل میں شمر کا معاضد (شریک) تھا۔

اززبان وصدا افتادن: بولنے کی طاقت نہ رکھنا۔

اززیرِ سنگ بیرون آمدن: شدید قسم کے مہلکے (مہلک بیماری وغیرہ) سے رہائی پانا۔

ازسر دررفتن وبدرشدن: حد سے تجاوز کرنا۔ جب پیمانہ وسبو وغیرہ بھر جائے تو اُس میں موجود پانی باہر گرنے لگتا ہے۔ 'ازسر بدر بردن' اِس کا متعدّی ہے۔

ازسرواشدن وگشتن: جدا ہونا۔ 'ازسرواکردن' اِس کا متعدّی ہے۔

ازسفتِ سوزن گزشتن: 'ازسرِ سوزن بروں شدن' کا مترادف جو معروف ہے؛ نیز حال میں تبدیلی (تلوّن) کا ظاہر ہونا۔

ازسنگ پیداشدن: 'اززیرِ سنگ وازسنگ پیدا کردن وبیروں آوردن' کا لازم۔ (ملاحظہ ہو، 'ازچوب وچوب خشک... الخ')

ازشاخ پیوست کردن: درخت کو پیوند لگانا جسے 'برگ پیوند' بھی کہتے ہیں۔

ازصحرا یافتن ودجستن وآوردن: کوئی چیز مفت اور رایگاں پانا۔

ازغلاف برآمدن: بے حجاب ہونا (سندِ محاورہ 'برسرِ آن وایں' میں آئے گی۔)

ازکسے ذخیرہ داشتن: کسی کا شکوہ دل میں رکھنا۔ 'ذخیرہ' بمعنی شکوہ مستعمل ہے۔

ازکسے کسوت وجامہ داشتن: کسی کے مرید وخلیفہ ہونے کا کنایہ۔

ازکسے کشیدن وبرداشتن: کسی کے جور وستم برداشت کرنا۔

ازکفِ دست مُو برآمدن: کسی ناممکن الوقوع امر کا واقع ہونا۔

ازکیسہ رفتن: ضائع ہونا اور کم ہونا۔ آدمی اور غیر آدمی پر اطلاق کیا جاتا ہے۔

ازگلو کشیدن: 'ازحلق کشیدن' (حلق یا گلے سے کھینچنا) کا مترادف ہے اور یہ خاصا معروف ہے۔

ازہم گذشتن: مرنا اور ایک دوسرے سے جدا ہونا۔

ازہم گذشتنِ کار ومعاملہ: کسی کام کا اخیر ہونا اور اُس کا فیصلہ ہونا۔

ازہوا گرفتن: کسی غیر ممکن جگہ سے کوئی چیز حاصل کرنا۔

ازیں وایں: معروف؛ اور 'ازیں چنین وایں چنیں' کا بدل ہے۔

الف ۔ س

اسپِ افگن: ایسا بہادر جو دشمن پر تنہا چڑھ دوڑے۔

اسپ رالجام انداختن: شوخ اور تیز گھوڑے کو رام کر لینا اور بے خبری سے واپس لے آنا۔

اسپِ یام: وہ گھوڑا جسے ڈاک چوکی کے لیے منازل (پڑاو) میں رکھتے ہیں۔

اِستادہ: معروف؛ ہند میں ایسی لکڑی کو کہتے ہیں جس پر خیمے کا سائبان نصب کیا جاتا ہے۔

آستان: پیٹھ کے بل لیٹا ہوا۔

استخارۂ ذات الرقاع: کسی کام کرنے سے متعلق استخارے کے لیے رُقعے (چٹ) پر 'افعل' اور دوسرے پر 'لاتفعل' لکھ کر ان چٹوں کو لپیٹ کر مصلّے کے نیچے رکھ دیتے ہیں۔ نماز ادا کرنے کے بعد آنکھ بند کر کے ایک چٹ اٹھا لیتے ہیں۔ پھر اَمر یا نہی، جو بھی نکلے، اُس پر عمل کرتے ہیں۔

استخواں دار: محکم اور قائم۔

استخوانِ نگیں: نجیب و شریف، کیوں کہ 'استخوان' بمعنی اصل و نسل کے ہیں۔

اسلیمی و سلمی: گرہ بندی۔

اسلیمی خطائی: گرہ بندی اور نقوش، جسے عرفِ عام میں 'بندِ رومی' کہا جاتا ہے۔ #

اسلیمی خطائی: گرہ بندی و در نقوش کہ آں را در عرف بندِ رومی گویند۔

[''گرہ بندی'' کے بعد 'و' کا اضافہ غالباً کتابت کی غلطی ہے، کہ اِس سے جملہ نامکمل رہتا ہے، جب کہ 'و' کے حذف سے بامعنی اور مکمل ہو جاتا ہے: ''یعنی نقوش (سازی) میں گرہ بندی، جسے عام طور پر 'بندِ رومی' کہتے ہیں۔'' ''لغت نامۂ دہخدا'' میں زیادہ وضاحت سے درج ہے:

اسلیم خَطائی: نوعی از نقاشی و گرہ بندی کہ بر گرد نقشہا سازند و آنرا بندِ رومی گویند، و تنہا اسلیمی و سلمی نیز آمدہ۔ [آنندراج] = نقاشی اور گرہ بندی کی قسم، جو نقوش کے گرد بناتے ہیں، اور اسے 'بندِ رومی' کہتے ہیں؛ فقط 'اسلیمی' اور 'سلمی' بھی آیا ہے۔ (نقش)

اسیر خانہ و اسیر جاے: قید خانہ۔

الف ۔ ش

اشترک: موج دریا۔

اشرف: معروف؛ نیز مازندران کے مضافات کا ایک قصبہ۔

اشعث: ایک حریص کا نام۔ بعض کے نزدیک اشعب۔

اشکبوش: ایک جنگجو کا نام جو (ایرانی بادشاہ) افراسیاب کی مدد کے لیے آیا تھا۔ رُستم نے اُسے مار ڈالا۔

اشک ریختن: خوش اور محظوظ ہونا۔

اشکِ شکری: ایسے آنسو جو بہت ہنسنے سے آنکھوں میں آ جاتے ہیں۔

اشکنہ: ثرید (ایک قسم کا کھانا، جس میں روٹی کے ٹکڑے گوشت کے شوربے میں ڈبو کر کھاتے ہیں)، نیز زلف کے پیچ وتاب اور عشوہ وناز۔

الف ۔ ص

اصحابِ مَنقل: ہم صحبت و مشیر دوست، منقل سامنے رکھ کر باہم شب نشینی اور ہر موضوع پر بات چیت کرنے والے۔ مَنقل ('م' پر زبر): انگیٹھی

اصلاح: عربی لفظ، بمعنی اچھا کرنا؛ فساد کی ضد۔ اصطلاح میں: بال صاف کرنا۔

اصول: موسیقی کی بحریں (مراد زیر و بم، اونچے نچلے سُر)، ناز نخرے کی حرکات وسکنات کا کنایہ۔ جب کوئی ناز و غرور سے بات کرے تو کہتے ہیں، ''چہ اصول گرفتہ۔''

الف ۔ ع

اعدادی: ایک ایسا شخص جو مثلث اور مربع کے خانوں کو، حصولِ مقصد کی خاطر، ہندسوں سے پُر کرے۔

الف ۔ غ

اُغری: ('الف' پر پیش)، ترکی لفظ ہے، بمعنی چور۔ اور 'باز اُغری' وہ باز ہے جو مرغابی کے شکار کے

لیے شکاری کی رہنمائی کرتا ہے۔

الف ۔ ف

اُفتادن: برخاستن بمعنی اُٹھنا کی ضد یعنی گرنا، نیز بمعنی زیبائی، خوب صورتی؛ اور واقع ہونا۔

اُفتادنِ دل در جاے: دل کا کسی جگہ قرار و آرام پکڑنا۔ اہلِ ایران محاورہ میں کہتے ہیں 'دلم در جائی افتد' یعنی قرار نہیں پاتا۔

افریسموس: یونانی لفظ۔ ایک ایسی بیماری جس میں مریض کا آلۂ تناسل ہمیشہ کھڑا اور اکڑا رہتا ہے۔ 'فریسموس' بھی کہتے ہیں۔

افسار: لگام جو گدھے، گھوڑے کے سر اور گردن پر باندھتے ہیں۔ عوام اِسے 'تختہ' کہتے ہیں، لیکن یہ لفظ ترکی ہے۔

افسار بر سر کشیدن: 'اسپ را لجام انداختن' کے مترادف ہے۔ یہ معنی پہلے گزر چکے۔

افشاں چشمِ مورے و سرِ مورے: باریک افشاں کی قسمیں جو کاغذ اور دیگر اشیا سے تیار کرتے ہیں۔ عرفِ عام میں اسے 'افشاں غبار' کہتے ہیں۔ 'چشمِ مورے' اور 'سرِ مورے' سے مراد بہت چھوٹی چیز اور ریزہ ہے۔

افیون: معروف؛ نیز بمعنی 'پازہر' یعنی تریاق۔

الف ۔ ق

اقچہ: ترکی لفظ، بمعنی روپیہ۔

اُقسم: ('س' پر پیش)، ایسا شخص جو اِس سوچ میں ہو کہ فلاں کام کس طرح انجام دیا جائے۔ (قسم، س ساکن، بمعنی کسی کام کے طریقے پر غور کرنا۔)

اقطاع: ('الف' پر زبر)، جمع قطع، زمین کے گوشے کنارے؛ ('الف' کے نیچے زیر)، بمعنی کسی چیز کا کوئی ٹکڑا کسی کو دینا۔ اصطلاح میں ایسی زمین جو بادشاہ، ملازموں کو تنخواہ کے طور پر دیتے ہیں۔

الف ۔ ک

اکسیر رنگ و اکسیر مردی: شراب کا کنایہ۔

الف ۔ گ

اگر بر آسماں رفتہ است از وایں کار برنمی آید: یعنی بلند پروازی کرنے حتی المقدور کوشش بجالانے کی فلاں میں استطاعت نہیں ہے۔

اگر چنیں شدہ است اُومی کند: جب کوئی مکروہ امر ظہور پذیر ہوتا ہے تو جس سے دشمنی کا گمان ہوتا ہے اُس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ فلاں کا کیا دھرا ہے۔

اگر حریف انگشت بگوش می گذارد، خیال کند

جیب قبایش می دوزد: کسی کی حماقت و جہالت کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

اگر گوید کہ ماست سفید است باور نیست: کسی کی تکذیب کے لیے مبالغے سے کام لینا (وہ بہت جھوٹا ہے)۔

الف ۔ ل

الچے والجہ: کسی دوسرے ملک کی تاخت وتاراج سے حاصل کردہ مال وجنس اور قیدی۔

اُلُغ: ترکی لفظ، بمعنی بزرگ، بڑا، عظیم۔

الف: معروف؛ نیز ایسا زخم جو الف کی شکل میں ہو۔

الف بر خاک کشیدن: امامیہ مذہب میں رسم ہے کہ میّت کو دفنا کر سات مرتبہ سورہ 'اِنّا اَنزلناہ...' (سورۂ قدر) پڑھتے اور ہر بار قبر پر لکیر کھینچتے ہیں۔

الف بر خاک وزمین کشیدن: شرمندگی و خجالت اٹھانے کا کنایہ۔

الفِ تازیانہ: ایسی لکیر جو چابک کی ضرب سے بدن پر پڑ جائے۔

الفیہ: آلۂ تناسل کا کنایہ، اور 'شلفیہ' کنایہ ہے فرج کا۔ اس لیے بدکار عورت کو 'شلف' کہتے ہیں۔

الفیہ شلفیہ: ایک کتاب کا نام جو کسی طبیب نے بادشاہ کی قوت باہ کی تقویت کے لیے تیار کی، جس میں جماع کی عجیب وغریب شکلیں بنائیں۔

الماس: معروف؛ نیز جوہردار فولاد اور تیغ و خنجر۔

الماس پارہ: 'آتش پارہ' کا مترادف۔

النگ: ('الف' پر پیش)، مرغزار؛ اور الف و ل پر زبر ہو تو بمعنی ایسی دیوار جو رزم گاہ کے سامنے، لشکر کی حفاظت کے لیے، بنائی جاتی ہے۔ اُسے 'مورچال' (مورچہ) کہتے ہیں، نیز بمعنی مطلق دیوار باغ و محل۔

الف ۔ م

امامِ سبحہ: تسبیح کے دانوں کے درمیان بڑا یا موٹا دانہ۔ اسے 'سرگرہ'، 'سرلاحول'، 'مقری سبحہ' نیز 'گلِ سبحہ' بھی کہتے ہیں۔

اِمروز: آج، نیز یہ دور، آج کا زمانہ۔

اُمّ الصبیان: ایک دیو کی ماں کا نام، جو بچّوں کو آسیب پہنچاتی ہے۔ طبّی اصطلاح میں بچّوں کا ایک مرض۔

اُمیدِ بریدہ: ایسی اُمید جو گویا نا اُمیدی ہو۔

الف ۔ ن

انارِ یاسین: نوروز کے دن چالیس اور، بعض کے بقول، سو مرتبہ سورۂ یاسین پڑھ کر انار پر پھونکتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو کوئی اسے شرکتِ غیر کے بغیر کھالے وہ تمام سال جسمانی امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

انبانِ سلیمان: چمڑے کا تھیلا جس میں زادِ راہ رکھتے ہیں۔ حضرت سلیمانؑ کے پاس ایک تھیلا تھا جس میں سے وہ اپنی خواہش کے مطابق کوئی چیز نکال لیتے؛ یہ قدرت کی طرف سے تھا۔

انتونی: حضرت عیسیٰؑ کے پہلے خلیفہ کا نام (نصاریٰ کا خیال ہے۔)

انداختن و رفتن: کسی کام کو نامکمل چھوڑ کر کسی دوسرے اہم کام کے لیے جانا۔

اندام دادن: خوش اسلوب اور خوش ترکیب بنانا، کیوں کہ 'اندام'، نظام اور آراستگی ہے۔

اِنسی: اطبّا کی اصطلاح میں عضو کی اندرونی طرف (کنارہ)؛ کاتبوں کی اصطلاح میں قلم کے قط کی دائیں طرف 'انسی' ہے اور بائیں طرف 'وحشی'۔

انگشت برجبیں نہادن: سلام کرنے کا کنایہ۔

انگشت بردرزدن: اجازت حاصل کرنا، دروازہ کھٹکھٹانا۔

انگشت برلب زدن: بات کرنے کی استدعا کا کنایہ۔

انگشت پیچ: عہد و پیمان اور دستاویز۔

انگشت درچشم کردن: مزاحمت اور تعریض کرنا۔

انگشترِ پا: عورتوں کی، پاؤں کی انگلیوں میں ڈالنے والی انگوٹھی؛ مجازاً بے اعتبار چیز۔

انگشت رو: 'دست رو' کا مترادف جو معروف ہے۔

انگشت نما: بڑی شہرت، نیز بڑی رسوائی والا۔

انگشتِ نیشکر: (اضافتِ بیانی کے ساتھ)، گنا، نیشکر۔

انگورک: آنکھ کی پتلی، نیز بدن میں عفونت سے پیدا ہونے والا مرض؛ آتشک۔ 'آتشکی' جو آتشک کا مریض ہو۔

الف ۔ و

اوباش: عربی لفظ۔ جمعِ 'بوش'، بمعنی گھٹیا، کمینے لوگ۔ فارسی والے بطورِ مفرد استعمال کرتے ہیں۔

اوجدی: ترکی لفظ۔ 'نیمہ آستیں'۔

اوّلِ دشت: ('ل' کے نیچے زیر)، پہلا سودا، جسے ہند میں 'بوہنی' کہتے ہیں۔

اوماج: آٹے سے بنایا ہوا آش (شوربا)، بعض علاقوں میں اِسے 'سلطان سنجری' کہتے ہیں۔ غالباً سلطانِ سنجر اس کا بانی ہے۔

الف ۔ ہ

اہلِ فرضہ: وہ تمغاچی (باج لینے والے سرکاری نمائندے) جو سمندروں کے ساحل پر تاجروں سے باج (ٹیکس) وصول کرتے ہیں۔ 'فرضہ' دریا اور ندی کے کنارے فراخ جگہ جہاں اہلِ کارواں اُترتے اور وہاں سے کشتی میں بیٹھتے ہیں۔

اہلِ قبل: ایسا گروہ جو محاصرے میں ہو۔ 'قبل' بمعنی محاصرہ۔

اہلِ نشست: گوشہ نشیں، تارکِ دُنیا۔

الف ۔ ی

ایام: (جمع یوم) دن؛ فارسی والے وقت اور ہنگام کے معنی لیتے ہیں۔ صاحب ''کشف اللغات' کے مطابق روزگار۔

ایچ: 'ہیچ' کا مترادف۔ حکم لینا۔

ایجا ایچ: پیالہ شراب نوشانوش پینا۔ ترکی میں 'ایچ' بمعنی پینے کا عمل ہے۔

ایستادنِ باراں: بارش کا رُک جانا۔ مولانا جامی نے ''نفحات الانس' میں کئی جگہ صرف بارش کے معنی لیے ہیں۔

ایشک: یہ بغیر 'ی' کے بھی ہے۔

ایشک آقاسی: ترکی لفظ، دیوان خانے کا داروغہ؛ 'ایشک' بمعنی فضائے دروازہ، 'آقاسی' بمعنی سب کا سردار۔

ایں بیک انگشتِ اُو بستہ است: یعنی اُس کی کم تر توجہ سے یہ کام انجام پا جائے گا۔

ایں خیلکی کاریست: یہ عظیم کام اور مشکل امر ہے۔

ایں سر و آں سر: یعنی اِس سرے سے اُس سرے تک۔ پہلوانوں کی اصطلاح میں داو پیچ جس سے حریف گر پڑے۔

ایوار: وقتِ عصر، نیز اِس وقت کا گزرنا، محاورے میں دن کے وقت قافلے کا کوچ کرنا۔

ایوانِ کیف: شہرِ طہران (ایران) کے نزدیک ایک آبادی۔

ب

ب - الف

بآبِ حمام ضیافت کردن: ایران میں رسم ہے کہ جب کوئی شخص حمام میں ہو اور پیچھے سے اُس کا کوئی آشنا آ جائے تو اُس کے پاؤں پر وہ گرم پانی گراتا ہے۔ اِسے 'ضیافتِ حمام' کہتے ہیں۔

بآب رسیدن و رساندنِ بنیادِ خانہ: گہری بنیاد کھود کر گھر کو مضبوط کرنا؛ بنیاد کا مضبوط ہونا گہری کھدائی سے۔

باآستیں، از جبیں گرفتن: 'آستین بر جبیں کشیدن' کا مترادف، جس کا ذکر ہو چکا۔

بابِل: تیسرا حرف مکسور۔ عراق میں ایک شہر، جس کے ایک کنویں میں ہاروت اور ماروت عذاب کا شکار ہیں۔ (تیسرا حرف پیش کے ساتھ بھی لغت نویسوں نے لکھا ہے۔)

بآتش پارہ گیر اندن: محصول وصول کرنے والے، نیز سرکاری روپیہ وصول کرنے والے سخت گیر ملازم کا کسی کے تعاقب میں تقرر کرنا۔

باجی: باج گزار، ٹیکس ادا کرنے والا؛ نیز بہن کا کنایہ۔ ایران کے ثقہ لوگوں کے مطابق یہ لفظ بہن کو مخاطب کرنے کے لیے مخصوص ہے، ورنہ اِس (بہن) کا مترادف نہیں ہے۔

باد: کئی معنی کے ساتھ، جو لغتوں میں مرقوم ہیں، بمعنیٰ 'ضراط' (پاد)، سند 'بادِ خامہ' میں دیکھیے۔

بادآوردہ: 'آب آوردہ' کا مترادف۔ معنی ملاحظہ ہوں 'آوردنِ آب چیزے را' میں۔

باد بخود کردن: ناز سے پھولنے کا کنایہ۔

باد بداماں کردن: غرور اور خود آرائی کا کنایہ۔ بعض کے نزدیک غیر ممکن کام انجام دینا۔ پہلے معنی زیادہ صحیح ہیں۔

بادپا: تُند رَو، بہت تیز چلنے والا۔ زیادہ تر گھوڑے کی صفت کے لیے مستعمل ہے۔

بادپَرانی: خوشامد کرنا، نیز لاف زنی۔ اور ضراط (پاد) مارنا بھی۔

باد در کلاہ داشتن: غرور ونخوت کا کنایہ۔

بادِ سرخ: ایک مشہور مرض۔

بادفروش: ایسا شخص جو لوگوں کا نسب نامہ، مدح گوئی کے لیے یاد رکھے۔ ہند میں اسے 'بھاٹ' کہتے ہیں۔

باد کردن چشم: ریحی مادّے کے سبب آنکھ کا ورم کرنا۔ مجازاً غرور ونخوت۔

بادگیر: دریچہ اور روشن دان جو گھر میں ہوا کے لیے بناتے ہیں۔

بادِ مسیح و بادِ مسیحا: کنایہ حضرت عیسیٰؑ کے دم (پھونک) کا، جو مردوں کو زندگی عطا کرتا تھا۔

بادامِ زنجیر: زنجیر کا ٹکڑا۔ اسے 'دانۂ زنجیر' بھی کہتے ہیں۔

بادہ: شراب، مجازاً پیالہ۔

بادۂ پشت دار و شرابِ پشت دار: ایسی شراب جس میں نشے کی مقویات داخل کی گئی ہوں۔

بادۂ جوان: تازہ شراب، اس کے مقابلے میں 'بادۂ پیر' یعنی پرانی شراب۔ 'برنا' بھی انھی (جوان کے) معنوں میں ہے۔

بار: چند ایک معنی ہیں: میوہ؛ مرتبہ، دفعہ (ایک بار، دوبار وغیرہ)؛ عورت کا حمل سے ہونا؛ برسانے والا/والی، جیسے چشمِ خوں بار، لبِ شکر بار؛ بوجھ؛ بزرگ و جلیل جیسے بارِ خدا؛ راہ و دخول۔

بار آوردن: درخت کے حوالے سے پھل لانا مراد ہے۔ عورت کے حوالے سے بمعنی وضعِ حمل۔ آدمی کے حوالے سے بمعنی بیٹے کی پیدائش۔

بارافگن: وہ جگہ جہاں ٹھہرا جائے (فروکش ہوا جائے۔)

بارانداز: کسی جگہ فروکش ہونا، مقام کرنا۔

بارانی: برساتی، بارش سے بچنے کے لیے نمدے کا بنا ہوا لباس (نمدے کا کوٹ۔)

باربستن: چاروں خلطوں میں سے کسی ایک کے غلبے سے زبان پر سیاہ و سفید اور زرد و سرخ رنگ کا ظاہر ہونا۔ مجازاً کنایہ عدمِ طاقتِ گفتار۔

بارخانہ: دولت ومتاع کا ڈھیر، ہندی میں 'اثالہ' کہتے ہیں؛ نیز نفیس اشیا اور پشمینے وغیرہ جو اُمرا تحفے کے طور پر ایک دوسرے کو بھیجتے ہیں؛ نیز گندگی کا لفافہ، تھیلا۔

بارخدا: وہ ذات جو سب کو بار دیتی ہے۔ 'خدا' بمعنی آقا بھی ہے اس لیے بعض کے مطابق یہ مخلوق

کی صفت بھی ہے۔

بار گرفتن: حمل سے ہونا۔

بار گیر: گھوڑا، نیز نوکر، بظاہر ان معنوں میں ہندی ہے۔

بارہ: قلعے کا دروازہ اور دیوار؛ فصیل۔ اسے 'بارو' بھی کہتے ہیں، نیز بمعنی حصار۔ دوست کے معنوں میں بھی ہے۔ چناں چہ عورت کے عاشق کو 'زن بارہ' امرد دوست کو 'غلام بارہ' اور فاحشہ عورت کو (کہ وہ رات کی دوست ہے) 'شب بارہ' کہتے ہیں۔ 'بارہ' گھوڑے کے معنی میں بھی ہے اور خاصا مشہور ہے، نیز بمعنی حق اور شان۔

باریک رسیدن: کسی کام کی تہ تک پہنچنا اور بڑی خوبی سے اُسے انجام دینا؛ نیز لاغر ہونا۔

باریک شدن: لاغر ہونا، کمزور نحیف ہونا۔

بازار زدن: خاطر خواہ فائدہ حاصل کرنا، نیز کام دھندا، سود، لین دین اور سودے کو بھی 'بازار' کہتے ہیں

بازارِ منیٰ: منیٰ مکے کی ایک بستی، جہاں قربانی کرتے ہیں، اور وہ بازار جو وہاں ہے۔ یہ جگہ حضرت اسمٰعیلؑ کی بنا کردہ ہے۔

باز کردن: الگ کرنا۔

باز دید کردن: کسی چیز کی تحقیق میں غور و فکر کرنا۔ سند 'ناظرِ بیوتات' میں ملاحظہ ہو۔

بازگشت: معروف؛ اور بد پرہیزی یا ہوا لگنے سے بیماری کا عود کر آنا۔

بازگوئی: کہی ہوئی بات دوبارہ کہنا؛ دُہرانا۔

بازندگی: مکاری اور حیلے بازی۔

بازو: قوت واستعداد۔

بازو کشادن: جواں مردی اور سخاوت کا کنایہ۔

باشمشیر پرسیدن: کسی سے، تلوار دکھا کر، اُس کے فعل کا اقرار کرانا۔

باشی: ترکی لفظ، بہت سوں کا سردار، جیسے توپچی باشی۔ خراسان میں دیوث (بھڑوے) کو 'باشی' کہتے ہیں۔

باطن خوردن: بددُعا کا شکار ہونا۔

باغ سبز نمودن: سبز باغ دکھانا، جھوٹے وعدے کرنا۔

باغ مراد: ہرات میں ایک باغ کا نام۔

باغ نظر: کرمان میں ایک باغ، بعض کے نزدیک صفاہان میں ہے لیکن یہ غلط ہے۔ اہلِ ایران سے تحقیق کی۔

بافلاں چہ داری: یعنی اُس کے ساتھ کیا خصومت/دُشمنی رکھتے ہو؟

باقل: ایسا بچہ جس کے ڈاڑھی کا نشان نکلا ہو۔ ایک شخص کا نام جو حماقت میں مشہور تھا؛ نیز ایسی بات جو کاہلی اور تھکاوٹ کے لہجے میں بیان ہو۔

باقی وگر شمارا: یعنی میں نے اتنی بات کر لی ہے، اب یہ تمھارے اختیار میں ہے کہ تم سمجھو؛ نیز بمعنی حرف وا رسیدہ (رمز میں بات کہنا۔)

باکسے آتش شدن: کسی کے ساتھ غصّے اور طیش کی حالت میں ہونا۔ 'آتش' بمعنی خشم ہے۔

باکسے در جوال رفتن وبودن: کسی کا ہم خانہ ہونا اور اُس سے لڑنے جھگڑنے کا کوئی موقع بننا۔

باکسے دست درز رفتن: کسی کے عہدے پر پورا نہ اترنا۔

باکسے دست وبغل رفتن: کسی کے ساتھ کشتی کرنا۔ مساہمت اور برابری کے معنی بھی سنے گئے ہیں۔ ۸

باکسے راز کردن: کسی پر راز ظاہر کرنا۔

باکسے گرفتن کسے را: کسی کو عین بدفعلی کے موقع پر پکڑنا۔

بالا: نیچے کی ضد، اِسی لیے 'ملاءِ اعلیٰ' کو 'عالمِ بالا' کہتے ہیں۔

بالاخوانی: اپنی حالت واستعداد سے زیادہ خود کو دکھانا (اپنی نمائش کرنا۔)

بالادادن: ترقّی اور بلندی دینا۔ بعض کے نزدیک 'تعریف کرنا'۔

بالارفتن: بلند پروازی کرنا۔ کہا جاتا ہے کہ فلاں آدمی تیز رو گھوڑے یا لباسِ زرّیں کے ساتھ اونچا جا رہا ہے، یعنی ان چیزوں کے ساتھ شیخی بگھار رہا ہے۔

بالارفتنِ سال: سال کا آخر ہونا اور عمر کے گذشتہ سالوں پر اُس کا زیادہ ہونا۔ 'بالا بُردنِ سال' اِس کا متعدّی ہے۔

بالارفتنِ عُمر: یہ بھی مذکورہ بالا معنوں میں ہے۔

بالاگرفتن: بلند ہونا؛ نیز کسی شخص کی توجہ ہٹا کر اُس کے مال سے کچھ اڑا لینا۔ ہند میں اِسے 'آکاس لینا'

کہتے ہیں۔

بالاے پارۂم گوزیدن: بے جا قسم کی لاف و گزاف مارنا۔

بالاے چشم ابرو گرفتن: صحیح بات کرنا۔ زیادہ تر ایسی جگہ استعمال کرتے ہیں جہاں مخاطب کے سامنے درست و راست بات نہیں کہی جا سکتی۔

بالش و بالشت: دونوں کے معنی سرھانا ہیں۔ 'بالش' (یعنی تکیہ) معروف ہے۔

بالیں پرست: سُست، بے کار اور آرام دوست شخص، جو تکیے سے سر نہیں اٹھا سکتا۔

بالیں شکستن: کسی قدر تعظیم کرنا، جو تکیے سے الگ ہونا ہے۔ اعتنا کرنا، توجہ کرنا۔

بالیں کج نہادن: گہری نیند سونا؛ بعض کے نزدیک خود میں نخوت اور غرور پیدا کرنا، لیکن پہلے معنی زیادہ صحیح ہیں۔

بانگِ خلیل اللٰہی: پہلوان جب اپنے مدِ مقابل کو اٹھا کر زمین پر گرانا چاہتے ہیں تو بلند آواز سے 'اللہ اکبر' کا نعرہ لگاتے ہیں۔ اِسے 'بانگِ خلیل اللٰہی' کہتے ہیں کیوں کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ اپنی تمام حرکات و سکنات میں (یعنی اٹھتے بیٹھتے) 'اللہ اکبر' کہتے۔ اِسی مناسبت سے یہ آواز اِس نام سے موسوم ہوئی۔

بانگشت حساب کردن و دادن: بے تأمل حساب سے عہدہ بر آ ہونا۔

بآ ہو سوار بودن: جلد اور تیز چلنے کا کنایہ۔

ب - ب

بباد نفس گرفتن: 'بباد دشنام گرفتن' کا مترادف، یعنی گالی کی تکلیف پہنچانا۔ تاہم 'باد' اِن معنوں میں نفس اور دشنام سے مخصوص نہیں ہے۔ 'باد گرز'، 'باد تیر'، 'باد سیلی' اور 'باد خامہ' وغیرہ بھی مستعمل ہے۔

ببر بیان: ایک دیو کا نام جسے 'اکوان' بھی کہتے ہیں۔ رستم نے اُسے ملکِ شام کی حدود میں مار کر اُس کی کھال سے زرہ بنائی جو جلنے، غرق ہونے سے محفوظ تھی اور تیر و تیغ اُس پر اثر نہیں کرتے تھے۔ شعراے متاخرین نے بمعنی پہلوان استعمال کیا ہے؛ نیز ایک خاص قسم کا ریشمی کپڑا جو ملکِ روم میں بُنا جاتا ہے، اور وہ مختلف رنگوں میں نظروں کو لبھاتا ہے۔

بہ بیاض و ورق و کاغذ بردن: کسی کتاب کے مسودے کو صاف کرنا (لکھنا۔)

ب ۔ پ

بپاے خود آمدن ورفتن: کچھ حصہ آپ رکھنا اور کچھ دوسرے کو دینا۔

بپاے کسے رفتن وگریختن: کسی کی مدد سے جانا اور بھاگنا۔

بپرکار ماندن: قاعدہ وقانون میں ہونا۔

بہ پشت خوابیدن: آرام کی نیند سونا۔

بہ پشت ہم رفتن: ایک دوسرے کی مدد سے کام کرنا؛ نیز مجازاً مفاعلہ۔

ب ۔ ت

بتازہ: یعنی تازگی سے، تازہ تازہ۔

بتازیانہ گرم کردن: تندی اور خشونت سے کسی کو کام پر لگانا۔

بتِ اشرفی وبتِ زر: اشرفی پر نقش/تصویر۔ اکبری اور جہانگیری دور میں اشرفی کے ایک طرف گائے، ہرن وغیرہ کی شکل نقش کی جاتی تھی۔ جس اشرفی کے دونوں طرف تصویر ہو، اُسے 'دوبُتی' کہتے ہیں۔

بتحفہ: تحفگی، تحفے میں لائی ہوئی چیز۔

بتلنگ دائرہ بدر کردن: ایرانی لوطی ایک ایسی آواز نکالتے ہیں جو محفل میں مخل ہونے والے کو بھگا دے۔ جب وہ چلا جاتا ہے تو کہتے ہیں: 'بتلنگ دائرہ بدر کردیم۔' 'تلنگ دائرہ': دف کو انگلیوں سے بجانا تاکہ آواز نکلے۔

بتن برداشتن وبرگرفتن: مکروہ اور ناشائستہ بات کو برداشت کرنا۔

ب ۔ ج

بجا اُفتادن: ناتوانی کے سبب گر پڑنا۔ یہ عمومی معنی ہیں۔ مخصوص معنی واپسی، واپس ہونا۔

بجا گذاشتن: کوئی چیز رکھنا اور چلے جانا۔ 'بجا ماندن' اِس کا لازم ہے۔

بجانِ کسے افتادن: کسی کے قتل کا ارادہ کرنا۔

بجلدِ چیزے رفتن: کسی چیز کی شکل سے متشکل ہونا۔

بجوج: ایک شخص کا نام جو مشہور دیوثوں، بھڑووں میں سے تھا۔

ب - چ

بچشم خوردن: نظر لگنا۔

بچشم داشتن: نظر بند کرنا۔

بچشم شنیدن: دیکھنے کا کنایہ۔

بچشم کردن: انتخاب کرنا اور وقع ووقار دینا۔

بچہ باز: امرد پرست، لونڈے باز۔

بچیزے بہادادن: کسی چیز کی قدر اور مقدار مقرر کرنا۔

ب - ح

بحالِ کسے اُفتادن: کسی کی حالت کی طرف متوجہ ہونا۔ 'با حال اُفتادن' بھی کہتے ہیں۔

بحر: معروف؛ نیز بمعنی غور وفکر۔ محاورے میں کہتے ہیں 'در بحرِ کار رفتیم' یعنی غور سے کام کر چلے ہیں۔

بحرف اُونمی باشد: یعنی یہ بات اُس کی نہیں ہے۔

بحرکمان: وہ فاصلہ جو کمان کھینچنے کے بعد کمان اور زہ میں پیدا ہوتا ہے۔

بحرین: ایک شہر کا نام، اور روم اور فارس کے دو سمندر جو باہم مل گئے ہیں۔

ب - خ

بخاری: چمنی یا انگیٹھی جو دیوار میں بنائی جاتی ہے اور اُس کا دھواں اوپر کو جاتا ہے۔

بخاک رفتن: دفن ہونا۔ سند 'عشر خواں' میں ملاحظہ ہو۔

بخاک کردن: پہلوانوں کی اصطلاح میں مدِّ مقابل کو زمین پر گرانا اور وہاں سے اٹھا کر چار پائے کی طرح دونوں پاؤں اور ہاتھوں پر کھڑا ہو جانا؛ نیز بمعنی دفن کرنا۔

بخام کشیدن: کسی کو ایسی کھال میں کھینچنا جس کا چمڑا دباغت نا کردہ (نہ کمایا ہوا) ہو، اس لیے کہ گنہگار کو گدھے، کتے اور گائے کی کھال میں کھینچتے ہیں۔ اہلِ لغت کے مطابق 'خام' دباغت نا کردہ کھال ہے۔

بخرمنِ کسے اُفتادن: کسی کی خرابی اور پامالی کا ارادہ کرنا۔

بخواب کردن: سُلانا، سونا۔

بخود گرم بودن: خود پسند اور خود رائے ہونا۔

بخود نبودن: اپنے آپ سے بے خبر ہونا۔

بخود برخود شکستن: نامناسب اور سخت بات برداشت کرنا اور ظاہر نہ ہونے دینا۔ یہ جو بعض عزیزوں نے اس کے معنی 'ناز کرنا' اور 'مغرور ہونا' لکھے ہیں اور سند میں محسن تاثیر کا شعر لائے ہیں تو اُنھوں نے قیاس سے کام لیا ہے اور اس شعر کے معنی نہیں سمجھے۔

بخود برخود، بخویش نہادن و گرفتن و نوشتن و بستن و برداشتن و گذاشتن و تراشیدن و سپُردن و دادن: (کسی چیز کو) اپنا قرار دینا اور خاص اپنا جاننا۔

بخیہ بر چیزے و بر روے کار و بر رُو و بر رُخ افتادن و بخیہ کردن: فاش اور رسوا ہونا۔

بخیہ بر رُو فگندن: اوپر کے محاورے کا متعدی (رسوا کرنا۔)

ب ۔ د

بدآمد: خوشامد کی ضد (اُلٹ۔)

بدادا: ایسا شخص جس سے ادائے خارج (کافرانہ؟) سرزد ہو اور یہ معروف معنی ہیں؛ نیز ایسا شخص جو قرض لوٹانے میں حیلہ جوئی سے کام لے۔ 'خوش ادا' اس کی ضد ہے۔

بدخواب: ایسا شخص جسے جب نیند سے بیدار کیا جائے تو وہ بدخوئی شروع کر دے یہ حال اکثر بچوں میں مشاہدہ ہوتا ہے۔

بدستِ چپ خفتن: آرام کی نیند سونا۔

بدستِ کم گرفتن: کسی کو حقیر اور بے قدر جاننا۔ 'بچشمِ کم دیدن' اس کا مترادف ہے۔

بدست و دنداں بر چیزے چسپیدن و بدست و دنداں نگاہ داشتن و بہر دو دست چسپیدن و بہر دو دست و دہاں نگاہ داشتن: ہاتھ اور دانتوں کے ساتھ کسی چیز پر چپک/ چمٹ جانا؛ اور ہاتھ اور دانتوں سے حفاظت کرنا؛ اور دونوں ہاتھوں سے چپک جانا؛ اور دونوں ہاتھوں اور مُنھ سے حفاظت کرنا۔

بدسودا: بد معاملہ، لین دین میں بُرا۔

بدقدم: منحوس قدم، شوم قدم۔

بَدَل: ('ب' اور 'د' پر زبر)، معروف؛ پہلوانوں کی اصطلاح میں ایسا داو جو مقابل کے داو کو بے کار کر دے کیوں کہ کُشتی کے ہر داو کا بدل ہے۔ اور یہ صرف کُشتی ہی سے متعلق نہیں، دشمن کا حملہ روک دینے کے معنوں میں بھی عموماً مستعمل ہے۔

بُدُل: ('ب' اور 'د' پر پیش)، ایک نامقید ایسی جماعت جو ننگے سر اور ننگے پاؤں رہتی ہے۔ ہند میں اسے 'بودلہ' کہتے ہیں۔ زنِ فاحشہ اور کوچہ گرد کو 'بودلی' کہا جاتا ہے۔ نیز 'بدلا'

بدِل گرفتن: ('د' کے نیچے زیر)، یاد رکھنا۔

بدنداں: لائق اور مناسب کا کنایہ۔ 'دنداں' بمعنی بوسہ بھی ہے؛ نیز رغبت و خواہش۔

بدنداں فرو کردن: کھانا اور نگل جانا۔

بدوستی: یعنی دوستی کی قسم۔ یہ قسم ایران میں بہت چلتی ہے۔

ب ۔ ر

برآب بستنِ چیزے: کسی چیز کو سیراب کرنا۔

برآب و آتش زدن: بہت تکلیف اور عذاب میں ہونا۔

برآمدن: معروف؛ اور اوپر جانا؛ نیز عہدہ برآ ہونا؛ پرورش و ترقی پانا۔ 'برآوردن' اس کا متعدی ہے۔

برآوردن: اس کے معنی ظاہر کرنا بھی ہیں، نیز بند اور مسدود کرنا۔

براَبر رسیدنِ چیزے: کسی کے مقام و مرتبے کے بے حد عروج کا کنایہ۔ 'سر بہ ثریا سودن' اس کا مترادف ہے؛

جو آگے آئے گا۔

برات: تنخواہ کا بل، نیز تنخواہ

برات برگشتن: تنخواہ قبول نہ ہونا اور نقدی کی وصولی نہ ہونا۔ ایسی 'برات' کو 'براتِ راجع' بھی کہتے ہیں۔

براتِ کسے بر یخ نوشتن: کسی کو مایوس اور بے نصیب کرنے کا کنایہ۔

برانگشت پیچیدن: یاد رکھنا، نیز مشہور کرنا۔

براہ بُردن: بسر کرنا: (زندگی وغیرہ) گزارنا۔

برائے آتش بُردن آمدہ: وہ آیا، آگ لی، اور چلا گیا (مترادف 'آمد و آتش گرفت و رفت۔')

بر بید باد رنگ: کنایہ، غیر ممکن امر کا وقوع پذیر ہونا۔

بر پارچہ رید: یعنی فلاں بہت ڈرا۔ اُردو محاورے کا ترجمہ ہے۔ 'بہ شلوار ریدن' نیز#

بر پارچہ رید: یعنی خیلے ترسید۔ ترجمہ محاورہ ہندی است۔ 'بہ شلوار ریدن' نیز مرادف آنست = یعنی (وہ) بہت ڈرا۔ ہند کے محاورے (کپڑوں میں ہگ دینا) کا ترجمہ ہے۔ 'بہ شلوار ریدن' نیز اس کا مترادف ہے۔ (نقش)

بر پشت خوابیدن: معنی ملاحظہ ہوں 'پشت خوابیدن' میں۔

بر پشم زدن: کنایہ ہے کسی کو حقیر اور بے اعتبار جاننے کا۔ یہاں 'پشم' سے مراد موئے زہار (جھانٹیں) ہیں۔

برتر ازو زدن: آزمانا اور کسی چیز کی قدر و قیمت جاننا۔

برج اُولیا: قلعہ ہرات کا ایک بُرج۔ کتب تاریخ سے اِس نام کا پتا چلا۔

برج زہر مار: سانپ کا پھن۔ غضب آلود اور ترش رُو آدمی کا کنایہ، لیکن اِس کے لیے تشبیہ کے الفاظ 'چو'، 'مانند' وغیرہ استعمال ہوتے ہیں۔

برج کبوتر: صحرا میں بنائی گئی بلند عمارت جو خاص کبوتروں کے لیے ہوتی ہے۔ 'برج کبوتر خانہ' بھی مستعمل ہے۔

برجلا زدن و بہ جلا زدن و در جلا زدن: معروف: نیز حجاب سے باہر آنا، بے پردہ ہونا۔ 'جَلا' ('ج' پر زبر)، بمعنی وطن سے باہر جانا، نیز آشکارا کام کرنا۔

برچیدہ ناف: ایسا شخص جس کی ناف کے اردگرد اُبھار ہو۔

برچیزے، چیزے دوختن: کسی کا کسی کی طرف بہت متوجہ ہونا اور وہ اِس طرح کہ ایک پل بھی آنکھ اُس سے نہ اٹھائے۔

برخاک وزمیں اُفتادن واندا ختنِ تکلیف وحرف: کنایہ، کسی کی بات نا قبول ہونا اور نہ کرنا۔

برخشت زادن: حاملہ عورتوں کا معمول ہے کہ وضعِ حمل کے وقت اینٹ پاؤں کے نیچے رکھ کر پاؤں پر بیٹھ جاتی ہیں اور دونوں پاؤں پر زور ڈالتی ہیں تا کہ بچہ آسانی سے پیدا ہو۔ اِس حالت کو 'برسر پا نشستن' بھی کہتے ہیں۔

برخصتِ اُو: یعنی اُس کی اجازت سے، رخصت بمعنی اجازت۔

برخود چیدن: اپنے آپ میں حوصلے سے زیادہ کیفیات ظاہر کرنا، نیز اپنے حسن پر مغرور ہونا۔

برخود زدن: کسی غیر معروف امر کو برداشت کرنے کے لیے طاقت سے بڑھ کر کوشش کرنا۔

برخود کشیدن: مفعول کا فاعل کو اپنے اوپر سوار کرنا۔

برخود نشستن وسوار شدن: اپنے مکافاتِ عمل میں گرفتار ہونا۔

برخی بہرہ: بہت ساحصہ، 'برخی' ('ب' پر زبر، 'ر' ساکن)، معنی معروف ہیں؛ نیز زیادتی، بے حدارزانی، اور وہ چیز جو کسی چیز کے بدل میں دیتے ہیں۔

بردارو بدو: ایسا چالاک چور جو پھرتی سے کسی کے سامنے سے چیز اڑا لے اور اپنی راہ لے؛ نیز محاورے میں کہتے ہیں، 'طرفہ بردارو بدوے است۔'

بردرجلال زدن: خشم ناک ہونا۔

بردرِعرفاں زدن وبرعالمِ عرفاں زدن: حجاب اور شرم سے باہر آنا (یعنی نہ کرنا۔) 'بہ عرفان بیروں بردن' بمعنی عمدًا برداشت کرنا اور دانستہ طور پر باہم بسر کرنا، گزارنا۔

بردُنبہ دنداں زدن: لواطت کی رغبت کا کنایہ۔ 'دُنبہ' بمعنی چوتڑ مستعمل ہے۔

بردوش وسرِتو مسلم تیغ گذاشتن: جب کوئی کافر مذہب بدلتا ہے تو اِس خاطر کہ وہ مرتد نہ ہو جائے، (تہدید کے طور پر) اُس کے سر یا کندھے پر تلوار رکھ کر تبلیغ احکام کرتے ہیں۔

بررُخ انگشتِ سیاہی کشیدن: رُسوا کرنا۔

بررُو وبررُخ: (اضافت کے ساتھ)، بمعنی چہرہ۔

بررُو وسرورُخ ودیدہ دویدن: بڑے غصہ وعتاب میں ہونا۔ پہلا، 'بررُو دویدن'، مشہور ہے۔

برُوے بزرگی نیاوردن: اپنی عظمت و بزرگی کی بنا پر کسی کی بے جا ادا کو درخورِ اعتنا نہ سمجھنا، اظہار ناراضی نہ کرنا۔

بَرزِیں: ('ب' پر زبر)، آگ، نیز زردتشت کا ایک نائب جس کے نام پر 'آتش کدۂ برزیں' ہے۔

برسر: علاوہ کا ترجمہ۔

برسر آں ایں نہادن: کسی کے لیے، یا اُس کے لیے یہ ہاتھ سے دے دینا، چھوڑ دینا۔

برسر پا آمدن: ظاہر ہونا، نمایاں ہونا۔

برسر پا بودن: کھڑا ہونا، سیدھا کھڑا ہونا۔

برسر خود و برسرِ خویش: اپنے اختیار میں خودسر اور خودرائے ہونا۔

برسر پاے کسے زدن: عاجزی کے طور پر کسی کے پیروں میں گرنا، یا پاؤں پڑنا۔

برسر حرف بودن: اپنی بات سے نہ ٹلنا/ ہٹنا۔

برسر قدم بودن: بیت الخلا میں ہونا۔

برسر کسے پیچیدن: ساجت کرنا، نیز کسی معاملے میں کسی سے رجوع کرنا، نیز کشتی کا ایک داو۔

برسر کسے چیزے شدن: کسی پر دلیر و جسور ہونا اور اسے اپنا زیر چاق (کمزور) سمجھنا۔

برسر من: یعنی، میرے ذمّے!

برسنگ زدن: دلیرانہ ظاہر کرنا اور کہنا۔

برشست پا نشستن: جماع کے لیے تیار ہونا، کیوں کہ اُس حالت میں پاؤں کے بل بیٹھتے ہیں۔

برشما باد: یعنی اِس معاملے کی حفاظت و مراعات تم پر لازم ہوں۔

برصحرا و بہ صحرا اُفتادن و نہادن: راز ظاہر ہونے اور کرنے کا کنایہ۔

برغو: اندر سے خالی ٹہنی جسے بانسری کی طرح بجاتے ہیں، نیز بمعنی منادی۔

برقالب زدن: مہیا کرنا اور سرانجام دینا۔ یہ جو بعض کے زعم میں اس کے معنی ہرزہ گوئی اور فضول کام کرنا ہیں تو یہ بہت ہی عجیب بات ہے۔

بِرکار: (اضافت کے ساتھ)، چھاتیوں کا ابھرنا، اُبھار، نیز پستانِ نورسیدہ۔ 'وَر' بمعنی سینہ، اسی لیے 'ورکار' بھی کہتے ہیں۔ سند 'سینہ بار' میں ملاحظہ ہو۔

برکار خود سوار بودن: اپنے کسب و پیشے میں غالب آنا اور کام کو اپنا مغلوب بنالینا۔ 'سوار بودن' بمعنی غالب ہونا

کام سے مخصوص نہیں ہے، بلکہ یہ عمومی معنوں میں ہے۔

برکاشتن: اعراض کرنا، نیز رُوگردانی کرنا۔ تمام اربابِ لغت نے یہی معنی لکھے ہیں۔

بُرکت: (بُ اور رُ پر زبر)، معنی معروف ہیں (رُ ساکن بھی استعمال ہوا ہے۔)

برکشیدن: مشہور معنی ہیں؛ نیز بمعنی کسی چیز کا وزن کرنا بھی مشہور ہے؛ نیز کسی کو ترقی دینا اور اُس کا رتبہ بڑھانا۔

برگاونشاندن: گدھے پر بٹھانے کے مترادف ہے، جس سے مراد کسی کی تشہیر کرنا ہے۔

برگِ بغرا و برگِ گل: مراد بغرا (ایک خاص قسم کے آٹے) کا ایک پیڑا، جسے پھیلا کر پتے کی شکل بناتے ہیں۔

برگِ بید: تلوار اور خنجر کا کنایہ، نیز برچھی کی ایک قسم۔

برگِ پالودہ و برگِ آش: یعنی کسی قدر فالودہ اور کسی قدر آش (شوربا وغیرہ۔)

برگ پیوند: (اضافت کے بغیر)، درخت کو لگایا جانے والا پیوند۔

برگِ سبز: بہت کم چیز کا کنایہ۔

برگِ سبز سائل: یہ ہے کہ گداگر، امیروں سے ملنے کی توقع میں برگِ سبز اُن کے سامنے رکھ دیتے ہیں۔

برگِ سبز فرستادن: پھول بھجوانے کے مترادف ہے، یعنی 'گل فرستادن' مثال آگے آئے گی۔

برگِ نے: بانس کے پتے کے رنگ جیسا ایک رنگ؛ نیز خربوزے کی ایک قسم۔

برگردد: نفرین ہے، یعنی فلاں اپنی وضع و حالت سے پھر جائے گا۔

برگردیدن: خراب اور ضائع ہونا، یعنی اصلی حالت سے ہٹ جانا۔

برگردیدہ و برگشتہ: نیز بمعنی استفراغ (قے۔)

برگشتہ: خراب و تباہ۔

برگوشِ کسے کشیدن: کسی کو سُنوانا۔

برگہ: ایسی چیز جو چرائے ہوئے مال میں سے، چور کے پاس پہچان لیں اور پھر اُس کے حوالے سے باقی مال کا تقاضا کریں۔

برلنگ زدن: بھاگنا، بھاگ اٹھنا۔

برمالیدن: کسی کام کی انجام دہی کے لیے آستین اور پائنچے اوپر چڑھانا اور تیزی سے روانہ ہونا۔

برمژگاں دویدن چیزے: کسی چیز کا نظر آنا۔

برنج زندہ: اَدھ پکے چاول۔ 'زندہ' بمعنی ہر نیم خام چیز۔ یہ ایرانیوں کا کہنا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب!

بُرنُس: ('ب' پر پیش، 'ر' ساکن، 'ن' پر پیش)، ایسا لباس جسے سیاہ پشم سے بنتے ہیں، کبھی کبھی سفید اُون سے بھی۔ یہ لباس خاص طور پر آتش پرستوں اور نصاریٰ کا ہے۔ کلاہِ دراز کو بھی کہتے ہیں۔

بروتِ کسے را پنبہ نہادن: ظرافت وتمسخر کا کنایہ۔ 'پنبہ بر ریش نہادن' کے بھی یہی معنی ہیں۔

بروتِ کسے ریختن: زبون ومغلوب کرنا۔

برو در ماندن: کسی کی موجودگی کی شرم میں کسی ایسی چیز کا یا بات کا وقوع ہونا، جو ویسے نہ ہو سکتی۔ 'رُو' تازہ گو شعرا کے کلام میں بمعنی شرم بہت آیا ہے۔ اِسی حوالے سے بے حیا شخص کو 'بے رُو' کہتے ہیں۔

بروزِ فلانے نشیند: یعنی فلاں کی طرح تباہ حالی کا شکار ہو۔

برّہ بند: ('ر' پر تشدید)، تجربے کار اور ماہر۔ (تخفیف کے ساتھ بھی مستعمل ہے۔) 'برہ بند' چند ایسے لوگ بھی ہیں جو سینگوں والے بکرے کو پالتے، لڑاتے اور گراں قیمت پر بیچتے ہیں۔ اُن کا دارومدار اِسی کی خرید وفروخت پر ہے۔

بریسماں چیزے بخود بستن: زور ودعوے کے ساتھ کوئی کام کرنا۔

بریسمانِ عجب اُفتادن: کسی مکار کے خیال کے ساتھ واسطہ پڑنا۔ #

[م میں 'خیال' غالباً کتابت کی غلطی ہے، 'با حبالِ مکارے سروکار اُفتادن' سے معنی واضح ہوتے ہیں، یعنی کسی مکار دھوکے باز سے واسطہ پڑنا۔] (نقش)

بریشِ کسے فراغت داشتن: کسی کی ڈاڑھی پر پاخانہ/گوہ کرنا، کیوں کہ فراغت بمعنی ہگنا مستعمل ہے، اِسی لیے بیت الخلا کو 'بیت الفراغ' بھی کہتے ہیں۔

ب ۔ ز

بُز بازی: بھیڑ کو نچانا۔ 'بُز باز' ایسے لوگ ہیں جو بھیڑ اور بندر کو باہم نچاتے ہیں۔

بزبان داشتن: کسی سے نفرت کرنا۔

بزبان داشتن وگرفتن: چکنی چپڑی باتوں سے کسی کو فریب دینا اور گول مول باتوں سے کسی کو مقصد سے باز رکھنا۔

بزبان گرفتن: گھٹیا باتیں کرنے کا کنایہ بھی ہے۔

بزبانہا افتادن و برزبانہا افگندن: مشہور ہونا اور مشہور کرنا۔

بزرگی با کسے کردن: خود کو کسی سے بہتر جاننا۔

بزرگی تخواہ کردن: 'خواجگی تخواہ کردن' کا مترادف، جو معروف ہے، یعنی نخوت کرنا۔

بُزقدم: حقیر اور ناتواں۔

بُزگیری: مکر و حیلہ کرنا، نیز چوری۔

بزمِ سنگین: ایسی محفل جس میں لوگوں کی کثرت ہو۔

بزمیں نواختن: مدِ مقابل کو زمین پر پٹخنا۔

بِزنگاہ: ('ب' کے نیچے زیر)، ایسی جگہ جہاں رہزنوں کا ڈر ہو، نیز مقصد کا کنایہ۔

ب ۔ س

بساط: معروف؛ نیز بمعنی ٹاٹ کا وہ ٹکڑا، جس پر جوہری جواہر رکھ کر گاہک کو دکھاتا ہے، یا دھاگے میں پروتا ہے۔

بست: اولیا اور بزرگوں کے مزاروں کے اردگرد، کوئی ایک کوس کے فاصلے سے، لکڑی لگا دیتے ہیں تاکہ جانور داخل نہ ہوسکیں۔

بست شکستن: حد سے تجاوز کرنا۔

بستان زادہ: 'گلستان زادہ' کا مترادف، حوالہ آگے ملاحظہ ہو۔

بستنِ شعر: عالمِ معنی سے، شعر گوئی کرنا۔

بستنِ فرزند در مہد: بچّے کو جھولے میں بٹھانا، یا لٹانا۔

بُسراق: ('ب' پر پیش)، زرد رنگ کا یاقوت، پکھراج۔

بسر پا آمدن: مرض سے شفا پانا۔

بسر خود: 'بر سر خود' کا مترادف، جو پہلے گزر چکا ہے۔

بسر کسے رسیدن: کسی کی مزاج پرسی کرنا۔

بسرِ کسے گردیدن: 'گردِ سر گردیدن' کا مترادف، کسی کے پیچھے پھرنا، صدقے واری جانا۔

بسر کشیدن: غٹا غٹ پی جانا، 'بر سر کشیدن' بھی کہتے ہیں۔

ب ـ ش

بَش: ('ب' پر زبر)، مطلقاً ہر چیز کا بند (گرہ، گانٹھ) اور بالخصوص لوہے، چاندی اور پیتل کا جوڑ جو صندوق وغیرہ پر نصب کرتے ہیں۔

بشرطِ کارد خریدن: ایک رسم ہے کہ خربوزہ یا تربوز کاٹ کر اور چکھ کر خریدتے ہیں تاکہ میٹھے پھیکے کا پتا چل سکے۔

ب ـ ص

بصحرا انداختن: کوئی چیز رائیگاں ہاتھ سے دے دینا، گرا دینا۔

ب ـ ط

بطاقِ ابروے کسے کار کردن: کسی کی یاد میں کام کرنا۔

ب ـ غ

بغدادِ کہنہ و خراب: بھوکے پیٹ اور خالی معدے کا کنایہ۔

بغدادِ معمور: پیٹ بھرا ہونا، شکم سیری۔

بغلی: ایسی چیز جو بغل میں سما جائے، بمعنی چھوٹی چیز۔

ب ـ ف

بفلاں گفتہ نزی: یعنی تُو اتنا عظیم الشان اور اپنے کام پر اتنا سوار ہے کہ فلاں آدمی کو، جو سرآمدِ عصر ہے، تُو نے کہا ہے، تُو مجھ تک نہیں پہنچ سکتا۔

ب ۔ ق

بقایم ریختن: جنگ کیے بغیر عاجز آ جانا۔ شطرنج کی اصطلاح میں حریف کا کھیل دیکھ کر، ازراہِ عجز، مہرے ہاتھ سے پھینک دینا اور کہنا، بازی قائم (برابر) ہے۔

بقلم گرفتن و دادن: لکھنے کا کنایہ۔

ب ۔ ک

بکر: دوشیزہ، کنواری بعض بلاد میں 'باکرہ' کہتے ہیں۔ یہ عوام کی اختراع ہے؛ نیز بمعنی ہر چیز کا اوّل، آغاز۔

بکر تراشی: کوئی نئی چیز اختراع کرنا۔

بکر نگاہ: ایسا معشوق جس نے ابھی دل رُبائی کا انداز نہ سیکھا ہو۔

ب ۔ گ

بگرداشت: یعنی تباہ و ضائع ہے اور گرد و غبار کے برابر ہے۔

بگرورفت: خراب و تباہ ہو گیا۔

بگرس: نیلے یا سرخ رنگ کا نفیس ریشمی کپڑا جس سے کلاہ بارانی (بارش سے بچنے کی ٹوپی) بناتے ہیں۔

بگنی: (تیسرا حرف 'نون') ایسی شراب جو چاول اور چینا (ایک قسم کا چھوٹا غلہ) سے تیار کرتے ہیں۔

ب ۔ ل

بلا کردن: کوئی عجیب کام کرنے کا کنایہ۔

بلبل شدن، بلبل کردن: شور و غوغا کرنے لگنا، نیز عاشق ہونا 'بلبل کردن' اس کا متعدی ہے۔

بلکہ: معنی کے لحاظ سے ترقی اور اضراب؛ فارسی والے 'شاید' کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔

بلہ ستار: یعنی 'بلیاے ستار' لوطیوں نے 'بلے' کو 'بلہ' بنایا ہے۔ ایران کے لوطی اور سُست الوجود

لوگ، خدا کو زیادہ تر لفظ 'ستار' سے یاد کرتے اور 'ستار' ہی کی قسم کھاتے ہیں (ہاں! اے خدا)

ب ۔ م

بسمار دوختن چیزے: بڑی احتیاط سے حفاظت کرنا۔ مسمار بمعنی میخ ہے، اور 'مسمار کردن' عرف میں گھر ویران کرنا ہے۔

ب ۔ ن

بُن: ('ب' پر پیش)، ہر چیز کی اصل، بنیاد۔

بُن دار: گنجور، خزانچی، کیوں کہ وہ اصول خانہ داری کی حفاظت ونگہبانی کرتا ہے۔

بنا انداختن: 'رنگِ خانہ ریختن' کا مترادف، یعنی مکان کی بنیاد رکھنا۔

بنا برآمدن: بنیاد کھڑی ہونا۔

بنا برداشتن: بنیاد بلند کرنا۔

بناف نہادن: مراد اپنا کام نکالنے کے لیے رشوت دینا۔ مجازاً بمعنی مطلق 'دینا' اور 'حرف بہ ناف کے نہادن' ظرافت واستہزا کرنے کا کنایہ۔

بند بستن: توقّع کرنا، امید رکھنا ('بند' بمعنی توقّع)، نیز پیوند کرنا۔

بندِ توکل: مایۂ توکل۔

بندر بند قبا بافتن: بہت ہجوم ہونے کا کنایہ۔

بند کردن: جمع کرنے کا کنایہ، نیز تسبیح وغیرہ کو ریشم یا سونے چاندی کے تار سے باندھنا، نیز شیشے اور چینی وغیرہ کے باریک تاروں کو پیوند کرنا۔ 'بند زدن' بھی انھی معنوں میں ہے۔ اور 'بند کردن' و 'شدن' بمعنی قائم کرنا اور قائم ہونا بھی ہے۔

بند کردنِ کار: کوئی کام انجام دینا۔

بند وکشاد: 'حل وعقد' (کھولنا، بند کرنا، یعنی انتظام) کا ترجمہ ہے۔

بندی شدنِ تب: مرض کا پرانا ہونا، اس صورت میں کہ مسلسل رہے اور کسی وقت بھی اس میں کمی نہ آئے۔

بندر رنگ وبندر ریگ: دونوں نام ایک بندرگاہ کے ہیں۔

بندر عباسی: بنادر کی ایک بندرگاہ کا نام۔

بنگاب: ایسا شیرہ جو بھنگ کو گھوٹنے سے بنتا ہے؛ 'بنگاب ساز' جو یہ شیرہ بیچتا ہے۔

بنیچہ بستن: ('ب' پر پیش)، وہ مالیہ جو املاک پر لگایا جاتا ہے اور یہ ایک الگ قسم کا دفتر ہے، جو دفترِ 'خارج المال' و 'صادر مملکت' سے موسوم ہے۔ دیوانِ انوری کے شارح کے مطابق عجمی اور عربی حروف کو قافیہ میں استعمال کرنا، جیسے 'چپ' اور 'طرب'، 'نتیجہ' اور 'دریچہ' وغیرہ۔ یہ بڑا ناپسندیدہ عیب ہے لیکن شعرا کے کلام میں اِس کی مثالیں موجود ہیں۔

بنی شیبہ: عبدالمطلب کی اولاد۔ 'شیبہ' نام ہے عبدالمطلب کا۔ اِس کی وجہِ تسمیہ یہ ہے کہ پیدائش کے وقت اُس کے سر کے تمام بال سفید تھے۔ بعض کے مطابق ایک بال سفید تھا۔ کعبے میں ایک طاق ہے، جو 'طاقِ شیبہ' کے نام سے مشہور ہے۔

ب - و

بُو: معروف؛ چوں کہ بُو سے پھول اور مُشک کا سراغ ملتا ہے اِس لیے بمعنی سراغ واثر بھی مستعمل ہے۔

بو بُردنِ زخم: بُوے مُشک و گل پہنچنے سے زخم کا ناسور بن جانا۔

بوریا و لفت و آتش از براے کسے آوردن: کسی کو جلانے کا ارادہ کرنا۔ ولایت (افغانستان و ایران) میں کسی واجب القتل مجرم کو بوری میں ڈال کر مٹی کا تیل چھڑک کر آگ لگا دیتے ہیں تاکہ جلد جل جائے۔

بوسہ بہ لبِ خویش زدن: پہلوان کشتی کرنے سے پہلے اپنے بازو پر ہاتھ مارتا اور ایسی آواز نکالتا ہے جسے 'مچھ' کہتے ہیں۔ اُس کے بعد مدِّ مقابل کا ہاتھ پکڑ کر زور لگاتا ہے۔

بوسہ خوردن و چیدن و زدن و کردن و کندن: بوسہ لینا۔ 'بوس' 'بوسے' کا مُعرّب ہے۔

بولی و باولی دادن: شکاری جانوروں کو دوسرے جانوروں پر شیر کرنا، چھوڑنا۔

بوے خوں از جاے آمدن: کسی جگہ، بہت خوف و خطر ہونے کا کنایہ۔

بوے ریسماں آمدن: 'بوے فتیلہ آمدن' کا مترادف۔

بوے فتیلہ آمدن: شک و اہمے کی بُو سونگھنا۔ ہرن کا بندوق کے فتیلے کی بُو سونگھ کر میدان سے بھاگ جانا۔

ب - ہ

بہا گرفتن: قیمت وارزش پیدا کرنا۔

بہار بند: ہوادار کمرا، جس میں بہار کے موسم میں بیٹھتے ہیں، نیز وہ جگہ جہاں مویشیوں کو بہار میں باندھتے ہیں۔

بہار عنبر: سیاہ رنگ کے عنبر کے ٹوٹنے سے زردی آمیز سفیدی ظاہر ہوتی ہے۔

بہار کردن: گل وریحان کا کھلنا، نیز قے کرنا۔

بہانہ شاخ دارد: جب کوئی کہتا ہے کہ 'میں بہانہ نہیں کر رہا' تو از راہِ تعریض کہتے ہیں، 'بہانہ شاخ دارد' (بہانے کی شاخ ہے۔) تاہم یہ بہانے سے مخصوص نہیں، ایسے مواقع پر ہر جگہ کہا جاتا ہے۔

بہبہان: ایک شہر کا نام جو کوہ کیلویہ کا پایۂ تخت ہے، جہاں کے لوگ مادر پدر آزاد اور رذیل ہیں اور وہاں کی چاندی بھی غیر معیاری ہے۔

عرفان بیروں بردن: جانتے بوجھتے برداشت کرنا۔

گزیدہ: بنفشئی مائل سرخ رنگ؛ کسی ایسی داغ دار شے کی مانند جسے ناخن سے رگڑا گیا، یا دانتوں سے کاٹا گیا ہو۔

موے بنداست: یعنی ایک سہل امر یا بات سے موقوف ومشروط ہے۔

بہم زدنِ دل: طبیعت میں اضطراب وتہوع پیدا ہونا (معدے کا بگڑنا۔)

بہمن: کئی معنی کے ساتھ برہمن کو کہتے ہیں۔

بہند رفتنِ حنا: رچی ہوئی مہندی کا سیاہی اختیار کرنا۔

ب - ی

بے بہا و بے قیمت: بہت قیمتی سامان۔ سند 'آبِ مروارید' میں ملاحظہ ہو؛ نیز بمعنی بے قدر متاع۔

بے پرکار: بے قاعدہ، بے ڈھنگ۔

بیت اللطف: بولی خانہ، لولی خانہ، بے شرمی کا اڈا۔

بے حضوری: فراغِ دل اور دل جمعی حاصل نہ ہونا۔ 'حضور' بمعنی شگفتگی و خرمی ہے۔ 'حضورستان' بمعنی مقامِ امن و امان۔ 'بے حضور' مجازاً بمعنی بیمار۔

بے روزگار: جسے کوئی کام یا کسب میسر نہ ہو۔

بے سکون: ایسا شخص جو شوخی کے باعث ایک جگہ ٹک کر نہ بیٹھے۔

بے سکّہ: بے قدر، بے مقدار۔

بیش فروش: 'پاک فروش' کا مترادف؛ آگے ملاحظہ ہو۔

بیضۂ اسلام و مجلس: دائرۂ اسلام و مجلس۔

بیضہ افگندن: ڈرنا اور پست حوصلہ ہونا۔

بیضہ در کلاہ و بر سر و در افسرِ کسے شکستن: کسی کو عاجز اور رسوا کرنا۔ ماخذ: بازی گر، کسی کی ٹوپی میں انڈا رکھ دوسرے آدمی سے کہتے ہیں کہ انڈا توڑ! وہ دونوں ہاتھوں سے زور لگاتا ہے۔ انڈا غائب ہو جاتا ہے اور وہ شخص شرمندہ ہو جاتا ہے اور تماشائی ہنسنے لگتے ہیں۔

بیک روز محتاج کردن: کسی کو دوپہر کی روٹی/کھانے کا محتاج کرنا۔ افلاس کا مبالغہ۔

بیک شاخ و بہ شاخ و یک شاخ چادر افگندن: حسین اور خود نما عورتوں کا اپنے اعضا کی حسنِ ترکیب و تناسب کی نمائش کے لیے چادر کو ایک طرف رکھ دینا۔

بے کوبی: بے کسی کا مترادف۔ ہاں، 'کس و کوے' 'یک دگر (ایک دوسرے)' کا مترادف ہے۔ #

[آرے، 'کس' و 'کوے' مرادف یک دگر است = جی ہاں، 'کس' و 'کوے' ایک دوسرے کے مترادف ہیں۔] (نقش)

بے نمازی: حیض کا کنایہ۔

بینہ: حمام میں ایک خاص جگہ لباس اتارنے کے لیے۔

بینی کوہ: پہاڑ کی چوٹی کا ابھار؛ نیز 'تیغ کوہ' بھی کہتے ہیں۔

بیوگ: دلہن، عروس۔

بیوگانی: کدخدا، کتخدا، شادی شدہ۔ ترکی میں اسے 'طوئے' کہتے ہیں۔

بیہدہ بال: ہرزہ گرد، آوارہ گرد۔

بہمان: بہماں، معروف ہے۔

پ

پ - الف

پااز پیش بدر رفتن ورفتن: پھسلنا، نیز کنایہ ہے امیری سے غریبی و مفلسی میں پڑنا۔

پاافشار: وہ چیز جو جولاہا رسی کے ساتھ پاؤں سے باندھتا ہے۔

پابالا کردن: ایک ایسی حالت کا کنایہ، جس میں لڑکے (مفعول) کو خاص وقت میں پالا پڑتا ہے۔ (پاؤں یا ٹانگیں اونچی کرنا۔)

پابر تیغ کردن: مترادف ہے، 'پا و قدم از جاے بریدن' کا۔ (معنی آگے دیکھیے۔)

پابر سرِ حرف کسے گذاشتن: کسی کی بات کی طرف دھیان نہ دینا۔

پابر سرِ لباسِ نو گذاشتن: ایک رسم ہے۔ جب کوئی نیا لباس پہننا چاہتا ہے تو پہلے اُس پر پاؤں رکھتا ہے، یعنی ہاتھ اور پاؤں کے نیچے وہ لباس پرانا ہو۔ اہلِ ایران سے پتا چلا کہ یہ وہاں کی عورتوں کی رسم ہے۔

پابکلات کردن: کشتی کا ایک داو۔ حریف کو کشتی کے دوران کمر سے پکڑ کر اِس طرح اٹھاتے ہیں کہ اُس کے پاؤں بلند ہو جائیں 'کلات' کے معنی آگے ملاحظہ ہوں۔

پابر سرِ ماہ و سال نہادن: معیشت کی فراخی کے سبب زمانے کو اپنا مغلوب سمجھنا۔

پابر مصحف کشیدن: نہایت بے ادبی کا کنایہ۔

پاپیچ: ضعف و ناتوانی کے سبب دونوں پاؤں باہم الجھانا۔

پاپیچال: عشق پیچاں کی قسم کی ایک بیل جس کا تنا نہیں ہوتا اور کسی دوسرے درخت سے لپیٹ کر اونچی جاتی ہے۔ ایسی بیل کو 'بیارہ' کہتے ہیں۔

پاتابہ یتیمی: عیار لوگوں اور یتیموں کے لیے مخصوص ہے۔ 'پاتابہ' ایک ایسی چیز ہے جو جرابوں کے نیچے

پہنتے ہیں، اور عیار جرابوں کے بغیر پاؤں میں پہن لیتے ہیں۔ اسی بنا پر عیار کو 'پا تا بہ پیچ' کہتے ہیں۔

پاچناری: 'پاچنار' ایران کا ایک مقام ہے جہاں کے لوگ نامقید (قید و بند سے آزاد، یا مادر پدر آزاد) اور رذیل ہیں۔ اسی لیے ہر نامقید اور فرومایہ (گھٹیا) انسان کو 'پاچناری' کہتے ہیں۔

پاچنارگری: گھٹیا پن اور نامقیدی۔ مجازاً ہر وقت خدمت میں رہنے والا نوکر۔ 'پاے چنار' بھی کہتے ہیں۔

پاخاکی کردن: سفر کرنے کا کنایہ۔

پادری: فرنگی زبان میں بمعنی عالم و فاضل۔ ابوالفضل کی کتاب ''اکبرنامہ'' سے معلوم ہوا۔

پادشاہ است: یعنی کسی کا محکوم یا ماتحت نہیں، خود پر انحصار کرتا ہے۔

پارچہ پنبہ: کم عمر معشوقہ؛ نیز فرج کا کنایہ۔

پارچکار: (اضافت کے بغیر)، شوخ و شنگ اور عیار۔ قدما کے کلام میں اضافت کے ساتھ (پارۂ کار) ان معنوں میں ہے۔

پارسا: اہلِ لغت کے مطابق 'گداے مطلق'۔ اہلِ ایران کے نزدیک ہنگامہ کھڑا کرنے والا فقیر۔

پاروب و پارو: ایک قسم کی جھاڑو، نیز وہ لکڑی جس سے گھوڑے کے پاؤں سے گھاس اور گوبر صاف کرتے ہیں۔

پارہ: معروف؛ نیز بمعنی رشوت۔ 'پارہ' بمعنی لوہے کا گرز بھی ہے۔

پارۂ تن: جسم کا جزو، نیز بمعنی عزیز و اقارب۔

پارہ خوار: رشوت خور۔

پاسبز: دو لڑنے والوں کے درمیان صلح کرانے والا، واسطہ، میانجی اور 'سبز پا' بمعنی منحوس قدم۔

پاعلم خوان: ایسا شخص جو ایامِ عاشورہ میں تابوت کے علَم کے نیچے، خاص طور پر، یا مُردے کے علَم کے نیچے (مطلقاً) کچھ پڑھتا ہے۔

پاکارہ: کناس (جھاڑو دینے والا)، نیز ایسا شخص جو دیوانی محصّلین (ٹیکس یا باج لینے والوں) کو شہروں اور قریوں میں لوگوں کا پتا بتائے۔

پاک فروش: ایسا شخص جس کے پاس جو کچھ ہو اُسے برباد کردے۔

پاکش بینداز: جب کوئی پہلوان اپنے حریف کو گرانے کے قریب ہوتا ہے، کہنہ سوار (تجربے کار) اسے کہتا ہے، 'پاکش بینداز'، یعنی اِسے پوری طرح گرا دے۔

پاکشیدن: آہستہ۔

پاکی: معروف؛ نیز اُسترا۔

پا گرفتن: استقامت اور ثابت قدمی پکڑنا۔

پالیدن: جستجو کرنا، تلاش کرنا۔

پاوا کردن وشدن و باز کردن: بچے کا نیا نیا چلنا۔ اب اِس محاورے میں خصوصیت نہیں رہی۔

پاو قدم جفت کردن: تلاشِ کار میں غیر معمولی اور مقدور سے زیادہ کوشش کرنا۔

پایہ برخود چیدن: خود کو وقعت دینا۔

پائے بُو افگندن: قصاب بکری کے پائے پر کوئی منتر پڑھتے ہیں۔ پھر جہاں کہیں وہ پایہ ڈالتے ہیں بھیڑوں کا ریوڑ خود بخود اُدھر چلنے لگتا ہے۔ قصاب کسی مشقت کے بغیر اُنھیں کھینچ لے جاتے ہیں۔

پائے خود آمدن: بڑی رغبت و مسرّت سے آنے کا کنایہ، یعنی 'بپائے خود آمدن'۔ "با" کا حذف اکثر مواضع میں جائز ہے۔

پائے درو پاشنۂ در: ایسی چیز جسے دروازے کے تختے پر گھماتے ہیں۔ ہند میں اسے 'چول' کہتے ہیں۔

پائے دکانے و پائے دکان و پادکانی: ایک کم مایہ آدمی جو کسی دوسرے کی دکان کے تھڑے پر بیٹھ کر، اُس کی مدد سے، خرید و فروخت کرے؛ دلال کو بھی کہتے ہیں۔

پائے علم رنگیں کردن: جب میدانِ جنگ میں فوجیں آمنے سامنے ہوتی ہیں تو دلیروں کی ایک جماعت ایک طرف سے آگے بڑھ کر دشمن کے ایک یا چند سپاہیوں کو پکڑ لاتی اور اپنے پرچم کے نیچے اُس کی یا اُن کی گردنیں اڑا دیتی ہے۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ 'ہم نے پائے علم رنگین کر دیا'۔ لیکن لوطیوں کی اصطلاح میں لونڈے کا کنایہ ہے۔

پائے کلاغ: ارباب دیوان کے خط کی ایک قسم۔ یہ خط بہت گندا ہوتا اور پڑھا نہیں جاتا؛ یوں لگتا ہے جیسے کوّے نے پنجے مارے ہوں۔ اسے 'پنجۂ گربہ' (بلی کا پنجہ) بھی کہتے ہیں۔

پ - ت

پتیارہ: ایک مکروہ اور خوفناک چیز جو بے اختیار، یا اچانک چہرے پر نکل آئے۔

پ - چ

پچاق: (تشدید کے ساتھ)، ترکی لفظ، بمعنی چھری۔

پچ پچ: ایسی بات جو آپس میں آہستہ کرتے ہیں۔

پ - ذ

پذیرہ: آگے چلنا، بڑھنا۔ استقبال کرنے والا۔

پ - ر

پراندن: بے جا تعریف کرنا۔

پرتاب کردن: دور پھینکنا۔

پُرچیں: کانٹے دار تار کھیت اور باغ کے گرد لگاتے ہیں؛ نیز کسی چیز کا کسی چیز سے مضبوط ہونا؛ نیز ایسا نقش جو پتھر کے ٹکڑوں سے دوسرے پتھر میں جماتے ہیں۔ اسے 'پرچین کاری' بھی کہتے ہیں۔

پردر پر ہم بافتن: 'بند در بندِ قبا بافتن' (قبا کے جوڑ میں جوڑ بُنا) کا مترادف۔ آگے ملاحظہ ہو۔

پردہ بازی: 'شب بازی' کا مترادف۔ ذکر آگے آئے گا۔

پردۂ عنبی: آنکھ کے سات طبقوں (پردوں) میں سے ایک طبقہ۔ سات پردے یہ ہیں: شبکیہ، عنکبوتیہ، مشمیہ، عنبیہ، صلبیہ، قرنیہ اور ملتحمہ۔

پردۂ مشکین و نیلوفری: سیاہ رنگ کا کپڑا جو آشوبِ چشم میں آنکھ پر باندھتے ہیں۔

پرزدہ رُو: آبلہ رُو؛ اس کا ماخذ یہ ہے کہ آٹے کے پیڑے کو پھیلا کر اُس پر پرندے کا پر پھیرتے ہیں

جس سے آبلے سے بن جاتے ہیں اور روٹی / نان پکنے کے بعد بھی یہ باقی رہتے ہیں۔
اسے 'نانِ پرزدہ' کہتے ہیں۔

پُرزہ: رَسّی اور پرانا لباس جو عورتیں اٹھا دیتی ہیں، یا ایک طرف رکھ دیتی ہیں۔

پرست زدن: سیر اور گردش کرنا۔ ایک اصفہانی نے بتایا کہ 'پرست زدن' یہ ہے کہ دو شخص اکٹھے چل رہے ہیں۔ ایک کسی وجہ سے رکنے پر مجبور ہو جاتا ہے تو وہ اپنے ساتھی سے کہتا ہے کہ 'تُو اُند کے پرست زن'، یعنی تُو آہستہ آہستہ چل، میں بھی پیچھے پہنچ رہا ہوں۔

پُرسہ: ('پ' پر پیش)، کسی کی موت پر اظہارِ غم کرنا۔

پُرسیدن و پُرسش: معروف معنی ہیں (پوچھنا)؛ نیز تعزیت اور عیادت، نیز مطلقاً حال پرسی، مزاج پرسی۔

پرقازہ: مصوروں کی اصطلاح میں برش نما قلم افغانستان و ایران میں قاز نامی پرندے کے باریک پر سے قلم تیار کرتے ہیں۔ ایک مصور سے معلوم ہوا۔

پروانہ: معروف؛ نیز اُمرا کا حکم۔

پروانی: فنِ کشتی کا ایک داو جو حریف کے گرد گھوم کر اُس کے پاؤں اٹھانا اور جگہ سے اچک لینا ہے۔

پ - س

پس آوردہ: لے پالک، پالا ہوا لڑکا، سوتیلا لڑکا۔

پس خم: دوڑ اٹھنا۔ 'پس خم زدن' بھی کہتے ہیں۔ 'خم زدن' بھی انھی معنوں میں ہے؛ آگے ملاحظہ ہو۔

پس خیز: پہلوان کا شاگرد۔ کشتی ختم ہونے کے بعد تجربے کار حریف اُس (شاگرد) کی تربیت کے لیے اُس سے کشتی لڑتا ہے۔

پسِ سر کردن: مُنھ پھیر لینا، رُوگردانی کرنا۔

پسِ کارو پئے کار نشستن و بودن و رفتن، برسرِ کار نشستن و رفتن: کام میں مشغول ہونا۔ 'پسِ کار نشاندن' (کسی کو کام پر لگانا) اِس کا متعدی ہے۔

پسراک: ترکی لفظ۔ وہ اُستر جو گدھے کے گدھی کے ساتھ جماع کے نتیجے میں وجود میں آتا ہے۔

پسر رز: ساقی۔

پ - ش

پشت بر خویش بودن: خود کو نظر نہ آنے دینا۔

پشت بہ بازار ایستادنِ قصاب: جب قصاب گوشت بڑی سیخوں پر لٹکا کر بیچنے کے لیے ٹکڑے کرنا چاہتا ہے تو مجبوراً دکان کی طرف مُنھ اور بازار کی طرف پُشت کر کے کھڑا ہو جاتا ہے۔

پشتِ پا زدن و پا زدن: تَرک کرنا۔

پشت در: ایرانی محاورے میں درگاہوں کے دروازے پر جوتوں کا محافظ خادم۔

پشتِ سر: پیش رو کی ضد، یعنی پیچھے آنے والا۔

پشتِ سرِ کسے دیدن: کسی کا زوال دیکھنا۔

پشتِ کمان بر کسے زدن: کسی پر تیر چلانا۔ 'بہ پشتِ کمان گرفتن' بھی کہتے ہیں۔

پشتِ لب بر زدن: 'پشتِ چشم نازک کردن' (پشت چشم نازک کرنا) کا مترادف اور یہ معروف ہے بمعنی ناز و ادا کرنا، تغافل کرنا۔

پشتی: بمعنی حمایت؛ نیز لمبا تکیہ جو مسند نشیں اُمرا رکھتے ہیں۔ اسے گاؤ تکیہ کہتے ہیں۔

پشم در کلاہ داشتن: عزّت و اعتبار کا مالک ہونا۔

پشم دین و پشم دین آقا: ایک ایسا لفظ جو کسی کی تحقیر کے موقع پر بولتے ہیں۔ 'پشم قلی' بھی اس کا مترادف ہے۔ (ایرانی احترام کے طور پر لفظ 'آقا' پہلے اور تحقیر کے طور پر نام کے آخر میں لاتے ہیں۔)

پ - ف

پف پوز: 'پوز' بمعنی مُنھ کا ارد گرد، یعنی مُنھ کی ہوا، جو سب سے چھوٹی شے کا کنایہ ہے۔

پف کاسہ گری: 'تھوڑی مدّت' کا کنایہ۔

پ - ک

پک: گندی اور ناہموار شے۔

پک و چک: مجل بازوں کا ایک نقش۔#

'مجل باز' بے معنی ہے۔ یہ درحقیقت 'بجل باز' ہے۔ ''فرہنگِ عمید'' میں 'سِجل' کے معنی ہیں:

کتابِ عہود و احکام، دفتری کہ قاضی صورتِ دعاوی و اسناد و احکام در آن بنویسد۔ حکم و فتوای قاضی، حکمِ محکم، عہدنامہ، 'سجلات' جمع۔ در فارسی 'سجل' یا 'سجل احوال' شناسنامہ رامیگویند و آن دفترچہ ای است کہ در آن تولد و نام و نشان و ازدواج و طلاق و فوت ثبت میشود۔

ظاہر ہے کہ یہ معنی یہاں کسی صورت چسپاں نہیں ہوتے۔ 'بجل' کی جمع 'بجول' ہے۔ ''فرہنگِ عمید'' (مؤسسۂ انتشاراتِ امیر کبیر، تہران، چاپ یازدہم ۱۳۷۷) میں 'بُجول' کے تحت درج ہے:

استخوانِ بندگاہِ پا و ساق، استخوانی کہ در بیچ پاپینِ دو غوزک قرار دارد، شتالنگ، کعب، بجل و بیجول و بجول و پژول و وژول ہم گفتہ شدہ۔

''لغت نامۂ دہخدا'' میں ''برہانِ قاطع'' کے حوالے سے من جملہ دیگر معانی کے 'پک' کے یہ معانی بھی مندرج ہیں:

نامِ یک طرفِ بجول [قاب بازی] کہ آنرا 'عاشق' گویند [برہانِ قاطع] و روی دیگر را 'جیک' خوانند۔

'چک' کے ذیل میں ''لغت نامۂ دہخدا'' میں درج ہے:

یک طرف از چہار طرفِ بجول کہ در نوعی بجول بازی آن را 'دزد' ہم می نامند۔ جیک۔ مقابلِ پک...

از برای مقامرانِ فساد
آن یکی پک نشیند، آن یک چک

شانی [از فرہنگِ رشیدی]

(نقش)

پ ۔ ن

پنبہ دیگرے ریسمان می سازد: یعنی فلاں کسی دوسرے کے کام کا بوجھ اٹھاتا ہے جب کہ خود اُس کے لیے کوئی نفع نہیں۔

پنبہ کردن: منتشر کرنا، پریشان کرنا۔

پنجۂ مریم: وہ گھاس جس پر حضرت مریمؑ نے اسقاطِ حمل کے وقت ہاتھ مارا تھا، اور وہ پنجے کی صورت اختیار کر گئی۔ اسے 'بخورِ مریم' بھی کہتے ہیں۔

پنیر قالبی: وہ پنیر جسے سانچے میں ڈالتے ہیں تاکہ جم جائے۔

پنیرِ یخچالی: ٹھنڈا کرنے کے لیے یخچال (فریج) میں رکھا ہوا پنیر۔

پ ۔ و

پوست انداختن وگذاشتن وافگندن: ڈرنا۔

پوست پوش: بینوا گدا، نیز عاشق۔

پوست تخت و پوست تختہ: شیر، ہرن اور چیتے کی کھال کی چٹائی جو فقرا کے پاس ہوتی ہے۔

پوست کندن و در پوست و بپوست و پوستین اُفتادن و پوستین کردن و در پوستین کسے بودن و پوست دریدن: ان سب کے معنی ہیں ذلیل کرنا، غیبت کرنا، کیوں کہ لغت میں 'پوستین' اور 'پوست' بمعنی غیبت کرنا ہے۔

پوست وکلہ دندان زدہ است: کسی کے ہاتھ مفت کی چیز لگنا، نیز بمعنی ایسا کام جس میں قلیل نفع کا احتمال ہو۔

پوشیدن: معروف؛ لازم اور متعدّی دونوں کے لیے مستعمل ہے۔

پ ۔ ہ

پہ پہ: واہ کا مترادف۔

پہلو: بمعنی فائدہ۔

پہلو بہ چیزے زدن: کسی چیز، یا کسی شخص کی برابری۔

پہلودار: ایسی چیز جس سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

پہلوزدن وخوردن: صدمہ پہنچانا اور صدمہ اٹھانا۔

پہلونہادن: سونا، نیند کرنا۔

پہلوے چرب: معتد بہ فائدہ، بہت مقدار میں فائدہ۔

پہن چشم: بے حیا، شرم سے عاری۔

پ - ی

پیاز حلقہ: ولایت (افغانستان، ایران) کے طباخ پیاز کے گول ٹکڑے کر کے پکاتے ہیں۔

پے بریدن وزدن وکردن: دوڑنے اور چلنے سے روکنے کے لیے ایڑی کا گوشت کاٹنا۔

پے پُر کردہ: تجربے کار اور زمانے کا گرم وسرد دیکھے ہوئے۔

پے غلط وپے گور کردن: اپنے پاؤں کے نشان مٹا دینا تا کہ کوئی پیچھا نہ کر سکے۔ بعض کے نزدیک پہلا محاورہ (پے غلط کردن) جوتا اُلٹا رکھنا ہے۔

پیچمان: پیچیدگی، الجھن۔

پیداور: صاحب پیدا، ظاہر ہونے والا۔

پیدرو: حضرت عیسیٰؑ کے دوسرے خلیفہ کا نام۔

پیرافشانی: بڑھاپے میں کارِ عظیم انجام دینا۔

پیراہن بہ تن کردن: لباس پہننا۔

پیرپنبہ: کھیتوں میں لگا ہوا نقلی چوکیدار، تا کہ پرندے بھاگ جائیں؛ نیز ایسا بوڑھا آدمی، جس کے جسم پر کوئی سیاہ بال نہ بچا ہو۔

پیرسر: جس شخص کے سر کے بال سفید ہوں۔

پیرو: تابع۔

پے سر کردن: 'پشت سر کردن' کا مترادف جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

پے سفید: منحوس قدم۔

پیشانی: اس کے چند معنی ہیں۔ متاخرین کے مطابق اس کا مطلب لیاقت اور شائستگی، نیز وسعت و فراخی ہے۔

پیش ایوان و پیشِ طاق و پیش گاہ: گھر کا صحن۔

پیشِ پائے کسے برخاستن: کسی کی تعظیم کی خاطر اٹھنا، کھڑے ہونے کا کنایہ۔

پیش جنگ: ایسا سپاہی جو رفقا کی مدد و اعانت کا انتظار کیے بغیر جنگ کرے۔

پیش حرف: ایسا شخص جس کی بات غالب ہو۔

پیش خرید: خرید و فروخت میں پیشگی رقم۔

پیش خواں: تعارف کرانے والا، یعنی جب کوئی شخص مجلس میں داخل ہوتا ہے تو وہ اُس وارد ہونے والے کا حسب و نسب بیان کرتا ہے، تا کہ اہلِ مجلس اُس شخص کے لائق اُس کی تعظیم و مراعات کریں۔

پیشِ خود بر پا: خودسر اور خودرائے۔

پیش خورد: وہ چیز جس سے ناشتا کرتے ہیں۔ بعض کے مطابق وہ شے جو چاشنی کے طور پر کھاتے ہیں۔

پیش خیز: شاگرد، خام۔ پہلوانوں کی اصطلاح میں ایک شاگرد جو تجربے کار پہلوان کے مقابل ہوتا ہے۔

پیش دامن: خادم۔

پیش دنداں: جس چیز سے ناشتا کرتے ہیں وہی 'پیش خورد'۔

پیش رفت حرف: کہے ہوئے کام یا چیز کے فائدہ و بہرہ کا عمل میں آنا۔

پیش سلام: ایسے شخص کے لیے وقف ہے جو اپنی خوش خُلقی کے باعث دوسروں کو سلام کرنے میں پہل کرے۔

پیشِ کسے بند و گرفتار بودن: کسی کا عاشق و فریفتہ ہونا۔

پیش کش: جو چیز نذرانے کے طور پر ادا کی جائے۔ 'سلامی' اور 'سلامانہ' اس کے مترادف ہیں۔

پیش کشیدن: عتاب کرنا، کسی پر غصّے ہونا، نیز بمعنی پیشکش، نیز ملاطفت کرنا۔

پیش گرفتن: راستے کی رکاوٹ بننا۔

پیش مصرع: کسی شعر کا پہلا مصرع۔

پیش نماز: امام کا ترجمہ، جس کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں۔

پیشوا: معروف؛ نیز مستقبل۔ استقبال کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

پشواز: استقبال کا ترجمہ، بغل بند کے مقابل ایک لباس جو عورتوں سے مخصوص ہے۔

پیغامِ کاغذی: ایسا پیغام جو خط کے ذریعے دیا جائے۔

پیلہ پیچ: ایسی چیز جو فتیلے کی طرح بٹی ہوئی ہو، یہ لوطیوں کی اصطلاح ہے۔ یہ لوگ فتیلے کو 'پیلہ پیچ' کہتے ہیں۔

پیلور: ('لام' ساکن)، ایسا شخص جو مِسّی، سفیدآب اور اِس قسم کی اشیا، جو عورتوں کی آرائش سے متعلق ہیں، گلی کوچوں میں بیچتا ہو۔ کتبِ لغت میں بمعنی طبیب اور دوا زوفروش درج ہے۔

پینکی: نیند کا غلبہ، غنودگی، جو زیادہ تر افیونیوں کو ہوتی ہے۔

پینہ: سخت اور سیاہ قسم کی خراش جو کثرتِ کار کے سبب انسان کے ہاتھ پر لگ جاتی ہے۔

پیہ چیزے برخود و غیر مالیدن: کسی کو اُس کی صفات سے متصف کرنا۔

پیہ کردن: بڑھنا پھولنا اور موٹا تازہ ہونا۔

پیہ گرفتن و آوردنِ چشم: بینائی کے زوال کا کنایہ۔

پیہ گرگ بر پیراہن مالیدن: مکروفریب کرنا۔

ت

ت ۔ ا

تاب خانہ: ایسا گھر جہاں جامکاری (دیواروں پر آئینہ کاری) کی گئی ہو اور اس میں کرسی اور بخاری بھی ہو۔

تابدار: ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کا ریشم بٹ کر اُسے بُنا جاتا ہے۔

تاب زخمہ دارو: لوطیوں کی اصطلاح میں حرکاتِ جماع کی تاب رکھنا۔ 'زخمہ' بمعنی حرکتِ جماع، جسے 'دُلّہ' بھی کہتے ہیں۔

تا بہ خود و بر خویشتن جنبیدن: خبردار اور آگاہ ہونا اور اپنے آپ میں آنا۔

تاج پوش: تاج کا غاشیہ۔

تاج شمع: شمع کا شعلہ۔

تار بے جان: بہت کم زور اور پتلا تار (دھاگا) جسے بُنا نہ گیا ہو۔

تار و مار: زیر و زبر، اوپر نیچے۔

تا شاہ رگ دم دارو: یعنی جب تک جان ہے۔ 'تا نفس باشد' اس کا مترادف ہے۔

تافتہ: ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

تالار: ایک ایسی عمارت جس کے چاروں طرف ستون زمین میں نیچے لگاتے اور اُن کے اوپر لکڑی اور تختہ رکھتے ہیں۔ ایرانیوں کے مطابق ایک ایسی عمارت جس کی پشت بند اور تینوں اطراف کھلی ہوتی ہیں۔

تألّہ: حق کی پرستش کرنا۔

تاہُو: شراب کی ایک قسم جو خاص آلات سے کشید کی جاتی ہے۔

تاے تشریف: ایک خلعت ۔ لفظ 'تا' 'دتہ' عدد کے لیے وضع کیا گیا ہے۔ 'تا'، 'تار' کا مخفف بھی ہے۔ اور 'یکتا پیرہن' وہ شخص، جس نے صرف بنیان پہن رکھی ہو۔

ت ۔ ب

تپ استخوانی: تپ/حب دق۔

تپ بستن: دواؤں کے بغیر مختلف طریقوں سے بخار کا ازالہ کرنا۔

تپ سوختہ: وہ بخار جو اخلاط کے گرم ہونے سے چڑھے۔

تبت واژگون دواژوں: آیتِ کریمہ 'تَبَّت یَدا اَبی لَہَب...' کو دفعِ مصیبت کی خاطر الٹا پڑھتے ہیں۔

تبق زدن: کسی عضو کا ورم کرنا۔

ت ۔ ح

تحت الحنک: زہاد کا یہ معمول ہے کہ وہ پگڑی کا ایک پیچ ٹھوڑی کے نیچے سے گزار کر سر پر باندھتے ہیں۔ اسے 'تلحی' بھی کہتے ہیں۔

تحریر: معروف؛ نیز وہ لکیر جو کسی نقش کے گرد کھینچتے ہیں، نیز موسیقاروں کا راگ الاپنا۔

ت ۔ خ

تخت: معروف؛ نیز دماغ کا نشے سے چاق ہونا۔

تخت گاہ: صفاہان (اصفہان) میں واقع ایک قہوہ خانہ۔

تختہ برسر کسے شکستن: کسی کو خراب و رسوا کرنا۔

تختۂ تعلیم: تختی، جس پر بچے لکھنے کی مشق کرتے ہیں۔

تختۂ حمام: پتھر کا ایک تختہ جو حمام میں نماز کے لیے رکھتے ہیں۔

تختہ شدن یاقوت: یاقوت کا مسطح (ہموار) ہونا۔

تختۂ شلنگ زدن: پہلوانوں کا طریقہ ہے کہ دیوار پر سات آٹھ تختے کھڑے کر کے ان پر گھنٹیاں باندھ دیتے

ہیں اور خاص طریقے سے اُن پر اچھل کود کرتے ہیں، نیز 'شلنگ تختہ زدن'۔

تخش: کمان کی ایک قسم، جس سے تیر خفیہ انداز میں چلاتے ہیں۔ بعض کا کہنا ہے کہ 'تیر تخش' بان ہے جو ہند کی جنگوں میں مرسوم ہے اور یہ لوہے کا ہوتا ہے اور اندر سے خالی، جس میں بارود بھر کر اُس پر آگ لگا دیتے ہیں اور دشمن کی طرف فضا میں پھینکتے ہیں۔

تخم بازی: عید اور نوروز کے دن رنگین انڈوں سے کھیلنا۔

تخم چیزے بر اُفتادن: کسی چیز کے نابود و معدوم ہونے کا کنایہ، اِس طرح کہ اُس کا نام ونشان تک نہ رہے۔

تخم دان: ایسی جگہ جہاں خاص قسم کی گیاہ بوتے اور پھر وہاں سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھ دیتے ہیں۔# یہ اہلِ شیراز کی زبان ہے۔

جاے کہ نہال در آں جا کارند واز آں جا برداشتہ جاے دیگر بنشانند = وہ جگہ جہاں پنیری جماتے، اور وہاں سے اُکھاڑ کر دوسری جگہ لگا دیتے ہیں۔ (نقش)

ت ۔ د

تدارک: اسمِ مصدر ہے۔ بمعنی پانا، نیز ہاتھ میں لینا۔

ت ۔ ر

ترآمدن: تنگ آنا۔

ترازو برزمیں زدن: اِبرام (اصرار کرنا، تنگ آنا) اور سماجت کی ضرورت پڑنا۔

ترازو زدن: اِس امر کا کنایہ ہے کہ جب کوئی دیہاتی شہر میں وارد ہوتا ہے تو اہلِ بازار تانبے یا پیتل کا ترازو اٹھا کر اُس دیہاتی کے پیچھے لگ جاتے ہیں اور ترازو کے پلڑے باہم بجانے لگتے ہیں تاکہ اِس عمل سے آواز پیدا ہو اور شہر کے لوگ آگاہ ہو کر ہنسی ٹھٹھے کا ہنگامہ گرم کریں۔

تراش: معروف؛ نیز بمعنی طمع۔

ترجمان: متکلم کی طرف سے ایسے مخاطب کے لیے، جو متکلم کی زبان نہ سمجھتا ہو، واسطہ و وسیلہ بننے والا شخص جو اُسے سمجھائے۔ فارسی میں اسے 'پچواک' کہتے ہیں؛ نیز بمعنی ایسا تحفہ و نیاز جو

عذرِ گناہ کے طور پر دیا جائے۔

ترسیدنِ چشم: کسی چیز کے دیکھنے سے نفرت کرنا۔ 'ترساندنِ چشم' اس کا متعدی ہے۔

ترخدن: منفعل و شرمندہ ہونا۔ یہ خاصا معروف ہے۔

تُرش شیریں: (ترش بغیر اضافت کے) اچھی شراب۔

ترقین: رقم کرنا اور سطور میں حروف کے دائروں کو برابر رکھنا اور اُس کی تزئین اعراب کے ساتھ کرنا، نیز فردِ حساب کی کسی جگہ کو سیاہ کر دینا تاکہ یہ گمان نہ گزرے کہ اُسے کچھ لکھنے کے لیے سفید رکھا گیا ہے۔

ترک: بمعنی کُلاہ، نیز گوشۂ کلاہ۔ میں (یعنی وارستہ) نے ایران کی ثقافت سے یہ معلوم کیا ہے کہ جب کوئی آدمی چاہتا ہے کہ کوئی دوسرا اُسے پہچانے تو وہ کلاہ کو سر کے ایک طرف کر دیتا اور سر کے اخیر میں پہنچا دیتا ہے اور یہ کنایہ ہے اپنے سر اور مُنھ کو نمایاں، یا ظاہر کرنے کا؛ اور وہ (کلاہ ایک طرف کرنے والا) شخص دوسرے سے کہتا ہے کہ 'ہاں! مجھے پہچان کہ میں اِس عظمت و شجاعت کے ساتھ ہوں۔' حکیم شفائی کے شعر میں بالتصریح دیکھا گیا۔ واللہ اعلم بالصّواب۔

ترک جوش: نیم خام یخنی غیر مبرّا جو ترکوں کا معمول ہے۔

ترکی تمام شدن: کسی کا غرور ختم ہونا اور کسی ایسے فن میں، جس کا اُسے دعویٰ ہو، اُس کا عجز ظاہر ہونا۔ [اُردو میں 'ترکی تمام ہونا' اِنھی معنوں میں ہے۔]

ترنجِ طلا و نارنج زدن: قدیم دور میں کوئی شہزادی چھت پر کھڑی ہو جاتی۔ نیچے مختلف ملکوں کے شہزادے باری باری گزرتے۔ شہزادی جس شہزادے کو پسند کر لیتی، سونے کا سنگترہ، یا چکوترا اس کے سر پر مارتی۔

ترنج و نارنج در سمور پنہاں شدن: یہ سمور (لومڑی کی قسم کے ایک جانور) کی نہایت خوبی ہے کہ چکوترا اور سنگترہ اُس کی پلک میں سما جائے۔ (تیغۂ سمور: سمور کی مژہ)۔ عربی میں اِس جانور کو 'اوشَع' کہتے ہیں۔

ترنمد: ایک چھوٹا سا پرندہ جسے عربی میں 'صعوہ' اور ماوراء النہر میں 'دخترِ صوفی' کہتے ہیں۔ [اُردو میں اِسے 'ممولا' کہا جاتا ہے۔]

ترنفسی: 'تر زبانی' کا مترادف۔

ترنوازی: مُطرب کی خوشنوائی۔ مجازاً خوش زبانی۔

تری: بے دماغی، ناخوشی اور ظرافت۔

تریاک بریدن: افیون کھانا ترک کرنا۔

تریاک وتریاق: افیون۔ پہلا لفظ مشہور ہے۔ یہ معنی نئے لیے گئے ہیں، قدیم میں نہ تھے۔

ت۔ ز

ترک: معروف؛ ترکی لفظ؛ بمعنی ترکش۔

ت۔ س

تُس: فارسی میں بے صدا گوز (پاد)، اس کا مقابل سُدہ۔ بعض نزدیک براز (پاخانہ، گوبر)۔

تسبیح سال: سال گرہ کا دھاگا۔

تس نفسی: ہرزہ گوئی۔

تسمہ بازی: مکر وفریب کاری۔

ت۔ ش

تشناقہ: ترکی لفظ۔ لاک پُشت نام کا ایک حیوان۔

تشریف فرمودن وآوردن ودادن: پہلا اور دوسرا محاورہ مشہور ہے، تیسرا (تشریف دادن) بھی انھی معنوں میں ہے۔

تشنۂ چیزے بودن: کسی چیز کا خواہش مند ہونا۔

ت۔ ص

تصویر سایہ دار: بُتوں کی تصویر پر جو پتھر اور لوہے وغیرہ سے بناتے ہیں۔ رنگ دار تصویر کے برعکس اس کا سایہ پڑتا ہے۔ شیعہ مذہب میں پہلی (یعنی پتھر والی تصویر) کا توڑنا واجب ہے۔

ت ۔ ع

تعلیمی: وہ تسمہ جو گھوڑے کی لگام کے اوپر ہوتا ہے۔

ت ۔ غ

تغار: توشہ، مٹی کا بڑا سا برتن جس میں دہی ڈالتے ہیں (یعنی کونڈا)، ایک برتن جس میں گندم یا جَو کا آٹا خمیر کرتے ہیں۔

ت ۔ ف

تفت: یزد کے ایک علاقے کا نام، نیز ٹوکری جو پھول اور پھل رکھنے کے لیے بناتے ہیں۔

تفتان: پراٹھا۔

ت ۔ ق

تقدِمہ: عربی لفظ، بمعنی پیش کرنا اور ہونا، اصطلاح میں وہ رقم جو کام کرنے والے کو پیشگی کے طور پر دی جاتی ہے۔ فارسی میں 'پیشداد' کہتے ہیں۔

قماق: ترکی لفظ، ہتھوڑی۔ اسے 'تیر قماق' بھی کہتے ہیں۔ قافِ اول کی جگہ خاے معجمہ کا استعمال سہو ہے۔

تقویم شمسی: شمسی کیلنڈر جس میں شمسی مہینوں کی کیفیات ہوتی ہے۔ اس کے مقابل 'تقویم قمری' ہے۔

ت ۔ ک

تکلو: گھوڑے کی پیٹھ پر رکھی ہوئی زین کے نیچے رکھا ہوا نمدہ۔ اسے 'نمد زین' بھی کہتے ہیں؛ نیز بمعنی وہ جڑ جو خوشے (گچھے) یا سنبل کے ساتھ مل کر لمبی ہو جائے۔

تکیہ خوردن: مالش (رگڑ) کھانی۔

ت ۔ گ

تگ بند: (’ت‘ پر زبر)، ایک چھوٹا سا مخمر جو کمر بند (پیٹی) کے اوپر لگا دیتے ہیں اور اُس سے کمر کو مضبوطی سے باندھتے ہیں۔

ت ۔ ل

تلبیہ: حاجیوں کا ’لبیک‘ کہنا۔

تلخ: معروف؛ ناگوار اور ناملائم کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں، نیز گالی گلوچ، نیز سیاہ۔ ’سبز تلخ‘ جو اساتذہ کے کلام میں استعمال ہوا ہے تو یہ ایسا سبز ہے جو سیاہی مائل ہے؛ نیز ایک ایسی جگہ کا نام جس کی ہوا (فضا) بے حد سرد ہے۔

تلک: کئی معانی کا حامل ہے۔ شیراز میں ’کیل‘ (پیمانے) کو کہتے ہیں۔

تلنگ: (’ت‘ کے نیچے زیر، ’ل‘ پر زبر)، انگلی کی نوک سے دَف اور ڈفلی بجانا۔ ’کوک‘ کا مترادف بھی ہے۔

تلنگانہ: گدایانہ۔

تلہ: ایسی چیز جس سے جال کے بغیر جانوروں کا شکار کرتے ہیں۔ (لامِ تشدید کے ساتھ بھی مستعمل ہے۔)

ت ۔ م

تماشا: عربی لفظ ’تماشی‘ تھا۔ یہاں ’ے‘ کو ’الف‘ سے بدل دیا۔ لغوی معنی، ایک دوسرے کے ساتھ پیادہ چلنا۔ فارسی میں بمعنی دیکھنا، نیز بمعنی ہنگامہ۔

تماشائی: دیکھنے والا۔

تمغا: ایسا باج (ٹیکس) جو شہروں میں لوگوں کے دروازوں پر اور سمندروں کے گھاٹوں پر تاجروں سے وصول کرتے ہیں۔ ’تمغاچی‘ باج وصول کرنے والا۔ ’تمغا‘ کے دوسرے معنی

وہ مُہر جو باج وصول کرنے کے بعد تاجروں کی اجناس پر لگاتے ہیں۔ یہ مہر لکڑی کی ہوتی ہے۔ تیسرے معنی 'فرمانِ سلطانی'۔ چوتھے معنی وہ داغ جو نشان کی خاطر حیوانات کے چوتڑوں پر جلاتے / لگاتے ہیں۔ یہ بھی ایک قسم کی مہر ہے۔ پانچویں معنی کسی شاعر کا اپنے کسی مضمون کو دوبارہ باندھنا اور یہ اس لیے ہے کہ گویا وہ اپنی مہر اُکھیڑ رہا ہے۔

تمکین: مصدر ہے۔ بمعنی جگہ دینا۔ فارسیوں کی اصطلاح میں 'تمکین کردن و دادن' بمعنی کسی کی قدر و وقعت کرنا۔

ت ۔ ن

تن آسانی و تن آسائی: معروف؛ پہلا محاورہ شہرت کی بنا پر مثال کا محتاج نہیں۔ دوسرے کے بھی وہی معنی ہیں۔

تنبک: ایک قسم کا ساز جس کے ایک سرے پر چمڑا سا لگاتے ہیں اور ایک طرف بند ہوتی ہے۔ جس کے دونوں طرف چمڑا ہو، اُسے 'دُہل' (ڈھول) کہتے ہیں۔ 'تنبکِ تعلیم' ڈھول کی وہ قسم جو پہلوان اپنے شاگردوں کی تربیتِ ورزش کے لیے بجاتے ہیں۔

تنخواہ گرفتن: معروف؛ لوطیوں کی اصطلاح میں لونڈے بازی۔

تنگ جامی: ('ت' اور 'ن' پر پیش)، 'تنگ شرابی' کا مترادف۔

تنکہ: ('ت' اور 'ن' پر پیش)، چرمی پاجامہ جو زانو تک ہوتا ہے اور کشتی لڑنے کے وقت پہنتے ہیں اور بہت چھوٹا ہوتا ہے۔

تنگ: ('ت' پر پیش)، ایک خاص قسم کا برتن جس میں عرق گل اور شراب وغیرہ ڈالتے ہیں اور اس کا مُنھ تنگ ہوتا ہے۔

تنگ شام: وقتِ شام کی گیرائی۔

تنگ شکر: ('ت' پر زبر)، کشتی کا ایک داو۔ حریف کے دونوں پاؤں پوری طرح قابو کر کے اُس کے سینے پر زور ڈال کر اُسے زمین پر پٹختا ہے۔

تنورۂ آسیا: ایک اونچا بُرج جو چونے اور پتھر سے بنا ہوتا ہے جس کا اوپر کا حصّہ کھلا ہوتا ہے اور اُسے نہر کے قریب بناتے ہیں۔ اُس کی تہ میں بڑا گڑھا ہوتا ہے جس میں پانی جمع ہو کر چکّی تک

پہنچتا ہے۔ اس پانی کے زور سے چکّی (یعنی پن چکّی) چلتی ہے۔

تورہ زدن: دیو کا 'ہو' کرنا۔ ('مہابھارت' کے ترجمے سے معلوم ہوا۔)

تہ: ('ت' اور 'ن' پر زبر)، رام اور مطیع۔ زیادہ تر کسی لونڈے کے مفعول بننے پر راضی ہونے کے لیے مستعمل ہے۔

ت ۔ و

توتیاے غورہ: کچے انگور کا شیرہ جسے چند دواؤں کے ساتھ ملا کر بصارتِ چشم کی افزائش کے لیے سُرمہ بناتے ہیں۔

توتیاے قلم وقلمی: سُرمے کی ایک قسم۔

توداری: مراد ذخیرہ دل میں رکھنا۔

توز: ایک ایسا درخت کہ جب اس کے تنے کا چھلکا اتارتے ہیں تو وہ تہ بہ تہ ہو جاتا ہے۔

توش: قوت اور توانائی۔

توشمال: خوان سالار، باورچی خانے کا افسر۔

تولہ سگ: ایک ایسا کتا جو جھاڑیوں میں اچھل کود کر کے وہاں سے جانور نکالتا ہے۔ چھوٹے پنجوں والا ایک کتا جسے 'سگِ کرجی' کہتے ہیں۔

تو وخدا: قسم کے موقع پر بولتے ہیں۔ 'خداے برتو' بھی اس کا مترادف ہے۔

توے شاخ: کشتی کا ایک داو۔ حریف کی دونوں رانوں میں ہاتھ ڈال کر زور لگاتے ہیں۔ 'شاخ' آدمی کے ہاتھ پاؤں ہیں۔

ت ۔ ہ

تہ بندی: رنگ ریزوں کی اصطلاح میں ایسا رنگ جو مطلوبہ رنگ سے پہلے اُس کی پختگی کے لیے لگایا جاتا ہے؛ نیز بمعنی کتاب کی جُزو بندی۔

تہِ پا: (اضافت کے ساتھ)، قہوہ، پانی اور شراب کی نچلی تہ، اور یہ خاصا معروف ہے۔

تہ گیرہ: ایک ایسی چیز جسے عرفِ عام میں 'تہ دیگی' (نیچے کا کھانا جس میں روغن زیادہ ہو) کہتے ہیں۔

تہ میدانی: (اضافت کے ساتھ)، بے سروپا قسم کے لوگ جو میدان میں ہوتے ہیں اور اُن کا کوئی مکان وغیرہ نہیں ہوتا۔ اُن کی گزران تربوز کے چھلکے، آڑو کی گٹھلی وغیرہ پر ہوتی ہے [غالباً خانہ بدوش۔]

تہی آخر: ('خ' پر پیش)، ایسا شخص جو آب ودانے کی کمی کا شکار ہو۔ 'جُرب آخر' اس کی ضد ہے۔

ت - ی

تیر آوری: عیّاری ومکاری۔ جن لوگوں نے اس کے معنی 'بھڑوے پن' کے لیے ہیں، اُنھوں نے تاریکی میں تیر چلایا ہے۔

تیر برکشاد: (اضافت کے ساتھ)، کمان سے نکلا ہوا تیر۔

تیر بند: اونٹ کی پشم کے چند دھاگے، جو تین چار ہاتھ لمبے ہوتے ہیں جن کے سرے پر چندزہ گیر اور گھنٹیاں باندھتے ہیں، جب کہ شاطر انھیں پیکان اور قتورے (جامۂ رنگیں، جس کا دامن چھوٹا ہوتا ہے) کے اوپر کمر پر باندھتے ہیں۔ #

... برسر آں چند تا زِگیر بندند و زنگہا بداں آویزند و شاطران و پیکان بالائے قتورہ برمیان بندند = جن کے سرے پر چندزہ گیر باندھے جاتے ہیں، اور جن سے گھنٹیاں لٹکائی جاتی ہیں، اور جنھیں شاطر اور قاصد چھوٹے دامن والے جامۂ رنگیں (قتورے) کے اوپر کمر پر باندھتے ہیں۔ (نقش)

تیر بہ کس دادن: جب سلاطین کسی کو امان و پناہ دیتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ لشکریوں کی طرف سے اُسے کوئی زحمت نہ پہنچے تو ایک تیر، جس پر بادشاہ کا نام نقش ہوتا ہے، خاص صندوقچی میں سے نکال کر دیتے ہیں، اور یہ 'امان' کی علامت ہوتا ہے۔

تیر پرتاب: تیر کی ایک قسم جو دُور اندازی کے کام آتی ہے اور نشانے تک نہیں پہنچتی۔ اِسے تیرِ پرتابی بھی کہتے ہیں۔

تیردان: قندیل اور ترکش (اور 'ز' کے ساتھ بمعنی مقعد۔)

تیر دوکمانہ: ایک ایسا تیر کہ جب کمان سے نکلے اور ایک جگہ پر پہنچے تو وہاں سے اچھل کر دوسری جگہ

جا گرے۔ بعض کے نزدیک 'تیز کاری' کا کنایہ ہے۔

تیرِ کاکل رُبا: ایسا تیر جو کاکل کے بال سر سے اُڑا دے اور حلقہ آدمی کو پتا نہ چلے۔ تیراندازی کی صفت میں یہ کمال مبالغہ ہے۔

تیرک زدن: تیر کے لگائے ہوئے زخم سے خون جاری ہونا۔

تیر کشیدن: رگ کا درد کرنا۔ درد اور ٹیس۔

تیر گردانی: جب کوئی چیز گم ہو جاتی ہے تو حاضرین کے نام پیالے کے گرد لکھے جاتے ہیں۔ پھر تیر رکھ کر منتر پڑھتے ہیں۔ تیر خود بخود حرکت میں آ جاتا ہے اور گھوم کر چور کے نام پر رُک جاتا ہے۔ اس تیر کو عربی میں 'قِدح' کہتے ہیں۔ دراصل 'قِدح' ('ق' کے نیچے زیر)، تیرِ قمار ہے جو جواریوں کے پاس ہوتا ہے۔ اور یہ دس تیر ہوتے ہیں اور ہر ایک کا ایک مقررہ نام ہوتا ہے۔

تیر و کمان و کمانِ حنا: ایران و افغانستان کی ایک رسم ہے کہ بعض دفعہ بچّوں کی ہتھیلی پر مہندی سے تیر و کمان کی شکل بناتے ہیں اور کبھی صرف کمان کی۔

تیر: ایک ایسا سانپ ہے جو اپنی جگہ سے اُچھل کر ڈستا ہے۔

تیرِنی: ایک چھوٹا سا تیر، جسے نشانہ باندھ کر چھوڑا جاتا ہے۔

تیرۂ کناسی: بیلچے کی ایک قسم، جسے چوہڑے یا مہتر گندگی اٹھانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

تیرِ ہوائی: وہ تیر جسے فضا میں چھوڑا جاتا ہے اور یہ معروف ہے؛ نیز آتشبازی کی ایک قسم۔ اسے 'تیر آتشباز' بھی کہتے ہیں۔

تیغ بالا بُردن و بلند کردن: جنگ کے لیے تیار ہونے کا کنایہ۔ اس طرف اشارہ ہے کہ جب چاہتے ہیں کہ تلوار ماریں تو تلوار ہاتھ میں پکڑ کر حملہ مکمل کرنے کی خاطر ہاتھ اور تلوار بلند کرتے ہیں اور اُس کے بعد دشمن کے سر اور گردن پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔ 'بلند شدنِ تیغ' اس کا لازم ہے۔

تیغ بہ خاک کردن: فتنہ و خوں ریزی ترک کرنے کا کنایہ۔ اس کا ماخذ شکاریوں کی یہ رسم ہے کہ ہزار جانوروں کا شکار کرنے کے بعد تلوار مٹی میں رکھ دیتے ہیں اور شکار سے دست بردار ہو جاتے ہیں۔

تیغ بہ خود نہادن: ناگوار امر کو مجبوراً برداشت کرنا اور کسی ایسی چیز یا بات سے رک جانا جس سے رکا نہیں جا سکتا تھا۔

تیغِ حصری: ایسی تلوار جو کچے انگور کے سے رنگ کی ہوتی ہے، اُسے سبزی پر چلاتے ہیں اور یہ تلوار کے

لوہے کی گویا بڑی خوبی ہے۔

تیغِ خم: ایسی تلوار جس میں محراب کی طرح خم ہو۔

تیغ دودستی و دودستہ زدن: بڑے اہتمام کے ساتھ تلوار چلانے کا کنایہ۔

تیغ سوزن بردار: ایسی تلوار جو سوئی کو اٹھالے اور یہ تلوار کی چمک کی بڑی خوبی ہے۔

تیغش می بُرد و بُرِش دارد: یعنی فلاں میں یہ استعداد ہے کہ فلاں کام اُس کے ہاتھوں سے ہو جائے۔

تیغ کشیدنِ بینی: ایک ایسی حالت ہے جو نزع کے وقت پیش آتی ہے اور وہ اُس حالت میں ناک کا کھنچ جانا ہے۔

تیغ کندن: ('ک' پر زبر)، تلوار نیام سے کھینچنا۔

تیغِ کوہ: مراد چوٹیِ کوہ، نیز ہر چیز کی بلندی۔

تیغ گلدم: ('گ' پر پیش)، دندانے دار تلوار، جس کی باڑھ اُلٹی یا مُڑی ہوئی ہو۔

تیغ و ترنج بہ میاں آوردن: آزمائش و امتحان کا کنایہ۔ اس کا ماخذ زلیخا کی تلوار اور سنگترہ ہے جو یوسفؑ کے حُسن کے امتحان میں اُس نے مصر کی عورتوں کے ہاتھ میں دیا تھا۔

ج

ا - ج

جا انداختن و بستن: جگہ اور مکان کی تعمیر کرنا۔

جا برائے کسے خالی کردن: کسی کی تعظیم و توقیر کے طور پر اپنی جگہ اُسے پیش کرنا۔

جا بر کسے گرفتن: کسی پر غلبہ پا کر اُسے تنگ کرنا، اذیت پہنچانا۔

جادو: معروف؛ نیز بمعنی جادوگر۔

جادو زدن: جادو باطل کر دینا۔

جارچی: ترکی لفظ، نقیب۔

جار زدن: منادی کرنا۔

جام: معروف؛ نیز وہ شیشہ جو گھر اور حمام کی دیواروں میں لگاتے ہیں۔ اسے 'گلجام' بھی کہتے ہیں۔

جام: کاسہ گروں کی اصطلاح میں سات عدد کو کہتے ہیں۔ اور 'جام حمام' وہ طاس، جس سے سر پر پانی گراتے ہیں۔

جام خالی دادن: فریب دینے کا کنایہ، کیوں کہ ساقی سیہ مست کو از رُوے آزمائش خالی جام دیتا ہے۔

جامِ عالی: بہت بڑا پیالہ۔

جام کاری کردنِ خانہ: گھر کی آئینہ کاری کرنا: نیز 'جام کاری کردن' غٹاغٹ جامِ شراب پینا۔

جامہ بدل کردن: شکل کا تغیر کرنا اور ایک رنگ سے دوسرے رنگ میں باہر آنا۔

جامۂ خوں آلود بر سرِ چوب کردن: کسی مقتول کا لباس حصولِ انصاف کی خاطر حاکم کے دروازے پر لانا۔

جامۂ سرخ پوشیدنِ سلطان: سلطان کا خشم و غضب میں ہونا، اس لیے کہ قدیم میں ملوک قہر و غضب کے موقع پر سرخ

لباس پہن لیا کرتے تھے۔

جامۂ بشستی: ایک ایسا لباس جس میں انگوٹھے تک بخیہ کیا گیا ہو۔

جامۂ صورت: ایسا لباس جس میں تصویریں بنی گئی ہوں، یا نقش کی گئی ہوں۔

جامۂ عیدی: سُرخ لباس کا کنایہ۔

جامۂ فتح: ایسا لباس جو روزِ جنگ زرہ کے نیچے پہنتے ہیں، اور جس پر دعائیں یا آیات، مثلاً 'اِنَّا فَتَحْنَا...' نقش کی ہوتی ہیں، یا بُنی ہوتی ہیں۔

جامہ گذاشتن و نہادن: مرنا، اہلِ ایران کے محاورے میں یہ خاص طور پر اولیا اور سلاطین کے لیے استعمال ہوتا ہے جب کہ شعرا اس تخصیص کو مدِ نظر نہیں رکھتے۔

جامۂ مرگ: کفن۔

جامۂ ناشوی: اَن ڈھلا کرپاس (سُوت) جسے ہند میں 'کورہ' کہتے ہیں۔

جامہ و قبائے مصحف پوشیدن: قرآنِ مجید کی قسم کا کھانا۔

جاں بر سرو بہ سرداشتن: 'جاں بہ لب بودن' (جان لبوں پر آنا) کا مترادف۔

جاں دار و جامہ دار: سلاح دار (اسلحے والا، سپاہی۔)

جان در جانِ کسے کردن: کسی کی جان پر اپنی جان قربان کرنے کا کنایہ۔

جان در میان داشتن و نہادن: نہایتِ مہر و محبت کا کنایہ، یعنی جب تک جان ہے کوئی مضائقہ نہیں۔

جان سپردن: مرنا۔

جانش بر آمد (یا بر آید) چنیں می کردہ باشد: یعنی فلاں اِس کام کی کوشش میں محنت اور اذیّت کے ساتھ مر جائے اور اُسے کچھ حاصل نہ ہو۔ 'چشمش کور شود' (اُس کی آنکھیں اندھی ہو جائیں) بھی کہتے ہیں۔

جان کشیدن: مرنا۔

جائے خود بہ کسے سپردن: کسی کو اپنے مقام پر قائم کرنے کا کنایہ۔

جائے فلانے پیداست و سبز است و خالی است: کسی کی یاد کے موقع پر بولتے ہیں، یعنی یہاں فلاں آدمی چاہیے۔

جائزہ: کام کا صلہ، جو مزدور کو دیا جاتا ہے۔

ج ۔ ب

جبا: اپنا پیالہ کسی دوسرے کو پیش کرنا۔ یہ لفظ زیادہ تر قہوے کی پیالی پیش کرنے کے سلسلے میں مستعمل ہے۔

جبیں گرفتہ: تُرش رو۔

ج ۔ ت

جتر: ('ت' ساکن)، باغ۔

ج ۔ د

جدولِ قرق: خشک ندی ('قرق' ترکی میں بمعنی خشک۔)

ج ۔ ر

جُر: ('ج' پر پیش)، زین۔

جرجر: (دونوں جیموں پر زبر)، عموماً ہر چیز کا شگاف اور زمین کا شگاف خصوصاً۔

جُرعہ: گھونٹ، فارسی والے بمعنی پیالہ بھی استعمال کرتے ہیں۔

جرکہ: ('ج' پر زبر)، شکار کا ایک انداز، اور وہ یوں ہے کہ لشکری صحرا کے گرد حلقہ باندھ لیتے ہیں تاکہ شکار باہر نہ نکل جائے۔ ترکی میں اسے 'قمرغہ' کہتے ہیں۔ 'جرک' ('ہ' کے بغیر) بھی انھی معنوں میں ہے؛ نیز 'معرکہ کشتی گیراں' جسے 'ورزش خانہ' اور 'تعلیم گاہ' کہتے ہیں۔ لفظ 'زک'، 'جرک' کا مترادف ہے۔

جُرمانہ وجرم: جو مجرم سے بزور لیا جاتا ہے۔

جُرہ: ('ج' پر پیش)، عموماً ہر جانور (چرند و پرند) کا نَر، اور خصوصاً باز کا نَر۔

جریدہ: عربی لفظ بمعنی مجرد، اکیلا، تنہا، اہلِ تشیع کی اصطلاح میں ایک ایسی لکڑی جو کسی میت کو دفناتے

وقت اُس کی بغل کے نیچے رکھتے ہیں اور اُسے عرصۂ محشر کو طے کرنے کا عصا جانتے ہیں؛ نیز بمعنی دفتر (رجسٹر)۔ 'جریدہ' کو 'سرورق' کے معنوں میں استعمال کرنا خلافِ جمہور ہے۔

ج ۔ س

جستہ کلاغ: پہلوانوں کی ایک ورزش جس میں پہلوان ایک پاؤں ران پر رکھ کر ایک پاؤں کے زور پر کوے کی طرح اپنی جگہ سے اُچھلتے ہیں۔

ج ۔ ش

جشنِ شربت خوراں: جشنِ عروسی۔ ایرانیوں کے مطابق لوطیوں کی اصطلاح میں اِس جماعت کا موسمِ بہار میں بالاتفاق باغ کی سیر کو جانا اور بزمِ عیش ونشاط آراستہ کرنا۔ واللہ اعلم۔

ج ۔ ع

جُعَلّقی: ('ج' اور 'ع' پر پیش، 'ل' مشدد) لوطیوں کی اصطلاح میں ایک لفظ بمعنی بہت زبوں، ہر چیز کا برا، بلکہ 'حرام زادہ' کا مترادف۔

ج ۔ غ

جَغَلہ: ('ج' اور 'ل' پر زبر)، بغیر بالوں کے سادہ لڑکا۔

ج ۔ ف

جُفت شدن: مباشرت کرنا۔

جُفت کردنِ نظر: کسی چیز کی طرف پورے غور سے نظر کرنا۔ اور 'جفت کردنِ چیزے باچیزے' کنایہ ہے اُس چیز کو اِس چیز کے برابر کرنے کا۔

جُفتہ: ('ج' پر پیش)، چوتڑ، اور 'جُفتہ زدن' بمعنی لونڈے بازی۔

ج ۔ ق

جق جق: (اوّل اور سوم پر زبر)، زخم رسیدہ پرندے کی آواز۔ مجازاً بے معنی شور وغوغا۔

ج ۔ گ

جگر بند: دل وجگر اور پھیپھڑا۔

جگرِ چیزے داشتن: کسی چیز کی تاب وطاقت رکھنا۔ 'جگر' بمعنی تاب وطاقت بہت استعمال ہوا ہے چنانچہ جری آدمی کو 'جگر دار' کہتے ہیں۔

ج ۔ ل

جُل: ('ج' پر زبر)، جانور (بکری، گھوڑے وغیرہ) کا گوبر۔

جُل برگاو بستن: ('ج' پر پیش)، سفر کا تہیہ کرنے کا کنایہ۔

جُل خود از سرِ آب بر آوردن: ('ج' پر پیش)، اپنے کام میں بازی کرنا اور مہلکہ شدیدہ سے، تدبیر سے کام لے کر نجات پانا۔

جل وزغ وجل آب: پانی پر جم جانے والی کائی۔ 'جل پانی' ترجمہ ہے 'جل آب' کا۔

جَلّاب: (زبر اور شد کے ساتھ)، مویشیوں کو فروخت کرنے کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والا۔ ('ج' اور 'ل' پر زبر ہو تو یہ مصدر ہوگا۔)

جلابی: مویشیوں کا بیچنا، فروخت کرنا۔

جَلّال: گری پڑی چیز کھانے والی گائے۔

جلّال وجُلالہ: (تشدید کے ساتھ)، وہ چوہڑا، یا مہتر جو گلی کوچے سے کوڑا کرکٹ گدھے اور خچر پر لاد کر لے جاتا ہے۔

جلالہ: لفظ 'اللّٰہ' ہے جو قرآنِ مجید کے اجزا میں سے کسی ایک جز میں متواتر پہلو بہ پہلو واقع ہوا ہے۔ تکرار کی بنا پر 'جلالتین' کہتے ہیں۔ اربابِ تفاسیر کے مطابق لفظ 'جلالتین' پڑھنے سے ہر دُعا کو درجۂ قبول ملتا ہے۔ بعض کے نزدیک اسمِ اعظم یہی ہے۔

جلاے کیف: دماغ کا عروج۔

جَلَب: (پہلے دو حروف پر زبر)، زنِ فاحشہ۔

جلق زدن: (مُشت زنی) یہ عورتوں سے منسوب ہے؛ اور وہ یہ کہ دُور سے کسی جوان کو دیکھنا، عورتوں کا دل اُس کے وصال پر مائل ہونا اور اُن کا خارش میں مبتلا ہونا۔

جلقو: وہ مداخل جو صدف وغیرہ سے ایک پُشتِ ناخن کے برابر بناتے اور گردن میں باندھ لیتے ہیں۔

جلیل: وہ کرپاس سُوت جو محمل اور گہوارے کے اوپر باندھتے ہیں۔ 'ج' پر پیش اور 'ل' پر زبر ہو تو گھوڑے کے مُنھ پر بندھا ہوا کپڑا، اور کسی چیز کا نقاب۔

ج ۔ م

جمع انداز: ایسا شخص جس کا ہر تیر نشانے پر لگے اور خطا نہ ہو۔

جُمجُمہ: (ہر دو 'جیم' پر پیش)، کھوپڑی؛ اور ایک کنواں جو شورستان میں ہے۔

ج ۔ ن

جناق: وہ عہد یا شرط جو باہم باندھتے ہیں، 'مجھے یاد اور تجھے فراموش' کہتے ہیں۔ خاصا مشہور ہے۔ 'جناغ' بھی مستعمل ہے۔ شعرا کبھی 'ق' اور کبھی 'غ' استعمال کرتے ہیں۔

جَنجَانی: (ہر دو 'جیم' پر زبر، پہلا 'ن' ساکن اور دوسرے پر زبر)، معروف لفظ ہے جو کسی چیز کی تعریف میں کہتے ہیں؛ بعض کے نزدیک خربوزے کی ایک قسم۔

جندرہ: ایسا شکنجہ جس میں پشمینے کے کپڑوں کو کستے ہیں تا کہ وہ سیدھے ہو جائیں۔

جندرہ خانہ: توشک خانہ۔

جنس بہ تنخواہ دادن: لوطیوں کی اصطلاح میں گون دینا۔ شعرا 'جنس' بمعنی گون استعمال کرتے ہیں۔

جنگِ زرگری: بناوٹی جنگ۔

جنگلی یک پا: انسان کی صورت میں حیوانوں کی ایک قسم، جس کا ایک پاؤں ہوتا ہے، اور وہ تمیز و نطق سے بے بہرہ ہے؛ مجازاً صحرانشیں بے سروپا آدمی۔

جونِ دَوری: ایسا جون، جس میں گردش ہو۔

جُنیر: (’ج‘ پر پیش، ’ن‘ پر زبر)، دکن کے علاقے میں ایک شہر کا نام۔ اور ’سُنیر‘ بھی اسی ضلع میں ایک قصبے کا نام ہے۔

ج ۔ و

جو گندم و جو گندم: (واو عطف کے ساتھ اور بغیر عطف کے) سفید و سیاہ ڈاڑھی۔ ’دومُو‘ بھی کہتے ہیں۔

جُوال دوز: بڑی سوئی جس سے بوری سیتے ہیں۔

جوانِ سنگ دیدہ: بہادر اور محنت و اذیّت اٹھانے والا۔

جواں مرگ و جوانہ مرگ: معروف؛ اوّل مشہور ہے۔

جُوحی: ایک شخص کا نام جو ظریف و مسخرہ تھا۔ دیوانِ انوری میں بغیر ’واو‘ بھی استعمال ہوا ہے۔

جور: معروف؛ نیز پورے بھرے ہوئے پیالے سے (یعنی پلا کر) حریف کے گرنے کا سامان کرنا۔

جورہ: برابر اور ہم سر۔ فارسیوں کے محاورہ میں اکثر نظر آیا ہے، لیکن لغت کی متداولہ کتب میں نہیں ملا۔ بظاہر یہ ہندی کا لفظ ہے۔

جوشیرہ: (’ج‘ پر پیش)، ایک ایسا کھانا جو تازہ گندھے آٹے میں قیمہ ڈال کر بناتے ہیں۔ (’جوشیرہ‘ بھی کہتے ہیں)۔

جوق: گروہ۔ ترکی لفظ ہے، بمعنی کثیر؛ نیز ایسی لکڑی جو چھکڑے کی گائے کی گردن میں باندھتے ہیں۔ ہندی میں اسے ’پنجالی‘ کہتے ہیں۔

جولانی: گھوڑا۔

ج ۔ ی

جیبہ خانہ: زرہ خانہ۔ ترکی میں ’جیبہ‘ زرہ کو کہتے ہیں۔

چ

چ ۔ ا

چابک: معروف؛ نیز تازیانہ، کوڑا۔

چادر: ترکی میں بمعنی خیمہ۔

چادر رخت خواب: ایسا ٹاٹ جس میں بستر لپیٹتے ہیں۔

چادر یزدی: سفید چادر جو شہر یزد کی عورتوں سے مخصوص ہے اور یہ چادر وہ گھر سے باہر نکلنے کے موقع پر سر پر رکھتی ہیں۔

چار چوب: دروازے کے چاروں تختے۔

چارخم: کشتی کا ایک داو۔ اُسے کمان کی ایک قسم جانتا کمان کی طرح ٹیڑھے پن کی علامت ہے۔

چارسُو: معروف؛ اور ایسا بازار جسے ہندی میں 'چوہٹہ' کہتے ہیں۔

چارضرب ابدال: نامقید (آزاد منش) قلندروں کے حلق، ڈاڑھی، مونچھوں اور اَبرو کا کنایہ، جو اُن کا طور طریقہ ہے۔

چارق: پاافزار کی ایک قسم (کھڑاؤں، جوتا، پاپوش)۔

چاشنہ کردن: چاشنی کرنے کا مترادف۔

چاشنی چیزے کردن: کسی چیز کا کچھ حصّہ چکھنا، تاکہ اُس کی کیفیت کا پتا چل سکے۔ 'چاشنی' بمعنی نمونہ اور مزہ۔ جب کمان کا زور وغیرہ جاننے کے لیے اُسے ذرا کھینچتے ہیں تو کہتے ہیں 'چاشنی کمان کردم'۔ 'مزے' کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

چاقشور: جرابوں کی ایک قسم جو پشمینی اور سقرلاتی (گراں بہا پشمینے سے بنی ہوئی) ہے۔

چاقو و چقو و چیقو: تینوں ایک دوسرے کے مترادف ہیں۔ معروف معنوں میں مستعمل ہیں۔ پہلا معروف ہے۔

چاقو دستہ کردن: سر گریبان میں جھکانا، نیز بمعنی 'غنچۂ جیب' ہونا۔ اصطلاح میں اِغلام (لونڈے بازی) کا کنایہ۔

چاک سینہ: مراد چاکِ گریباں۔

چاہِ زیج و ستارہ جوئی: ہموار زمین جس میں نشیب و فراز نہ ہو۔ وہاں ساٹھ گز کی گہرائی تک فراخ جگہ کھودتے اور لکڑیوں سے ساٹھ گز بلند چھت تیار کرتے ہیں اور اُسے جالی دار بنایا جاتا ہے اور اُس میں بیٹھتے ہیں تاکہ آسمانوں اور ستاروں کی کیفیت معلوم کریں (اختر شناسی)۔

چاہ کن: معروف ہے (کنواں کھودنے والا)؛ نیز بمعنی ظالم اور مکار۔

چاہ مبرز: بیت الخلا جسے ہند میں 'سنڈاس' کہتے ہیں۔

چاہِ نسیاں و چاہِ فراموشاں: ویران اور پانی سے خالی کنواں۔

چ - پ

چپ اُفتادن و رفتن و دستن: مخالفت کرنا اور مکاری سے کام لینا۔

چپ انداز: مکار اور بہت حیلے باز۔

چپ دادن: ترک کرنا۔

چپاتی: (تشدید اور تخفیف کے ساتھ)، عیار ماہرِ فن؛ لوطیوں کی اصطلاح ہے۔

چپر: ڈاک چوکی۔

چ - ت

چتر در چتر چیزے کشیدن: کسی کے ساتھ برابری اور شرکت کرنا۔

چتر زدن: پہلوانوں کی ایک ورزش۔ پہلوان دو ہاتھوں پر کھڑے ہو کر پاؤں فضا میں بلند کر لیتے ہیں۔

چ - ر

چراغ: معروف؛ اور بیٹے کا کنایہ۔

چراغِ آسمانی: برق، نیز آفتاب۔

چراغ افروختن و روشن کردنِ ہندو: جب کسی صرّاف کا سونا گم ہو جاتا اور وہ خالی ہاتھ رہ جاتا ہے تو چراغ جلا لیتا ہے، یعنی گمشدہ زر کو چراغ سے ڈھونڈتا ہے۔ اِسے 'دیوالیہ' کہتے ہیں۔

چراغ اُو روشن: یعنی اُس کی مراد حاصل ہو۔

چراغ بہ روحِ کسے سوختن: کسی کے مزار پر چراغ روشن کرنا۔

چراغ پایہ: ایسی چیز جس میں چراغ رکھ کر جا بجا لے جاتے ہیں تا کہ اُسے ہوا نہ لگے۔

چراغ خواستن وطلبیدن: ہنگامہ گرانِ ولایت کا عینِ گرمیِ ہنگامہ میں گدائی کرنا۔

چراغ روز: کم روشنی والا چراغ، نیز کنایہ آفتاب۔

چراغِ روزِ اسفند: ۳ راسفند ماہ کو ایرانی جشن مناتے اور آگ جلاتے ہیں۔

چراغ کسے روشن شدن وسوختن: کنایہ ہے کسی کی مراد حاصل ہونے اور دولت ملنے کا۔

چراغ مست شدنِ بلبل: بلبل بازوں کا یہ معمول ہے کہ وہ شام کے وقت بلبل کو ہاتھ پر رکھ کر چراغ کے سامنے لاتے ہیں تا کہ وہ روشنی سے مستی میں آ جائے اور بولنے لگے۔

چراغ نذر: وہ چراغ جو حصولِ مقصد کی خاطر اولیا کے آستانے پر جلاتے ہیں۔

چراغاں: معروف؛ نیز ایک مقررہ سزا، جس میں کسی مجرم کو چند جگہ زخم لگا کر ہر زخم کے اوپر شمع جلا دیتے ہیں۔

چرب آخر: ایسا شخص جس کی زندگی ناز ونعمت میں گزرے۔

چرخاب: گرداب۔

چرخچی: ہراول فوج۔

چرخکی زدن: پہلوانوں کا حریف کو گرا کر غالب آنے کے موقع پر گھومنا اور رقص کرنا اور اپنے سے زیادہ طاقت ور کو للکارنا۔

چرکن: کثیف۔

چرم گیر: کھال کی دباغت کرنے والا۔

چرمینہ: معروف؛ اور ایک ایسا آلہ جو چرم سے بناتے ہیں اور عورتیں اُس سے اپنی خارش دور کرتی ہیں۔

چریدن دارد: یعنی دیکھنے کے لائق ہے اس کا ماخذ 'چشم ونگہ چرانی' ہے، جس کا ذکر آگے آ رہا ہے۔

چ - س

چُس: ('چ' پر پیش)، بے آواز گوز۔

چ - ش

چِش است: ('چ' کے نیچے زیر)، یعنی اِسے کیا ہے، کیا ہوا ہے۔

چشتہ: کھانے کی ایک چیز۔ 'چشتہ خوار' ایسا شخص جسے اُس کے مرغوب کھانے تلاش کے بغیر مل جائیں۔

چشم: معروف؛ اور کنایہ ہے مسئول کا قبول کرنا؛ نیز اُمید و توقّع؛ نیز چشمِ زخم (نظرِ بد لگنا)؛ اور چاکسو (جو سیاہ دانے، اور آنکھوں کی دوا ہیں)۔

چشم آب دادن: نظارہ کرنا، دیکھنا؛ نیز 'نظر و دیدہ آب دادن'۔

چشم از کاسہ بر آوردن: آنکھ کا چشم خانے سے باہر نکلنا۔

چشم بر چیزے دوختن و بستن: کسی چیز کی طرف رغبت و التفات سے دیکھنا اور اُس کی خواہش کرنا۔ جب اِس محاورے میں حرف صلے سے واقع ہوگا تو اس کے معنی 'نہ دیکھنا اور اعراض کرنا' کے ہوں گے۔

چشم برہم نہادن و زدن و پوشیدن: آنکھ بند کرنا یا کر لینا؛ نیز مرنے کا کنایہ۔

چشم بہ طاق و روزن اُفتادن: قریب مرگ حالت کا کنایہ؛ نیز 'نگاہ بہ روزن اُفتادن'۔

چشم بے آب داشتن: بے حیا ہونا۔

چشم چرانی: خیرہ چشمی اور ہرزہ نگاہی (کسی کو کنکھیوں سے دیکھنا)۔

چشم چیزے ندیدن: کسی چیز کی تاب و طاقت نہ رکھنا۔

چشم خوردہ: ('م' ساکن)، ایسی چیز جسے نظر بد لگی ہو۔

چشم داشتن ترازو: ترازو کے ایک پلڑے کا دوسرے پلڑے سے بڑھنا۔ (دونوں پلڑے برابر نہ ہونا۔)

چشم درزدے۔کسے نہ بودن: کسی کے بے حیا ہونے کا کنایہ۔

چشم دریدہ: ('م' ساکن)، شوخ چشم، بے حیا۔

چشم روشنی: مبارک باد۔'چشمِ اُو روشن' اس کا مترادف ہے۔

چشمِ زاغ داشتن: بے حیا اور دلیر ہونا؛ 'چشم زاغ'۔('م' ساکن)، بے حیا شخص۔

چشم زدن: اشارہ کرنا اور نظرِ بد لگانا؛ نیز شوق و رغبت سے دیکھنا؛ اور آنکھوں کی گردش۔

چشمِ سیاہ: اِس کا اطلاق معشوق کی آنکھوں کی تعریف پر ہوتا ہے۔ لیکن جب کوئی خود سے منسوب کرے تو اِس سے مراد بے نور آنکھ ہے۔

چشمِ شادی: ایسی آنکھ جو کسی چیز کے شوق و آرزو میں اُڑنے لگے۔'شادی' (بکسرِ 'د') گانے والا۔

چشمِ شور: نظرِ بد جو جلد اثر کرتی ہے اسے 'دیدہ شور'، 'نگہِ شور' اور 'نظرِ شور' بھی کہتے ہیں۔

چشم کردن: چشم زخم پہنچانا، کیوں کہ 'چشم' بمعنی زخم بھی استعمال ہوا ہے، نیز بمعنی نگاہ کرنا اور دیکھنا۔

چشم گرفتن: آنکھ بند کرنا اور نابینا ہونے یا نابینا کرنے کا کنایہ۔

چشم گرم کردن: بہت کم نیند کا کنایہ۔'دیدہ و مژگاں گرم کردن' بھی انھی معنوں میں ہے؛ نیز 'چشم گرم کردن' بمعنی نظارہ کرنا۔

چشم نشیں: معشوق کا کنایہ۔

چشم نمودن: ڈرنا۔

چشمِ نیلوفری و فیروزی: نیلی اور سبز رنگ والی آنکھ۔

چشم و چشمہ سوزن: سوئی کا سوراخ۔

چشم و دیدہ در قفا و پئے کسے داشتن: کسی کی خرابی کا منتظر ہونا، نیز منتظر ہونا۔

چشم وَرزو داشتن: حیا اور شرم والا ہونا۔'بے چشم وَرزو'، 'بے دیدہ وَرزو' بمعنی بے حیا، شرم سے عاری۔

چشم و گوش وا کردن: نیک و بد میں تمیز پیدا کرنا (فرق کرنا۔)

چشمہا دیدن: بہت تجربے کا کنایہ۔

چشمۂ دام وچشم دام: جال کے سوراخ۔ 'چشمہ' جال یا سوئی کے سوراخ یا رخنے کے لیے مخصوص نہیں ہے، بلکہ محاورے میں ایک ایسی عمارت کو بھی جس میں روزن اور دریچے بہت ہوں، 'چشمہ دار' کہتے ہیں؛ نیز زرہ کے سوراخوں کو بھی۔

چشمۂ سلسبیل: معروف؛ اور لوطیوں کی اصطلاح میں مقعد۔

چشمۂ سوزن: لوطیوں کی اصطلاح میں فرج کا کنایہ۔

چشمۂ شاپور: (ایران کے قدیم بادشاہ) شاپور کا بنایا ہوا چشمہ جو مشہور ہے۔ شاپور نے بڑی مہارت سے ارمن کی زمین میں پتھر سے تراشا اور وہ اِتنا صاف وشفاف ہے کہ نظر اُس پر نہیں ٹکتی۔

چ ۔ ق

چقماق: طعن اور سرزنش۔ اِس کا ماخذ 'سنگ بر چقماق زدن' ہے۔

چ ۔ ک

چک وچانہ: 'چک' بمعنی ٹھوڑی کا نچلا حصہ (چانہ)، اور 'چانہ' بمعنی ٹھوڑی، زنخدان۔ کنایہ ہے قابلیت اور استعداد کا۔ کسی کی تحقیر کے موقع پر کہتے ہیں، 'چک و چانہ ببیند' (ذرا اِس کا چانہ اور ٹھوڑی تو دیکھو)۔

چکش: باز، بلبل اور جرے کی نشست گاہ؛ نیز آہن گر کے سامان کی ایک چیز، وغیرہ۔

چکمۂ مرحاج: مرحاج ایک شخص کا نام تھا جس کے پاؤں گندے اور لمبے تھے؛ نیز 'چکمہ' موزے کی معروف قسموں میں سے ہے۔ لوطی کہتے ہیں، 'چلا جاورنہ تیری گون چکمۂ مرحاج کردوں گا'، یعنی اِتنی پھاڑ دوں گا کہ وہ مرحاج کے پاؤں کا موزہ بن جائے گی۔

چکیدہ خفقان: دردآمیز نالہ۔

چ ۔ گ

چگل: چرم سے بنایا ہوا ایک برتن جس میں پانی پیتے ہیں اور اسے 'چغل' بھی کہتے ہیں۔

چ - ل

چلم وچلیم: حقے کی چلم جس میں تمباکو رکھ کر اوپر آگ رکھتے ہیں۔

چلۂ نشین: معروف؛ لوطیوں کی اصطلاح میں آلۂ تناسل۔

چ - م

چم گردش: ناز نخرے کے ساتھ ٹہلنا 'چم' ('چ' پر زبر)، بمعنی ٹہلنا، ٹہل ہے۔

چماق: معروف؛ نیز بہ معنی آلۂ تناسل۔ لفظ 'چماق' کے معنی چوب معروف لینا اور اِن معانی کی سند لانا خاصی عجیب بات ہے۔ 'چماق' ترکی لفظ ہے، بمعنی چھ پرہ گرز۔

چ - ن

چند: مجہول عدد، ایک سے پانچ تک؛ بعض کے نزدیک ایک سے نو تک۔ 'اند' اس کا مترادف ہے۔ 'چنداں' بمعنی قدرِ معتد بہ۔

چند مردہ حلاج: یعنی چند منصور حلاجوں کا موازنہ، جب کوئی بے حقیقت لاف زنی اور خودستائی کرتا ہے تو اُسے کہتے ہیں 'میں دیکھوں تُو کتنا مردہ حلاج ہے؟' یعنی کتنے منصور حلاجوں کے برابر ہو سکتا ہے؟ 'چند مردہ' ایک ایسی چیز ہے جو چند مردوں کے لیے کافی ہوتی ہے۔

چنگ بردل زدن: دل میں ناخن مارنے کا مترادف۔ 'ناخن بہ دل زدن'، آگے ملاحظہ ہو۔

چنگک: 'چنگ' بمعنی آہنی قلاب۔ دوسرا کاف، کافِ تصغیر ہے۔

چ - و

چوب برائے کسے داشتن: کسی کو عذاب میں ڈالنا۔

چوب پیچ تیر گز: لکڑی کا تیر جس کا پر اور پیکان نہیں ہوتا، عرف میں اِسے 'گز' کہتے ہیں اور اِس میں پیچ بھی نمایاں ہوتا ہے۔

چوب پیشِ راہِ کسے گذاشتن: کسی کو روکنا اور سدِ راہ ہونا۔

چوبِ تعلیم: اسکول، مدرسے کے اُستاد کی چھڑی، نیز پہلوان اُستاد کی چھڑی جسے وہ شاگرد کی تربیت کے لیے استعمال کرتا ہے، اور 'چوبِ تعلیمی' جو راکب (سوار) مرکب (سواری) کی تعلیم و تادیب کے لیے استعمال کرتا ہے؛ نیز وہ چھوٹی چھڑی جو نوآموز بچّوں کے ہاتھ میں دی جاتی ہے تاکہ وہ حروف پر رکھ کر اُن کی شکلیں یاد کریں۔ اِسے 'چوبِ حرفی' بھی کہتے ہیں۔

چوبِ خط: دو ہیں۔ ایک تو یہ کہ جب بقّال اور صرّاف سے کوئی چیز وعدے پر لیتے ہیں تو اعداد یاد رکھنے کی خاطر اِس لکڑی پر لکیریں کھینچ دیتے ہیں تاکہ ادا کرتے وقت اُن (لکیروں) کے مطابق دیں۔ دوسری وہ لکڑی جو قرض مانگنے یا خیرات کی خاطر کسی متعلقہ آدمی کے پاس بھیجتے ہیں۔ وہ اُس پر لکیر کھینچ دیتا ہے۔ یہ گویا نشانِ وعدہ ہے۔ اِسے 'چوبِ گدائی' بھی کہتے ہیں۔

چوبِ دست و چوبِ دستی: وہ چھڑی جو قلندر اور بےنوا لوگ ہاتھ میں رکھتے ہیں۔

چوبِ طریق: سلاطین کی طرف سے کوئی شخص شہروں میں معیّن و مامور کیا جاتا ہے تاکہ جو کوئی اطوار و آداب سے ہٹ جائے اور ٹیڑھی چال چلے، وہ اُسے چھڑی سے پیٹے۔ یہ لکڑی 'چوبِ طریق' کہلاتی ہے۔ 'طریق' بمعنی ادب مستعمل ہے۔ 'چوبِ ادب' یہی ہے۔

چوبِ فلانہ در آب است: یعنی فلاں عذاب میں مبتلا ہے۔ کیوں کہ جب حکّام کسی خطاکار کو چوب کاری کرنا چاہتے ہیں تو ایک بغل چوب حوض میں ڈال دیتے ہیں تاکہ گیلی ہو جائے۔ اُس کے بعد اُس گیلی لکڑی سے اُسے پیٹتے ہیں۔ تر اِس لیے کرتے ہیں کہ وہ جلد نہیں ٹوٹتی۔ مشہور ضرب المثل 'تا نہ باشد چوب تر، فرمان نہ برد گاو و خر' (جب تک لکڑی گیلی نہ ہو، گائے اور گدھا حکم نہیں مانتے۔)

چوبِ محصّل: وہ لکڑی (چھڑی) جو ٹیکس (محصول) وصول کرنے والے کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

چوبِ منع: وہ لکڑی جو دربان کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

چوبِ یَساق: ('ی' پر زبر)، ترک سلاطین کا اپنے دستور و قاعدے کے مطابق مجرموں کو چھڑی مارنا۔ اِسے 'چوبِ یاسا' بھی کہتے ہیں۔

چوبکی: چوب دار۔

چوری: ترکی لفظ۔ نوکر لڑکی اور لڑکا (ملازمہ، ملازم)۔

چون دستار: سفید کا کنایہ۔

چ ۔ ہ

چہ باشد چہ نہ باشد: یعنی بود و نابود (ہونا نہ ہونا) برابر ہے۔

چہ پیشہ: 'چکارہ' (کیا کام کرتا ہے) کا مترادف۔

چہ مہ کرد: یعنی اُس نے کیا حاصل کیا۔

چہار پہلو: موٹا اور بھاری؛ نیز انجیر کی ایک قسم۔

چہرہ: ('چ' پر پیش)، نو خط معشوق؛ بعض کے نزدیک غلام، نیز بمعنی اصلی، اور 'چہرہ' ایک رنگ ہے گلابی رنگ کا سا۔ 'چہرہ شدن' بمعنی رُوبرو ہونا۔

چہرہ شکستن: رنگ اُڑنے کا کنایہ۔

چ ۔ ی

چیدن: کاٹنا اور جدا کرنا، نیز بمعنی پھیلانا، چوڑا کرنا اور آراستہ کرنا۔

چیز از کلہ جستن: بے ہوشی کے متعلق اُسے یاد دلانا۔

چیلاں گر: چاقو اور چھری وغیرہ بنانے والا۔ 'چیلان' بروزنِ 'گیلان'۔ ترکی میں مذکورہ آلات کے لیے مستعمل ہے۔

ح

ح ۔ ا

حاشیۂ مندیل: دستار کا حاشیہ۔ 'مندیل' عربی میں بمعنی دستار۔

حاضری: 'ماحضر' کا مترادف۔

حافظ: معروف؛ فارسی والے بمعنی قوال اور مطرب استعمال کرتے ہیں۔

حال کردن: وجد کرنا۔

حال کشودن: حال ظاہر کرنا۔

حال گردیدن: حال متغیر ہونا۔ 'حال گردانیدن' اِس کا متعدّی ہے۔

ح ۔ ب

حبابِ شیشہ: وہ حباب جو ہوا بند ہونے سے شیشے کے جرم میں رہ جاتا ہے۔

حبردان: ('ح' کے نیچے زیر)، دوات۔

ح ۔ ج

حجتِ محکم: معروف؛ نیز ایک مصنوعی آلہ جو خارش یا شہوت کی ماری عورتیں اپنے اندر گھسیرتی ہیں۔

ح ۔ د

حدیدہ: (دونوں دال مہملہ) زرگروں کا ایک اوزار، جس میں بہت سوراخ ہوتے ہیں۔ اِس سے

سونے اور چاندی کے تار سیدھے کرتے ہیں؛ نیز ایک بہت موٹی لکڑی کی بنی ہوئی چیز، جس کے اوپر سر تیز لوہا نصب کرتے ہیں؛ نیز اُڑیل گداگروں کا فسوں خوانی اور عدمِ اعتنا کی دُعا کرتے ہوئے کہیں رہنا اور وہ اپنے جسم کے زخم کو کھجلاتے اور اُس وقت تک اپنی جگہ سے نہیں ہلتے جب تک لوگوں سے کچھ حاصل نہ کرلیں۔

ح - ر

حرفِ آبدار: سخنِ خوب وبمعنی حرف دار پہلو۔

حرفِ بارگیر: ایسی بات جو، بنا بر عادت بے اختیار زبان سے نکل جائے۔ عرفِ عام میں 'تکیۂ کلام'؛ لیکن صرف 'بارگیر' اِن معنوں میں نہیں ہے، جیسا کہ بعض کا گمان ہے۔

حرفِ جوہردار: حرفِ خوب، اچھی بات۔

حرفِ چکشی: سخت اور ناہموار سخن اور حرف/ بات۔ اِس کا ماخذ کسی ایسی چیز کی ناہمواری جو چکش (لوہاروں کے ایک اوزار) کی چوٹ سے بناتے ہیں، اسے سانچے میں نہیں ڈالتے۔

حرفِ خاطر رنج: ایسی بات جو دل کی آزردگی کا باعث بنے۔

حرفِ در کار کسے کردن: کسی کے قول پر نکتہ چینی کرنا۔

حرفِ دوتا شدن: کسی بات کا بدل جانا اور قول کے مطابق اُس کا عمل میں نہ آنا۔ اور 'دوتا شدن' سے مراد بالکل متغیر ہونا ہے۔

حرفِ سرد: پوچ قسم کی اور نا ملائم بات۔

حرفِ قالبی: ایسی بات جو کسی سے معنی سمجھے اور مضمون ومفہوم کا ادراک کیے بغیر سُنی جائے۔ 'حرفِ طوطی' اسی طرح کا ہے، کیوں کہ توتے کی زبان معنی سے عاری ہے۔

حرفِ گلوسوز: تند و تلخ بات۔

حرفِ ناشور: ناہموار اور بے اعتبار بات۔

حرفِ ورق گیر: ایسی طویل بات جس کی تحریر پورا ورق گھیر لے۔

حرم گاہ: محل سرا؛ نیز بمعنی زنِ شوہردار۔

حروفی: ایک فرقہ جو عقائد کا احداث (نیا کرنا) کرتا ہے۔ 'الحروفیون المحد ثون' (حروفی محدث ہیں)۔

ح ۔ س

حساب از کسے بردن و برداشتن و گرفتن: کسی سے ڈرنا۔

حساب برہم زدن: حساب یعنی گنتی میں گڑبڑ ہو جانا۔

حساب روشن کردن: حساب پاک کرنا۔

حساب سر بسر شدن: حساب پاک کرنے کا مترادف۔

حسابی: ایسی چیز جو قدر اور شان والی ہو۔

حُسنِ رُبایندہ: ایسا حُسن جو ایک ہی مرتبہ دیکھے جانے پر اپنی طرف مائل کرے اور بے خود کر دے۔ 'غمزۂ رُبایندہ' اور 'نازِ رُبایندہ' بھی استعمال ہوا ہے۔

حُسنِ شستہ: بڑا شفاف اور گراں حُسن۔

حُسنِ مہتابی: زردی مائل سفید حُسن، جسے 'شکری' بھی کہتے ہیں۔

حَسنِ صباح: یعنی حسن بن صباح، ایک مکار و فریب کار، جس کی مکاری کی تفصیل کتب تاریخ میں ملتی ہے۔

حَسن کیف: الوان کے اُس پار بغداد اور شام کے مابین ایک شہر۔

ح ۔ ش

حَشر: ('ح' اور 'ش' پر زبر)، توابع اور لواحق (وابستگان)۔

حشرگاہ: میدانِ قیامت؛ نیز ایک ایسی مجلس جہاں ایّامِ عاشورہ میں دشتِ کربلا کا نمونہ بنا کر لوگ گریہ وزاری کرنے لگتے ہیں۔

حشرگاہی: ایک ایسی عورت جس سے چند لوگ مل کر جماع کرتے ہیں۔

ح ۔ ف

حفظِ صورت: کسی پر نگاہ ڈالنا یا کسی کے چہرے کی نگہداشت کرنا۔

ح ۔ ق

حق: معروف؛ نیز مرنا۔ 'حق کردن' اس کا متعدی ہے۔
حقِ خدا: یعنی خدا کے واسطے (بہ حقِ خدا) 'بہ' کا حذف اساتذہ کے کلام میں بہت ہے، چناں چہ کہتے ہیں 'جانِ تو' اور 'سرِ تو'۔ کبھی 'بہ' کی جگہ 'بر' (یعنی پر، اوپر) بھی استعمال کرتے ہیں۔
حقہ: 'قطبی' (ڈبیا) کا مترادف، حقۂ لعل، حقۂ گوہر، حقۂ مشک اور حقۂ معجون، لیکن ایران وتوران کے شعرا کے کلام میں اِن معنوں میں نظر نہیں آیا۔
حقہ باز: بازی گر، مجازاً مکار اور فریبی۔

ح ۔ ک

حکمِ بیاضی: ابوالفضل علامی کے مطابق، بعض احکامِ سلطنت میں تاخیر اچھی نہیں ہوتی اس لیے عجلت اور اخفاے راز کی خاطر منشورِ مقدس کو صرف نگینِ شاہی سے سجایا جاتا ہے اور دفاتر میں سے آگے نہیں بھیجا جاتا۔ اِسے 'حکمِ بیاضی' کہتے ہیں۔

ح ۔ ل

حلال: حرام کی ضد، نیز زنِ شوہر دار۔
حلالی خواستن: معروف؛ جب کوئی قریب المرگ ہوتا ہے تو وہ دوسروں کے حقوق سے متعلق معافی اور دوستوں اور بھائیوں سے معافی کا خواست گار ہوتا ہے۔
حلقچی: جلیبی (مٹھائی کی مشہور قسم)۔ ''فرہنگِ جہانگیری'' میں دونوں حروف 'چ' ہیں (چلچی)، لیکن پہلا زیادہ صحیح ہے۔
حلقوی باز: ریشمی دھاگا جو گردن میں باندھتے ہیں۔
حلقہ: معروف؛ نیز گردوں (چکّی، پہیّے) کا پایہ، اور ایک ایسا کنڈا جسے فضا میں لٹکاتے ہیں اور مبارزین (لڑائی میں مدِ مقابل) اُسے نیزے سے اُڑا لیتے ہیں۔ اِسے 'حلقہ ربائی' کہتے

ہیں۔ 'طوق بردن' بھی بھی ہے۔ اور 'دار کدو' اسی قسم کی چیز ہے۔ یہ ایک بڑی بلند لکڑی ہوتی ہے جسے میدان میں نصب کرتے ہیں اور اُس سے سونے یا چاندی کا کدو لٹکاتے ہیں۔ تیرانداز گھوڑا دوڑاتے ہوئے اُس پر تیر چلاتے ہیں۔ جس کسی کا تیر اُس کدو پر پڑے وہ کدو گھوڑے اور خلعت سمیت اُسے مل جاتا ہے۔ اسی کو 'برجاس' کہتے ہیں؛ نیز 'قبق' اور 'قباق' بھی کہتے ہیں۔ کبھی کدو کی بجائے سونے کا تھال لٹکایا جاتا ہے۔

حلقہ بدر زدن: معروف (کنڈی کھٹکھٹانا)؛ 'حلقہ بدر زدن' بھی استعمال کرتے ہیں۔

حلوائے بے دود: لب معشوق اور بوسے کا کنایہ۔

حلوائے مرگ: ایسا حلوا جو مردے کی روح کے لیے درویشوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ اسی کو 'شب غریب' کہتے ہیں۔

حلوائے نمشکری: ('ن' کے نیچے زیر) 'نیم شکری' کا مخفف۔ ایک مشہور حلوا جسے 'نیم اشکنی' بھی کہتے ہیں۔

ح ۔ م

حمام: (تشدید اور تخفیف دونوں کے ساتھ مستعمل ہے) معروف ہے۔

حمام زناں: مجازاً پُر شور و غوغا جگہ؛ سبب ظاہر ہے۔

حمائل نشستن: کج یا ٹیڑھا بیٹھنا اور یہ کنایہ ہے ناز و غرور کے ساتھ بیٹھنے کا۔

حمدان: آلۂ تناسل۔

ح ۔ ن

حنا بستن و مالیدن و نہادن و گرفتن و دادن و گذاشتن: معروف (کن: ہدی لگانا)؛ محاورے میں 'حنا بستن' عورتوں کے لیے مخصوص ہے جب کہ 'حنا مالیدن' مردوں سے منسوب ہے۔

حنائے دوبارہ بند: ایسی مہندی جو رنگ زیادہ کرنے کی خاطر دوبارہ لگائی جاتی ہے۔

حنائے سر ناخن: زوال کے قریب ہونے کا کنایہ۔

حنجرہ: سریلی آواز والا گویا۔

ح ۔ و

حوضِ دہ در دہ و دہ و در دہ: معروف؛ اوّل مشہور ہے۔

ح ۔ ی

حی العالم: ایک قسم کی گھاس جو ہمیشہ سبز و تازہ رہتی ہے۔ فارسی میں اسے 'ہمیشک جوان' (ہمیشہ جوان رہنے والی) کہتے ہیں۔ اس کے خواص طبی کتب میں مرقوم ہیں۔

حیرانی: حیرت اور حیرانی۔ اوّل معروف ہے۔

حیضِ سفید: مَنی کا کنایہ۔

حیوانی: معروف؛ فارسی والے اسے 'اکل اللحم' (گوشت کھانا) کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ صائبؔ کے دیوان میں یہ لفظ بہت ہے۔

خ

خ ۔ ا

خاتون آباد: اصفہان کے ایک محلّے کا نام جس کی بانی ایک عورت تھی۔

خارا: پتھر؛ نیز موسیقی کا ایک راگ۔

خارِ ترازو: لوہے کا وہ کانٹا جو صرافوں اور جوہریوں کے ترازو میں ہوتا ہے اور یہ وزن میں بے حد احتیاط کے لیے ہے۔

خار در راہ نہادن: کوئی مشکل کام سامنے رکھنا۔

خارہاے جہاں تیز کردن: کہتے ہیں، ایک دنیا کو آرزومند کرنا ہے، کیوں کہ 'خار' بمعنی آرزو و خواہش ہے۔

خارج زدن: نقلی سونے کو سکّے میں ڈھالنا، یعنی جو ٹکسال باہر ہو۔

خاطر: معروف؛ اور وہ بات جو جی میں کلبلائے۔

خاک: معروف؛ نیز بمعنی قبر اور نعش۔

خاک انداز: قلعے کے اوپر وہ جگہ جو کوڑا کرکٹ پھینکنے اور دشمن کے سروں پر پتھر اور ڈھیلے مارنے کے لیے بنائی جاتی ہے۔ جب کوئی چیز چوری ہو جاتی ہے تو اہلِ خانہ سے کہا جاتا ہے کہ کسی جگہ مٹی ڈال دیں تا کہ چور چُرائی ہوئی چیز اُس مٹی میں چھپا دے۔ یہ چور کے رُسوا نہ ہونے کے لیے ہے۔ 'خاک اندازاں' بھی اِنھی معنوں میں ہے۔ 'خاک ریختن' بھی مستعمل ہے۔

خاک برلب مالیدن: (ہونٹوں پر خاک ملنا) 'حاشا' کے موقع پر بولتے ہیں، یعنی کسی کام سے انکار کے موقع پر۔ اِس کا ماخذ یہ داستان ہے کہ کسی امیر نے ایک باورچی نوکر رکھا۔ جب وہ کھانا پکا کر مالک کے پاس لانے لگتا تو آدھا کھانا اُس کے ہاتھ سے گر جاتا اور آدھا وہ میرزا (مالک) کے

پاس لے آتا۔ ایک روز میرزا نے اُس سے پوچھا کہ کیا اس کھانے میں سے تُو نے خود کچھ کھا لیا ہے؟ باورچی نے ہونٹوں پر خاک ملی اور اس بات سے انکار کیا۔ پھر یہ بات ضرب المثل بن گئی۔

خاکِ جلوگیر: ایسی جگہ جہاں سے دل باہر نہ آنے دے۔

خاکِ خاموش: 'خاکِ مردہ' کی ضد (یعنی جہاں گھاس وغیرہ اُگے)۔

خاک خوردنِ تیر: تیر کا نشانے پر بیٹھنا اور زمین پر گر جانا۔

خاکِ ریز: قلعے کی وہ جگہ جہاں سے پتھر پھینکتے ہیں ('سنگ انداز قلعہ' آگے ملاحظہ ہو)؛ اور وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں۔

خاکِ شفا: کربلائے معلیٰ کی خاک۔

خاکِ طینت: مٹی کا وہ قبضہ (دستہ) جس سے انسانی سرشت کا تعلق ہے۔

خاکِ غربت: 'خاکِ وطن' کی ضد (یعنی پردیس کی مٹی)۔

خاکِ فراموشاں: قبر کی مٹی کا کنایہ۔

خاکِ فلاں از خون بہاں بہتر است و برخونِ اُو شرف دارد: مطلب یہ کہ اس فلاں کا ادنیٰ اُس فلاں کے اعلیٰ سے بہتر ہے۔

خاکِ قبر در خانہ ریختن: جادوگر، مُردے کی خاک پر جادو پڑھتے اور دشمن کے گھر میں پھینک دیتے ہیں تاکہ وہ گھر ویران و تباہ ہو جائے؛ نیز اُس میں سے کچھ مٹی پر سوئے ہوئے مرد و زن کے سینے پر ڈالتے ہیں تاکہ وہ دیر تک ہوش میں نہ آئیں۔

خاکِ مراد: زمین کا ٹکڑا، جہاں سے دل کی مراد پوری ہو۔

خاکِ مرادبخش: 'خاکِ مراد' کا مترادف۔

خاکِ مردہ: ایسی زمین جہاں کوئی فصل وغیرہ نہ ہو (نہ اُگے)۔

خام دستی: معروف؛ نیز بمعنی اپنی جگہ پر جما، یا ٹکا ہوا۔

خانہ آئینہ: معروف؛ نیز آئینہ خانہ۔

خانہ اوسیاہ باد: نفرین کے طور پر بولتے ہیں (یعنی اُس کا گھر تاریک ہو)۔

خانہ بریدن و بردن: بہت بڑی چوری کا کنایہ، جس میں گھر کی کوئی چیز نہ بچے۔ گویا چور گھر اُڑا لے گیا ہے۔

خانہ خانہ: بہت بہت۔

خانہ خواہ: جب کوئی مسافر کسی شہر میں وارد ہوتا ہے تو جس کسی کے ساتھ اُس کا سابقۂ معرفت ہوتا ہے، اُس کے گھر پہنچ جاتا ہے۔ اُس گھر کا مالک (یعنی اُس کا واقف کار) اُس مسافر کا خانہ خواہ ہے۔

خانہ دار: ایسا شخص، جس کے ذمے گھر کے کام کاج نپٹانا اور گھر کی پاسبانی کرنا ہے۔

خانہ سیاہ: (اضافت کے بغیر)، بدبخت اور خانہ ویران۔

خانہ فروشی: اظہارِ تجمل کرنا۔

خانۂ قلم: قلم کا مقدارِ تراش جسے 'میدانِ قلم' بھی کہتے ہیں۔

خانہ کردن و برداشتنِ کماں: کمان کے گوشوں کا اصلی وضع سے ٹیڑھا ہو جانا۔

خانہ گیر: نرد کی سات بازیوں میں سے ایک بازی۔ اُن کے نام یہ ہیں: زیاد، فارد، ستادہ، ہزار، خانہ گیر، طویل اور منصوبہ۔

خانہ نزول: (اضافت کے بغیر)، کسی کی اجازت کے بغیر اس کے گھر میں مقیم ہونا۔

خانہ یکی: ہم خانہ، ایک ہی گھر کے ہونا۔

خانی: توران میں، عالم، عباسی اور شاہی ایران سے رائج زرِ مسکوک کی ایک قسم۔ تینوں سکّے مختلف اوزان کے ہیں۔ #

خانی: قسمے است از زرِ مسکوک رائجِ توران، از عالمِ عباسی و شاہیِ ایران، ہر سہ باہم مختلف الاوزان اند = ایران کے 'عباسی' اور 'شاہی' کی طرح توران میں رائج زرِ مسکوک کی ایک قسم۔ تینوں سکّوں کی وزن ایک دوسرے سے مختلف ہے۔ [تینوں سکّوں سے مراد 'خانی'، 'عباسی' اور 'شاہی' ہیں۔] (نقش)

خایۂ غلاماں: معروف؛ انگور کی ایک قسم۔

خایہ نہادن و گذاشتن: پرندے کا انڈا دینا؛ اور یہ معروف ہے؛ نیز ایسا کام کرنے کا کنایہ جس کا نتیجہ ننگ و عار ہو؛ نیز تجم کاری۔ ڈرنے کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے۔

خ ۔ ب

ثب ثب: (دونوں پر پیش)، بوسے کی آواز۔

خبث چشم: چشم وابرو کے اشارے سے کسی کو بُرا بھلا کہنا، جیسا کہ بد باطن منافقوں کا طور طریقہ ہے۔ عربی میں "خبثِ حدقہ" کہتے ہیں۔

خبراز زبانِ کسے بستن وآوردن: کسی کے حوالے سے کوئی بات کہنا جو اُس نے نہ کہی ہو۔ "سخن وحرف از زبانِ کسے بستن و ساختن" سے بھی یہی مراد ہے۔

خبر شدن: خبردار ہونا۔

خ ۔ چ

خچو رسغد: ایک ایسی سرزمین (بعض کے نزدیک آذربائیجان کا ایک صوبہ) جہاں تنگ جگہیں ہیں اور اُن کے راستے سے گزرنا بہت دشوار ہے۔ اسی مناسبت سے عورت کی شرم گاہ کا کنایہ ہے۔ ظاہری طور پر یہ مناسبت بھی منظور ہے۔

خ ۔ د

خدابرو: 'کہاں جارہے ہو' کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔

خدابردارو: فلاں کو خدا مارے اور درمیان سے اٹھالے۔ 'روا ہونا' کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے۔

خداجواب دہد: کلمۂ نفریں۔ جب کوئی کج بحثی شروع کرتا ہے تو کہتے ہیں کہ 'ہم تیرا جواب نہیں دے سکتے، خدا ہی جواب دے۔' "جواب دادن" بمعنی عہدہ برآ ہونا۔

خدا خدا کردن وداشتن: خدا کی پناہ مانگنا۔

خدارا بندہ ایم: ہم تسلیم کرتے ہیں (بیچارگی و بندگی کی حالت میں کہا جاتا ہے)۔

خدارا دوست می داری: قسم کے موقع پر بولا جاتا ہے (تُو خدا سے محبت کرتا، یا اُسے دوست جانتا ہے)۔

خدمت تنگ داشتن: خدمت سے ایک پل بھی فراغت نہ ملنا۔

خدنگ بستن: تیرزہ میں رکھنا۔

خ ۔ ر

خرِخودیافتن: اپنا مقصد پالینا۔

خردوراز بستن: بے غم اور فارغ البال ہونے کا مظاہرہ کرنا۔

خررفت ورسن برد: (گدھا چلا گیا اور رسی لے گیا) ایسے موقع پر بولا جاتا ہے جب کوئی شخص جائے اور کسی کی کوئی چیز اُڑا لے جائے۔

خرسنگ: بڑا ناتراشیدہ پتھر، جس کا راستے سے اٹھانا مشکل ہو۔

خرگس: ('ک' پر پیش)، خراسان میں احمق کو کہتے ہیں۔

خرکمان: ایک ایسی چیز جس سے کمان گر کمان کو چاق کرتے (کستے) ہیں۔ مجازاً کار دشوار۔

خرج چیزے شدن: کسی چیز کی تلاش میں مرنا۔ 'سردر چیزے کردن' کا مترادف ہے۔ ذکر آگے ملاحظہ ہو۔ 'خرج شدن' راہ سے مخصوص نہیں ہے، جیسا کہ بعض عزیزوں کا خیال ہے۔

خرج کردن کسے را: کسی کو فروخت کرنے کا کنایہ۔ جب کوئی شخص اپنی حاجت اپنے کسی آشنا کے پاس لے کر جاتا ہے اور اُس سے مدد کی توقع رکھتا ہے تو وہ جواب میں کہتا ہے، 'مراخرج کن' (مجھے خرچ کرلے)، یعنی 'مجھے بیچ کر اپنی ضرورت پوری کرلے۔' میں نے سنا ہے کہ یہ محاورہ 'کشتن' (مارنا، قتل کرنا) کے معنوں میں بھی استعمال ہوا ہے۔ واللہ اعلم بالصّواب۔

خرجی: خانگی، یا خاص کی ضد۔ (''فرہنگِ آموزگار'' میں بمعنی روپیہ پیسا، گھر کی ضرورت ہے۔)

خردہ: ('خ' پر پیش)، عموماً ہر چیز کا ریزہ، خصوصاً سونے کا ریزہ؛ نیز روپیہ، پول سیاہ (غالباً پرانا سکّے، پیسے) سے بدلنا، اشرفی، روپے سے بدلنا اور پول سیاہ، دمڑی سے بدلنا۔

خِرسک: ('خ' کے نیچے زیر)، بچّوں کا ایک کھیل جو یوں ہے کہ ایک بچّے کو ریچھ قرار دیا جاتا ہے اور وہ چاروں ہاتھ پیروں پر کھڑا ہو جاتا ہے۔ باقی بچّے اُس کے اردگرد قلابازیاں لگاتے ہیں۔ پھر وہ ریچھ جسے لات مار دے اُسے ریچھ بنا دیا جاتا ہے؛ نیز قالین کی طرح فرش کی ایک قسم، فرق یہ ہے کہ قالین کے دھاگے بُنتے وقت کاٹے جاتے ہیں، اور خِرسک کا دھاگا

تراشا نہیں جاتا۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اُس کے دھاگے ریچھ کی پشم کی طرح لٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔

خرطوم: معروف؛ نیز آلۂ تناسل کا کنایہ۔

خرقہ از کسے پوشیدن: کسی کا مرید ہونا۔

خرقہ بازی: صوفیہ کا وجد وحال کی حالت میں خرقے سے کھیلنا۔

خُرمائے بے ختہ: (گٹھلی کے بغیر کھجور) لوطیوں کی اصطلاح میں آلۂ تناسل کا کنایہ۔

خرمن کہنہ بہ باد دادن: دولتِ گذشتہ سے متعلق لاف زنی اور غرور کرنا۔

خرمنِ گُل: اس کے ترکیبی معنی واضح ہیں؛ نیز معشوق کے سُرین کا کنایہ۔

خرمنِ ماہ: چاند کا ہالہ۔

خروس بازی: ریچھوں کو لڑانا،# جیسا کہ رسم ہے۔ مجازاً بمعنی مکاری اور فریب کاری۔

خروس بازی: بہ جنگ انداختنِ خروس...= مرغوں کو لڑانا... (نقش)

خ - ش

خشت: معروف؛ نیز ایک چھوٹا نیزہ جس کے وسط میں حلقہ ہوتا ہے اور اُس حلقہ میں سبابہ (کلمے کی اُنگلی، جو انگوٹھے کے ساتھ ہوتی ہے) ڈال کر نیزہ دشمن کی طرف پھینکا جاتا ہے۔

خشت بہ خیر گذاشتن: خدا کی راہ میں مسجد اور سرائے وغیرہ جیسی عمارت بنانا۔

خشت ریختن و مالیدن: اینٹ بنانا۔ ’خشت زدن‘ بھی اِنھی معنوں میں مستعمل ہے، چناں چہ اینٹ بنانے والے کو ’خشت زن‘ کہتے ہیں۔

خشتِ قمار: وہ اینٹ جس پر جواری بحل ڈالتے ہیں۔#

خشتِ قمار: خشتے کہ مقامراں برآں بُحَل اندازند۔ ’بحل‘ بظاہر کتابت کی غلطی ہے، کیوں کہ یہاں بے محل ہے۔ یہ لفظ ’بُجُل‘ ہے، جس کا ایک مطلب ہے: جوا کھیلنے کا پانسہ۔ ’’خشتِ قمار‘‘ کے معنی ہوئے: وہ اینٹ جس پر جواری پانسہ پھینکتے ہیں۔ [جمع = بُجُول] (نقش)

خشک پہلو: ایسا کنجوس شخص جس سے کسی کو کوئی فائدہ نہ پہنچے۔

خ ۔ ص

خصم: ہر چیز کی طرف، نیز مالک وصاحب، اسی لیے شوہر کو 'خصم' کہتے ہیں۔ ان معنوں میں یہ ہندی کالفظ نہیں ہے، جیسا کہ بعض عزیزوں کا خیال ہے۔ 'کدخدا' اور 'خانہ خدا' کے معنوں میں بھی مستعمل ہے اور یہ بھی معنیٔ اوّل کے تابع ہے۔

خصمانہ: حریف اور مانندِ حریف۔

خ ۔ ط

خطِ آتش خواں: ایسے حروف جو پیاز کے پانی سے کاغذ پر لکھتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جب اس کاغذ کو آگ پر رکھتے ہیں تو حروف کی شکلیں نظر آتی اور پڑھی جاتی ہیں۔ لیکن کسی استاد کے شعر میں یہ محاورہ نظر نہیں آیا۔

خطِ الماسی وشہابی وعلی: خطِ میگوں (سرخ رنگ)۔

خط بر چیزے کشیدن: کسی چیز کو محو ومتروک کرنا (مٹا دینا)۔ بعض کا کہنا ہے، کسی چیز پر داغ عیب لگانا ہے۔ اوّل زیادہ ٹھوس ہے اگر چہ مآل واحد ہے۔

خط بر خاک کشیدن: خجالت اور انفعال کا کنایہ۔

خط بر قبر ومزار کشیدن: 'الف بر خاک کشیدن' کا مترادف۔ اس کا ذکر آ چکا ہے۔

خطِ بریدہ: کٹے ہوئے حرف کی شکلیں جنھیں دوسرے کاغذ پر ملایا جاتا ہے۔

خطِ بغداد: جامِ جم کے خطوط میں سے ایک خط کا نام۔

خط بہ خونِ کسے آوردن وکشیدن وخط بہ خون درقم بہ خون: کسی کے قتل کی حجت پیدا کرنا۔

خطِ تواماں: کاغذ کے دو صفحوں پر مختلف نقش کھینچتے ہیں۔ جب اُن دونوں صفحوں کو ایک دوسرے پر رکھتے ہیں تو اُس سے حروف کی صورت سفید رنگ میں نمایاں ہو جاتی ہے۔

خطِ تیغ: زخم۔

خطِ جواز: ایسا خط جو کسی شخص یا جماعت کو، جو کہیں گئے ہوں، روکنے، یا رکھنے کے لیے گزربانوں کو لکھتے ہیں۔ ہند میں اسے 'دستک' (پروانہ راہ داری) کہتے ہیں۔

خطِ جور: جامِ جم کے خطوط میں سے ایک خط کا نام (مراد جمشید کے جام پر منقوش ایک نقش)۔

خطِ جوہری: حکما کے نزدیک ایک ایسا خط ہے جو تقسیم کو، بجز جہتِ واحد کے، قبول نہیں کرتا۔ شعرا کی اصطلاح میں معشوق کے دہان و کمر کا کنایہ۔

خطِ دیوانی: پراگندہ خطِ شکستہ جو پڑھا نہ جا سکے۔ یہ میرزایانِ دفتر کا خاصہ ہے۔

خطِ راہ: 'خطِ جواز' کا مترادف (پروانہ راہ داری)۔

خط کشیدن: ڈاڑھی اُگنا، تیز لکھنا۔

خ ۔ ف

خُفچہ: ('خ' پر پیش)، ایک پُر خار درخت مجازاً ایسی چوب دست جس کے اوپر لوہے کا تیز سا ٹکڑا لگا ہوتا ہے جس سے گائے کو ہانکتے ہیں۔

خ ۔ ل

خلعت دادنِ استاد: جب کوئی شاگرد کوئی حرف قاعدے کے مطابق لکھتا ہے تو اُستاد اس کی گردن پر لکیر کھینچ دیتا ہے جسے اُستاد کی خلعت کہا جاتا ہے۔

خلیج: ایسی نہر جو دریا سے نکالی جائے۔

خ ۔ م

خم زدن: 'پس خم زدن' کا مترادف۔ اس کا ذکر ہو چکا ہے۔

خم زدنِ ترازو: ترازو کے کسی ایک پلڑے کا جھک جانا۔

خمِ کسے خوردن: کسی سے دھوکا کھانا۔

خماہن: نیلے رنگ کا ایک پتھر جو کسی قدر سرخ ہوتا ہے اور اُس سے مُہریں بناتے ہیں۔ عربی میں

اسے 'صندل حدیدی' کہتے ہیں۔

خمیازہ: ایک ایسی حالت ہے کہ سُستی اور کاہلی کے باعث جسم میں کھنچاؤ پیدا ہوتا ہے اور اس موقع پر مجبوراً ہاتھ اونچے کرتے ہیں۔ عربی میں اسے 'تمطّی' (انگڑائی) کہتے ہیں۔

خمیازہ بر چیزے کشیدن: کسی چیز کی آرزو کے خمار میں ہونا۔

خمیازۂ پا: مختصری سیر جو سُستی اور پاؤں کی کاہلی دُور کرنے کی خاطر کی جاتی ہے۔

خمیازۂ خشک: بے حاصل آرزو۔

خ - ن

خندہ شدنِ شمشیر و خندۂ شمشیر: تلوار کا دندانے دار ہونا، نیز بلند ہونا۔ 'خندۂ خنجر' کے بھی یہی معنی ہیں۔

خندۂ شیشہ: جام میں شراب اُنڈیلنے کی آواز۔

خ - و

خوابِ آشفتہ: 'خوابِ پریشاں' کے معنیِ اوّل۔

خوابِ پریشاں: فصحا کے کلام میں اس کے دو معنی نظر آئے۔ ایک وحشت ناک خیند، دوسرے ایسی نیند جسے عربی میں 'تململ' کہتے ہیں۔

خوابِ صیاد: بناوٹی غفلت کا کنایہ۔

خواب کے شکستن: کسی کی نیند میں خلل ڈالنا، اور کسی کو سونے نہ دینا۔ 'خواب کے بستن' اس کا مترادف ہے۔

خواباندنِ چیزے در چیزے: کسی ایک چیز کو دوسری چیز سے آلودہ کرنا (یعنی اُس میں ڈالنا، جیسے کباب نمک میں سُلایا گیا اور پستہ و بادام، نمک و شکر میں لٹائے گئے)۔

خوابیدنِ خون: خون کا واپس اپنی جگہ پر نہ آنا۔

خواجگی تنخواہ کردن: غرور و نخوت کرنا۔

خواص: معروف؛ نیز خدمت گار۔

خوالی: کھانا، طعام اور 'خوالی گر' بمعنی باورچی۔

خوبی کسے کردن: کسی کی تعریف کرنا۔

خود و خویش: معروف؛ دونوں ضمیر مرفوع ہیں، یعنی مبتدا واقع ہوتے ہیں۔

خود برپا: 'پیش خود برپا' کا مترادف۔ اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔

خودحساب: ایسا شخص جو اپنے اعمال و افعال کا خود محاسب ہو۔

خود را بجا گذاشتن: مرنے کا کنایہ۔

خود را بہ کسے رسانیدن: کسی کے ساتھ برابری اور ہم چشمی حاصل کرنا۔

خودسازی: تہذیب اخلاق کی کوشش کرنا، نیز اپنے ظاہر کو آراستہ کرنا۔

خودسوار: خودسر اور خودرائے۔

خودشکن: ایسا شخص جو فروتنی و عاجزی کے سبب اپنی ٹوٹ پھوٹ کا باعث بنے۔

خودفگن: بہادر، جری (جو اکیلا دشمن پر ٹوٹ پڑے)۔

خودکشاں و خودکشی: ('ک' پر پیش)، کسی کام میں مقدور سے بڑھ کر کوشش کرنا۔ ثقہ لوگوں کے اقوال میں: ضیافت اور مہمان داری میں مقدور سے بڑھ کر تکلف کرنا۔

خودک: دلی وسواس، حسد اور خشم۔ شرح مثنوی معنوی میں، کسی امرِ ناملائم کو دیکھ کر طبیعت کا پریشان ہونا۔ تحقیق کے بعد معلوم ہوا کہ 'خ' کے بعد 'واو' نہیں ہے۔ بعض لوگ 'دال' کے بعد 'واو' لاتے ہیں، بعض نہیں۔

خوش آب: یعنی اچھی چمک والا موتی۔

خوش باش و خوش باد زدن: آواز لگانا، پکارنا۔

خوش برگ: اچھے ساز و سامان کا مالک۔

خوش قلم: ایسا کاغذ جو بہت صاف ہو اور اس پر بخوبی لکھا جا سکے۔

خوش گاہ درس: لوطیوں کی اصطلاح میں جماع کی ایک قسم، جس میں آلۂ تناسل رحم پر سے گزر کر رحم کی جڑ میں پہنچ جاتا ہے۔ 'خوش گاہ' اِس جماعت کے محاورے میں فرج کا کنایہ ہے۔

خوش منزل: ایسا شخص جو سلاطین اور امرا کی طرف سے پہلے یا آگے جائے اور ٹھہرنے کی جگہ مقرر کرے۔

خوش نشیں: ایسا شخص جسے جو بھی جگہ اچھی لگے وہیں ساکن ہو جائے۔

خوشہ بہ گلو آوردن: فصل کا خوشہ پکنے کے قریب ہونا۔

خون از بُن ناخن رواں شدن: بڑی تکلیف اور اذیت میں ہونا۔ یعنی جوشِ ملال سے جسم کا خون ناخن کی جڑ تک پہنچ جانا۔

خون از پیش بُردن: کسی کو قتل کرنا اور باز پرس سے عہدہ برآ ہونا۔

خونِ ایں رنگیں تر و سُرخ تر از خونِ اُوست: اِس بات کا کنایہ کہ فلاں، فلاں سے زیادہ اچھا ہے۔

خون بروبہ ماندن: نہایت ضعف اور بے طاقت ہونے کا کنایہ۔

خوں خواہی: کسی خون کا قصاص مانگنا۔

خوں دار: خونی بھی اور خون کا طالب بھی۔

خون دارد: یعنی قصاص رکھتا ہے۔ 'خون' بمعنی قصاص استعمال کرتے ہیں۔

خون درمیان است: یعنی جنگ درمیان ہے۔ 'خون' بمعنی جنگ مستعمل ہے۔

خونِ شیریں داشتن: بہت عزیز و شیریں ہونے کا کنایہ۔ اطبا کے بقول، خونِ صالح کا ذائقہ شیریں ہے۔ گویا یہ کمالِ اعتدال اور خوبیِ مزاج کی دلیل ہے۔

خون کردن: کسی کو قتل کرنا ('خون' بمعنی قتل کرنا)۔

خون گرفتن: رگ سے خون لینا (فصد کھولنا)؛ نیز اجل رسیدہ؛ نیز کسی کے خون کے انتقام میں پکڑا جانا۔ اس حالت میں کہتے ہیں، 'خویش گرفت'؛ نیز قصاص لینا۔

خون ناموس: شراب کا کنایہ۔

خ ـ ی

خیر: معروف؛ ایرانی 'ہیچ' (کچھ بھی نہیں) اور 'نہ' کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔

د

د ـ ا

داد وستد و داد و ستد: (اُس نے دیا اور لے گیا) معروف؛ مراد لین دین۔

دادن: لوطیوں کی اصطلاح میں گون دینا۔

دار و درخت: چنار اور منار کی قسم، جو مشہور ہے۔

دارا: مشہور بادشاہ کا نام؛ نیز نادار کی ضد (مراد رکھنے والا)۔

داربست: دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو عمارت کے لیے بناتے ہیں اور وہ چند لکڑیاں ہیں جو ایک دوسری پر باندھتے ہیں۔ معمار اُس پر چڑھ کر کام کرتے ہیں۔ دوسری چھتی جس پر تاک اور کدو باندھتے ہیں۔

دارالحدث: بیت الخلا۔

داغ بہ رُوے یخ نہادن: کسی ایسے شخص کو آزار پہنچانا جس پر اُس کا کوئی اثر نہ ہو۔

داغِ زندہ: ایسا داغ جس سے مدام خون ٹپکے۔ جب کوئی عزیز فوت ہو جائے اور دوسرا قریبِ مرگ ہو تو کہتے ہیں، فلاں کا داغ ابھی زندہ ہے۔ 'داغ' بمعنی کسی بہت عزیز کے مرنے کا غم۔

داغ کاغذ: نیلا کاغذ یا نیلا کرباس (سُوت) جسے فتیلے کی طرح بُنا جاتا ہے۔ عضو پر مواد نزلہ کے امالے کے لیے اِس داغ سے کام لیتے ہیں۔

داغ گاہ: 'دیوان' جسے ہند میں 'کچہری' کہتے ہیں۔ وجہِ تسمیہ یہ ہے کہ وہاں کاغذوں پر مہر لگائی جاتی ہے۔

دام کندہ: (مَ ساکن)، وہ پرندہ جو تڑپنے کے زور پر جال سے اُڑ جائے۔

دامِ مُشکیں: زلف کا کنایہ۔

دامادی: کسی کدخدا کی شادی، جسے 'عروسی' بھی کہتے ہیں۔

دامان رنجہ شدن: 'قدم رنجہ' ہونے کا مترادف۔

دامن برزمین کشیدن: رعنائی اور نخوت کے اظہار کا کنایہ۔

دامن بہ دامنِ کسے بستن: کسی سے موافقت اور معاونت کرنا۔

دامن چاک بودن: ایران کے صحرانشینوں کا یہ معمول ہے کہ جب وہ اپنی بیٹی اپنی قوم کے کسی لڑکے کے ساتھ نام زد کرتے ہیں تو اُس لڑکے کو بلاتے ہیں تا کہ وہ اپنے ہاتھ سے لڑکی کا دامن چاک کرے۔ اِسے وہ شگون سمجھتے ہیں۔

دامن سواری: بچّوں کا ایک کھیل، جس میں وہ اپنے دامن کا گھوڑا بنا کر کودتے ہیں۔

دامن فراخ بودن: فیض عام رکھنا۔

دانۂ آتش: چنگاری کا کنایہ۔

دانہ برآتش ریختن: 'فلفل برآتش ریختن' ('فلفل آگ پر گرانا') کا مترادف اور وہ مشہور ہے۔

داہول: 'ہراسہ' کا مترادف ہے۔ اِس کا ذکر آگے آرہا ہے۔

دائرہ کشیدن وساختن: گداگر حصولِ زر کی خاطر کاغذ پر دائرے کی شکل کھینچتے ہیں اور اُس میں اُن لوگوں کے نام لکھتے ہیں جن سے انھیں مانگنا مقصود ہو۔ عرف میں اِسے 'چندہ' کہتے ہیں۔

دایہ: معروف؛ 'دائی' (بمعنی ماموں) بھی فارسی لفظ ہے۔

د ۔ ب

دبوسہ: (سمندری) جہاز اور کشتی کی ایک منزل کا نام جو عرشے کے نیچے ہوتی ہے اور اس میں ناخدا (ملاح) کی بیوی اور اہلِ جہاز کے حرم بیٹھتے ہیں (جہاز کی کوٹھڑی)۔

د ۔ خ

دختر دوخترچہ: ایسی عورت جس کی دوشیزگی کا ابھی آغاز نہ ہوا ہو۔

دخترِ صوفی: بمعنی بِترِ نذ (مولا/صعوہ) جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

دخترِ ہمسایہ، می ترسم کہ ازراہم بُرد: (میں ڈرتا ہوں کہ ہمسائے کی لڑکی نے مجھے دھوکا دیا ہے)۔ مشہور مثل ہے۔ جہاں ہمسائے سے کسی ضرر کا گمان ہو، وہاں بولتے ہیں۔

دخل: معروف؛ اور ایک ایسا برتن جس میں اہلِ حرفت اپنی آمدنی رکھتے ہیں۔

د ۔ ر

در و ذرہ: ('ذرہ' تخفیف اور تشدید کے ساتھ)، دو پہاڑوں کے درمیان فاصلہ۔

در آب و آتش بودن: تکلیف اور اذیّت میں مبتلا ہونا۔ 'در آب و آتش فگندن' اس کا متعدّی ہے۔

در آب و عرق اُفتادن: بہت زیادہ خجلت اٹھانے کا کنایہ۔

در آب راندن: مکر اختیار کرنا اور فریب دینا۔ 'بہ آب راندن' بھی انھی معنوں میں مشہور ہے۔

در آسمان سوراخ شدن: کسی عظیم امر کے وقوع پذیر ہونے کا کنایہ۔ 'آسمان سوراخ شدن' بھی انھی معنوں میں ہے۔

در آفتاب کردن: دھوپ میں بٹھانا، جو عذاب دینے والی بات ہے۔

در آمد: زر کی آمد۔

در آمدِ کار: خوش بختی اور ایام کی مساعدت کا کنایہ۔ 'آمدِ کار' بھی کہتے ہیں اور یہ مشہور ہے۔ بعض کے مطابق ہر امر کی ابتدا۔

در آمدن: معروف؛ 'بر آمدن' (ظاہر ہونا، نمایاں ہونا) کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

در باقی کردن: ترک کرنا۔

در بندِ اُوست: یعنی اُس (فلاں) سے مخصوص ہے۔

در بند بودن: مقید اور اسیر ہونا۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہاں بھی ('در بندِ اُوست' میں) یہی معنی مراد ہیں، یعنی 'تیری قید میں ہے۔'

در پاے چراغ کمر بستن: قلندرانِ ایران کی یہ رسم ہے کہ وہ مرید کو پیرِ سلسلہ کے مزار پر لے جا کر چراغ کے نیچے، کمر باندھ کر کھڑا کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں، 'کمر بستہ ای، پاے چراغ است۔' (تُو چراغ کے نیچے کمر بستہ ہے)۔ خدمت اور مریدی میں مستعد ہونے کا کنایہ۔

در پیش است: یعنی موجود اور مہیا ہے۔

درتہِ پوست دویدن: کسی کی رگ و پے میں سرایت کرنا۔

درجایے بند شدن: کسی جگہ قرار پکڑنا، رُکے رہنا۔ جب کوئی شخص دولت مندوں کے گھر کوئی امید لے کر جانا شروع کرتا ہے تو اسے کہا جاتا ہے، 'فلاں منعم کا دروازہ بند ہو گیا ہے۔' نیز 'بر کسے بستن' (کسی پر بند کر دینا)

درجامۂ کسے درآمدن: 'بہ جلدِ کسے رفتن' کا مترادف ہے۔ اس کا ذکر ہو چکا۔

درجوال رفتن: فریب اور دغا کا شکار ہونا۔

درحساب بودن: کسی سے ڈرنا اور اُس کے سامنے ہونے میں احتیاط کرنا۔

درخانۂ کسے چیزے بودن و نشستن و رفتن: [مشغول بجدِ آں بودن۔] اُس کی کوشش میں مشغول ہونا۔ یہ محاورہ فکر سے مخصوص نہیں ہے۔ اسی طرح، جیسا کہ خیال کیا جاتا ہے، رفتن (جانا) سے مخصوص نہیں ہے۔ (''بہارِ عجم'' میں 'بجد' کی بجائے 'بحد' ہے۔ اس کے مطابق کسی چیز میں بہت مشغول ہونا۔)

درخط شدن: متغیر اور آزردہ ہونا۔

درخطِ کسے بودن: کسی کا تابع و محکوم ہونا۔

درد چیدن: کسی کی تیمارداری کرنا اور کسی کا درد/دکھ خود پر لینا۔

دردِ حمل: دردِ زہ۔

دردست و پا پیچیدن: ساجت اور اصرار کرنا۔

دردِ دل کردن: دردِ دل کا اظہار کرنا۔

دردِ دل گیردمرا: قسم کھانے کے موقع پر بولتے ہیں یعنی اگر ایسا ہو تو دردِ دل مجھ پر طاری ہو جائے، یعنی میرا دل دُکھنے لگے۔

دُردِ ماہ و سال: ('دُ' پر پیش)، ماہ و سال کا آخر۔ اسی وجہ سے ماہِ صفر کے آخری چہار شنبہ (بدھ) کو 'دُردِ ماہِ صفر' کہتے ہیں۔ اور 'دُردِ شب'، رات کا آخری حصہ۔

دردنبالِ کسے افتادن: کسی کی عداوت اور بدخواہی کے مقام پر ہونا۔

دردہ کراخوش است، رئیس و برادرش: مشہور ضرب المثل ہے۔ ''فارسی امثال'' میں بھی ہے۔ جب کسی کا چراغ روشن ہوتا ہے تو یہ مثل کہتے ہیں؛ یعنی آج آسمان اُس کی و راُس کے بھائیوں کی آرزو کے مطابق ہے۔

درخم کسے بودن: کسی کے دُور کرنے میں ہونا / لگنا۔ اور 'درخم داشتن' بمعنی جلد دُور دفع کرنا۔ 'درخم کسے بودن' کسی کی فکر میں ہونا کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے۔

درخود دیدن: اپنے آپ میں تاب وطاقت دیکھنا۔

دردہان ہا وزبان ہا اُفتادن: بدنامی میں شہرت پانا۔

درراہ بودنِ چیزے: کوئی چیز نصیب اور روزی میں ہونا۔ موجود اور حاضر کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

دررگ وپے دویدن: 'درتہِ پوست دویدن' کا مترادف اور اس کا ذکر ہو چکا ہے۔

درزدن: (کنڈی کھٹکھٹانا)، 'حلقہ بر در زدن' کا مترادف۔

درز کردن: پھٹ جانا۔ مجازاً ظاہر ہونا اور نمودار ہونا کا کنایہ۔

درزیرِ سرو بہ زیرِ سر داشتنِ چیزے: کسی چیز کو نظر میں رکھنا اور اُس کے خیال میں ہونا۔

درزیرِ لب: آہستہ کا کنایہ۔

درشت: معروف؛ نیز تناور، موٹا اور قوی ہیکل۔ کلاں کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

درشکم داشتن: (پیٹ میں رکھنا)، 'در آستین داشتن' کا مترادف۔ کسی چیز کو قبضے اور تصرف میں رکھنے کا کنایہ۔

درفرو کردن وبردن: دروازہ بند کرنے کا کنایہ۔

درقدم گرفتن: ساتھ لے جانا۔

درکار گرفتن: جماع کرنے کا کنایہ؛ نیز کام میں لگانا۔

درکشتی بست: ('ک' پر پیش؛ کشتی کا دروازہ بند کر دیا)، یعنی کشتی تمام کر دی۔

درکوزۂ فقاع بودن: عیش سے محرومی اور مصیبت میں مبتلا ہونے کا کنایہ۔ 'فقاع' ایک کیف آور چیز ہے جو خشک انگور اور غلّے سے بنائی جاتی ہے۔

درگردیدن ودرگشتن: ویران اور تباہ ہونا؛ نیز 'درگرد'۔

درمیان نہادن وداشتن: ظاہر کرنا۔

دِرناق: ('د' کے نیچے زیر)، ناخن۔ یہ ترکی لفظ ہے۔

درنظر آوردن: پیش کش کرنا۔

درنظر گرفتن: کسی کو منظورِ نظر بنانا۔

درنمازِ کسے بودن: کسی کی نماز جنازہ پڑھنا۔

درنگ: معروف؛ تیز آواز۔

درنخ کسے اُفتادن: کسی کی تباہی کا ارادہ کرنا۔

د ۔ ز

دُزدانہ دزد دیدہ کہ دُردانہ اسیراست. رسم ہے کہ عورتیں اپنی اپنی استطاعت کے مطابق دُردانہ (قیمتی مروارید) یا خزف ریزہ (ٹھیکرا) سر کے بالوں پر باندھتی ہیں۔ اُن کے زعم کے مطابق اگر کوئی نظرِ بد کرے تو وہ دُردانہ وغیرہ خود بخود ٹوٹ جاتا ہے اور اُس عورت کو پوری طرح محفوظ رکھتا ہے، اور جب کوئی کسی کو ضرر پہنچانا چاہے، اور ضرر نہ پہنچا سکے تو یہ مثل بولتے ہیں۔ (ترجمہ: اُس نے کنکھیوں سے اُس میں دیکھا کہ دُردانہ اسیر ہے۔)

دُزدِ خانہ: وہ چور جو کسی کے ساتھ رہ رہا ہو۔ (ہم خانہ ہو۔)

د ۔ س

دست وپا: سعی و جستجو۔

دست آس: (اضافت کے بغیر)، ہاتھ کی چکی، (یعنی جسے ہاتھ سے چلاتے ہیں۔)

دستِ آسیا: (اضافت کے ساتھ)، وہ لکڑی جسے ہاتھ میں پکڑ کر اُس سے چکی چلاتے ہیں۔

دست از چیزے بر کندن: کسی چیز کو ترک کر دینا۔

دست از دہان برداشتن: بے پردہ یعنی کھل کر بات کرنا۔

دست از کسے برنداشتن: حصولِ مقصد کے بغیر کسی کے سر سے نہ ٹلنا۔

دست افزار: دستکار کا اوزار۔

دستِ اُو بر سرِ من: یعنی جو کچھ فلاں کو میسر ہوا ہے مجھے بھی نصیب ہو۔

دستِ اُو نمی رود: یعنی اُس سے کوئی کام نہیں ہو سکتا۔

دست بادست و دست بدست: بہت نزدیک ہونے کا کنایہ۔ 'دست بدست' کے معنی جلد اور شتاب کے بھی ہیں۔

'دستادست' بھی یہی ہے۔

دست بازی: معشوق کے ساتھ مذاق وشوخی کرنا۔

دست بالا کردن: ظلم کے خلاف فریاد کا کنایہ؛ نیز بمعنی رقص کرنا۔

دست بداماں دادن: کسی کا مرید ہونا۔

دست بدست بُردن: بڑی محبت اور احترام کے ساتھ کسی کو لے جانا۔

دست بدست دادن: معروف؛ پہلوانوں کی اصطلاح میں کُشتی کے آغاز میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑنا؛ نیز بمعنی 'دست بہ دلال وبیع دادن'۔ (معنی آگے ملاحظہ ہوں۔)

دست بدستِ کسے پیوند کردن: کسی کی مدد واعانت کرنا۔

دست برابرو گرفتن: کسی نظارے کی طاقتِ برداشت نہ رکھنا۔

دست بر ترکش زدن: جنگ کے لیے تیار ہونا۔ اصطلاح میں معشوق کا خود کو آراستہ کرنا ہے کہ یہ بھی جنگ کے لیے مستعد ہونے کے معنوں میں ہے۔

دست بردر زدن: (دروازے پر ہاتھ مارنا) 'انگشت بردر زدن' کا مترادف۔ اس کا ذکر ہو چکا۔

دست برداشتن (ہاتھ اٹھالینا) پہلوانوں کی اصطلاح میں پہلوان کا اپنا ہاتھ زمین پر بند کرنا اور حریف کو پکارنا کہ (میرا ہاتھ) اُٹھا۔

دست بردوش زدن: (کندھے پر ہاتھ مارنا)، حال پُرسی کرنا۔

دست بر رُوے دست و بر سرِ دست و بہ بال یک دیگر نہادن: بے کار و معطّل ہونا۔

دست برکسے بستن: کسی کی تباہی کی پوری کوشش کرنا۔

دست بر کمر داشتن و زدن: رعنائی اور خودنمائی کا کنایہ۔

دست بسر کردن: (سر پر ہاتھ رکھنا)، کسی خلل انداز ہونے والے کو سر سے ٹالنے کا کنایہ، یعنی اُسے سلام رخصت کرنا۔ قبول کرنے کا بھی کنایہ۔

دست بسر نشستن و داشتن و گرفتن و بر سر زدن: حسرت وافسوس کے عالم میں سر پر چپت مارنا۔

دست بشاخ افگندن: آرزو وخواہش کرنے اور نیا دوست بنانے کا کنایہ۔

دست بند: موتیوں کی لڑی جو عورتیں اپنی کلائی پر باندھتی ہیں؛ نیز رقص کی ایک قسم، جس میں رقاص ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر باہم رقص کرتے ہیں۔

دست بہ آب رسانیدن: پاخانہ کرنا۔

دست بہ دلّال وبیع دادن: خرید وفروخت کے لیے تیار رہنا۔ دلّال کسی شے یا مال کی قیمت معلوم کرنے کے لیے پہلے مالک کا ہاتھ اپنی قمیض کے نیچے اپنے ہاتھ سے پکڑ کر مقررہ اشاروں سے قیمت کا تعین کرتا اور اسی طرح خریدار کو آگاہ کرتا ہے۔

دست پرورد و دست پرور: پرورش یافتہ۔

دست پیچ: دستاویز۔

دست پیش داشتن: (ہاتھ آگے رکھنا)، منع کرنا، روکنا؛ نیز گدائی کا کنایہ؛ نیز بخشش کرنا 'دست پیش کے دراز کردن' کے بھی یہی معنی ہیں۔

دست پیشِ دہن گرفتن: (ہاتھ مُنھ کے آگے رکھنا) بات کرنے والا اپنے مخاطب کے انتہائی احترام کی خاطر بات کرتے وقت مُنھ کے آگے ہاتھ رکھ لیتا ہے تاکہ تھوک مخاطب تک نہ پہنچے۔

دستِ چرب بسر کشیدن: کسی سے شفقت و مدارا کا اظہار کرنا۔

دست چربی: (اضافت کے بغیر)، امداد و مال داری۔ 'دستِ چرب' (اضافت کے ساتھ) کے بھی یہی معنی ہیں۔

دستِ خر: (اضافت کے ساتھ)، گدھے کے آلۂ تناسل کا کنایہ۔

دست خوں: (بغیر اضافت) ہر چیز ہارنے کے بعد جواری کا جان پر داو لگانا۔

دست در گِل بودن و داشتن: ('گ' کے نیچے زیر)، تعمیر کے لیے آمادہ ہونا۔

دست زدن: (ہاتھ مارنا)، 'کف زدن' کا مترادف۔

دست سودا کردن: (معاملہ کرنا)، لین دین کرنا۔

دست فال: 'اوّل دشت' کا مترادف۔ اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔

دست فرو کوفتن: برابری اور مقابلے کے لیے آمادہ ہونا۔ جب کوئی پہلوان حریف کے ساتھ کشتی کے لیے آتا ہے تو اپنے ہاتھ کندھے پر زور سے مارتا ہے اور یہ کنایہ ہے اپنی بے حد طاقت کے مظاہرے کا۔

دستکار: اُستاد و ہنر مند۔

دستکاری: کوئی چیز بڑے دھیان سے بنانا۔

دست کجی: چوری۔

دست کش: نابینا جو عصا لیے ہوتا ہے، نیز بمعنی مغلوب؛ نیز شانہ کش (کندھا کھینچے والا) اور بمعنی چرمی دستانے کی قسم۔ ترکی میں 'اُلچک'۔

دست گاہ: مایہ و اسباب، نیز بمعنی مغلوب؛ نیز اہلِ صنعت وحرفت کا کارخانہ۔ اور بمعنی مسخرہ۔

دست گرفتن: دست گیری کرنا۔ اِن معنوں میں یہ مشہور ہے؛ نیز بمعنی کسی کام سے روکنا۔

دست لاف: 'دست فال' کا مترادف، (ذکر ہو چکا ہے)۔

دستار برز میں زدن: انصاف چاہنے اور منت سماجت کرنے کا کنایہ۔

دستار بزرگ: (اضافت کے بغیر)، بھڑوا، دیوث۔

دُستاق: ('د' پر پیش)، محبوس۔

دستہ: مسخرہ۔ کبوتر بازوں کی اصطلاح میں کبوتروں کی ڈار؛ نیز بمعنی لوگوں کا گروہ۔

دستۂ قید مجلد: لپیٹے ہوئے شکنجے کا دستہ۔

دستہ کردن: جمع کرنا، فراہم کرنا۔

دستی و پشت دستی: 'پشت دست برز میں گذاشتن' (اُلٹا ہاتھ زمین پر رکھنا) کا مترادف اور وہ مشہور ہے۔

دستینہ: ایک زیور جو عورتیں کلائی پر باندھتی ہیں۔

د ۔ ش

دشت: معروف؛ نیز 'اوّلِ دشت' کا مترادف۔ (اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔)

دشت افروز: ایک سیر گاہ کا نام۔

د ۔ ع

دُعا کردن و گفتن: وداع ہونے کا کنایہ۔

دُعاے باراں: نمازِ استسقا۔

دُعاے جوشن: ایک معروف دُعا جو جنگ کے دن اپنی حفاظت کے لیے مانگتے ہیں اور جوشن (زرہ بکتر) کی طرح اُسے اپنا محافظ سمجھتے ہیں۔

دُعاے قدح: ایک دُعا کا نام ہے۔

دعوٰی داری: اپنے بارے میں غیر واقع گمان۔

د ۔ ف

دفترِ نمدی: بے اصل اور بے تہ بات (جس میں گہرائی نہ ہو۔ سطحی) 'کتابِ نمدین' اور 'بیاضِ نمدین' بھی کہتے ہیں؛ نیز فُرج کا کنایہ۔

د ۔ ک

دکان گردیدن: گرمیِ بازار اور دکان کا مال سے بھرے ہونا۔ 'دکان گرداندن' اسی کا متعدّی ہے۔ تحقیق کے مطابق 'گردیدن' بمعنی رونق اور روز بازار ہے، صرف دکان سے مخصوص نہیں ہے۔ مثلاً کہتے ہیں 'خانہ در گردیدن است' (گھر پُر رونق ہے)۔ 'از گرد اُفتادن' بمعنی رونق ختم ہو جانا۔ کہا جاتا ہے، 'سلسلۂ فلاں چیز بگرد آمدہ است' یعنی اُس میں رونق آ گئی ہے۔

دِکِدِی: (اول اور سوم کے نیچے زیر)، گھوڑ کے اوپر ڈالنے والی چادر۔

دُکّہ: ('دُ' پر پیش، 'ک' مشدّد) دُکان۔

د ۔ ل

دل انداختن: دل ہار دینا اور بے دل ہونا۔

دل بچیزے دوختن: کسی چیز کی طرف دل کو متوجہ کرنا۔

دل بدریا کردن و انداختن: اپنے مقدور سے بڑھ کر جود و سخاوت کا کنایہ؛ نیز ''ہر چہ بادا باد'' (اب جو کچھ ہو، کوئی پروا نہیں) کہہ کر توکل اختیار کرنا؛ نیز ہمّت کی بنا پر کسی ہولناک کام پر کمربستہ ہونا۔ 'دل را

بدریا کردن' بھی کہتے ہیں۔

دل بر سرِ زباں داشتن: جو کچھ دل میں ہو، اُسے زبان پر لانا۔

دل برلب وزودویدن: خونیں گریہ وزاری کرنے کا کنایہ۔

دل پُر داشتن: شکوے سے پُر ہونا۔ (یہ معروف ہے) 'پُر بودن' بھی اس کا مترادف ہے۔

دل پُرسی: حال احوال پوچھنا۔

دل دادن: (دل دینا)، چار معنوں میں مستعمل ہے۔ اوّل: دلیر بنانا، دوم: دل جوئی کرنا، خوشامد کرنا، سوم: عاشق ہونا اور اُلفت میں مستعد ہونا، چہارم: کسی کام میں دل کی اجازت دینا۔ 'دل آمدن' کے بھی یہی معنی ہیں۔

دل در گریباں فگندن: بدخوئی دُور کرنے کی خاطر عورتیں بچوں کے گریبان میں بکرے کا دل ڈالتی ہیں۔

دل دل ودل ودل کردن: مضطرب اور بے قرار ہونا۔

دل دویدن: عاشق ہونا، نیز طمع کرنا۔

دل فروگیر: ایسی جگہ جہاں دل قرار پکڑے۔

دل کردن: رغبت کرنا۔

دل واپسی: دل کا تعلق ہونا۔ جب کوئی سفر پر جاتا ہے اور وہ اپنے اہل وعیال کی محبت سے سرشار ہوتا ہے تو کہتا ہے، میں جا تو رہا ہوں 'لیکن دلِ واپسی دارم' اسی لیے بے قرار ہوں۔

دَلَہ: ('دُ' اور 'ل' پر زبر)، سفید لومڑی جس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں؛ نیز ایک حیلہ گر عورت کا نام۔

د ۔ م

دم: معروف؛ نیز بمعنی وقت اسی بنا پر 'دمِ شاد' اور 'دمِ صبح' کہتے ہیں۔

دم بستن: خاموش ہونا۔

دمِ تسلیم: مرنے اور جان دینے کا وقت۔

دم خود بہ کسے سپردن: حالتِ نزع میں اپنا راز کسی کے سپرد کرنا اور اُسے اپنا قائم مقام بنانا۔

دم زدن: بات کرنا؛ نیز خاموش ہونا۔

دُمِ گاو از سینہ رُستن: ایران کے ہنگامہ آراؤں اور مسخروں کا گائے کی دُم سینے پر باندھنا۔

دمِ نرم داشتن: حریف کی ذرا سی گرمی (جوش) سے اپنی جگہ سے اُکھڑ جانا۔

دم و دود: نشان اور اثر۔ 'دود و دم' بھی استعمال ہوا ہے۔ ایک اصفہانی نے بتایا کہ 'دم و دود' سامانِ ضیافت کو بھی کہتے ہیں۔

دماغ آرایش دادن: دماغ آمادہ کرنا۔

دماغ شُستن: وسوسوں سے دماغ پاک کر لینا۔

دماغ گرفتن: 'آستین بہ بینی گرفتن' کا مترادف۔ اس کا ذکر ہو چکا ہے۔

دَمَر: ('دَ' اور 'م' پر زبر)، مُنھ کے بل سویا ہوا۔ عربی میں اسے 'منکوس' کہتے ہیں۔

دمیدن: معروف؛ یہ پانچ موقعوں کے لیے مخصوص ہے۔ مثلاً صبح، سبزہ، گل، بڑی شہنائی اور مشک میں ہوا (صبح ہونا، سبزہ اُگنا وغیرہ)؛ بمعنی جادو پھونکنا معروف ہے۔

د ۔ ن

دنبالۂ آہنگ کشیدن: دم کشوں (سانس کی ورزش کرنے والوں) کا شور بلند کرنا۔

دنبہ گداز: جب کسی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اُس کے نام سے چربی میں کئی سوئیاں لگا دیتے ہیں، اور اُس پر جادو پڑھ کر اُس کے نیچے آگ جلا دیتے ہیں، جب وہ چربی پوری طرح پگھل جاتی ہے تو مذکورہ شخص زار و نزار ہو کر ہلاک ہو جاتا ہے۔

دنگ: ایسی لکڑی جس کے ہر دانے سے جولاہے کپڑا بنتے وقت تار کھینچتے ہیں۔

دندان: معروف؛ نیز بمعنی بوسہ؛ نیز بمعنی طمع و خواہش۔

دندان از چیزے کندن: کسی چیز کو ترک کرنا۔

دندان بر سر حرف و بر حرف گذاشتن: اپنی بات پر قائم رہنا۔ بعض کے نزدیک اپنی بات پر قائم نہ رہنا۔

دندان بر سر دندان نہادن: ناملائم یا سخت بات/ چیز کو برداشت کرنے کا کنایہ۔

دندان بدندان زدن: دریغ اور افسوس کا کنایہ۔

دندان بہ چیزے بند کردن: کسی چیز کی طمع و خواہش کرنا۔

دندان بہ دہان نشستن: دانتوں کا اس قدر باہم بند ہو جانا کہ بڑے زور کے ساتھ کھل سکیں۔ 'دندان بدندان کلید شدن' بھی انھی معنوں میں ہے اور یہ حالت اکثر غشی اور مرگی میں ہوتی ہے۔

دندان بہ فارسی نہادن و گذاشتن: کسی بات کو سمجھ لینا اور اُسے قبول کر لینا۔

دندان بہم خوردن: ایسی حالت ہے جو سخت سردی میں پیش آتی ہے (یعنی دانت بجنا)، اِسے 'دکدک دنداں' بھی کہتے ہیں۔

دندان تر بر کسے داشتن: کسی کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرنا۔

دندان رنجش: کسی نوبیاہتا کو پہلی بات سننے پر جو کچھ دیا جاتا ہے۔

دندان زنی: برابری اور دشمنی کرنا۔

دندان سُرخ کردن: خواہش کرنا۔

دندان نمودن: ہنسنا، خندہ زنی۔

دندانی کردن: شرمندہ کرنا۔

دَنگ: (دُ پر زبر)، پتھر وغیرہ کے باہم ٹکرانے سے پیدا ہونے والی آواز؛ نیز نقطۂ پرکار کا نشانہ۔

د ـ و

دوات اشور میلی: وہ چیز جس سے دوات کا صوف اوپر نیچے کرتے ہیں۔

دوالک بازی: مکاری اور حیلے بازی۔

دوانِدن: کسی کو خجل کرنا، شرمندہ کرنا۔

دو بحر زدن: دو بحروں والا شعر کہنا، جو شاعری کی ایک صنعت ہے۔

دو بُرجی: ایسا کبوتر جو ایک بُرج میں ٹِک کر نہ رہے۔ 'دوبامہ' بھی کہتے ہیں۔ مجازاً 'دوبُرجی' سے مراد ہرزہ گرد (آوارہ گرد) آدمی۔ لوطیوں کی اصطلاح میں لونڈے باز اور عورت باز شخص۔

دو برہم زنی: چغل خوری اور بدگوئی سے دو آدمیوں میں جھگڑا پیدا کرنا۔

۲دو تیغہ باز: بہادر، بہت زیادہ جنگ تلاش کرنے والا۔

دو چار شدن و دو چار اُفتادن: معروف؛ اچانک آمنے سامنے ہونا، آنکھیں چار ہونا۔

دو دستی درآویختن: نہایت بے تکلفی کا کنایہ؛ نیز 'دو دست گرفتن'۔

دوسری: غلاف کی ایک قسم جو مخمل پر ڈالتے ہیں؛ نیز خیمے کی ایک قسم۔

دو طلب کردن: کسی کام کو انجام دینے کا دعوٰی کرنا، یعنی بیڑا اٹھانا۔

دوگانہ: معروف؛ نیز بمعنی جڑواں۔

دو نیابد: ایک بددُعا، یعنی فلاں کو مجال اور طاقت میسّر نہ ہو، اور اُس کی مراد پوری نہ ہو۔

دو نیم قرت باقی: ایسے موقع پر بولا جاتا ہے جب کوئی شخص حصولِ مقصد کے باوجود سر سے نہ ٹلے، اور دست بردار نہ ہو۔ اِس مثل کا ماخذ یہ ہے کہ تین دوست سفر میں تھے۔ ایک شخص اُن کے لیے دہی کا پیالہ لایا، چوں کہ اور کوئی برتن نہ تھا لہٰذا یہ طے پایا کہ ہر کوئی تین گھونٹ اُس سے پیے۔ اگر باقی بچے تو پھر سے یہ دور چلے۔ ایک جس نے ابتدا کی تھی ایک ہی گھونٹ میں سارا چڑھا گیا اور بولا 'ابھی میرے دو گھونٹ باقی ہیں'۔

دود چراغ: ایسی تکلیف یا محنت جو تحصیلِ علم میں اٹھائی جاتی ہے؛ نیز خربوزے کی ایک قسم۔

دودِ دل: آہ۔

دودِ دل خالی کردن: اپنا دردِ دل ظاہر کرنا۔

دُود کردن: ظاہر ہونا، ظہور کرنا۔

دُود کش: روشن دان جو حمام میں دھوئیں (کے اخراج) کے لیے بنایا جاتا ہے۔ اسے ہند کی ساختہ فارسی کہنا، فارسی کی بنیاد سے دُھواں نکالنا ہے۔ 'دہانۂ بخاری' اور 'روزنِ گلخن' بھی انھی معنوں میں ہیں۔

دُودِ مشعل: خربوزے کی ایک قسم؛ نیز اسبابِ جاہ وحشمت کا کنایہ۔

دُور افتادہ: معروف؛ نیز ایسا شخص جو بات کو صحیح طور پر نہ سمجھے، یعنی اُس کے ادراک سے زور پڑا ہو۔

دَور کسے گردیدن: کسی کے گرد گھومنا۔ 'گردِ کسے گردیدن' کا مترادف۔

دُوری دوستی: دُوریوں، یعنی فاصلوں سے سرگرم محبت کرنا۔ صلح وصفا، دُوری دوستی کا نتیجہ ہے۔

(''بہارِ عجم'' میں شعراور محاورے، دونوں میں 'دوری ودوستی' ہے۔)

دوستکانی: اپنا پیالہ دوسرے کو پیش کرنا۔ 'حبا کردن' کا مترادف ہے۔(اِس کا ذکر ہو چکا۔)

دوش خوردن: 'پہلوخوردن' کا مترادف۔(اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔)

دوش زدن: آگاہ کرنے کا کنایہ۔

دوشاب دلی: حاملہ عورتوں کی طرح ہر پل کسی چیز کی خواہش کرنا۔

دوک: معروف؛ نیز ابریشم اور پشم بٹنے والا آہنی اوزار۔ یہ مستطیل لکڑی کا بھی ہوتا ہے جس کے نیچے دوسری لکڑی نصب کی جاتی ہے۔ اِس لوہے یا لکڑی کو دونوں ہاتھوں سے گھماتے ہیں تاکہ ابریشم اور پشم پیچ وخم کھا کر بٹنے میں آئیں۔

دول: ('دُ' پر پیش، نیز واوِ مجہول) کشتی۔

دولاب گردانی: پریشاں حالی میں کسی ایک سے قرض لے کر کسی دوسرے کو دے دینا اور یوں ردّ وبدل کر کے بسر کرنا۔ 'دولاب' بھی کہتے ہیں۔ 'دولابی' جو یہ کام کرتا ہے۔

دولتِ خوابیدہ: 'دولتِ بیدار' کی ضد۔('دولتِ بیدار' یعنی مفید دولت۔ 'دولتِ خوابیدہ' بے کار دولت۔)

دویدنِ چشم: کسی خبر کے تجسس میں بہت نگاہ کرنا، توجہ کرنا۔

د ۔ ہ

دہ پنجی: غیر معیاری زر، سکّہ؛ بہت کھوٹا سکّہ۔

دہ دہی ودہی: بڑا معیاری رائج وقت سکّہ، ہند میں اسے 'بارہ بانی' کہتے ہیں۔

دہ می بینی وفرسنگ می پُرسی: یعنی جو کچھ تیرے سامنے ہے تُو اُس کے بارے میں تفحص کر رہا ہے۔ کسی کے تجاہلِ عارفانہ کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

دہلو: یعنی دہلی، مشہور شہر۔ سلاطینِ ہند کا پایۂ تخت۔

دہنِ تیغ: تلوار کی باڑھ، دھار۔ 'رُوے تیغ' بھی کہتے ہیں۔

دہن خوانی: کسی پر الزام لگانا۔

دہنِ فرنگ: ایک پتھر جو آنکھوں کی دوا میں استعمال ہوتا ہے۔ اسے 'زنگارِ معدنی' اور 'دہنہ فرنگ' بھی

کہتے ہیں۔

د ۔ ی

دیدار بینی: 'عشق بازی' کی دو قسمیں ہیں۔ ایک 'دیدار بینی' جو پاک بازی ہے، اور دوسری 'ہرزہ کاری' جو ہر خشک وتر پر مارنا ہے۔ لوطیوں کی اصطلاح میں دوسری قسم کو 'مطبخ کی چھری' کہتے ہیں۔

دیدنِ دیوانہ ماہِ نو: جنون و دیوانگی کا جوش میں آنا۔ جب کوئی دیوانہ ماہِ نو دیکھتا ہے تو اُس کا جنون بڑھ جاتا ہے۔

دیدن کردن: کسی کی ملاقات کو جانا۔

دیدہ گرم کردن: 'چشم گرم کردن' کا مترادف، جو کنایہ ہے ایک آنکھ کی نیند کا۔

دیدہ نازک کردن: بڑے غور سے دیکھنا۔

دیگ بربار کردن: دیگ دیگ دان پر رکھنا اور ایک طرف طعام پکانا۔

دیگ جوش: فقیروں کے لیے کھانا پکانا۔

دیگر کسے چہ خاک بر سر کند: یعنی کوئی اِس سے زیادہ اور کیا، یا کتنی سعی و تلاش کرے۔

دِیل بلمز: ('دٌ' کے نیچے زیر)، ترکی عبارت ہے، بمعنی (وہ) زبان نہیں جانتا۔ 'دِیل' بمعنی زبان، 'بلمز' بمعنی (وہ) نہیں جانتا۔ 'مز' علامتِ نفیِ مضارع ہے۔

دیوزدہ: ایسا شخص جسے جن کا آسیب پہنچا ہو۔

دیوار بلند: (بغیر اضافت کے)، کسی کو عاجز و زبوں دیکھنے کا کنایہ۔

دیوار گوش دارد: حفظِ راز کے سلسلے میں مبالغہ۔

دیوان: اِس کے چند معنی ہیں۔ اوّل، داد و فریاد اور ماجرا۔ دوم، عدالت۔ سوم، شعروں کی کتاب (یہ مشہور ہے)۔ چہارم، صاحبِ مسند۔ اِسے 'صاحب دیوان' بھی کہا جاتا ہے۔

ذ

ذ ـ و

ذوالفقار: حضرت شاہِ نجفؓ (حضرت علیؓ) کی تلوار کا نام؛ اور ایک مشہور حلوائی کا نام۔

ذ ـ ہ

ذہنِ دریا: گرداب؛ نیز قعرِ دریا، 'ذہن' بمعنی تہ اور باطن بھی مستعمل ہے۔

ذہنِ کشتی: ہوا نہ ہونے کے باعث کشتی کا رُک کے رہنا۔

ر

ر ـ ا

راحتی: بیت الخلا کا طشت؛ نیز ایک ایسا چراغ جس کے پائے ہوتے ہیں۔ اسے 'چراغِ پایہ راحتی' کہتے ہیں۔

رازِ دل کردن: دل کا راز ظاہر کرنا۔

راست پا آمدن: کسی ایک جگہ سے دوسری جگہ آنا، راستے میں کسی تاخیر کے بغیر۔

راست خانہ: ایسا شخص جو راست اور درست ہو۔

رام رنگی: ہندی لفظ۔ جہانگیر بادشاہ نے شراب کو اِس نام سے یاد کیا ہے۔

رانکی: گھوڑے کی زین کا ڈبچی۔

راہ از پیشِ پا برداشتن: تردد و تلاش ترک کرنے کا کنایہ۔

راہ بریدہ: (اضافت کے ساتھ)، ایسا راستہ جو راہ زنی کے باعث بند ہو؛ لوگ اُس راہ نہ جائیں۔

راہ بسرِ کسے بُردن: کسی کا کسی کے عین وقت پر وہاں پہنچنا۔

راہ بہ بست آمدن: راستہ بند ہونا۔

راہ پیش گذاشتن: رہنمائی کرنا۔

راہ حسن کوچہ چپ زدم و صاف گذشتم ایسے موقع پر بولتے ہیں جب راستہ چلتے ہوئے کوئی خلل ڈالنے والا دور سے نظر آ جائے تو آدمی نظریں چرا کر کسی دوسرے کوچے سے گزر جائے؛ یعنی میں نے عیاری سے کام لیا اور اُس شخص کے شر سے بچ گیا۔ حسن ایک عیار کا نام تھا جو چپ دست (کھبا) تھا۔

راہ خوردن: سرعت کے ساتھ راستہ طے کرنا۔

راہ دادنِ فال: کسی امرِ معہود کو احسن طریقے سے انجام دینے کی خاطر فال اور استخارے سے (حسنِ انداز) معلوم کرنا۔

راہِ دریا قفل بودن: غیر موسم میں دریا کے سفر سے عبارت ہے، اور وہ سیلاب وطوفان کا موقع ہے۔

راہِ دویدہ: بے سود سعی وتلاش کا کنایہ۔ اس مثل کا ماخذ یہ ہے کہ ایک مفعول لڑکے کو جو کچھ ملتا، فقیروں میں بانٹ دیتا۔ جب اُس کے ڈاڑھی آئی تو وہ چور بن گیا۔ اُسی طرح چوری کا مال فقیروں میں تقسیم کر دیتا۔ ایک دن اُس نے ایک ظریف استاد سے ایک مسئلہ پوچھا۔ اُس نے کہا، ثواب اور گناہ برابر ہیں، راہِ دویدہ وکونِ دریدہ (طے کردہ راستہ اور پھٹی ہوئی کون) تیرے پاس رہ گئی۔

راہ دیوار کردن: راستہ بند کرنا۔

راہ راہ: ایک لکیر دار چیز۔ کہا جاتا ہے، 'جامہ وقبائے راہ راہ' و'چیتِ راہ راہ'۔ (لکیر دار چھینٹ۔)

راہ روشن کردن: راہ دکھانا۔

راہِ کور: (اضافت کے ساتھ)، ایسا راستہ جس پر کوئی نہ چلے۔

راہِ کوہ رفتن: لواطت (لونڈے بازی) کا عمل کرنا۔

راہ نشیں: ایسے بھک منگے کا کنایہ جو بے خانماں ہو اور برسرِ راہ بیٹھ کر بھیک مانگتا ہو۔

رائج: وہ سکّہ جو ٹکسال میں ڈھالا گیا ہو۔ اس کے مقابل (ضد) 'خارج' ہے۔ جس سے مراد کھوٹا سکّہ ہے۔

ر - ب

رباطِ شور: نجفِ معلّٰی کے نزدیک ایک سرائے کا نام۔

رُباعی خواندن: (رباعی پڑھنا)، ایک دستور ہے کہ جب کوئی ماہر سوار کسی پہلوان کے قریب پہنچتا ہے تو بڑی شدّ ومد کے ساتھ رُباعی پڑھتا ہے۔

ر ۔ خ

رُخ کسے بردن: کسی کی آبروریزی کرنے کا کنایہ۔

رختِ سلامی ورختِ سلام علیک: ایسا لباس جو دربار میں جانے کے لیے پہنتے ہیں۔

رخنۂ شمشیر: چاک زخم کا کنایہ۔ بعض کے زعم میں اِس سے مراد تلوار کی دھار ہے۔ پہلے معنی زیادہ صحیح ہیں۔

ر ۔ د

رده: راستہ اور صف۔

ر ۔ س

رُستاق وروستاق: روستا (گاؤں) کا معرب۔ 'رساتیق' جمع، یعنی قریے اور شہر کے نواحی علاقے۔

رُستمِ برف: برف سے ایک پہلوان کی شکل بناتے ہیں جو بڑی خوف ناک ہوتی ہے۔ یہ 'شیرِ برف' ہی کی طرح ہے۔

رُستمِ یک دست: یہ رُستم زال سے ہٹ کر ایک دوسرے پہلوان کا نام ہے جس کا پیدائشی ایک ہاتھ نہ تھا۔

رسم المُہر: وہ چیز جو سلاطین اور امرا کا مُہر دار مختلف منشورات واحکام پر مُہر لگاتے وقت لوگوں سے لیتا ہے۔

ر ۔ ش

رشتہ بہ انگشت پیچیدن وبستن و بہ چیزے بستن: جب کسی سے کوئی وعدہ لیا جاتا ہے تو اُس کی انگلی پر سوت لپیٹ دیتے ہیں تاکہ اُسے دیکھ کر وعدہ یاد رکھے۔ اب مطلق یاد رکھنے پر بھی مستعمل ہے۔ عربی میں اِسے 'ارتام' کہتے ہیں۔

رشتۂ بے جان: یعنی 'تارِ بے جان' جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

رشتۂ خطائی: ایک ایسی چیز ہے جو پسے ہوئے چاولوں کو سانچے میں ڈال کر تیار کی جاتی ہے۔ (نخ ابریشم کی طرح ماہیچہ کی ایک قسم)، اِسے نبات (مصری)، بادام، پستے، بید مشک اور گلاب کے عرق کے ساتھ کھاتے ہیں، خاص طور پر اِفطاری کے وقت۔ اِسے ایک قسم کی دوا کہنا محض

رنج اٹھانا ہے۔ اسے 'رشتۂ قطائف' بھی کہتے ہیں۔

رشتۂ عمر: سال گرہ کا دھاگا۔

رشتۂ مریم: مریم کے دھاگے کا تار، جسے لوگ تبرک کے طور پر لے جایا کرتے تھے۔

ر ۔ ص

رصددرکارے بستن: کام کو پوری پوری خوبی کے ساتھ مکمل کرنا۔ 'زیج بستن' بھی انھی معنوں میں ہے۔

ر ۔ ع

رعد: معروف؛ نیز بجلی کا پتھر، بڑی توپ کا گولہ۔

ر ۔ ف

رفتن: معروف؛ نیز بمعنی مرنا۔ اور 'رفتہ' بمعنی مردہ؛ نیز بے ہوش ہونا، بے خود ہونا۔

رفرف: کئی معانی ہیں۔ اُن میں سے ایک پرندے کا پر مارنا ہے۔ (باقی معانی کتب لغت میں مرقوم ہیں۔)

ر ۔ ق

رقصِ روانی ورقصِ چارپارہ ورقصِ مُلّا: رقص کی قسمیں ہیں۔ 'رقصِ مُلّا' لوطیوں کی اصطلاح میں بمعنی شہوت اور حرکاتِ جماع۔

رقعۂ مہمانی: کسی دعوت اور مہمانی کی تقریب پر ایک دوسرے کو لکھا جانے والا رقعہ (دعوتی کارڈ)، جیسا کہ ہند میں رسم ہے۔

ر ۔ ک

رکاب: معروف؛ نیز پیالے کی ایک قسم۔

رکاب دار: وہ شخص جو گھوڑے کی رکاب پکڑ کر امیر لوگوں کو اُس پر سوار کراتا ہے، جیسا کہ رسم ہے؛ نیز وہ

شخص جو قسم قسم کے حلوے اور بادام کی مٹھائیاں بناتا ہے۔

ر ۔ گ

رگِ چیزے گرفتن: کسی کو اپنا زیردست اور فرماں بردار بنانا۔ 'رگِ خواب کسے گرفتن' بھی انھی معنوں میں ہے۔

رگِ فلاں چیز ندارد: یعنی اُسے اِس چیز کی استعداد نہیں ہے۔

ر ۔ ن

رنجِ باریک: مشہور مرض تپ دِق، اِسے 'بیماری باریک' بھی کہتے ہیں۔

رندانہ کرد: یعنی فلاں نے رندانہ کام کیا۔

رنگ و رنگ و آب بر رُوے کار آوردن: کام کو رونق اور بہا و اَرزش دینا۔

رنگ بر آب زدن و ریختن: ایسا نیا کام کرنا جو ستائش کا باعث اور مایۂ فخر و مباہات ہو۔

رنگ بر آوردن: نیا رنگ پیدا کرنا۔

رنگ بریدن: رنگ ریزوں کا یہ معمول ہے کہ جب کسی کپڑے پر ضرورت سے زیادہ رنگ چڑھ جائے تو اُسے کھٹی اشیا سے دھو دیتے ہیں تاکہ رنگ کم ہو جائے۔

رنگ دادن و ستاندن: خجالت و شرمندگی کے باعث چہرے کا رنگ متغیر ہونے کا کنایہ۔ ائمۂ لغت نے 'رنگ' بمعنی خجالت لکھا ہے۔

رنگ ریختن: کسی کام کی بنیاد رکھنا؛ نیز بمعنی شکستِ رنگ۔

رنگِ زندہ: سبز رنگ۔

رنگ کردن: دغا و فریب کرنا، 'رنگ' بمعنی مکر و حیلہ ہے۔

رنگ گسیختن: شکستِ رنگ۔

رنگِ لیموئی و طلائی: زردی مائل سفید رنگ۔ اِس کا اطلاق عاشق کے رنگ پر زردی کی بنا پر اور معشوق کے رنگ پر اُس چمک کے سبب ہے جو سونے کا لازمہ ہے۔

ر ۔ و

رُو: کئی ایک معنی کے علاوہ بمعنی رونق بھی مستعمل ہے۔

رُو وزُخ گرفتن: چہرہ چھپانا۔ اور 'رُوے کسے گرفتن' کنایہ ہے اُس کا سوال قبول کرنے اور اُس کے چہرے پر نگاہ رکھنے سے؛ نیز بمعنی تسخیر کرنا۔

رُواز سنگ داشتن: بے حیا ہونا۔

رُوافگندن واندا ختن: عجز وخوشامد کرنا۔ اور 'رُو بچیزے انداختن' بمعنی اُس کی طرف متوجہ ہونا۔

رُوبدیوار: حیران۔

رُوبرآوردن زخم وداغ: زخم اور داغ کا ٹھیک ہونا، اچھا ہونا، 'رُوفراہم آوردن' اور 'سربہم آوردن' کے بھی یہی معنی ہیں۔

رُوبستنِ دماغ: 'دماغ گرفتن' کا مترادف۔ اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔

رُودادن: توجہ کرنا اور حاصل ہونا؛ نیز 'رُوکردن' بمعنی حاصل ہونا، استعمال ہوا ہے۔

رُوساختن ورُوداشتن: شرمندہ ہونا۔ 'رُو' بمعنی شرم استعمال ہوا ہے۔ اور 'رُوفرمودن' بمعنی شرمندہ کرنا۔

رُوکردن: (حاصل ہونا، اوپر ذکر ہو چکا ہے)، اِس کے علاوہ دو معنی ہیں: رُوبرو کرنا اور ظہور کرنا۔

رُوںداشتن: بے حیا ہونا۔

رُوے بند: بُرقع۔

رُوے تیغ: 'دہنِ تیغ' (اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔)

رُوے چیزے نداشتن: شرمندگی کے سبب کسی کے رُوبرو ہونے کی مجال نہ رکھنا / ہونا۔

رُوے دست نہ: کشتی کا ایک داو۔ حریف کے پاؤں میں پاؤں اَڑا کر ایک ہاتھ اُس کے سینے پر زور سے مارنا تاکہ وہ اپنی جگہ سے ہل جائے؛ نیز مکروفریب کا کنایہ۔

رُوے کسے دیدن: کسی کی شرم کرنا۔

روّاس: ('و' پر تشدید کے ساتھ)، کلّہ فروش۔

روحِ توتیا: جست، جسے قتل کرنے کے بعد آنکھ میں لگاتے ہیں؛# نیز بمعنی شراب۔

روح توتیا: جست کہ بعدِ کُشتن آں را در چشم کشند ... = جست، جس کا کُشتہ بنا کر آنکھ میں لگاتے ہیں۔ [کُشتہ: دھاتوں، مثلاً سونا، چاندی، تانبا وغیرہ، یا جواہرات، یا پارے کی پُھنکی ہوئی شکل، جو راکھ ہو جاتی ہے، اور اُسے بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے۔ (اُردو لغت، تاریخی اصول پر؛ جلد چہاردہم، اُردو لغت بورڈ، کراچی، جنوری ۱۹۹۲ء)]
(نقش)

روزِ دگر: (اضافت کے ساتھ)، روزِ قیامت۔

روزگار است: اُمید و توقع میں کہا جاتا ہے۔ یعنی کارِ عالَم ہے شاید نقش مراد پر بیٹھے (مراد پوری ہو)، نامرادی کے معنی لینا غلط ہے۔

روزہ بروزہ بردن: فاقے پر فاقہ کرنا۔

روزۂ مریمؑ: خاموشی کا کنایہ۔ حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش پر مریمؑ کے اقربا حیرانی و تعجب کے ساتھ اُن کے پاس آئے اور حال پوچھا۔ اُنھوں نے تعلیمِ غیبی کی بنا پر اشارہ کیا کہ روزے سے ہوں، بات نہیں کروں گی۔ اُس دور میں خاموشی روزے کی شرائط میں سے تھی۔

روضۂ ماہِ محرم: وہ مجلس جس میں ایامِ عاشورا میں ''روضۃ الشہدا'' پڑھتے اور روتے ہیں۔ 'روضہ خواں'، جو منبر پر چڑھ کر ''روضۃ الشہدا'' پڑھتا ہے۔

روغن از سنگ واز کدوے خشک کشیدن: پتھر سے کوئی چیز پیدا کرنا۔ 'از سنگ پیدا کردنِ چیزے' کا مترادف۔ اس کا ذکر ہو چکا ہے۔

روغن بہ خود زدن: کسی کام کا دعویٰ کرنا۔ اِس کا ماخذ کسی پہلوان کا کُشتی کے وقت اپنے بدن پر تیل ملنا ہے۔

روغنِ قاز و کدو مالیدن: خشک قسم کی چاپلوسی اور خوشامد کرنا۔

روغنِ کدو: شراب کا کنایہ۔

رُومالِ سیاہ: وہی 'پردۂ نیلوفری' اور 'پردۂ مشکیں'، جن کا ذکر ہو چکا ہے۔

ر ــ ہ

رہ آورد و رہگذار: سفر سے واپسی پر لائی جانے والی سوغات۔

رہدار و راہدار: وہ شخص جو حکام کی طرف سے راستوں کی حفاظت پر مامور ہو، اور تاجروں سے خراج وصول کرے؛ نیز بمعنی رہزن۔

ر ۔ ی

ریختہ پا: ایسا گھوڑا جس کے اعضا اور جوڑوں کا تناسب بہت اچھا ہو۔

ریختہ گری و ریختن: کسی چیز کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا اور اُس سے کچھ بنانا۔ 'ریختہ' بمعنی پگھلا ہوا، بنا ہوا بھی ہے۔

ریزہ خوانی: ظرافت میں بات کرنا۔

ریزہ سرائی: نغمہ سرائی۔

ریزہ کاری: 'خوردہ کاری' کا مترادف، اور وہ معروف ہے۔

ریسمان برائے کسے تافتن: کسی کو قتل کرنے کا سوچنا۔

ریسمان دادن: شرمندہ کرنے کی خاطر بے جا قسم کی غیر واقع تعریف کرنا۔

ریشِ چیرباف: کھردری لمبی ڈاڑھی، جو جولاہے کے کنگھے جیسی ہو۔

ریش فروشد متاعِ مردم را: زاہدان کی طرح ایران کی مشہور ضرب المثل۔ صلاح و تقوے کے اظہار کے لیے لمبی ڈاڑھی۔ کسی کو دھوکا دے کر اپنی خراب شے گراں فروشی کے بہانے بیچنا۔#

ریش فروشد متاعِ مردم را: مثلے است مشہورِ ایران مانندِ زاہدان، ریشِ دراز بہ اظہارِ صلاح و تقوٰی؛ کسے را فریب دادن و متاعِ کاسد خود را بہ بہائے گراں فروختن؛ یعنی ریشِ دراز متاعِ ناروائے اُو را می فروشد = کسی کو دھوکا دینا اور اپنے ناقص مال کو مہنگے داموں فروخت کرنا؛ یعنی لمبی ڈاڑھی اُس کے نامناسب مال کو بیچتی ہے۔ (نقش)

ریشِ قاضی: شراب صاف کرنے کا کپڑا، صافی۔

ریش نداشتن: اعتبار و آبرو سے عاری ہونے کا کنایہ۔

ریشہ: بعض چیزوں کا کنارہ، جیسے 'ریشۂ دستار'؛ جسے اب 'طرۂ دستار' کہتے ہیں۔

ریقو: ایسا شخص جس کا پیٹ خود بخود جاری ہو۔

ریگِ زرگری: سنار کی بھٹی کی خاک، جسے سنار پانیوں سے دھو کر اُس سے سونے کے ریزے حاصل کرتے ہیں۔

ریگ شوئی: ریگِ زرگری کا دھونا۔

ز

ز ۔ ا

زاغ کمان: کمان کا کنارہ، گوشہ۔ 'زاغ سہ پر' تیر کا کنایہ ہے۔

زاغول: ('غ' ساکن)، پرندے کی چونچ کی طرح تیز سرے والا باریک تیر، کوّے کی چونچ جیسا۔ کبھی اس کے ساتھ جنگ کرتے اور کبھی زمین کھودتے ہیں۔

ز ۔ ب

زباں بازی: برابری اور خصومت۔

زبان با کسے یکے کردن و داشتن: کسی سے اتفاق اور موافقت کرنا۔

زبان بر خاک مالیدن: عجز کا کنایہ۔

زبان بر دیوار مالیدن: قناعت اور توکل کا کنایہ۔

زبان بند خرد: شراب کا کنایہ۔

زبان ترازو: یعنی 'خار ترازو' جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

زبان دادن: عہد و پیمان کرنا؛ نیز بات کرنے کی اجازت دینا۔

زبان زرگی: ایسی زبان جو کچھ لوگ باہم طے کر لیتے ہیں اور اُن طے شدہ الفاظ کے ساتھ آپس میں بات کرتے ہیں تاکہ کوئی دوسرا نہ سمجھ سکے؛ اور وہ یوں ہے کہ کوئی سے دو حرفوں میں ایک حرف شامل کر دیتے ہیں؛ اور اس کا بہت رواج ہے۔

زبان عکس: توتلی یا ہکلی زبان۔

زباں فروش: بے موقع بہت باتیں کرنے والا، باتونی۔

زبانِ گنجشک: نان یا روٹی کی ایک قسم جسے 'توشدیلی' بھی کہتے ہیں۔

زبانِ گندمی: نرم بات کرنے والی زبان۔

زباں گیری: دشمن کے لشکر میں سے کسی ایک کو پکڑ لانا تاکہ اُس سے کیفیت اور کمیت معلوم کی جائے۔ اُس گرفتار شدہ آدمی یا فوجی کو 'زباں گیر' کہتے ہیں۔ اور 'گرفتنِ زباں' زبان کی لکنت کا کنایہ ہے۔

زبانہ: شعلہ۔ زبان کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

ز ۔ خ

زخمِ دامن دار: موٹا زخم، پھیلا ہوا زخم۔

زخمِ نمک بند: ایسا زخم جس پر نمک لگایا جاتا ہے تاکہ اُس سے خون بہنا بند ہو۔ جب کوئی شب زندہ داری کرنا چاہتا ہے (یعنی رات بھر جاگ کر عبادت کرنے کا خواہاں ہوتا ہے) تو وہ کسی انگلی پر زخم لگا کر اُس پر نمک لگا دیتا ہے تاکہ نمک زدہ زخم کے درد کے سبب نیند نہ آئے۔

ز ۔ د

زدن: اِس کے کئی معانی ہیں، جن میں سے ایک 'جماع' ہے۔

زدنِ شراب: بہت زیادہ شراب پینے کے باعث دل زدہ ہو جانا۔ یہ بھی 'زدنِ شیرینی دل را' کی مانند ہے؛ اور یہ معروف ہے۔

ز ۔ ر

زرّاف: ('ز' پر تشدید، 'ف' پر زبر) مصر کے نواح میں ایک عجیب قسم کا حیوان؛ اِسے 'اشتر گاو پلنگ' بھی کہتے ہیں۔

زر رفت بریدہ پنبہ کردن: ایک ضرب المثل ہے جو کسی کام کے روکنے کے موقع پر بولی جاتی ہے۔

زرِ تازہ: ایسا سکّہ جو تازہ تازہ ڈھالا گیا ہو۔ 'تازہ سکّہ' بھی کہتے ہیں۔

زر شکستہ: کھوٹا سکہ۔

زرورق: چاندی یا سونے کا ورق۔ ہندی میں اسے 'ابرک' کہتے ہیں۔

زروک: معروف؛ نیز آلۂ تناسل کا کنایہ۔

ز ۔ ش

زشت کردن: پہلوانوں کی اصطلاح میں حریف کو مغلوب اور خوار و زبوں کرنا۔

ز ۔ ع

زعفرانی خندہ: بہت زیادہ ہنسی۔ اِس کا ماخذ زعفران زار کو دیکھ کر بے اختیار ہنسی آنا ہے۔

ز ۔ غ

زغال آختہ: ایک تُرش پھل جو تازہ زرشک سے زیادہ اُبھرا ہوا اور سیاہ رنگ ہوتا ہے۔ اسے بکرے کی اوجھڑی میں پکاتے ہیں۔

ز ۔ ق

زقّہ: ایک دارو۔ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو دایہ کھجور وغیرہ سے بنا کر اُس کے حلق میں ڈالتی ہے، جسے ہند میں 'گھٹی' کہتے ہیں۔

ز ۔ ل

زلفِ عروس: ایک پھول کا نام جو گھنگھریالی زلفوں کی مانند ہوتا ہے اور کشمیر میں اُگتا ہے۔

زلفِ عُقار: عُقار کے پر۔ یہ ایک پرندہ ہے جس کے پر زلف کی مانند پیچ در پیچ اور شکن در شکن ہوتے ہیں، اِن سے جیغہ (ایک مرصّع زیور، جسے پگڑی میں باندھتے ہیں) بنایا جاتا ہے۔

ز ـ م

زمام: خاص طور پر اونٹ کی اور عموماً گھوڑے کی لگام۔

زمیں از دُور بوسیدن: نہایت ادب کا کنایہ۔

زمین دیوار: کشتی کی ایک ورزش۔ دونوں ہاتھ زمین پر رکھ کر دونوں پاؤں دیوار پر مارنا۔

زمینِ مُردہ: 'خاکِ مردہ' کا مترادف۔ اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔

ز ـ ن

زنارِ مینا: وہ لکیر سی جو اُدھ بھری مینا (صراحی) میں بنتی، یعنی نظر آتی ہے۔ اور 'زنارِ ساغر' بمعنی موجِ شراب۔

زنبغل: ('غ' پر پیش)، مُنھ کو ہوا سے بھر کر ہاتھ اُس پر مارنا، تاکہ اُس میں سے آواز نکلے۔

زنبوری: جالی دار شے (مشبک) یہ 'شانِ عسل' (شہد کی مکھیوں کا چھتّے) سے ماخوذ ہے، اِسی لیے 'پردہ مشبک' اور 'چیغ' (یا 'چِق') کو 'پردہ زنبوری' کہتے ہیں۔

زنجیر کردن و زدن: معروف؛ زنجیر ڈالنا۔

زنگ و زنگولہ بستن: کسی فن میں بلند مرتبہ حاصل کرنا۔ بعض کے مطابق: بلند مرتبے کا دعویٰ کرنا۔ ولایت (افغانستان، ایران) میں یہ رسم ہے کہ جب کوئی شاطر (شطرنج باز) یا پہلوان فن کے کمال کو پہنچتا ہے تو وہ گھنٹی باندھ لیتا ہے۔ ہند میں شاطر گھنٹی باندھنے کو کمال کے حصول کی شرط نہیں جانتے۔

زنگِ حیدری: بڑی گھنٹی جو قلندر کمر پر باندھتے ہیں۔

ز ـ و

زود بود: بے جا اور بے حساب کا کنایہ۔

زود سیر: وہ شخص جس کا جی دوستوں کی صحبت سے جلد بھر جائے اور پھر دو بیگانگی کھٹکھٹائے (غیریت

ظاہر کرے۔)

ز ۔ ہ

زہ وزاد: بال بچے، اہل وعیال۔

زہ گیر: معروف؛ 'زہ گیر زہ گیر کردن'، مراد پارہ پارہ یا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ لوطیوں کی اصطلاح میں 'زہ گیر' فرج کا کنایہ ہے۔

زہر چشم: وہ غیظ وغضب جو تیز وتند نگاہ سے محسوس ہو۔ 'زہر' بمعنی خشم ہے۔ 'زہرِ چیزے گرفتن' سے مراد کسی کی تندی وتلخی اور خشم وغضب کو برداشت کرنا ہے۔

ز ۔ ی

زیادہ کردن: معروف؛ کم کرنے کا کنایہ۔

زیر افگن: موسیقی کا ایک راگ، جسے ہند میں 'بھیروں' کہتے ہیں۔

زیر پائی کشیدن: مثلاً ایک چور ہے جو اپنے عمل سے انکاری ہے۔ اُسے نرم میٹھی باتوں میں الجھا کر اُس سے اقرار کروالینا اور اُس کے کام کی تہ سے واقف ہونا۔ 'زیر پائی' تجبیہ وتادیب کے معنوں میں مستعمل ہے۔

زیر پیچ: دستار کی تہ پیچ (نیچے کا کپڑا۔)

زیر جامہ: ازار (پاجامہ، وغیرہ۔)

زیر چاق: مغلوب اور فرماں بردار۔ 'بالا چاق' اس کی ضد ہے یعنی غالب اور حکم دینے والا۔

زیر کردنِ سیاہی: ایک ایسی حالت ہے جس میں 'سیاہی' (تاریکی) آدمی کو نیند میں آ پکڑتی ہے اور وہ اس طریقے سے کہ اُس کا سانس گھٹنے لگتا ہے۔ عربی میں اسے 'عبد الجنہ' اور 'کابوس' کہتے ہیں۔ فارسی میں 'فرنجک'۔ (سوتے میں ڈر جانے کی بیماری۔)

زیرِ لب: آہستہ اور پوشیدہ بات کرنے اور ہنسنے کا کنایہ۔ چناں چہ کہا جاتا ہے 'سخنِ زیرِ لب'، 'تبسمِ زیرِ لب'۔

س

س ۔ ا

ساچمہ: فلوس، پیکان اور چاقو سے بھری ہوئی تھیلی، جو توپ میں گولے کی بجائے رکھتے ہیں۔

ساز برتار بستن: ساز کو سُر میں لانا۔

سازو: رسّی۔ 'سازو باز' رسّی باز (رسّی کا تماشا دکھانے والے) کو کہتے ہیں، اور جسے 'دار باز' بھی کہا جاتا ہے۔

عت: معروف؛ روز و شب کا کوئی حصہ (گھڑی، پل)؛ نیز بمعنی قیامت۔

ساعتِ سنگیں: (اضافت کے ساتھ)، نامبارک گھڑی 'سنگین' بمعنی نحس اور شوم بہت مستعمل ہے۔

ساعتہ: 'ساعت' سے منسوب، جیسے 'یک روزہ' اور 'یک شبہ' وغیرہ۔

ساغر: معروف؛ نیز دکن میں بیدر کے نزدیک ایک شہر کا نام۔

ساقدوش: ترکی لفظ، بمعنی شاہ بالا۔ دولھا کے ساتھ اچھے کپڑے پہن کر دلہن کے گھر جانے والا لڑکا (شہ بالا)۔

ساقری: ترکی لفظ، بمعنی گدھے یا گھوڑے کا دباغت شدہ چرم۔

ساقہ: لشکر کا پچھلا حصہ، چنداول۔ اسے 'پایہ دار' بھی کہتے ہیں۔

سال دار و سال دیدہ: کہن سال، بوڑھا۔

سال دُزدیدن: اپنی عمر کے سال کم بتانا۔

سام سوار: ایک پہلوان کا نام، جو دستان کا باپ اور رستم کا دادا تھا۔

سان: فارسی لفظ، بمعنی رسم و عادت اور اسلحہ و سامان۔ 'شان' ('شانِ لشکر') 'شین' کے ساتھ غلط ہے۔

ساوری: ترکی لفظ، تحفہ و پیش کش کا مترادف۔

سائل بکف: ایسا نادار فقیر جس کے پاس کشکول بھی نہ ہو (یعنی مانگتے وقت ہاتھ پھیلائے۔)

سایۂ نقشِ کسے بہ تیر و خنجر زدن: بے حد دشمنی کا کنایہ۔

سایہ بر کسے افگندن و کردن: عین وقت پر۔

سایۂ دست: امداد اور معاونت۔ محاورے میں کہتے ہیں، 'سایۂ دستِ کرم کنید۔' (دستِ کرم کا سایہ کیجیے، یعنی اعانت و مدد کیجیے۔)

سایہ رُست: (رُ پر پیش)، وہ سبزہ وغیرہ جو درختوں کے نیچے اُگتا ہے۔ مجازاً ایسا شخص جو نازونعمت سے زندگی بسر کرے اور جس نے زمانے کا گرم و سرد نہ دیکھا ہو۔

س ۔ ب

سبز چشم: نیلی آنکھ والا، جو علمِ قیافہ میں شرارت سے مخصوص ہے۔

سبز در سبز: موسیقی کا ایک راگ۔

سبز شدن: ظاہر ہونا، 'سفید شدن' کا مترادف جو معروف ہے۔

سبز شدنِ آفتاب: سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

سبز شدنِ نان و آب: دیر تک پڑے رہنے کے سبب روٹی کو زنگ لگنا۔ #

سبز شدنِ نان و آب: زنگار بستنِ آں بسبب دیر ماندگی = دیر تک پڑے رہنے سے روٹی کو پھپھوند لگنا اور پانی پر کائی جمنا۔ (نقش)

سبز کار: ایسا شخص جس سے اچھے کام انجام پائیں۔

سبز کردن: 'نہال کردن' (نہال کرنے) کا مترادف۔

سبک رُوحی: بڑا ہی بے تعیّن ہونا۔ 'سبک رُوح' بمعنی بے کبر مصاحب (غرور سے پاک ساتھی)۔

سبو شکستنِ آخریں چہار شنبۂ ماہِ صفر: یہ معمول ہے کہ لوگ ماہِ صفر کے آخری چہار شنبہ (بدھوار) کی شام کو بر لبِ بام مشعلیں اور چراغ جلاتے اور پرانے مٹکے وہاں سے نیچے گراتے ہیں اور اونچی آواز میں کہتے ہیں، بلا ٹل گئی اور صفا آ گئی۔

س ۔ پ

سپر بستن: معروف؛ (ڈھال باندھنا)۔

سپر ہزارہ: ڈھال کی ایک قسم۔ بہت زیادہ تہ در تہ ہونے کے باعث اِس نام سے موسوم ہوئی۔

سپری: ('س' کے نیچے زیر)، بمعنی معدوم، ناچیز اور تمام؛ نیز آخر۔

س ۔ ت

ستارہ: معروف؛ نیز حاشیہ یا لکیر کھینچنے کی تختی۔ اِسے 'ستارۂ جدول' بھی کہتے ہیں۔

ستارہ: آنسو کا کنایہ؛ نیز نصیب و طالع۔

ستارہ بزیر آوردن: کسی غیر ممکن کام کے کرنے اور انجام دینے کا کنایہ۔

ستان: 'آستان' کا مترادف (اِس کا ذکر ہو چکا ہے)؛ نیز بمعنی آسمان کی طرف مُنھ اور زمین پر پیٹھ کر کے سیدھا لیٹنا۔

ستستہ: (س ت س ت ہ)، سیٹی کی آواز جو پہلوان اپنے حریف کو خوار کرنے کے لیے مُنھ سے نکالتے ہیں۔

ستم ظریفی: ظرافت کے پردے میں ستم کرنا۔

ستون کردنِ بازو: کمان کھینچنے کے لیے بازو سیدھا کرنا۔

س ۔ ج

سجاوندی: علمِ قرأت کی ایک کتاب، جس میں وقف کی علامات سنہری نقطوں کی صورت میں ہیں؛ نیز کابل کے قریب ایک قصبے کا نام۔ صاحب 'نگارستان' کے مطابق خراسان کے نزدیک ایک موضع کا نام جو مصنفِ ''نگارستان'' کا گاؤں ہے۔ جب کہ لغتِ 'رشیدی' کے مؤلف کے مطابق 'سگاوند'، سیستان میں ایک پہاڑ ہے، جس پر کتے بہت ہوتے ہیں اور 'سجاوند' اس کا معرب ہے۔ 'سجاوندی کردن و شدن' کنایہ ہے منقش کرنے اور ہونے کا۔

سجودِ صدری: پہلوانوں کی اصطلاح میں وہ سجدہ جو کشتی کرنے کے وقت کیا جاتا ہے۔

س ۔ خ

سخت پیشانی: ایسا شخص جو بڑا جرأت مند اور بے باک ہو۔

سخو: آنت/انتڑی کی چربی، جس میں چاول، گوشت اور گرم مسالا ڈال کر بھونتے ہیں۔

سخن را سال و ماہی نمی باشد: یعنی وہ کام جو مہینوں اور سالوں میں انجام پائے اُس کی کیفیت کے بیان کے لیے ماہ و سال کی ضرورت نہیں ہوتی۔

سخنِ زندہ: اچھی بات۔

سخنِ غلافی: کنائے میں کہی ہوئی بات۔

سخنِ مجلس: ایسی بات جو چھپانے کے لائق نہ ہو، اور برملا اور سب کے سامنے کہی جائے۔

س ۔ د

سدق: ترکی لفظ، بمعنی ترکش۔ ایرانیوں کے مطابق یہ ترکش کی ایک قسم ہے، جس میں ہر تیر کے لیے الگ خانہ ہوتا ہے۔

س ۔ ر

سراپا: پاؤں سے سر تک؛ نیز بمعنی خلعت۔

سر و کیسہ کردن: کسی کا مال و متاع اس طرح اُڑا لینا کہ اُس کے پاس کچھ نہ بچے۔ اس کا ماخذ حمامی کی تھیلی اور تیغ ہے، جو بدن پر چرک اور سر پر بال نہیں رہنے دیتی۔

سرآغوش: دوپٹے کی ایک قسم جس میں تکلفات سے کام لیا جاتا ہے اور قیمتی جواہر اُس سے آویزاں کیے جاتے ہیں۔ اسے 'گیسو پوش' کہتے ہیں۔

سرآمد: سردار، نیز بلند عمارت۔

سرآمدن: آخر ہونا، ختم ہونا؛ نیز کامل ہونا۔

سرآوری: گردآوری، جمع کرنا۔

سراز چیزے بروں آوردن وکردن: کسی چیز سے عہدہ برآ ہونا۔

سرانداز: دوپٹا۔ بعض کے مطابق ایک رُومال جو عورتیں دوپٹے کے اوپر سر پر ڈالتی ہیں، لہٰذا یہ دوپٹے سے الگ چیز ہے؛ نیز بمعنی مست اور ناز و نخوت سے ٹہلنے والا/ والی۔ 'سراندازش' اور 'سرافشاں' کے بھی یہی معنی ہیں۔ 'سراندازی' بمعنی مستی سے ناز نخرے کے ساتھ ٹہلنا۔ اِسے 'مستِ سرانداز' بھی کہتے ہیں۔ 'سرانداز' نیز بمعنی چھت کا شہتیر۔

سر بُردن وبسر رسیدن و بر سر بُردن بسر کردن

و برسر آمدن و بسر بُردن: اخیر ہونا اور اخیر کرنا۔

سر بر سر کسے نہادن: کسی سے لڑنا جھگڑنا اور اُس کا مقابلہ کرنا؛ نیز متوجہ ہونا؛ نیز کسی کے حال پر توجہ دینا۔

سر بریدہ: معروف؛ نیز ناکس واجب القتل کا کنایہ؛ نیز چھپانے کے لائق راز۔

سر بند: پٹی جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں۔

سر بہ کسے گرفتن وداشتن: کسی کے کام کی تہ سے آگاہ ہونا۔ مثلاً ایک شخص کسی جگہ چھپا ہوا معشوق کے ساتھ نیاز و ناز میں مصروف ہے۔ کوئی دوسرا وہاں پہنچ جاتا اور اِس راز سے پردہ اٹھا دیتا ہے اور کہتا ہے کہ میں تیرے راز سے آگاہ ہو گیا۔

سر بہ ابر وآسمان سودن و بُردن: بہت ہی ترقی اور بلند مرتبگی حاصل کرنا؛ نیز 'بہ ابر سودن و بر سرِ پا رفتن'

سرِ پا زدن: (اضافت اور فکِ اضافت کے ساتھ)، پُشتِ پا مارنا۔ پاؤں سے ٹھوکر مارنا؛ نیز لکدزنی۔ 'سرِ پے' بھی کہتے ہیں۔

سر پائی: جماع؛ نیز وہ فاحشہ عورت جسے تشخیصِ وجہ کی خاطر ایک جماع کے لیے لایا جائے۔

سر پرتی: کسی کی حال پُرسی کرنا۔ سرپرست؛ نیز خادم۔

سر پوش بہ حرف حرف گذاشتن: بات چھپانا۔ 'سر پوش گذاشتن' صرف بات ہی کے لیے مخصوص نہیں ہے، بلکہ یہ عام مواقع کے لیے ہے۔ اور 'سر پوش از رُوے راز اُفتادن' کسی راز کا افشا ہونا ہے۔

سر پوشیدہ: دوشیزہ، کنواری۔

سر پیچ: تنگی کا کنایہ۔

سرِ ڈیش کسے بند شدن: کسی سے عشق بازی کرنا۔

سرتاج: عورتوں کا گیسو پوش۔

سرِ تنہا: یکتا اور منفرد۔

سرِ جدا کردن: (ترکیبی معنی ظاہر ہیں)، عید الفطر کے موقع پر جب ہر فرد اپنے مال کی زکوٰۃ نکالتا ہے تو اُسے تقسیم کرتے وقت کہتے ہیں، یہ فلاں کا سرِ مستحق اور یہ فلاں کا سرِ مستحق ہے۔

سرجوش: ہر چیز کا خالص پن۔ مثلاً 'مئے سرجوش' اور 'بوسۂ سرجوش' وغیرہ۔

سرچشمہ دار: وہ شخص جو کسی امر کی ابتدا و اختراع کرنے والا ہو۔

سرچین: برگزیدہ، خلاصہ، نچوڑ۔

سرِ حساب: آگاہ اور باخبر۔

سرِ خار ہائے جہاں تیز کردن: 'خار ہائے جہاں تیز کردن' کا مترادف۔ اس کا ذکر ہو چکا ہے۔

سرِ خاریدن: توقف اور بہانہ کرنا، ٹال مٹول کرنا؛ نیز ارادہ اور خواہش کرنا۔ 'سرِ توقع خاریدن' یہی ہے۔

سرِ خانہ: ہر چیز کا کمال (کامل ہونا)۔ 'سرِ خانہ رسانیدن' فن کو کمال پر پہنچانا ہے۔

سرِ خر: خلل ڈالنے اور کام بگاڑنے والا۔ بعض کے مطابق کسی گراں جانی کا کنایہ ہے جو محفل میں اپنی جگہ پر نہیں بیٹھتا؛ نیز کھیت پر لگائے گئے نقلی چوکی دار کی لکڑی جس پر گدھے کا سر ہوتا ہے۔

سرِ داشتن ترازو: ترازو کا ایک پلڑا زیادہ ہونا، بھاری ہونا۔

سرِ در چیزے کردن: کسی چیز کی طلب میں مرنا۔ 'سر' بمعنی طلب اور خواہش ہے۔

سرِ در کلاہِ کسے نہادن: کسی کا تابع و مطیع ہونا۔

سردست و سردستی: حقیر اور کم اعتبار والا؛ نیز 'سردستی' قلندروں کی لکڑی۔

سرِ دستار چیدن: پگڑی سر پر باندھتے وقت اُس کا کنارہ درست کرنا، جیسا کہ اُمرا کے نوکر کرتے ہیں۔

سرِ دستے رسیدن: محاورے میں اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی اپنا راز چھپائے اور کوئی ساتھی اُس سے آگاہ ہو جائے تو کہتے ہیں، 'فلانہ سرِ دستے بما رسیدہ'، یعنی فلاں ہمارے راز سے اس طرح آگاہ ہو گیا ہے کہ اب انکار ممکن نہیں۔

سرِ دستے گرفتن: کسی کی امداد اور اعانت کرنا۔

سرِ زخم کسے مالیدن: گوش مالی کرنے کا کنایہ۔ محاورے میں کہتے ہیں کہ ہم نے اُس کے سرِ زخم مَلے، یعنی اُس کے کان کھینچے اور بلند پروازی سے، جس کا وہ مدعی تھا، اُسے نیچے لے آئے۔

سرزدن: سر قطع کرنا؛ نیز ظہور کرنا۔

سرزدہ رفتن و آمدن: بے خبر اور اچانک جانا اور آنا۔

سرِ زلف: ناز کا کنایہ۔

سرِ زندہ: بڑا سر۔ 'زندہ' بمعنیٰ ہر چیز کا بڑا ہے۔ اسی لیے بڑے ہاتھی کو 'زندہ فیل' کہتے ہیں۔

سرِ سجدہ: مہرِ نماز، اس کا ذکر آگے آئے گا۔

سرِ سخت خوردن: ('سر' اضافت کے ساتھ)، سخت صدمہ پہنچنا۔

سرخن: (بغیر اضافت)، داستان کا عنوان جسے سرخ روشنائی سے لکھتے ہیں۔ 'سرِ داستاں' بھی کہتے ہیں۔

سرِ شیر: (دودھ کی) بالائی، ملائی۔

سرِ طوق: (اضافت کے بغیر، نیز بالاضافت)، بڑا حلقہ (کڑا)، جو زنجیر کے سرے پر باندھتے ہیں؛ نیز گنبد کا چونا۔

سرِ عشر: ('ع' پر پیش)، دس قرآنی آیتیں جو 'بسم اللہ' کے موقع پر بچوں کو لکھ کر دیتے ہیں؛ نیز وہ دائرہ جو ان آیات پر کھینچتے ہیں۔

سرِ غلیاں: چلم۔

سرِ فتیلہ چرب شدن: جماع کا کنایہ۔

سرِ فلانے می جنبد: یعنی فلاں زندہ ہے اور اختیار والا ہے۔ 'سر جنبانیدن' بمعنی تحسین کرنا؛ نیز خوش ہونا؛ نیز بمعنی کسی کام سے روکنا، منع کرنا۔

سرِ فیل: خایہ کا کنایہ۔

سرِ قوچ تو بسلامت: لوطی لڑنے والا مینڈھا پالتے ہیں پھر باہم دو مینڈھوں کو لڑاتے ہیں اور بڑی قیمت پر بیچتے ہیں۔ اُن کی روزی کا مدار اسی پر ہے۔ جب اُن میں سے کس ایک کو نقصان پہنچتا ہے تو اُس کے ساتھی کہتے ہیں، 'سرِ قوچ تو بسلامت'؛ یعنی اس متاع کی منفعت اور مینڈھے کے گرو لینے اور لڑائی سے یہ نقصان پورا ہو سکتا ہے۔

سرکردن: بسر کرنا اور باہم سلوک کرنا؛ نیز ظاہر ہونا۔

سرِ کسے تراشیدن: کسی کی حال پرسی کرنا۔

سرکشودن ووا کردن: ماتم میں عورتوں کا اپنے بال بکھیرنا۔

سرکشی کردن: معروف؛ نیز بمعنی کسی جگہ جانا اور 'سرکشیدن' رُخ کرنے کے بھی معنی دیتا ہے۔

سرگن پرگن وسرگند وپرگند: جلد اور شتاب۔

سرکند: وہ رسّی جو سلاطین اور اُمرا کے طویلوں میں باندھتے ہیں۔ جو کوئی چور اور قاتل اُس میں پناہ لے، اصطبل کا عملہ اُس کی حفاظت کرتا ہے، اور کسی کو اُس کے حال میں مزاحم ہونے کی اجازت نہیں دیتا۔

سرگن: قوم کا سردار۔

سرکوب: مورچہ جو کسی قلعے کی تسخیر کے لیے بناتے ہیں؛ نیز ایسی عمارت جو اپنے مقابل کی عمارت سے اونچی ہو؛ نیز تھپّڑ۔

سرگذشتہ: جان سے تنگ آیا ہو شخص جو اپنا سر مارلے (خودکشی کرلے)؛ 'خودگذشتہ' بھی کہتے ہیں۔

سرگرفتن: موافقت کرنا۔ صحبت کا ہم آہنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے، 'صحبتِ ما بہ اُونمی گیرد'؛ یعنی اُس کی ہماری نہیں بنتی۔

سرگوش گرفتن: کسی کا مطیع ومنقاد (تابع) ہونا۔

سرِلوح: معروف؛ اِسے 'لوح' (تختی) بھی کہتے ہیں۔

سرمنزل: معروف؛ اور ایسی جگہ (مکان) جو کوئی مسافر کسی شہر یا موضع میں، آب وہوا کے اچھا ہونے کی بنا پر، یادگار کے لیے بنائے۔

سرنشیں: ایسا شخص جو سفر میں خچر یا اونٹ پر لدے ہوئے سامان پر بیٹھے۔

سرنہادن: نیند کرنا۔

سروازدن: رُوگردانی کرنا، مُنھ پھیرنا۔

سرا: گھر اور کارواں سرا۔

سراپا دادن: لوطیوں کا محاورہ۔ گون دینے کا کنایہ۔

سرازیر: اُلٹا۔

سراسر زدن: اِس سرے سے اُس سرے تک سیر کرنا۔

سرانہ: وہ مقررہ رقم جو رعایا کے ہر فرد سے لی جاتی ہے۔ 'سرانہ کے زیور' کہنا بے سروپا بات ہے۔

سرائے سنبل خان: ایران کی ایک سرائے کا نام جو سنبل خان نامی ایک شخص نے تعمیر کی، اور جو حماقت میں مشہور تھا۔

سرخ شدن: طیش میں ہونا۔ واقعی اِس حالت میں چہرے کا چمکنا لازمی ہے۔

سرخ عیار: ایک عیار و مکار آدمی کا نام جو عیاری میں بے مثل تھا۔

سُرخاب: ('ب' پر پیش)، سمندری پرندہ (سرخ رنگ کی بطخ)، جس کی مادہ کو عام پرندوں کے برعکس، مقررہ وقت پر حیض آتا ہے؛ نیز وہ سرخی جو عورتیں اپنے رنگ اور نکھار کی خاطر چہرے پر ملتی ہیں؛ نیز تبریز میں ایک پہاڑ کا نام؛ نیز نواحِ کابل میں ایک ندی؛ نیز خُمِ شراب؛ نیز سرخ شراب؛ نیز کشتی کا ایک داو۔

سرد شدنِ اختلاط: صحبت اور اختلاط کا ختم ہونا۔

سرم: ('س' کے نیچے زیر، 'ر' پر زبر)، چمڑے کا ایسا تسمہ جسے اوپر سے کھرچ دیتے ہیں تاکہ وہ نرم ہو جائے۔ اِسی بنا پر ایسے شخص کو 'سرم دست' کہا جاتا ہے، جس نے بہت زیادہ کام کرنے کے باعث ہاتھ پر روئی باندھ رکھی ہو۔

سرمائے گُل: ('گ' پر پیش)، ایامِ بہار کی سردی۔

سرمہ چشم: (بغیرِ اضافت)، وہ شخص جس نے آنکھ میں سرمہ ڈالا ہو۔ 'پیالہ دست' بھی اِسی نوع کا محاورہ ہے۔

سرمہ سلیمانی: ایسا سُرمہ کہ جب آنکھ میں ڈالا جائے تو دُنیا کی پوشیدہ چیزیں بالکل واضح اور ظاہر نظر آنے لگیں۔

سرمہ مست: ایسا سُرمہ جو شوخی و رعنائی سے آنکھ میں ڈالتے ہیں۔ اور 'چشم و نگاہش از سرمہ مست است' (اُس کی آنکھ اور نگاہ سرمے سے مست ہے) بھی معشوق کی تعریف میں کہتے ہیں۔

سروبند: دَور، عصر۔ محاورے میں کہتے ہیں کہ فلاں کام فلاں بادشاہ کے 'سروبند' (دور) میں ہوا۔

سروالہ: شلوار۔

س ۔ ط

سطل وسطلک: طشت (دوسرے میں کاف تصغیر ہے)۔

س ۔ ف

سُفتن: کسی چیز میں سوراخ کرنا، پرونا۔

سفرہ: معروف؛ نیز بمعنی مقعد۔

سفرہ پرداز: بہت پُرخور آدمی، جو کھانے کی چیزوں سے دسترخوان خالی کر دیتا ہے۔ 'کاسہ پرداز' بھی مستعمل ہے۔

سفن: پانی کے جانور کی کھال جو کیمخت (گھوڑے یا گدھے کی دباغت شدہ چرم) کی طرح دانے دار ہوتی ہے۔ اسے تلوار کے دستے پر لپیٹتے ہیں تاکہ وہ صحیح طور پر مضبوط رہے۔

سفید پے: 'پے سفید' کا مترادف، جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

سفید چشمی: بے حیائی، اور ساجت۔

سفید شدن: ظاہر اور نمودار ہونا۔ 'سفید کردن' اس کا متعدی ہے۔

سفید شدنِ خون: خون سفید ہو جانا۔ بے مہری کا کنایہ۔

سفید گوئی: کھل کر اور بے پردہ بات کرنا۔

س ۔ ق

سقایۂ حاج: صحرا کے کنارے پیاسے حاجیوں کے لیے پانی کی سبیل لگانا۔ 'سقایہ' بمعنی پانی کی جگہ۔

سقط چین: ہر چیز کے ریزے جمع کرنے والا۔

سقیفہ بستن وساختن: جھوٹی باتیں کرنا اور بنانا۔

س ۔ ک

سُکان: رہنے والے (' ساکن ' کی جمع)؛ نیز کشتی کا پچھلا حصّہ۔

سُکسُک: (ہر دو 'سین' پر پیش)، سُست رفتار گھوڑا۔

سکندر و سکندری: سر میں آنا، داخل ہونا۔ 'سکندر' رومی زبان میں سر کو کہتے ہیں۔

سکّہ بزر کردن: اپنے قول پر قائم رہنا اور کہی ہوئی بات کے مطابق عمل کرنا۔

سکّہ خوردنِ دعوای: صحیح نقش بیٹھنا۔

سکّہ درست: بغیر کسی نفاق کے درست اور صحیح طور پر معاملہ کرنے والا شخص، جس کا قول اُس کے عمل کے موافق ہو۔ 'سکّہ' بمعنی طرز و روش ہے، یعنی اُس شخص کا طرز و آئین درست ہے۔

سکّہ ٔ مردی: غیرت و حمیت اور آبرو۔ بعض کے نزدیک ڈاڑھی کا کنایہ۔ 'سکّہ ٔ مردی' کو آلہ ٔ تناسل کے معنوں میں زبان پر لانا بعید از تحقیق ہے۔

س ۔ گ

سگِ پاسوختہ و سوختہ پا: آوارہ گرد اور در بدر پھرنے والا شخص۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے، جب کتّے کے پاؤں جلتے ہیں تو وہ ایک جگہ نہیں ٹکتا اور بے قراری کے عالم میں اِدھر اُدھر دوڑتا پھرتا ہے۔ اس محاورے کے استعمال کا انحصار الفاظِ تشبیہ (جیسے مانند، چوں وغیرہ) کے لانے پر رکھنا بڑی عجیب بات ہے (یعنی یہ الفاظ استعمال نہیں ہوں گے)۔

سگِ چار چشم: ایسا کتّا جس کی آنکھ کے نیچے دو سیاہ خال ہوں اور اُس کی آنکھ کم روشنی (بینائی) والی ہو۔

سگِ دنبالہ کش: 'سگِ ہر سوار' کا مترادف، جو ایک مشہور ضرب المثل ہے (ہر سوار کا کتّا)۔

سگِ کجاست: نہایت تحقیر کا فقرہ۔

سگ کُشی: قتل کرنے کے لائق ایسا شخص جو کتّے کے مار ڈالنے کی طرح بے مواخذہ ہو۔

سلکی: کُشتی کا ایک داؤ جو دو قسم کا ہے۔ ایک 'اُلٹا سلکی'؛ یعنی جس میں دونوں حریفوں کے ہاتھ کام نہ کریں بلکہ دونوں اپنے پاؤں ایک دوسرے کے پاؤں میں اُڑا کر ایک دوسرے کو

کھینچیں اور زور لگائیں دوسرا اسکی رُوبرو، جس میں دونوں اپنے ہاتھ پاؤں باہم اڑا لیتے ہیں، جس طرح دو کتے اُلجھتے ہیں۔

سگِ لاس: 'لاس' عموماً ہر حیوان کی مادہ ہے اور خصوصاً کتے کی مادہ۔

س ۔ ل

سلامِ ترازو: ترازو کے اُس پلڑے کا جھکنا جس میں سودا پڑا ہو۔

سلامِ تفنگ: جب تاجروں کا جہاز دُور سے سمندر میں نظر آتا ہے تو میر بحر بندوق ہوا میں چلا دیتا ہے تاکہ اُنھیں پتا چل جائے کہ تمغے کی رقم دیے بغیر عبور کرنا محال ہے۔ اِسے 'سلامِ تفنگ' کہتے ہیں۔

سلامانہ وسلامی: اس کے معنی 'پیشکش' میں دیے جا چکے ہیں۔

سلطانِ وقتِ خویش است: 'بادشاہِ وقتِ خویش است' کا مترادف، جو مشہور ہے (وہ اپنے وقت کا سلطان ہے)۔

سلطیہ: تیز زبان حاضر جواب عورت۔ کسی کی پروانہ کرنے والی، ہر کسی کے ساتھ گٹھڑی یا پوٹلی میں جانے والی۔

س ۔ م

سمندر/ سلار: ایک جانور کا نام، جو سکندر ذوالقرنین کے بیٹے کے دور میں پیدا ہوا تھا۔ جس کسی پر اُس کی نظر پڑتی، وہ وہیں مر جاتا۔

س ۔ ن

سنبک: چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ ہوتی ہے۔

سنبلی: موسیقی کا ایک راگ۔

سن دو و جودی: جب کسی سے کوئی لین دین کرتے ہیں تو مزید اعتبار کی خاطر معامل (معاملہ کرنے والے) اور اُس کے کسی واقف یا بھائی سے، بالاتفاق، سند لے لیتے ہیں تاکہ عندالطلب

اُن دو میں سے جو صاحبِ استطاعت ہو، وہ عہدہ برآ ہو۔ عام لوگ اِسے 'سندِ یک وجودی' کہتے ہیں۔

سَندہ: ('س' پر زبر)، نہایت موٹا اور گندا۔

سنگ: مراد سنگِ مزار، کتبہ۔

سنگ و تیغ مہر کردن: ایامِ عاشورا میں، امام شہدا کے عزا کی خاطر، ۱۹ر تا ۲۱ر ماہِ رمضان المبارک کو، جو روایات میں اختلاف کی بنا پر حضرت شاہِ نجف ؓ کے ایامِ شہادت ہیں، سر نہیں منڈواتے، بلکہ احتیاط کے طور پر استرے اور پتھر پر مہر لگا دیتے ہیں۔ مجازاً بمعنی بے کار اور معطّل۔

سنگِ آتش: ایسا پتھر، جب اُس پر چقماق رگڑ کھاتی ہے تو اُسے آگ لگ جاتی ہے، اور اُس میں دوسرے پتھروں کی نسبت آگ زیادہ ہوتی ہے۔

سنگِ امتحان: کسوٹی، نیز 'سنگِ زر'

سنگ انداز: 'کلوخ انداز' (ڈھیلا پھینکنے والا) کا مترادف؛ نیز وہ روشن دان جو قلعے کے کناروں کے نیچے بناتے ہیں تاکہ جب دشمن نزدیک آئیں تو وہاں سے اُن کے سروں پر پتھر اور اینٹیں برسائی جائیں۔

سنگ بر سنگ نماندن و نہ اِستادن: عظیم آشوب کا کنایہ، یعنی وہ ایک ایسا تزلزل ہے کہ جس میں جمادات بھی اپنی حالت پر نہیں ہیں۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں کہ یہ ایک ایسا ازدہام اور غوغا ہے کہ کتا اپنے مالک کو نہیں پہچانتا۔

سنگِ جراحت: ایسا پتھر جسے پیس کر زخم پر لگایا جائے تو خون بہنا بند ہو جاتا ہے۔ اسے 'سنگِ زخم' بھی کہتے ہیں۔

سنگ در آب افگندن: (پتھر پانی میں ڈالنا)، مراد کسی جگہ ٹھہر جانا۔ متاخرین نے اِس کے معنی پوشیدہ اور پنہاں کرنے کے لیے ہیں۔ اِس کا سبب ظاہر ہے۔

سنگ در دہان انداختن: 'از زباں اُفتادن' کا مترادف؛ نیز خاموش ہونا، یا رہنا۔

سنگ رُو: (بغیر اضافت)، بے حیا۔

سنگ رُوے یخ: ایسے شخص کا کنایہ جو تابع و مطیع ہو اور جس کام پر اُسے بھیجا جائے وہ چلا جائے۔ اِس کا ماخذ برف پر پڑا پتھر ہے اور اُس کا کسی بھی طرف ہلنا یا ہٹنا برف پگھلنے پر منحصر ہوتا ہے۔

'سگِ رُوے یخ' بھی یہی محاورہ ہے (یعنی برف پر کتا)۔

سنگِ سودا: سیاہ قسم کا انتہائی ہلکا پتھر، جو پانی میں نہیں ڈوبتا اسے 'سنگِ پا' بھی کہتے ہیں۔

سنگِ شیشہ: ایسا پتھر جسے پگھلا کر شیشہ بناتے ہیں۔

سنگِ نمک: نمک کی ایک قسم جو پتھر کے طور پر مشہور ہے۔

سنگِ یدہ: ایک پتھر جس کا رُخ آسمان کی طرف کرکے اُس پر جادو پڑھتے ہیں، یا کرتے ہیں، جس سے بارش آجاتی ہے۔ یہ زیادہ تر ترکوں کا عمل ہے۔ ''اکبرنامہ'' سے معلوم ہوا؛ نیز 'یدہ'

سنگیں دست: ایسا شخص جو تأمل اور تاخیر سے کام کرے۔

سنگیں شدنِ بیماری: مرض کا شدید ہوجانا 'گراں بودنِ بیماری' (بیماری کا بوجھل ہونا) اِس کا مترادف ہے۔

سنین وبنین: 'سنان وبنان' کا مصغّر۔ اوّل بمعنی نیزے کے تیز سرے کی طرف۔ دوم بمعنی اُس کے نچلے حصے کی طرف۔

س - و

سوادروشن کردن وکشودن: لکھنے پڑھنے میں مہارت حاصل کرنا۔

سوادکردن: لکھنا۔

سوچی: ترکی میں بمعنی شراب فروش۔ 'سو' شراب کو کہتے ہیں۔ ہندی میں 'اسو' بمعنی خاص شراب ہے۔ 'سوچی خانہ' بمعنی مے خانہ۔

سودن بر سر زدن: 'زیرکردنِ سیاہ' کا مترادف۔ اِس کا ذکر ہوچکا ہے۔

سوداگرہ شدن: کسی معاملے (لین دین، سودے) میں توقف آجانا۔

سبرن: ترکی لفظ، دشمن پر حملہ کرتے وقت لشکریوں کا زور سے نعرہ لگانا، ''اللہ اکبر'' اور ''یامعین''۔ ''اکبرنامہ'' سے اِس کا پتا چلا۔

سوزن بال وسوزن پر: ایک پرندے کا بچہ جس کے تازہ تازہ پر اُگے ہوں۔ وہ پر بالکل سوئی کی مانند ہوتے ہیں۔ اِسے 'سیخ پر' بھی کہتے ہیں۔

سوفارلب: مفعول آدمی کا کنایہ، جسے اِغلام کرانے کی عادت ہو۔

سوے کسے گرفتن: 'جانبِ کسے گرفتن' کا مترادف، اور یہ مشہور ہے۔

س - ہ

سہم السعادہ و سہم الغیب: علمِ نجوم کی رُو سے سہام (جمع سہم، حصّہ، تیر) بہت ہیں اور وہ مخصوص چیزوں کے دلائل ہیں جو روشن ستاروں کے مواضع اور گھروں سے لیے جاتے ہیں۔ اس کی تیس فصلیں معلوم ہوئیں۔ سب سہام سے قوی تر 'سہم السعادہ و سہم الغیب' ہیں۔ 'سہم السعادہ' مال و جاہ کی دلیل ہے جب کہ 'سہم الغیب' فرح و خرمی کی۔ طالع، افقِ مشرق پر فلک البروج کا ایک جزو ہے۔ فارسی والوں کی اصطلاح میں 'سہم الغیب' کے ترکیبی معنی ہیں: کھانے کا کچھ حصّہ جو کسی غیر موجود کے لیے سنبھال رکھتے ہیں۔

سہ اسپہ: تیز اور جلد چلنے کا کنایہ، کیوں کہ جو کوئی جلد تر جانا چاہتا ہے وہ تین گھوڑے اپنے ساتھ لے جاتا ہے، تاکہ اگر ایک سست چلے تو وہ دوسرے پر سوار ہو جائے۔ 'دو اسپہ' بھی مستعمل ہے۔

سہو القُبّ: ('ق' پر پیش اور 'ب' تشدید کے ساتھ)، وہ غلطی جو انگلی کے پوروں کی گرہوں کے حساب میں پڑے۔ دراصل 'سہو العقد' ہے۔ لوطی 'سہو القُب' بولتے ہیں۔

س - ی

سیاہ پستاں: ایسی عورت جو کسی بچے کو جنم نہ دے اور اگر کسی غیر کے بچے کو دودھ پلائے تو وہ مر جائے۔ مصنّفِ ''بہارِ عجم'' نے 'سیاہ پستاں' کو ابرِ سیاہ سمجھا ہے جب کہ یہ معنی خلافِ جمہور ہیں۔

سیاہ پیر: (فکِ اضافت کے ساتھ)، پیر کا غلام۔ 'سیاہ' بمعنی غلام ہے۔ اور 'سیاہ' معشوق کو بھی کہتے ہیں۔

سیاہ دست: بخیل، کنجوس۔ 'سیہ کاسہ' کا مترادف: نیز بے حمیت۔

سیاہ سال: ایسا سال جس میں اِمساکِ باراں (بارش بالکل نہ ہونا) واقع ہو۔

سیاہ سر: بمعنی عورت۔ 'سیاہ سراں' اور 'سیاہ سرہا' اس کی جمع ہے۔

سیاہ کردنِ پستاں: ایک سیاہ دوا کا پستان پر مَلنا تاکہ بچہ ڈرے اور دودھ نہ پیے۔ یہ دوسرے شیر خوار بچے کو

(جسے 'کوکہ' کہتے ہیں) دودھ سے روکنے کا بہانہ ہے۔

سیب بخور: سیب کی ایک قسم جو بہت خوش بُو دار ہوتی ہے، اور اُس کے چھلکے کو عود کی طرح بخور کرتے ہیں (آگ لگاتے ہیں، اگربتی وغیرہ کی طرح، تاکہ خوش بُو دے۔)

سیب تا فرود آمد ہزار چرخ زند: مشہور ضرب المثل ہے۔ یعنی جب تک تُو آنکھ جھپکے، چرخ ہزار چکّر کاٹے گا اور عجیب چیزیں بروے کار لائے گا (عمل میں لائے گا)۔ اِس کا ماخذ یہ ہے کہ ایک بادشاہ کے ہاتھ میں سیب تھا اور وہ خربوزے کی پھانک چھری سے اٹھا کر مُنھ میں ڈال رہا تھا۔ اِس حالت میں اُس نے ایک مجرم کے قتل کا حکم دیا۔ اُس مجرم نے عرض کیا کہ سیب کو فضا میں پھینکنا چاہیے تاکہ اُس کے نیچے آنے تک مجھے کچھ مہلت مل جائے۔ بادشاہ نے ایسا ہی کیا۔ قضارا سیب ابھی نِکلا ہی رہا تھا کہ چھری خربوزے کی پھانک سمیت بادشاہ کے حلق میں اتر گئی اور قضا نے اپنا کام دکھا دیا۔ مجرم کو ہلاکت سے نجات مل گئی۔ اِس واقعے کے بعد یہ مثل بن گئی۔

سیب فرستادن: 'گل فرستادن' کا مترادف۔ اِس کا ذکر آگے آئے گا۔

سیب مسکان وسیب آزالیش ('ز' کے ساتھ)، وسیب دلیلی (دال مہملہ کے ساتھ)، وسیب سمیں: یہ سب سیب کی قسمیں ہیں۔ پہلی قسم (سیب مسکان) طوس سے مخصوص ہے، دوسری (سیب آزالیش) صفاہان سے، تیسری (سیب دلیلی) یزد سے، چوتھی (سیب سمیں) اکثر شہروں میں دست یاب ہے۔

سیبے وبجودے: ضرب المثل ہے، مراد حقیر سا تحفہ اور بہت نیاز۔

سیخ کردن: قد سیدھا کرنا؛ نیز 'کمر سیخ کردن'۔

سیر در گونِ کسے گذاشتن: کسی کو مضطرب اور بے قرار کرنے کا کنایہ، کیوں کہ 'سیر' (لہسن) کا اعضا پر ڈالنا یا رکھنا، اس کی حدّت کی بنا پر، جلن کا باعث بنتا ہے۔ اور 'نمک وسیر درکس وگونِ کسے گذاشتن' کے بھی معنی ہیں۔

سیراب: معروف ہے۔

سیرت: فارسی والے اِس کے معنی ناموس وآبرو کے لیتے ہیں۔

سلاب دوانی: بہت بخشش کا کنایہ۔

سیلی زدن وکشیدن دستن: معروف (تھپڑ مارنا)؛ پہلا محاورہ مشہور ہے۔

سیم: معروف؛ نیز ساز کا تار؛ نیز معشوق کا چاندی کا تار جسے لباس میں کلابتوں کی جگہ استعمال کرتے ہیں، اسے 'سیم دوزنی' کہتے ہیں۔ 'کلابتوں' ('کاف' کے ساتھ) یہی ہے جب کہ 'گلابتوں' ('گاف' کے ساتھ)، بمعنی خالص چاندی کا تار۔

سیم بر سنگ زدن: جماع کرنے کا کنایہ۔

سیم بندی: آہنی تاروں کے ساتھ شمعیں لٹکا کر اونچا کرنا، جو چراغاں کی ایک قسم ہے؛ اور یوں لگتا ہے جیسے شمعیں فضا میں لٹک رہی ہوں۔

سیم کش: ایسا شخص جو کسی کا مال اڑائے۔ بعض کے نزدیک فضول خرچ۔ محاورے میں وہ شخص جو کلابتوں بناتا ہے۔

سیمک بر ابریشم زدن: تارِ ابریشم کو کلابتوں بنانا۔ 'سیمک' ایک میڑھے بسرے والی لکڑی ہے، جس پر رتی اور ابریشم کی اُنیا (گچھا) لپیٹتے ہیں۔

سیما: نشان اور علامت۔ فارسی والے اِس کے معنی پیشانی کے لیتے ہیں۔

سینہ باز: کھلا اور اُبھرا ہوا سینہ، اور ایسی چیز جس پر سینہ باز کی طرح نقش ہوں۔

سینہ بند: وہ چیز جو گھوڑے کی زین کے اوپر اُس کے سینے پر باندھتے ہیں۔ ہندی میں اسے 'پیٹی' کہتے ہیں؛ نیز وہ کپڑا جو عورتیں چھاتیوں پر باندھتی ہیں۔ فارسی میں اسے 'مشی' کہتے ہیں۔ 'بر بند' بھی کہتے ہیں۔

سینہ طرح دادن: سینہ ظاہر کرنا۔

سینہ کردن تیر: تیر کا زمین پر پہنچنا اور وہاں سے اُچھلنا۔

سینی: 'چینی' کا معرب ہے، بمعنی خوان۔ سینی یعنی تانبے اور پیتل کا خوان (تھال)۔

سیہ خانہ: بد بخت، خانہ ویراں۔ 'سیاہ' کے معنی 'سیاہ سال' میں آ گئے ہیں؛ نیز عرب کے صحرا نشینوں کا خیمہ۔

سینہ زباں: ایسا شخص جس کی بددعا میں اثر ہو۔

سیہ شدن زباں: پُرگوئی کے سبب زبان کا بے کار ہو جانا۔

سیہ قلم: ایسی تصویر جو سیاہی سے بنائی جائے۔ یہ خاصۂ فرنگ ہے (انگریزوں سے مخصوص)؛ نیز وہ

معشوق جس کا رنگ کالا ہو۔

سیہ کاسہ: بخیل اور کنجوس۔

سیہ کام: بدبخت، نامراد۔

ش

ش۔ ا

شاباش: کلمۂ تحسین ہے، 'شاد باش' کا مختصر؛ نیز بمعنی نیاز اور پیش کش۔

شاتو: ترکی لفظ۔ زینہ، سیڑھی۔

شاخ و برگ: حرف و حکایت کے طول اور عرض کا کنایہ۔

شاخ بدیوار و شاخ بر دیوار: اکڑی گردن والا، مغرور۔

شاخ پیوند: یعنی 'برگ پیوند'؛ جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

شاخ زر: سلاطین کے خزانوں میں سونے سے شاخیں بنا کر رکھتے ہیں۔

شاخچہ بندی: تہمت سازی۔ 'شاخچہ' بمعنی تہمت و افترا۔

شاخسانہ: بھک منگوں کی ایک قسم؛ اور اِن بھک منگوں کا حیوان کے دو سینگ باہم کھڑکانا ہے تاکہ اپنے اِس مسلسل عمل سے بھیک کے لیے اصرار کریں۔ چوں کہ اِن سینگوں کے کھڑکانے سے کرخت سی آواز نکلتی ہے، اِس لیے لوگ اِنھیں جلدی جلدی کچھ دے کر اِن سے جان چھڑاتے ہیں۔ مجازاً، بمعنی ڈرانا اور تہدید کرنا؛ نیز 'شاخسانہ رفتن'۔

شاخ شکستن: تادیب کرنا اور خودسری سے باز رکھنا۔

شاخ گل: معروف؛ نیز معشوق کا کنایہ۔

شاخ شکستہ: خودسر اور بے ادب۔

شادخواری: کسی مزاحمت کے بغیر شراب پینا۔

شاشش بُو کردہ: (اُس کا پیشاب بُو دینے لگا ہے)، یعنی وہ تابع ہو گیا ہے۔

شافِ احمر و شاف: آلۂ تناسل۔

شاقول: پیتل یا لوہے اور پتھر کی ایک چیز ہے، جس پر رسّی باندھتے ہیں اور معمار اُس سے دیوار کی سیدھ دریافت کرتے ہیں: سہاول۔ عربی میں اسے 'امام' کہتے ہیں۔

شال بگردن داشتن: بیمار پڑنے کا کنایہ: کیوں کہ بیمار ہوا کے تصرف کے خوف سے شال گردن پر لپیٹ لیتا ہے۔

شام: رات کا کھانا۔

شامی: شام کا وقت، جیسے صبحی۔

• شانہ بدل کردن: زنانِ ولایت میں، آپس میں کنگھیاں تبدیل کرنے کی رسم۔ جس طرح مردانِ ہند کی 'دستار الش' ہے۔

شانہ در آب گذاشتن: آرائش کے لیے تیار ہونے کا کنایہ۔

شانہ کاری: کسی کے ساتھ الجھنا، تا کہ وہ زود گیر (جلد پکڑے جانے) کے مقام میں آجائے۔ اس کا ماخذ کنگھی میں زلفِ گرہ گیر کا پھنسنا یا الجھنا ہے۔

شانہ گردانی و شانہ گیری و شانہ کردن: اعراض کرنا اور اور بہانہ کرنا: نیز 'شانہ خالی کردن'۔

شاہ: ہر وہ چیز جو اپنے امثال و نظائر (اپنے جیسی چیزوں) میں بہتر اور بڑی ہو۔ اُس کے بڑے ہونے کے معنی اس لفظ کا تقاضا ہیں۔

شاہی: ایران میں رائج سونے کا سکّہ، جس کے پچاس دینار ہیں۔

شاید: یعنی قریب ہے۔ مثلاً قریب ہے کہ یہ صورتِ حال پیدا ہو۔

ش - ب

شب افروز: نقرے کی زمین کی زربفت (کمخواب، زری۔)

شب اندر روز: ریشمی قماش کی ایک قسم، جسے سیاہ اور سفید ملا کر بُنتے ہیں۔ اس کی آگے چند قسمیں ہیں۔ اسے 'روز و شب' بھی کہتے ہیں۔

شب بازی: دو قسم کی ہے، ایک تو یہ کہ بھگت رات کے وقت مختلف صورتوں شکلوں میں باہر آتے ہیں اور لڑکوں کی شکلیں عورتوں کی سی بنا دیتے ہیں۔ دوسری یہ کہ خیمہ کھڑا کر کے چرم اور کاغذ پر نقش

شدہ شکلوں کے جلوے کا نظارہ کرتے ہیں۔ پہلی قسم کبھی دن کے وقت بھی رُو بہ عمل لاتے ہیں جب کہ قسمِ ثانی خاص طور پر رات کے وقت۔

شب بر پا و زندہ داشتن: تمام رات جاگتے رہنے کا کنایہ۔

شب پوش: لباس جو سوتے وقت پہنتے ہیں؛ نیز بمعنی کلاہ۔

شب رَو: وہ شخص جو رات کے وقت چلے۔ اصطلاح میں عیار اور طرار کا کنایہ۔

شب گرد: کوتوال۔

شب گل: وہ لوگ جو موسمِ بہار میں صبح سے دو گھنٹے پہلے باغ کی سیر کو جاتے ہیں اور یہ وقت پھول کھلنے کا ہوتا ہے۔

شب گیر: رات؛ نیز بمعنی صبح؛ نیز آخرِ شب راستہ طے کرنا، سفر کرنا، چلنا۔ اِس کی تفصیل اور توجیہ لفظ 'ایوار' میں دی جا چکی ہے۔

شب نشیں: تین معنوں میں مستعمل ہے۔ اوّل رات کے مجلس نشیں، دوسرے راتوں کو بیٹھنا، تیسرے راتوں کو بیٹھنے والا۔

شب نیمہ کرد و بدو نیم کرد: یعنی آدھی رات کو بھاگ گیا۔

شب ہاے طاق: رمضان المبارک کی اکیسویں، اِکیسویں اور تیئیسویں کی راتوں کو ایران کے زہّاد شب زندہ داری کرتے اور اِن ہی میں سے شبِ قدر جانتے ہیں۔ 'شب احیا' بھی کہتے ہیں۔

ش ۔ ت

شترخان: شُتر خانہ (اونٹوں کا طویلہ)، لفظ 'خانہ' کی 'ہ' کا دیگر مواقع میں حذف کرنا، جیسے 'گاو خانہ' وغیرہ کا، جائز نہیں ہے۔ ''نگارستان'' (کتاب) میں بھی 'شترخان' نظر آیا ہے۔

شتل: جوُے میں جیت جانے والا جوے کی محفل کے حاضرین کو جو کچھ دے۔

ش ۔ د

شد: (تشدید اور تخفیف دونوں کے ساتھ مستعمل ہے)، ''اخلاقِ ناصری'' کے شارح مولانا

یوسف کوسہ کے مطابق یہ ایک واحد بسیط نغمے کا استخراج (نکالنا) ہے۔ 'شدِ مخالف' بمعنی بے اصول اور نہ بجایا ہوا نغمہ۔

شدِ پہلوان: وہ آواز جو پہلوان کشتی شروع ہوتے وقت بلند کرتا ہے۔

شدہ: یاقوت اور موتیوں کی لڑیاں جو گریبان اور چاکِ سینہ کے گرد باندھتے ہیں، لٹکاتے ہیں۔

ش ۔ ر

شراب انداختن: شراب بنانا۔

شرابِ قُرُق: (دونوں 'قاف' اور 'ر' پر زبر)، وہ شراب جو حکام اور سلاطین نے ممنوع قرار دے رکھی ہو اور اِس بنا پر کم ہی دست یاب ہو۔

شرابِ گذشتہ: مزے سے خالی شراب، جس میں نشہ نہ ہو، یعنی اپنی اصلی حالت سے خالی ہو۔

شرب الیہود: لغوی معنی ہیں، یہودیوں کا شراب پینا، اور چوں کہ یہ قوم خفیہ طور پر شراب پیتی ہے اِس لیے بمعنی پنہاں شراب پینا مستعمل ہے۔

شَرباشَرن: ترکی لفظ (پہلے 'شین' پر زبر، 'ر' ساکن، دوسرے 'شین' اور 'ر' پر زبر، 'ن' ساکن)، ایسا شخص کہ جب جنگ کے لیے دو صفیں باہم آمنے سامنے ہوں تو وہ اپنی فوج سے نکل کر، پہلے نکلنے کی صورت میں، یعنی پیش آہنگی کر کے جنگ کا آغاز کرے۔

شرحِ کشاف خواندن وانشا کردن: ہرزہ درائی اور یاوہ گوئی کا کنایہ۔

شرم: معروف؛ نیز بمعنی آلۂ تناسل۔

شریف: معروف؛ نیز ایران کا ایک شہر؛ نیز وہ قوم جو مصر کے سلاطین کے عمال (حکام) کو معزول کر کے نسل در نسل ریاستِ کعبہ کے امور نپٹا رہی ہے۔ اِس جماعت کو 'شرفائے مکہ' کہتے ہیں۔ 'شریف' اِس کا مفرد ہے۔

ش ۔ س

شستک: چمڑے کے بنی ایک چیز جو مفعول لوگ (اغلام کروانے کے عادی) بدکار عورتوں کی طرح

کمر سے باندھتے ہیں اور بعد میں اِس کا سر اندر ڈال لیتے ہیں، تا کہ اِس فعل سے ہونے والی کھجلی دُور ہو جائے۔

شُستہ شدن: میّت کا غسل پانا۔

ش ۔ ش

شش قَبرَغہ: ایک شخص کا بڑا ہی احمق غلام تھا۔ ایک روز اُس آقا نے اُس سے کہا، 'دنیا کے تمام لوگوں کے سات قبرغہ ہیں اور تیرے چھ ہیں، تُو مر جائے گا'۔ غلام کو سخت دکھ پہنچا وہ لیٹ گیا اور اِسی غم میں مر گیا۔ اُس کے بعد سے یہ ہر احمق آدمی کے لیے استعمال ہوا۔ 'قبرغہ' ('ق' پر زبر، 'ب' پر پیش، 'ر' ساکن)، آدمی کے پہلو اور کمر کی ہڈی۔

ش ۔ ع

شعلہ زادہ: ابلیس کا کنایہ۔

ش ۔ غ

شغرہ: ایک اوزار جس سے چرم کو چھیلتے ہیں، اور اُس کا پھریرا جس سے سوراخ کرتے ہیں۔

ش ۔ ف

شفشاہنگ: (دونوں 'شین')، 'حدیدہ' کے، جس کا ذکر ہو چکا ہے، پہلے معنی کا مترادف۔

ش ۔ ک

شکار: پرندوں اور جانوروں کا مارنے کا قصد؛ نیز قابلِ شکار جانوروں پر بھی اِس کا اطلاق کرتے ہیں۔ مجازاً بمعنی مطیع و رام اور مغلوب شخص۔

شکاری: شکار کرنے والا۔ شکار کیے ہوئے جانور کو بھی کہتے ہیں؛ نیز وہ تیر جو شکار کے لیے چلایا جائے۔

شکر: ('ش' اور 'ک' پر زبر) معروف؛ نیز بمعنی معشوق کے ہونٹ؛ نیز بوسہ۔ اور اُس عورت کا نام جسے خسرو پرویز، شیریں کے برخلاف، اپنے عقد میں لے آیا تھا۔ اہلِ لغت نے عورت کی فرج اور جماع کے معنی بھی لکھے ہیں۔

شکر و قند شکستن: میٹھی باتیں کرنا۔ 'شکر شکن' نیز۔

شکر آب: دودھ اور پانی میں ملائی ہوئی شکر؛ نیز بمعنی رنجش۔

شکرپا: لنگڑا آدمی۔

شکرچش: نمونہ۔

شکرزخمہ: وہ تیر جو نشانے پر بیٹھے۔

شکر در شیر کردن: دھوکے فریب اور مکر کا کنایہ۔ مثل 'آب در شیر کردن'۔

شکرلنگ: وہ شخص جو کسی قدر لنگڑا ہو۔

شکستہ: معروف؛ نیز بمعنی خراب اور ضائع مستعمل ہے۔ اِس کے موارد (مواقع) عام ہیں۔

شکم از عزا برآوردن: جب کوئی بھوکے پیٹ ندیدہ کسی منعم کے دسترخوان پر پہنچتا ہے تو حریف از راہِ ظرافت کہتے ہیں، 'شکم از عزا برآور'؛ یعنی خوب پیٹ بھر کر کھا اور پیٹ کو چرب اور شیریں کھانوں کے ماتم سے نجات دلا جو تُو نے مدّت العمر نہیں دیکھے۔

شکم بخویش دُزدیدن و دُزدیدن: (یعنی شکم دُزدیدن)، ڈرنے کا کنایہ۔

شکم برآمدن: حمل کے سبب پیٹ کا ابھر آنا۔

شکم برزمیں نہادن: 'ناف برزمیں نہادن' کا مترادف۔ اِس کا ذکر آئے گا۔

شکم پارہ: اسپغول۔ عربی میں اِسے 'بزرقطونا' کہتے ہیں۔ کتبِ طب سے معلوم ہوا۔

شکم داشتن: حاملہ ہونا۔

شکنجہ: معروف؛ نیز عذاب یا سزا دینے کی ایک قسم۔ پہلے مجرم کی کھال (جسم) پر مٹی کے تیل کی طرح زرخرا چپکاتے ہیں۔ پھر چمٹے سے آگ پکڑ کر اُس کا گوشت کاٹتے اور آگ میں پھینک دیتے ہیں اور زخموں پر نمک ڈالتے ہیں۔

ش ۔ گ

شگوفہ: معروف؛ نیز بمعنی قے۔

ش ۔ ل

شل: ('ش' کے نیچے زیر)، نیزے کی قسم کا ایک ہتھیار جسے ہند میں 'سیلہ' کہتے ہیں۔('ش' پر زبر)، بمعنی فالج زدہ ہاتھ پاؤں اور یہ اِن معنوں میں معروف ہے۔('ش' پر پیش)، بمعنی ہر سُست اور نرم چیز۔

شلاق: ترکی لفظ۔ تھپڑ کا مترادف؛ نیز بمعنی فتنہ انگیز شوخ۔

شلتاق: بظاہر یہ لفظ ترکی اور فارسی کا مشترک لفظ ہے؛ بمعنی لڑائی جھگڑا، جنگ۔

ش ۔ م

شامہ: ('ش' پر زبر)، ایک ساز جس کے ساتھ نے ہوتی ہے۔ بعض کے مطابق یہ 'س' سے ہے ('سامہ')۔

شمّاعی: ('م' پر تشدید)، وہ شخص جو شمع ڈھالتا یا بناتا ہے۔ فارسی والے اکثر صیغۂ اسمِ فاعل کے آخر میں 'ی' کا اضافہ کر دیتے ہیں جیسے 'قنّادی'۔

شمردن: معروف؛ نیز بمعنی دینا، اور اِن معنوں میں قدما کے کلام میں بہت ہے۔

شمع انگوری: شراب کا کنایہ۔

شمعی: سیاہی مائل سبز رنگ۔

ش ۔ ن

شناو شنو: پہلوانوں کی ورزش۔

ش ۔ و

شوخ ترازو: دھوکا فریب، ترازو میں کم باٹ ڈالنے سے ماخوذ ہے۔

شورہ پشتی: معروف؛ نیز بمعنی شوخی و کج ادائی۔

شوشہ: ہر چیز کا ریزہ، ٹکڑا۔

ش ۔ ہ

شہر بند: شہر کے گرد حصار، دیوار؛ نیز بمعنی قید خانہ اور قیدی۔

شہر زریں: حضرت سلیمانؑ کی عمارات کا ایک شہر تھا۔

شہر روا: (اضافت کے ساتھ)، وہ سکّہ جو شہر میں رائج ہو؛ نیز 'شہروا' (دوسری 'ر' کے بغیر)۔

شہر زناں: ایک شہر تھا جہاں کے ساکن بادشاہ سے لے کر وزیر تک، اور جوان سے لے کر پیر (بوڑھے) تک سبھی عورتیں تھیں۔

شہر گرداں کردن: تشہیر کرنے کا مترادف ہے۔

شہر نا پُرساں: ایسا شہر جہاں کوئی کسی کی فریاد کو نہ پہنچے، نہ سنے۔

شَہروا: ('ر' پر زبر)، ایک کھوٹا سکّہ جسے ایک بادشاہ نے مسکوک کر کے رائج کیا۔ یہ سکّہ اُس کے شہر کے علاوہ اور کہیں رائج نہ تھا۔

شہری: 'دیہاتی' کی ضد، یعنی شہر میں رہنے والا، اور یہ معروف ہے۔ اور خوانندگی (پڑھنا، تعلیم) کی ایک قسم جو دورِ پہلوی میں رائج ہے۔

شہناز: موسیقی کا ایک راگ۔ 'مرقع' بھی ایک لے کا نام ہے۔

ش ۔ ی

شیر: ('ش' کے نیچے زیر) معروف؛ نیز بمعنی شراب۔ اسی بنا پر 'شیر خانہ' شراب خانے کو کہتے ہیں۔

شیر وشکر: معروف؛ نیز ایک لکیر دار ریشمی قماش۔

شیر اندام: ایسا شخص جس کا سینہ چوڑا اور کمر پتلی ہو۔

شیر بریدہ: خراب شدہ دودھ۔

شیر حاجی: وہ حصار جو اندرونی حصار کے گرد ہو۔ کتبِ تواریخ سے معلوم ہوا۔

شیر حوض: شیر کی صورت، جو حوض کے جاری ہونے کی جگہ پر بناتے ہیں تا کہ اُس کے مُنھ سے پانی گرے۔

شیر غلط: کشتی کا ایک داو۔ جب ایک مقابل کو گراتا اور اُس کی پیٹھ زمین پر لگانا چاہتا ہے تو وہ مغلوب ایسا نہیں ہونے دیتا۔

شیرک شدن: دلیر اور بہادر ہونا۔

شیر گیر: ایسا شخص جس کی مستی یا نشہ رسا ہو، اور وہ نہ گرے، اور خودداری کا مظاہرہ کرے۔

شیرہ: قند، نبات اور بادام کے قوام کی چاشنی۔ اطبّا کی اصطلاح میں وہ پانی (دودھ) جو بکری سے حاصل کرتے ہیں، عربی میں اِسے 'حلیب' کہتے ہیں؛ نیز ایک چوکور خوان جس میں کھانے پینے کی چیزیں رکھ کر محفل میں لاتے ہیں۔

شیریں: فرہاد کی معشوقہ کا نام، نیز بمعنی عزیز اور نایاب۔

شیریں کار: مٹھائی بنانے والا، حلوائی۔

شیریں کاری: کسی کام کو بطریقِ احسن انجام دینا۔ لفظ 'شیریں' صفتِ خوبی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

شیرینی شنبہ: اہلِ ایران کا یہ دستور ہے کہ وہ ہفتے کی صبح نیند سے بیدار ہو کر مٹھائی/شیرینی کھاتے، اور جو لوگ اُس وقت موجود ہوتے ہیں، اُن میں تقسیم کرتے ہیں۔ اُن کا یہ زعم ہے کہ اگر ہفتے کا دن عیش سے گزرے تو سارا ہفتہ خوشی و مسرّت میں گزرتا ہے، اور اگر اِس کے برعکس ہو تو معاملہ بھی برعکس ہوگا۔ دوسری تاویلات گھڑی گئی ہیں۔

شیشہ: معروف؛ نیز آئینہ۔

شیشہ بازی: رقص کا ایک انداز۔ رقّاص شیشہ اور صراحی، پانی اور آبِ گُل (عرقِ گلاب) سے بھر کر سر پر رکھتے اور ناچ شروع کر دیتے ہیں۔ رقص کی تمام حرکات کے باوجود شیشہ سر سے نہیں گرتا، اور اگر جگہ سے ہٹ جائے تو حرکاتِ اصول سے گردن اور بازو پر سنبھال لیتے ہیں؛

تیز بمعنی 'نکتہ باز'۔

شیشہ بر سر بازار شکستن: راز افشا کرنا۔ 'شیشہ بر سنگ زدن' کا بھی یہی مفہوم ہے، اسی طرح 'شیشہ بر سنگ آمدن' ہے۔

شیشہ بندی: ایک انگلی کی نوک انگوٹھے کے نیچے جوڑ کر، یا لگا کر باقی انگلیاں خم کر کے مُنھ پر رکھنا اور ایک آواز نکالنا۔ یہ انداز کسی کی نادانی کی طرف اشارہ کرنے کا ہے۔

شیشہ دل و شیشہ جان: (بغیر اضافت)، 'سنگ دل' اور 'سنگ جان' کی ضد، یعنی نرم دل اور نرم جان۔

شیشہ گر خانہ: شیشہ سازی کا کارخانہ۔

شیشۂ گلدار: وہ شیشہ جس میں گُل (پھول) بناتے ہیں۔

شیطانی شدن: احتلام ہونا۔

شیم: فلوس دار مچھلی کی ایک قسم۔

ص

ص ۔ ا

صاحقران: ایسا شخص جس کے نطفہ ڈالنے یا ولادت کے وقت دو مبارک ستاروں کا قران (میل) ہو۔

صاحب مردہ: (بغیرِ اضافت، 'م' پر پیش)، ایک نفرین جو زیادہ تر حالتِ غضب میں گائے اور گدھے؛ کرتے ہیں، یعنی جس کا مالک مردہ ہو۔

صاجی: قماش کی ایک قسم، نیز انگور کی ایک قسم۔

صاف گذشتن: پوری تیزی سے چلنا، جانا۔

صافی: معروف؛ نیز ایسا کپڑا جس میں بھنگ اور شراب وغیرہ ڈال کر صاف کی جاتی ہے۔

ص ۔ ب

صَبوحی: ('ص' پر زبر)، صبح کے وقت شراب پینا؛ نیز صبح کا وقت۔

ص ۔ ح

صحبت برآمدن و نشستن و برآرشدن: اختلاط کا زور اور جوش پر ہونا۔

صحبت کردن: باہم مل بیٹھنا۔ اگرچہ اساتذہ کے کلام میں اِن معنوں میں بہت ہے، لیکن آج کے روزمرہ میں، اِس میں قباحت پیدا ہوگئی ہے اور بمعنی جماع کرنا مشہور ہوگیا ہے جو عوام کا زعم ہے۔

صحبتی: ہم صحبت، ساتھ بیٹھنے والا۔

صحن: معروف؛ نیز کھانے کا طبق (تھال)؛ نیز قماش کی ایک قسم۔

ص ۔ د

صدورصدِ کرمان: کرمان کے محل جن میں سے ہر ایک کا حدود اربعہ سو فرسخ ہے۔

ص ۔ ر

صراحی بازی: 'شیشہ بازی' کا مترادف، جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

ص ۔ ف

صفا زدن: 'خوش بادزدن' کا مترادف، جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

صفائے قلندری: چار ضربیں، چوٹیں لگانا۔

ص ۔ ل

صلا زدن: 'آواز کردن' (آواز لگانا) کا مترادف۔ ذکر ہو چکا ہے۔

ص ۔ ن

صندوق سر: ('س' کے نیچے زیر)، راز دار۔

ص ۔ و

صورت: معروف؛ فارسی والے آدمی کے چہرے پر اس کا اطلاق کرتے ہیں۔

صورت بازی: اپنی صورت کو کسی دوسرے کی وضع و شکل اور رنگ و ریش جیسا بنانا۔ اس عمل کو ہندوستان میں 'بہروپ' کہتے ہیں۔

صورت برداشتن: 'طرح برداشتن' کا مترادف۔ ذکر آگے آئے گا۔

صورت ساز: مصوّر۔

ص ۔ ی

صیغہ: نکاح۔

صیقلی: آئینہ؛ نیز صیقل شدہ تلوار؛ نیز بمعنی روشن گر (یعنی پالش کرنے والا)۔

ط

ط ۔ ا

طارمِ انگور: 'دار بست'، جس کا ذکر ہو چکا ہے (بیل دار پودے کے چڑھانے کا ٹھاٹھر، یا لکڑی کی پاڑ)۔ 'طارم' کے 'ر' میں حرکت سے اختلاف ہے، بعض قافیے میں زبر کے ساتھ اور بعض پیش کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ سالک قزوینی نے اِسے زیر کے ساتھ استعمال کیا ہے۔

طاسِ ساعت: پیمانۂ ساعت، جو معروف ہے۔

طاق: جُفت کی ضد، اِسی مناسبت سے بمعنی تنہا اور بے کس مستعمل ہے۔

طاق وجُفت: جواریوں کا معروف کھیل، بازی۔

طاق بندی وطاق نمائی: وہ نقش جو طاق کی صورت میں، خوش نمائی کے لیے، دیواروں میں بناتے ہیں۔

طاق زدن: کودنے کی ایک قسم ہے جسے 'گنبد زدن' بھی کہتے ہیں۔

ط ۔ ب

طبّ النسا: ایک کتاب جس میں عورتوں کے امراض کے علاج مذکور ہیں۔

طبخِ نظر: بڑے اہتمام کے ساتھ آنکھوں کے سامنے طبخِ طعام (کھانا پکانا) فرمانا۔ 'طبخِ حضور' بھی کہتے ہیں۔

طبق: معروف؛ اور ایسا عمل جو زنانِ حکّہ (خارش زدہ عورتیں) پاؤں پر بھی کرتی ہیں اور یہ 'چہ مینہ بستن' سے ہٹ کر ہے۔ صرف مخصوص اعضا کو ایک دوسرے کے ساتھ مَلنا ہے۔

طبلِ اماں زدن: پناہ اور امان چاہنا۔

طبل خوردن: بھاگ جانا اور خود کو ایک طرف کر لینا۔

طبل درزیرِ گلیم: کسی ایسے معاملے کو چھپانا جو بڑا ظاہر ہو۔

طبلِ سوم زدنِ عسس: ایسا ڈھول جو آدھی رات کے وقت لوگوں کو گلی کوچوں میں گھومنے پھرنے سے منع کرنے کے لیے بجایا جاتا ہے۔

طبلہ: بالوں سے بنی ہوئی ایک چیز جو باز پالنے والے ہاتھ پر رکھتے ہیں۔ جب اُسے اُڑنے والے باز کے سامنے ہلاتے ہیں تو وہ باز واپس آ کر ہاتھ پر بیٹھ جاتا ہے۔

طبیعت دُزداست: یعنی طبیعت ہم نشینوں کے طور اطوار جلد اپنا لیتی ہے۔ ایسے شخص کے لیے جس پر دوسروں کی صحبت کا جلد اثر ہو، کہا جاتا ہے، 'طبیعت دزدی دارد۔' (یعنی اُس کی طبیعت چور ہے۔)

طبیعت کردہ: جب کوئی شیر خوار بچہ ہنستا یا بات کرتا (کوئی لفظ بولتا) ہے تو کہتے ہیں، 'طبیعت کردہ است،' یعنی اس میں طبع واستعداد پیدا ہو گئی ہے۔

ط - ر

طرح: ('ط' پر زبر، 'ر' ساکن)، کوئی چیز ڈالنا۔ منجم اور رمّال کہتے ہیں، 'ایں عدد طرح کردیم،' یعنی ہم نے یہ عدد ڈالا ہے؛ نیز میمنے اور میسرے سے ہٹ کر ایک فوج کا نام۔ یہ فوج تمام افواج (یعنی گروہ) کی امداد واعانت کے لیے ہے تا کہ فوج کے جس بازو یا گروہ پر دشمن کا غلبہ ہو یہ وہاں مدد کے لیے پہنچے۔ کتب تاریخ سے معلوم ہوا؛ نیز اعراض کرنا اور مُنہ پھیر لینا۔

طرح برداشتن: کسی چیز کو دوسری چیز کی طرح بنانا۔ جب کوئی اپنا گھر کسی دوسرے کے گھر کی طرح بناتا ہے تو کہتے ہیں، 'از خانہ فلاں کس طرح برداشتہ ایم۔' (ہم نے فلاں کے گھر کی طرح اپنا گھر بنایا ہے۔)

طرحِ قانون: اٹو کشی (کپڑے پر ٹھپّے سے بیل بوٹے بنانے) کی ایک قسم، جس میں اٹو کی لکیریں تارِ قانون کی مانند لمبی اور باہم پیوستہ ہوتی ہیں۔

طرح کردن وریختن وافشاندن: معروف ہے۔ (یعنی بنا ڈالنا، کسی چیز کی بنیاد رکھنا۔)

طرح کش: مغلوب اور زبوں؛ نیز کام بنانے والا۔

طرف: (’ط‘ اور ’ر‘ پر زبر)، مقابل محاورے میں ’منکوحہ‘ کو بھی کہتے ہیں۔ طرف (’ر‘ ساکن)، گوشہ و کنار مثلاً طرفِ دامن، طرفِ کلاہ؛ نیز فائدہ اور حاصل۔ مثلاً کہتے ہیں ’از فلاں جا طرف بستیم‘، یعنی ہم نے فائدہ حاصل کیا؛ لیکن اِن معنوں کے لیے لفظ ’از‘ ساتھ آتا ہے، اِس کے بغیر کلامِ اساتذہ میں نظر نہیں آیا۔ وگرنہ ’از‘ کے بغیر ’طرف بستن‘ مقابل، یا سامنے ہونا کے معنی میں آیا ہے۔

طَرَف (’ط‘ اور ’ر‘ پر زبر) بھی فائدے کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

طَرْف (’ر‘ ساکن) برداشتن کے بھی معنی فائدہ حاصل کرنے کے ہیں۔

طرفدار: (’ط‘ اور ’ر‘ پر زبر)، بادشاہ، حاکم اور جاگیردار۔

طَرَفِ شام: (’ط‘ اور ’ر‘ پر زبر)۔ ’تنگِ شام‘ کا مترادف۔ اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔ ’طَرَفِ صبح‘ بھی سنا گیا ہے۔

طُرفگی: (’ط‘ پر پیش)، بازی گری۔

طُرفہ: بازی گر۔ چوں کہ یہ لوگ بغداد کے ہر شہر میں چھائے ہوئے ہیں، اِس لیے ’طرفۂ بغداد‘ کے نام سے مشہور ہیں؛# نیز بمعنی اُستادِ بازی گر۔ اور ’اُچوگی‘ بھی بازی گری ہے۔

طُرفه: بازیگر۔ چوں ایں قوم در بغداد سرآمدِ ہر شہر است، ’طرفۂ بغداد‘ مشہور شدہ...= چوں کہ بغداد میں یہ گروہ ہر شہر سے زیادہ چھایا ہوا ہے، ’طرفۂ بغداد‘ مشہور ہو گیا... (نقش)

طُرّہ: (’ط‘ پر پیش، ’ر‘ پر تشدید)، زلف؛ نیز بمعنی کاکل؛ نیز وہ چیز جو ایوان کے اوپر بناتے ہیں۔ عربی میں اسے ’مظلہ‘ بھی کہتے ہیں، جب کہ فارسی میں ’باراں گریز‘ کہا جاتا ہے، ’طرۂ ایوان‘ بھی مستعمل ہے؛ نیز وہ منقش تار جو باہم ملا کر پگڑی پر رکھتے ہیں۔ لفظِ ’طرہ‘، لفظِ ’دستار‘ اور ’عمامے‘ کے بغیر جائز نہیں ہے۔

طرہ بازی: بچوں کا ایک کھیل، اور وہ یہ ہے کہ رسّی کو تازیانے کی طرح لپیٹ کر اُسے ایک دوسرے پر مارتے ہیں؛ نیز کہتے ہیں کہ ہر تاب دادہ چیز کو ’طرّہ‘ کہتے ہیں، اِس لحاظ سے اِس لفظ کا تازیانے (چابک) پر اطلاق درست ہے۔

طریقہ: بمعنی روش۔

ط ۔ س

طِسق آسیا: (’ط‘ کے نیچے زیر)، ایک خاص رقم جو چکی والے ایران کے بادشاہ کی سرکار کو پہنچاتے ہیں اور یہ وہاں کے جملہ ٹیکسوں میں سے ایک ہے۔

ط ۔ ف

طفرہ: کودنا؛ اور وہ التوا یا فاصلہ جو کسی کام کے درمیان واقع ہو۔

طفل بر در مسجد و بہ مسجد افگندن: جب کوئی فاحشہ عورت نطفۂ حرام سے کوئی بچہ جنتی ہے تو اُسے خفیہ طور پر کسی مسجد کے دروازے پر رکھ کر لوٹ آتی ہے، تاکہ جو کوئی وقت پر وہاں پہنچے، اُس نوزائیدہ بچے کو اٹھا لے۔

طفل در گریباں افگندن: رسمِ ولایت ہے کہ جب کسی عورت کے ہاں بیٹا نہیں ہوتا تو وہ اپنے اعزا و اقربا میں سے کسی ایک کا شیر خوار بچہ بطور متبنّیٰ لے لیتی ہے۔ اُس بچے کو گریبان میں ڈال کر نیچے دامن سے باہر نکالتی ہے۔ اِس عمل کی وجہ ظاہر ہے۔

طفلِ شش روزۂ عالم: آیت ’خلق السّمٰوات و الارضِ فی سِتّۃِ أیّام ‘ (آسمان اور زمین کی تخلیق چھ دن میں ہوئی) کے مطابق دنیا و مافیہا کا کنایہ۔ بعض کے مطابق انسان کا کنایہ۔

طفلِ شش ماہۂ رز: شراب، کیوں کہ شراب کا چھ ماہ میں پہنچنا مقرر کیا گیا ہے۔#

طفلِ شش ماهۂ رز: شراب، چہ رسیدن شراب در شش ماہ مقرر داشتہ اند = شراب، کہ شراب کی تیاری کے لیے چھ مہینے مقرر کیے گئے ہیں۔ (نقش)

طفلانِ چمن: نئی نئی اُگی نباتات کا کنایہ۔

ط ۔ ل

طِلا کردن: اطبا کی اصطلاح میں متعلقہ عضو پر پتلی دوا مَلنا، ضماد کے برعکس جو پتلی نہیں ہوتی۔ ’اِطلا‘ (’الف‘ کے نیچے زیر) اِس کی عربی ہے۔ شعرا اِسے محض مَلنے اور لپیٹنے کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔

طلایہ: وہ دوا جو طلا کرتے ہیں؛ نیز لشکر کا ایک گروہ جو راتوں کو فوج کی چھاونی کے گرد حفاظت کی خاطر پہرا دیتا ہے۔

طلسم: ایسی صورت جو عملِ نیرنجات سے سیدھی کرتے ہیں تا کہ کوئی حد سے تجاوز نہ کرے اور اُس طرف نہیں جایا جا سکتا۔ کبھی یہ آبگینے سے بناتے ہیں۔ #

طلسم: صورتے کہ از عمل نیرنجات راست کنند تا کسے از حد تجاوز نکند و آں طرف راہ نتواند برد۔ گاہے از آبگینہ سازند؛ و فارسیاں بمعنی قید آرند = ایک صورت جو شعبدے بازی سے بنائی جاتی ہے، تا کہ کوئی حد سے تجاوز نہ کرے اور اُس طرف نہ جا سکے۔ گاہے اِسے آبگینے سے بناتے ہیں؛ اور اہلِ فارس قید کے معنی میں لاتے ہیں۔ (نقش)

ط - ن

طناب قُرق: ایسی طناب جو سلاطین اور حکّام کی سواری میں باندھتے ہیں تا کہ عام لوگوں کی آمد و رفت بند رہے۔ ہند میں بارہ (باڑھ) کہتے ہیں۔

طنبی وطنابی: بڑے ایوان کے اندر جو ایوان ہو۔

ط - و

طوق: علم (پرچم) کی قسم کی ایک چیز، جس پر پنجے کی شکل نصب کرتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں: ایک 'چتر طوق'، جھنڈے کی ایک چھوٹی قسم یعنی مورچھل۔ دوسری 'تومان طوق'، یہ بھی ویسی ہی ہے، لیکن اُس سے زیادہ لمبی۔ پرچموں میں اس کا پایہ بلند سمجھا جاتا ہے، اور آخر الذکر بزرگ نوئیناں (بڑے امرا) سے مخصوص ہے۔ 'طوقچی' وہ شخص جو طوق اٹھائے۔

ظ

ظ ۔ ر

ظرف: معروف؛ نیز بمعنی حوصلہ مستعمل ہے۔ کم حوصلہ شخص کو 'یک ظرف' اور 'تنگ ظرف' کہتے ہیں۔

ظرفیت داشتن: حوصلے والا ہونا۔

ظ ۔ ہ

ظہور: عربی لفظ۔ بمعنی ظاہر۔ فارسی والے اس کے معنی 'نمایاں' لکھتے ہیں۔

ع

ع ۔ ا

عاشق پرانی: معشوق کا ہر روز ایک نیا عاشق بنانا۔ 'معشوق پرانی' اس کی ضد ہے (ذکر آگے آئے گا)۔

عاشقِ یک فصلہ: خوش حالی و دولت مندی کے دنوں کا آشنا۔

ع ۔ ت

عُتُلّ: ('ع' اور 'ت' پر پیش، 'ل' مشدد) غلیظ اور درشت۔

ع ۔ ر

عَرّ ورکوز: ('ع' پر زبر، 'ر' مشدد) بے محل شور و غوغا۔

عرّادہ: (شد کے ساتھ)، جنگِ قلعہ کا ایک آلہ، توپ سے چھوٹا جس سے دشمن کے سروں پر پتھر پھینکتے ہیں۔

عَرّاک: ('ع' پر زبر، 'ر' مشدد) ایسا شخص جو سخت گوش مالی کرے اور رگڑ اوے۔

عرشہ: اونچی جگہ جو اغنیا (مال داروں) کے بیٹھنے کے لیے جہاز میں بنائی جاتی ہے۔ دراصل یہ سقفِ خانہ (گھر کی چھت) کے معنوں میں ہے۔

عرصاتِ وخرگاہی: یہ اُس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایسی بات کو جو خلوت میں کہنی چاہیے، کہنے والا محفل میں کہہ دے۔

عرضِ حیات: تمام زندگی کا خوبی و خوشی سے گزرنا۔ 'پہنائے عمر' بھی کہتے ہیں۔

عرق: ('ع' اور 'ر' پر زبر)، پسینا؛ نیز نچھو دینا؛ نیز خجالت سے دو چار ہونا۔ ('ع' کے نیچے زیر اور 'ر' ساکن)، بمعنی ہر چیز کی اصل؛ نیز بمعنی بڑا، عظیم۔

عَرق چیں: چھوٹی سی ٹوپی، جو پگڑی اور کلاہ کے نیچے پہنتے ہیں (یعنی پسینا خشک کرنے والی ٹوپی)۔

عرق خانہ: حمام۔

عرق ریختن وراندن: کسی کام میں کوشش کرنا۔

عرق ریز: خادم، نوکر۔ 'عرق ریختن' بمعنی شرمندہ ہونا بھی ہے۔

عروسک: چھوٹی توپ؛ نیز گویا جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں؛ نیز زردالو کی قسم کا ایک پھل۔

ع ۔ ز

عزائم: ('ع' پر زبر)، ایسے جادو منتر جو کسی مریض یا آفت زدہ پر پھونکتے ہیں۔ 'عزائم خواں'، وہ شخص جو افسوں پھونکتا ہے۔

عزب: رنڈی عورت، نیز رنڈوا۔

عزیز: معروف؛ نیز بمعنی نایاب۔

عزیز مردہ: (اضافت کے بغیر)، 'صاحب مردہ' قسم کی (جس کا ذکر آ چکا ہے) ایک نفرین، (جس کے عزیز مر چکے ہوں)۔

ع ۔ ش

عشر خواں: وہ شخص جو میت کی قبر پر قرآنی آیات پڑھے۔

عشق: لغت میں اِفراطِ محبت کے معنوں میں ہے، جب کہ فارسی والے سلام اور وداع کے معنی لیتے ہیں۔

عشور: سمندر کی جائے عبور پر تاجروں سے جو ایک طرح کا باج لیا جاتا ہے۔

عشور و عاشور و عاشورا: ماہِ محرم کی دسویں تاریخ۔

عشوۂ مرمری: اچھا ناز و ادا (عشوہ۔)

ع ۔ ص

عصا: معروف؛ نیز آلۂ تناسل کا کنایہ۔

عصاے سہ حرفی: وہی 'چوبِ حرفی' جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

ع ۔ ق

عقابین: دو اونچی، بلند لکڑیاں، جو نوشیرواں کے وزیر نے کھڑی کیں۔ حمزہ کو گاے کی کھال میں ڈال کر اُن پر باندھا گیا تھا؛ نیز بمعنی شدید کلفت کا باعث۔

عقدِ روان و تمکیں: نکاحِ متعہ جو اہلِ تشیع میں جائز ہے۔

عقربِ ساعت: گھڑی کی سوئی، سوئیاں۔

عقیق: معشوق کے ہونٹوں اور شراب کا کنایہ۔

ع ۔ ل

علاقۂ دستار: پگڑی کا طرّہ۔

علتِ سُرخ: ایک بیماری جسے 'سُرخ باد' کہتے ہیں۔

علتِ مشائخ: فارسی والوں کی اصطلاح میں ابنہ (اِغلام کرانا، مفعولیت) کا مترادف ہے اور یہ اکابر کا بھی مرض ہے۔

عَلَم وقلم: (دونوں 'ل' مشدد)، لوطیوں کی اصطلاح میں مکاری اور فریب کاری۔

علم باز: ایسے لوگوں کا گروہ جو معرکہ و ہنگامے میں علم بازی کرتے ہیں اور وہ اس طرح کہ بوجھل جھنڈے کندھے پر رکھ کر قوتِ بازو کے زور سے ہوا میں اُچھالتے ہیں اور اُسے زمین پر گرنے نہیں دیتے۔

علم بخوں چرب کردن: صف آرائی کے موقع پر آگے بڑھ کر لشکرِ غنیم سے دو ایک سپاہیوں کو پکڑ کر لے آتے اور اپنے پرچم کے نیچے اُن کی گردن اڑا کر اُن کے خون سے پرچم بھگو لیتے ہیں۔ اسے فتح کا

شگون سمجھا جاتا ہے۔

علمِ سرِ خاک وعلمِ تربت: وہ پرچم جو قبر پر نصب کرتے ہیں۔

علمِ عید: وہ پرچم جس سے علم باز عید کے روز کھیلتے ہیں۔

علمِ ماتم وعلمِ مُردہ: وہ پرچم جو تابوت کے آگے لے کر چلتے ہیں اور یہ رسمِ ولایت (افغانستان وغیرہ) ہے۔

علیقاپی: بلند دروازہ۔ 'قاپی' ترکی میں بمعنی دروازہ ہے اور 'قاپچی' بمعنی دربان۔ یہ لفظ اعاظم ملوک کے گھر میں مخصوص ہے۔

علی قلچماق: ایک شخص کا نام جو سیہ کار اور فاجر تھا۔ 'قلچماق' ترکی میں بمعنی سائیس ہے۔ (سائیس: گھوڑے کا نگہبان۔)

ع - م

عماری یکے: دو شخص جو ایک محمل میں بیٹھیں۔ مثلِ 'خانہ یکے'، جس کا ذکر ہو چکا ہے۔ 'عماری' بمعنی محمل؛ نیز بمعنی تابوت۔

عملِ شمسی وقمری: کیمیا گروں کی اصطلاح میں سونا اور چاندی بنانا۔

عملِ گیسو: موسیقی کا ایک راگ جسے ہند میں 'دھناسری' کہتے ہیں۔

عمود: معروف، نیز آلۂ تناسل کا کنایہ۔

ع - ن

عنبردان وعنبرچہ وعنبرینہ: ہند کے ایک زیور 'دھکدھکی' کی قسم کا زیور جس کی کھوکھلی عنبر سے بھرتے اور اس میں نیم رُو موتی لٹکاتے ہیں۔

عنقا شدن: غائب اور ناپید ہونا۔

ع - و

عودِ زیرِ دامن: ولایت کی رعنا اور خود آرا عورتیں اپنے دامن کے نیچے، عود کے بخور سے خوش بُو کا سامان

کرتی ہیں؛ نیز 'بخور زیر دامن'۔

عود قماری: 'قمار' ایک جگہ کا نام ہے جہاں اوّل درجے کا عود غرقی دست یاب ہوتا ہے۔

ع ۔ ی

عَیار: ('ع' پر زبر) ترازو۔ باقی معنی معروف ہیں۔

عیب بُردن: عیب ظاہر کرنا۔

عید غدیر: غدیر خم، مکّے اور مدینے کے درمیان ایک موضع ہے۔ ۱۸ ذی الحجہ کو حدیث 'مَن کُنتُ مَولاہُ فَعَلِیٌّ مَولاہ... الخ' وہاں صادر ہوئی۔ اُس روز سے یہ دن اہلِ تشیّع کے نزدیک عیدِ اعظم ہے جسے 'عیدِ غدیر' سے موسوم کیا گیا ہے۔

عید گلابی: یہ عید حضرتِ عرش آشیانی کے عہد سے منائی جاتی تھی اور یہ موسمِ بہار کے آغاز میں مناتے تھے۔ اُمرا عطریات کی صراحیاں پیش کیا کرتے تھے۔ حضرتِ عالم گیر کے اواسطِ عہد میں یہ رسم ختم ہوگئی۔ (عرش آشیانی: جہانگیر۔)

غ

غ ۔ ر

غربال کردن: (چھاننا)، بہت جستجو اور تفحص کا کنایہ۔

غرتی وغرق: لوطیوں کی اصطلاح میں بمعنی دخول۔

غرنگ: شور وغوغا؛ نیز گلے میں پیدا ہونے والا خرخرہ جو بہت زیادہ گریے وغیرہ کے سبب ہوتا ہے۔

غریب زادہ: ناچنے والی کنچنی کا بیٹا۔ اکثر مسافر لولی اور کاولی (وہی کنچنی، بیسوا) سے اختلاط کرتے ہیں۔ اس قباحت کے باوجود شعرا، بے نوا مسافرزادے کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

غریبی: معروف؛ نیز بڑی نفیس قماش۔

غ ۔ س

غسول: ایک شے جو رنگ میں زیادہ چمک پیدا کرنے کے لیے منھ پر ملتے ہیں۔

غ ۔ ل

غلام فلکم: یعنی میں آسمان کا محکوم ہوں۔ جب کوئی خلاف توقع معاملہ پیش آئے تو یہ کہا جاتا ہے۔

غلام گردش: وہ دیوار جو حرم خانہ اور دیوان خانے کے مابین حائل ہو۔ ولایت کی سراؤں میں حجروں کے آگے بناتے ہیں۔

غ ۔ ن

غنچہ شکستن وکندن: کلی توڑنا، چنتا 'گل کندن' بھی استعمال ہوا ہے۔

غ ۔ و

غورہ درچشم کردن: کسی کا عیش منغض ہونا، یعنی رنگ میں بھنگ پڑنے کا کنایہ۔

غوزہ: غلاف میں پڑی ہوئی روئی، جو دُھنی ہوئی نہ ہو۔

ف

ف ۔ ا

فاق: تیر کا سوراخ۔ اسی بنا پر 'افاقہ' ('الف' کے نیچے زیر)، کا مطلب فاق، کمان کی زہ پر رکھنا ہے۔

فال: معروف؛ ولایت کے میوہ فروشوں کی اصطلاح میں اِس کا مطلب یہ ہے کہ وہ دکان میں کئی جگہوں پر چند مختلف پھل — عناب، شفتالو وغیرہ — ایک دوسرے پر رکھ دیتے ہیں اور ہر حصے کو 'فال' کہتے ہیں۔ جب کوئی خریدار آتا ہے تو کہتا ہے، 'فالے بچند؟' یعنی ایک فال کتنے میں؟

فال گوش: لوگوں کی آواز پر کان رکھ کر اُن کی باتوں سے فال لینا۔ ایک ایرانی نے بتایا کہ 'ایک شخص اپنا سر منھ لپیٹ، یعنی چھپا کر راتوں کو کسی غیر، ناواقف کے گھر جاتا اور چھلنی اور چابی بھی ساتھ لے جاتا ہے۔ وہاں وہ چھلنی کو چابی سے بجاتا ہے۔ صاحب خانہ آگاہ ہو کر کوئی کھانے یا پینے کی چیز چھلنی میں رکھ دیتا ہے، اور وہ اُس چیز سے کسی کام کے اچھے یا برے ہونے کی فال لیتا ہے۔' واللہ اعلم!

ف ۔ ت

فتح: معروف؛ کشتی کا ایک داو۔ اِس میں پہلوان اپنے حریف کے پیچھے سے اُس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اُسے اوپر اٹھاتا ہے۔

ف ۔ د

فدک: ایک مشہور باغ کا نام؛ نیز رنگ ریزوں کی رسّی، جس پر رنگین کپڑے ہوا دینے کی خاطر

لٹکاتے ہیں۔

ف ۔ ر

فراغت خانہ: خلوت خانہ کا مترادف۔

فرجِ کفتار داشتن: کہا جاتا ہے کہ جس کی فرج لگڑ بھگے جیسی ہے، لوگوں کے دل اُس کی محبت میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔ اور 'بخاک کردنِ فرجِ کفتار' (کفتار کی فرج خاک میں ملانا) سے مراد زوالِ محبت ہے۔#

فرجِ کفتار داشتن: گویند، 'ہر کہ فرجِ کفتار با خود دارد دلہاے مردم بہ محبتش مائل شود۔' و 'بخاک کردنِ فرجِ کفتار' زوالِ محبت آرد = کہتے ہیں، جس کے پاس لگڑ بھگے کی فرج ہو، لوگوں کے دل اُس کی محبت پر مائل ہو جاتے ہیں؛ اور 'لگڑ بھگے کی فرج کو خاک میں ملانا' محبت کا زوال لاتا ہے۔ (نقش)

فردنوا: جو کسی دم کش (ساتھ مل کر گانے والا) کے بغیر گائے۔ اِسی طرح کا یہ محاورہ ہے، 'فردرو' یعنی تنہا چلنے والا جو کسی کے ہم راہ نہ ہو۔

فرزندِ کجاست: یعنی اِس کا مولد کون سا مقام ہے۔

فرمان رسیدن: اجلِ مقدر کا آنا، پہنچنا۔

فرمودن: معروف؛ نیز بمعنی آنا۔ جانے کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

فرو خوردن: تحمل کرنا۔

ف ۔ ش

فش: ایسا لفظ جس سے شباہت اور مانند کے معنی نکلتے ہیں؛ نیز ہر چیز کا پیچھا، پُشت اور دستار کا شملہ۔ 'کش و فش' بمعنی زینت بھی مستعمل ہے۔

ف ۔ ک

فکرِ تیرِ تازہ داشتن: کسی نئے منصوبے کی فکر میں ہونا۔

ف ۔ ل

فلاں کفش پیشِ پاے فلاں نمی تواند گذاشت: (فلاں اپنا جوتا فلاں کے پاؤں کے سامنے نہیں رکھ سکتا)، یعنی اُس کا رتبہ بہت معمولی ہے۔ یہ زیادہ تر زنانِ ولایت کا مقولہ ہے۔

فلانہ دو کمان می کشد: یعنی وہ پُر زور ہے۔ کیوں کہ جو کمان دار خود میں بہت زور پاتا ہے وہ دو کمانیں کھینچتا ہے۔

فلفل و کافور: چوں کہ کافور خاصیت کے لحاظ سے ڈبیا سے ہوا لیتا ہے، اِس لیے اُسے روکنے کے لیے ڈبیا میں مرچ ڈال دیتے ہیں۔ اس لیے کہ کافور کی حفاظت کرنا مرچ کا خاصہ ہے۔#

فلفل و کافور: چوں کافور بالخاصیہ از طبلہ ہوا گیرد براے منعِ آں فلفل در طبلہ گذارند، چہ نگاہ داشتنِ کافور خاصہء فلفل است = چوں کہ کافور اپنی خاصیت کے باعث پٹاری سے ہوا میں تحلیل ہو جاتا ہے، اِس لیے اُسے بچانے کے لیے پٹاری میں مرچ ڈال دیتے ہیں، کیوں کہ کافور کی حفاظت مرچ کی خصوصیت ہے۔ (نقش)

فلک: معروف؛ نیز ایک لکڑی جس کے دونوں سروں میں سوراخ کر کے اُن میں سے رسّی گزارتے ہیں۔ استاد کسی کھیل کود کرنے والے بچّے کے دونوں پاؤں میں ڈال کر اِسے لپیٹتا ہے تا کہ دونوں سرے مل جائیں، اُس کے بعد بچے کو چھڑی مارتے ہیں۔ اِسے 'چوبِ فلک' بھی کہتے ہیں۔

فلونیا و فلونی: ایک کیف آور معجون جس میں افیون اور رالنج کا بیج ڈالا جاتا ہے۔

ف ۔ ن

فن خوردن: دھوکا کھانا۔

فن زدن: مدِ مقابل کو عاجز و زبوں کرنا۔

فنجان: ('ف' کے نیچے زیر)، چھوٹا پیالہ، جس میں قہوہ ڈال کر پیتے ہیں، اور یہ بظاہر 'پنگان' کا معرّب ہے، فارسی میں جس کے معنی پیالے کے ہیں۔

فندق بستن وفندقی کردن: انگلیوں کے سرے مہندی سے رنگین کرنا جو بالکل فندق (بیر کی طرح کے ایک پھل) کی مانند نظر آتا ہے۔

ف ۔ و

فواق: ایک معروف مرض ہے؛ اور 'فواق شیشہ' سے مراد پیالے میں شراب اِس طرح انڈیلنا کہ اُس سے آواز پیدا ہو۔

فوطہ: اَن سِلا کپڑا، جیسے دستار، کمر بند اور رُومال وغیرہ۔

فوطہ دار: ایسا شخص جس نے فوطہ باندھا رکھا ہو؛ نیز وہ شخص جو حمام میں آنے والے لوگوں کے اتارے ہوئے کپڑے سنبھالتا ہے۔ اِسے 'فوطہ لنگِ حمامی' بھی کہتے ہیں۔

فوطہ رُبا: ایک طرّار قسم کا چور جو لوگوں کے سروں سے پگڑی اُڑا لیتا ہے۔

ف ۔ ی

فیل باراں: (بغیرِ اضافت)، برسات کے اخیر کی بارش۔

فیل میمونہ: ایک ہاتھی تھا جس پر لندھور بن سعدان سواری کیا کرتا تھا۔ یہ حضرت امیر حمزہ کے پہلوانانِ دستِ راست میں سے تھا۔ 'میمونہ' کشتی کا ایک داو ہے۔

فیلی: ('ف' پر زبر)، گنوار یا وحشی آدمیوں کا ایک گروہ جو عیاری میں معروف ہے۔ حسین خان عباس، جو شاہ عباس ماضی کے سرخیل اُمرا میں سے تھا، اِسی گروہ کا آدمی تھا۔ تاریخ ''عالم آرائے عباسی'' سے معلوم ہوا۔

فیں: ('ف' کے نیچے زیر)، ایران کے ایک شہر کا نام؛ نیز سختی سے سانس لینا۔ کہا جاتا ہے، 'ناک صاف کر، کیا فیں فیں لگا رکھی ہے۔'

ق

ق ۔ ا

قاب: ترکی لفظ؛ یعنی ظرف، کہا جاتا ہے 'قاب عینک'، 'قاب آئینہ' اور 'قاب کتاب' چوں کہ طبق، کھانے کا ظرف، برتن ہے، اِس لیے اِسے بھی 'قاب' کہتے ہیں؛ نیز بمعنی کہنی اور پاؤں کی ہڈی۔ اسی بنا پر بجل # کو بھی 'قاب' کہتے ہیں۔

کہنی اور پاؤں کی ہڈی کے معنی میں لفظ 'بجل'، یا 'بَجَل' نہیں، بل کہ 'بُجُل' ہے۔ (نقش)
[جمع = بجُول]

قالہ قالہ: وہی 'قال قال'؛ مراد ہے توبہ توبہ۔

ق ۔ ب

قبا بدوش کردن: لباس پہننا۔

قبا کردن کسے را: کسی کو لباس دینا۔

قبائے راہ: دورانِ سفر پہنا جانے والا لباس۔ اِس کا رنگ مٹیالے پانی کا سا ہوتا ہے۔ 'جامۂ راہ' بھی کہتے ہیں۔

قبائے صورتی: 'جامۂ صورت' کا مترادف، جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

قپچاق: ایک ترک قوم، جو اپنی شجاعت و دلیری کی بنا پر مشہور ہے۔

قُبَیدہ: ('ق' پر پیش، 'ب' پر زبر)، ایک حلوائی کا نام۔

ق ۔ پ

قپّان: ('پ' مشدّد)، ترکی لفظ؛ ایک ایسا ترازو جس کا ایک پلڑا ہوتا ہے، اور دوسری جانب شاہین (ترازو کی ڈنڈی) سے پتھر لٹکاتے ہیں۔ 'کپان' اس کی فارسی اور 'قسطاس' عربی ہے۔

ق ۔ د

قدِ فلاں ندارد: یعنی اُس کے ساتھ مساہمت (شرکت) نہیں کرسکتا۔

قَدَک: ('ق' اور 'د' پر زبر)، ابریشمی کپڑے سے ہٹ کر ایک جامہ رنگین۔

قدم بر سرِ چیزے نہادن: کسی چیز کو ترک کرنا۔

ق ۔ ر

قِراب: ('ق' کے نیچے زیر)، ترکی لفظ۔ تلوار کی نیام۔

قراسورن: ایسا شخص جسے سلاطین کی طرف سے ایک فوج کی سرکردگی میں راستوں میں بٹھایا جاتا ہے، تاکہ وہ قافلوں کو خوف والے راستوں سے حفاظت کے ساتھ گزار دے۔

قراقر: پیٹ کی آواز، مجازاً شور و غوغا۔

قراگولہ: ایک سیاہ گولی، جو تریاق سے مخصوص کیف آور چیزوں سے بناتے ہیں۔

قِران: نجومیوں کی اصطلاح میں، نظر ستاروں کے ملاپ سے متاثر ہے، کلفت اور غم والم اِس کے آثار میں سے ہے؛ نیز قوت، اور ہلاک ہونے کا وقت۔ اور 'قران گذشتن' سے مراد دُکھ تکلیف گزرنے کا زمانہ، وقت۔ 'قران گذران' اِس کا متعدّی ہے۔

قراول: ترکی لفظ، ایسا شخص جو سیاہی دیکھے (سیاہی: کالک، خبر دینا)۔ دیدبان (جاسوس) پر اِس کا اِطلاق کرتے ہیں۔ میر شکار کو بھی، جو دُور سے شکار کو دیکھ لے، 'قراول' کہتے ہیں؛ نیز اُس فوج کو بھی، جو آگے آگے چلے (دستۂ ہراول)، اور دشمن کی موجودگی کی خبر دے، 'قراول' کہتے ہیں، کیوں کہ وہ بھی دیدبان (جاسوس) ہے؛ نیز وہ آہنی دانہ بھی جو بندوق کے اوپر

ہوتا ہے اور بندوق چلانے والا گولی چلاتے وقت اُس پر نظر رکھتا ہے، 'قراول' ہے۔ فارسی میں اِس دانے کو 'مگس' (مکھی) کہتے ہیں۔

قراول خانہ: شہر سے ایک فرسخ (تین میل) دُور ایک بلند جگہ۔ پہرے داروں کی ایک جماعت شب و روز اُس پر بیٹھے راستے پر نظر رکھے ہوتی ہے، اگر دشمن کا سایہ بھی دُور سے نظر آئے تو اندرونِ شہر کے لوگوں کو باخبر کرنے کے لیے آگ اونچی کر دیتی ہے۔

قُرباقہ: ترکی لفظ، بمعنی مینڈک۔

قُرشال: ('ق' اور 'ر' پر زبر)، وہ مطرب (گویّے) جن کے ساتھ کنچنیاں ہوں۔

قرضِ بے وجہ: ایسا قرض جس کے ادا کرنے کی رقم نظر میں نہ ہو۔

قُرُق: ('ق' پر پیش، 'ر' پر زبر)، کسی کام سے روکنا اور باز رکھنا۔

قُرقچی: ترکی لفظ، محصّل منع؛ نیز بمعنی خشک۔

قرقری: دستار کا ایک قسم کا بَل، جسے ہند میں 'کرکے' کہتے ہیں۔

قرقی: کلاہ کی ایک قسم جو قدیم زمانے میں بادشاہ کے سوا اور کوئی نہیں پہنتا تھا۔ آج یہ عوام کا لباس ہے اور خواص نہیں پہنتے۔

قروتی شدنِ معاملہ: کسی کام کا بگڑ جانا۔ 'قروت' ایک ایسی چیز ہے کہ چھاچھ کو اُبالتے ہیں تا کہ وہ جم جائے، پھر ہاتھوں سے اُسے پھینٹتے ہیں، تا کہ زیادہ کھٹی ہو جائے۔ اُس کے بعد اُسے چیتے کو کھلاتے ہیں تا کہ اُس کا صفرا دُور ہو جائے۔ اسے 'کشک' ('ک' پر زبر، 'ش' ساکن) بھی کہتے ہیں۔ کھانے کی ایک چیز جسے دہی یا چھاچھ سے تیار کرتے ہیں۔

ق ۔ ز

قزاز: علاقہ بند؛ نیز ریشم فروش جسے ہند میں 'پٹوہ' کہتے ہیں۔ 'قز' بمعنی ریشم۔

قزوینی شدن: غصّے اور طیش میں آنا، اس لیے کہ وہاں (قزوین) کے لوگ مغلوب الغضب ہیں۔ 'قزوینی' مفعول لڑکے کو بھی کہتے ہیں۔

ق ۔ ش

قشو: ترکی لفظ، بمعنی آہنی خرخرہ، جس سے گھوڑے کو کھجلاتے ہیں۔

ق ۔ ص

قصاب شکن: کشتی کا ایک داو جس میں حریف کی گردن پر دباو ڈال کر اُسے زمین پر گراتا ہے، جس طرح قصاب بکرے کو گراتا ہے۔

ق ۔ ط

قطزن: معروف؛ عربی میں اسے مُقط ' (قلم پر قط رکھنے کی چیز) کہتے ہیں۔

قطار: دس اونٹ اکھٹے آئے ہوئے۔ اب ہر چیز کے جمع ہونے، یعنی گروہ پر اِس کا اطلاق ہوتا ہے، اور اشعار میں بہت ہے۔

قطامہ: ('ط' پر تشدید)، بڑی شہوت والی عورت۔ 'قَطَم' (بالتحریک) شہوت کی تیزی۔ ایک بڑی فاحشہ عورت کا نام۔

قطرہ زدن وکردن وکشیدن وفشاندن وبرداشتن: بھاگنا، دوڑنا اور کوشش کرنا۔

قطعۂ دیوانی: ایسا کاغذ جس پر خطِ دیوانی لکھا ہوا ہو۔ ('خطِ دیوانی' کے معنی دیے جا چکے ہیں۔)

قطیفۂ حمّامی: جامہ پشمیں، جس سے، غسل کے بعد، بدن صاف کرتے ہیں؛ نیز شب پوش کمبل، یا پرزہ۔

ق ۔ ف

قفا: معروف؛ نیز وہ تھپڑ جو گردن پر مارتے ہیں۔

قفسِ سیمابی: فلک کا کنایہ۔

قفل بند: اُس کے بند میں، یعنی کسی جگہ تالا لگا کے رکھنا۔

قفل ریختن وافگندن: تالا لگانا۔

قفل شدنِ سگ: کُتّے کا کُتیا کے ساتھ بند ہونا۔

قفلِ فرجِ استر: سونے اور چاندی کا کڑا جو خچر کی فرج پر بند کرتے ہیں، تا کہ اُس سے جفتی نہ ہو سکے اور خچر حاملہ نہ ہو جائے، اِس لیے کہ جب خچر حاملہ ہو جائے تو اُس کی فرج تنگ ہونے کے سبب بچہ پیدا نہیں ہو سکتا، مجبوراً اُس کا پیٹ چاک کر کے بچہ نکالا جاتا ہے اور یوں خچر بے کار ہو جاتی ہے۔

قفہ منار: مِنار کے اوپر ایک نشیمن، جسے 'گُل دستہ' بھی کہتے ہیں۔

ق - ل

قُل احمدی: ('ق' پر پیش)، کسی کے کسی عضو پر پورے زور سے ہاتھ مارنا۔ یہ لوطیوں کی اصطلاح ہے۔ ترک اِسے 'سقلمہ' اور 'حق نظر بیگی' کہتے ہیں۔ حق نظر بیگ ایک شخص تھا جو بادشاہ کے گھر کے دروازے کے اہتمام میں لوگوں کے سینے پر پورے زور سے ہاتھ مارا کرتا تھا۔ اُس کی یہ ضرب اُس کے نام سے مشہور ہوگئی۔

قَلّابی: ('ق' پر زبر، 'ل' مشدّد)، کھوٹا، یعنی جعلی سکّہ بنانے والا۔ مجازاً ہر فریب کار اور دھوکے باز۔

قلب بدمِ شمشیر و خنجر اُفتادن: تلوار یا خنجر کا دندانے دار ہو جانا اور دھار اُلٹ جانا۔

قلپاق: ترکی لفظ، بمعنی کلاہ۔

قلتاق: ترکی لفظ، بمعنی مکر و حیلہ۔

قلچاق: آہنی دستہ جو فوجیوں کے پاس ہوتا ہے۔ یہ ترکی لفظ ہے۔

قلعۂ الموت: قہستانِ دیلم میں ایک قلعے کا نام، جو حسن بن زید نے ۲۴۶ھ میں تعمیر کیا۔ یہ دراصل 'آلہ آموت' ہے۔ یعنی عقاب کا آشیانہ۔ 'آلہ' بمعنی عقاب ہے ('ل' پر پیش)، اور 'آموت' بمعنی آشیانہ۔

قلعۂ بیدر: کوہِ شیراز پر واقع ایک قلعے کا نام؛ نیز کنواری عورت کا کنایہ۔

قلعۂ قہقہہ: ایک قلعے کا نام۔

قلعۂ کلاب: کوہ کیلویہ پر واقع ایک قلعے کا نام، جس میں قیدیوں کو رکھتے ہیں۔

قُللر آقاسی: (پہلے 'ق' پر پیش)، ترکی لفظ۔ غلاموں کا سردار، 'قُل' بمعنی غلام اور 'لَر' ('ل' پر زبر)، علامتِ جمع، اور 'آقاسی' بمعنی سردار۔

قلم افشاں: ایسا قلم جس پر سونے اور چاندی کی چھڑکن ہو۔

قلمِ جدوَل: (اضافت کے بغیر)، وہ قلم جس سے جدوَل (صفحے کے اردگرد کی لکیریں) کھینچتے ہیں۔

قلم درناخن شکستن: 'نے درناخن شکستن' کا مترادف۔ (اِس کا ذکر آئے گا۔)

قلم دست: معروف؛ وہ شخص جو قلم سے کام کرے، جیسے قلم زن اور مصوّر۔

قلمِ دست وپا: ٹخنے اور کہنی کی ہڈی۔

قلم نیست: یعنی حساب نہیں، اور پرسش نہیں ہے۔

قلمِ نیشکر: نَیشکر، گنا۔

قلندر بچہ: آلۂ تناسل کا کنایہ۔

ق ـ م

قُمہ: ('ق' پر پیش، 'م' پر شد)، سریہ، وہ لونڈی جسے بیوی بنالیا گیا ہو۔

ق ـ ن

قنارہ: طویل لکڑی، یا لوہا جو قصابوں کے پاس ہوتا ہے۔ اِس میں بہت سی کیلیں لگاتے ہیں اور دیوار میں مضبوطی سے لگادیتے ہیں۔ ذبح شدہ بکرے کی کھال اُتار کر گوشت اُس سے لٹکا دیتے اور پھر ٹکڑے ٹکڑے کرکے اُسے بیچتے ہیں۔

قنتورہ: ('ن' ساکن)، اِس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک جامہ ہائے رنگیں، جن کا دامن بہت چھوٹا ہوتا ہے۔ دوسرے بانات کی قسم کی ایک چیز جو جُراب پر باندھتے ہیں تاکہ جُراب میں گرد وغبار نہ پڑے۔ یہ دونوں چیزیں شاطروں اور عیاروں سے مخصوص ہیں؛ نیز بمعنی بیل کا جوا۔

قندک: کم روشنی والا چراغ، جو عیاروں کے پاس ہوتا ہے۔

قندیل: ایک شیشہ جس میں چراغ بھر کر رکھتے اور آہنی زنجیروں سے لٹکاتے ہیں؛ نیز لکڑی کی ایک

چیز جو درمیان سے کھوکھلی ہوتی ہے، اُس پر نقش کھینچتے اور تیر اُس میں رکھتے ہیں۔

ق ۔ و

قُو: (’ق‘ پر پیش)، ایک پرندہ نسامہ، جس کے پر سرہانے میں رکھتے ہیں۔ یہ پرندہ تہامہ کے علاقہ میں ہوتا ہے، اور تہامہ ملک عرب کا ایک راستہ ہے جس پر مکّۂ معظمہ واقع ہے۔
(’ق‘ پر زبر)، بمعنی جڑ اور ریشہ جو بہت ملائم ہوتا ہے اور چقماق کی آگ فوراً پکڑ لیتا ہے۔

قودرآنجانمی پرد: ایسی جگہ کے بارے میں بہت مبالغہ جہاں کسی کو دخل نہ ہو، کسی کو وہاں کے حال سے آگاہی نہ ہو اور بڑی دہشت ناک جگہ ہو۔

قول دادن: عہدوقرار کرنا۔

قُوقچی: (’ق‘ پر پیش)، نوکر کا نوکر۔

ق ۔ ی

قیتول زمردشاہ: قندہار کے نواح میں ایک قلعہ جسے زمردشاہ نامی بادشاہ نے، جو خدائی کا دعوے دار تھا، بنایا تھا۔ آج کل وہ ویران ہے اور اُس کے آثار نمایاں ہیں۔ ’قیتول‘ بمعنی قلعہ۔

قیصر: معروف؛ نیز کاشان کے نزدیک ایک موضع کا نام۔

قیصریہ: اصفہان کا ایک بازار، جس کے ہر طرف بلند عمارات ہیں۔ اِس کی وجہِ تسمیہ یہ ہے کہ شاہ ایران نے روم سے لوٹنے کے بعد، حاصل کردہ مالِ غنیمت، وہاں کی عمارات پر صَرف کیا۔

قیطون: وہ چیز جو ریشمی دھاگے سے بُنی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر ہند کا ’کور‘ قیطون ہے۔ اِس سے لباس کے دامن و گریبان کی ڈوریاں بنائی جاتی ہیں؛ اور ریشم اور دھاگے سے جو کچھ (لباس کے) اردگرد بُنتے ہیں اسے ’گِرد باف‘ کہتے ہیں۔ (گردباف: انگیا کی ڈوری۔)

قیقاج: ترکی لفظ، بمعنی اریب (یعنی ترچھا)۔ اِصطلاح میں اُلٹا تیر چلانا۔

قَیلُغہ: (’ق‘ پر زبر، ’ی‘ ساکن، ’ل‘ پر پیش اور ’غ‘ پر زبر)، دار جسے ہند میں سُولی کہتے ہیں (پھانسی کا تختہ)۔

قیمتِ اوّلِ یوسف: حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے، اُن کے کنوئیں سے باہر نکلنے پر، اُنھیں جس قیمت پر تاجر کے ہاتھ فروخت کیا۔ اس کے بارے میں مختلف اقوال ہیں، بیس یا اٹھارہ یا سترہ درم۔ اِسے 'بازارِ اوّلِ یوسف' بھی کہتے ہیں۔ 'بازارِ دومِ یوسف' اُن کا مصر میں زلیخا کے ہاتھوں خرید اجانا۔

قیمہ کے کشیدن: کسی کا ہر عضو کاٹ دینا اور ریزہ ریزہ کر دینا۔

ک

ک ۔ ا

کاج: ایک درخت، صنوبر اور شمشاد کی قسم کا؛ نیز بمعنی احوال۔

کارآب: (اضافت کے ساتھ)، شراب پینا۔

کارآب وآتش است: یعنی دشوار کام ہے جس کا کرنا اپنے بس کی بات نہیں۔ اس کا ماخذ یہ ہے کہ جب کھانے میں پانی اور نمک قاعدے کے مطابق نہ ہو، یا چاول کچے رہ جائیں تو مالک، باورچی سے کہتا ہے، 'یہ تُو نے کیا کیا؟' وہ جواب دیتا ہے، 'کیا کروں، یہ پانی اور آگ کا کام ہے، میرے اختیار میں نہیں۔'

کارآمد: کام آنے والا شخص۔

کارباز شدن: کام کا سرانجام پانا۔

کار بخدا اُفتادن: کام کا تدبیر اور چارے سے ممکن نہ ہونا۔

کاربُر: ('ب' پر پیش)، کام بگاڑنے والا۔

کاربگوشہ چیدن: 'بطاق نہادن' کا مترادف، جس کا مطلب ہے، فراموش کرنا، اور بھلا دینا۔

کارپیش افگندن واز پیش برداشتن: کوئی کام انجام دینا۔

کارچوں زر شدن: کام کا خاطر خواہ سرانجام پانا۔

کارغلاماں: ایران کے اُمرا اپنے غلاموں کو بیش تر مختلف قسم کے فنون مثلاً آہن گری، نجاری، زرگری اور نقاشی وغیرہ کے سیکھنے میں مشغول رکھتے اور ہر فن میں اُنھیں ماہر بناتے ہیں۔ اسی بنا پر 'کارخوب' کو 'کارغلاماں' کہتے ہیں۔

کارِ قدیم: گھٹیا کام کا کنایہ۔

کارِ کسے شدن: معروف؛ نیز بمعنی مرنا۔ 'کارِ کسے ساختن' اِس کا متعدی ہے؛ نیز 'کار تمام ساختن'۔

کازری: معروف؛ نیز بمعنی سفید مستعمل ہے۔

کاژیرہ: معصفر جسے ہند کی لغت میں 'کسمبہ' کہتے ہیں۔ (ایک درخت کا نام، جس سے سُرخ رنگ نکالا جاتا ہے۔)

کاسہ وقدح بر سر کسے شکستن: کسی کو رُسوا کرنا۔

کاسہ وکوزہ: گھر کا اثاثہ۔

کاسہ وکوزہ شکستن: خراب و پامال کرنا۔

کاسہ بازی: دو چینی پیالے پانی سے بھر کر کاسے باز اُلٹے ہو کر پیالے اپنی پشت پر رکھتے ہیں اور پھر چوتڑوں سے اُنھیں ہلاتے اور اپنے کندھے تک لے جاتے ہیں، اور وہ اس طرح کہ پانی کا ایک قطرہ تک باہر نہیں گرتا۔ مجازاً بمعنی مکار اور حیلے باز۔

کاسہ بزیرِ کاسہ: کشتی کا ایک داو۔ دو متقابل پہلوان اپنی ٹھوڑیاں باہم ملاتے ہیں۔ بعض کے مطابق حریف کے زانو کے نیچے ہاتھ لے جا کر اُسے اٹھاتا ہے۔

کاسہ پیشِ کسے بند کردن: خود کو کسی امیر کی خدمت سے وابستہ کرنا اور کسی فائدے کی اُمید میں اُس کے گھر آنا جانا۔ جب کوئی کسی امیر کی سرکار میں ملازم ہو جاتا ہے تو کہتے ہیں، 'اِس نے فلاں امیر کی سرکار میں کاسہ بند کرلیا ہے'۔

کاسہ سرنگوں شدن: مفلس و نادار ہونا اور 'کاسہ سرنگوں' (اضافت کے بغیر)، بمعنی مفلس و نادار۔

کاسہ شدن: گبڑا ہونا۔

کاسۂ کچابر: بن بلایا مہمان۔

کاسۂ ہمسایہ وکاسہ: ایسی چیز جسے ہند میں 'بھاجی' کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے، 'کاسۂ ہمسایہ دو پا دارد'؛ (ہمسائے کے پیالے کے دو پاؤں ہیں)، یعنی اِس گھر سے اُس گھر اور اُس گھر سے اِس گھر جاتا ہے۔ (بھاجی: کھانے وغیرہ کا حصہ۔)

کاشتن: معروف؛ نیز بمعنی لوٹا دینا۔

کاغذ: معروف؛ اور قبالہ، تمسک؛ نیز وہ مکتوب جو احباب ایک دوسرے کو بھیجتے ہیں؛ نیز بمعنی مچلکا۔

کاغذ باد: (بغیر اضافت، نیز اضافت کے ساتھ)، وہ کاغذ جو آج کے بچے بڑے رسّی (ڈور) کے ساتھ ہوا میں اڑاتے ہیں (پتنگ)۔

کاغذِ بُتی: ایک ایسا کاغذ جو فرنگ سے مخصوص ہے۔ جب اُسے گہری نظر سے دیکھتے ہیں تو اُس میں سے ایک بت کی شکل نظر آتی ہے۔

کاغذِ حلوا: وہ کاغذ جس میں حلوا لپیٹ ڈال کر بیچتے ہیں اور وہ کاغذ اوس سے بے کار ہو جاتا ہے، لہٰذا مجازاً بمعنی بے اعتبار چیز۔

کاغذِ دفتری: کم قیمت کا اور ناصاف کاغذ جو دفتر کے کام آتا ہے۔

کاغذِ عکسی: جس میں عکس آئے۔

کافرِ کتابی: وہ شخص جو منسوخ دین کا پیرو ہو جیسے عیسائی اور موسائی۔

کاک: ہلکی روٹی، اور کم زور ولاغر آدمی؛ نیز آذربایجان کے ایک قلعے کا نام۔

کاکل افشانی: رعنائی کے اظہار کی خاطر زلفوں کو پریشاں کرنا۔

کاکلِ شمع: شمع کے اوپر کا دھواں۔

کاکلِ کسے شکستن: کسی کو کسی کام کی تحریص وترغیب دلانا، یعنی اُس کے بال کھینچ کر کسی کام پر لے جانا۔

کاکو: ماموں۔

کالہ: 'کالا' کا مترادف (گھر کا سامان)؛ نیز کدوے شراب بالخصوص، اور ہر مظروف کا ظرف (برتن) بالعموم۔ (مظروف: جو چیز برتن میں ڈالی جائے۔)

کام برداشتن: جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو دایہ انگلی پر شہد لگا کر اُس کے حلق میں ڈالتی ہے۔ گھُٹی۔ 'بناگوش کرون' بھی کہتے ہیں؛ نیز 'کام برگرفتن'۔

کاورسہ: 'کاورس' ہندوستان سے مخصوص کم قیمت غلّہ جسے 'چینہ' کہتے ہیں، یہ ریزوں سے بھرا ہوتا ہے۔ 'جاورس' اس کا معرب ہے۔ 'کاسہ' بمعنی ریزے دار اور بہت چھوٹی چیز جو کاورس کی طرح چھوٹی ہو۔ 'کاورسہ کاری' مترادف ہے ریزے کاری اور خردکاری کا، جو مشہور ہے۔

کاولی: فاحشہ کے چہرے والی؛ نیز وہ شخص جو اہلِ حرفت میں سے ہو اور ناہموار اور بُرے کام بنائے۔

اِسی بنا پر جو کوئی آنکھ ٹیڑھی کرے، یا ناک بھوں چڑھائے، اُسے 'کاولی ساز' کہتے ہیں۔

کاہ اگر از تو نیست کہدان از تست: مشہور مثل ہے؛ یعنی کھانا اگر کسی دوسرے کی طرف سے ہے، تیرا نہیں ہے، پیٹ تو تیرا ہے، کیوں ٹھونس ٹھونس کے کھا رہا ہے، قے سے مر جائے گا۔

کاہ در دہن گرفتن: عاجزی کرنے اور پناہ مانگنے کا کنایہ، کیوں کہ پناہ مانگنے والا مُنھ میں گھاس اور برگ ڈال کر پناہ مانگتا ہے۔ یہ ہندوستان کی رسم ہے۔

کاہل پاے مرود و کاہل پاے درخت: وہ شخص جو سارا سارا دن امرود کے درخت کے نیچے لیٹا رہے اور کوئی کام نہ کرے۔ لوطی اِس قسم کے آدمی کو 'لِلتی' ('ل' کے نیچے زیر) کہتے ہیں۔

ک ۔ ب

کباب انداختن در ساندن: کباب پکانا۔

کبابِ برگِ تاک: وہ کباب جو انگور کی بیل کے پتّوں سے بنایا جاتا ہے۔

کبابِ گذشتہ: جلا ہوا بے کار کباب۔

کبابِ ہندی: کباب کی ایک قسم، جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔

کبادہ: بڑی نرم کمان، جس سے کمان دار تربیت لیتے ہیں؛ نیز وہ کمان جو پہلوان کھینچتے ہیں۔ اس کا چلّہ لوہے کا ہوتا ہے۔ اِسے 'کمانِ فولاد' بھی کہتے ہیں۔

کبوتر باز: رندِ پُر کار۔

کبوترِ پر پا: (دونوں 'پ')، کبوتر کی ایک قسم جس کے پر پاؤں پر ہوتے ہیں اور وہ سُست پرواز کرتا ہے۔

کبوتر دم: ('دُ' پر زبر)، حسبِ خواہش بوسہ۔ ('دُ' پر پیش)، کاتبوں کی اصطلاح میں ایسا قلم جو خاص انداز میں تراشا گیا ہو اور وہ کبوتر کی دُم سے مشابہ ہو۔

ک ۔ پ

کپنک: وہ نمدہ جو بے نوا آدمی سردیوں میں کندھوں پر لیتے ہیں۔

کپتان: (کیپٹن) فرنگی بادشاہ کے اہم امور کا صاحبِ اختیار سفید ریش؛ نیز وہ شخص جو شاہِ فرنگ کی

طرف سے بندرِ عباسی کا داروغہ ہو۔ تاریخ "عالم آرائے عباسی" سے معلوم ہوا۔

ک ۔ ت

کت: (ک پر زبر)، تخت، گویا یہ لفظ ہندی 'کھٹ' کا مفرس ہے۔

کتابِ گذشتہ: غیر مفید، پرانی اور دیرینہ کتاب۔

کتابت: لکھنا؛ نیز بمعنی مکتوب۔

کتابتِ کشمیر: ایسا مکتوب جس کے حروف پیچیدہ ہوں اور پڑھے نہ جا سکیں، جس طرح براہمۂ کشمیر کے حروف کہ اُن کی شکلیں براہمۂ ہند کے حروف کی شکلوں سے مختلف ہیں۔

کتابی: وہی 'کافرِ کتابی' جس کا ذکر ہو چکا ہے (عیسائی، موسائی)۔

کتکن: کنواں کھودنے والا۔

ک ۔ ج

کج مکج: یعنی کج مج، ٹیڑھا میڑھا۔

کج نشستن: 'حمائل نشستن' کا مترادف۔ (ذکر ہو چکا ہے۔)

کجا: معروف؛ نیز بمعنی ہر جگہ۔

کجک: ہاتھی کا آنکس، جو ہاتھی کی تادیب کے لیے ہوتا ہے۔ اِن معنوں میں یہ دراصل 'انکُش' ('الف' پر زبر اور 'ک' پر پیش) ہے؛ نیز ایک ایسی چیز جس سے کدو کا طاس لٹکاتے ہیں؛ نیز ایسی چیز جو اہلِ ولایت گریبان کے گرد سیتے ہیں اور یہ کبھی سونے کی ہوتی ہے اور کبھی سمور کی۔ اسے 'کبک' بھی کہتے ہیں؛ نیز ایسی لکڑی جس سے ڈھول اور کوس بجاتے ہیں۔

کجیم: لشکر کے گھوڑے اور ہاتھی کا پاکھر۔

ک ۔ چ

کچہ: نگینے کے بغیر انگوٹھی چھلا۔

کچہ بازی: چند حریف دو جانب بیٹھ جاتے ہیں۔ ایک طرف کا حریف دوسرے حریفوں سے پنہاں چھلاّ ہاتھ میں چھپالیتا ہے اور اُس کے سب ساتھی مٹھی بند کر کے کسی ایک حریف کے سامنے آتے ہیں۔ اگر وہ کسی کو پوچ کہے اور چھلاّ اُس کے ہاتھ میں ہو تو وہ چھلاّ بتانے والے کا ہو جاتا ہے، ورنہ طرفِ ثانی کے حریفوں کا ہوگا۔ اور جب چھلاّ کسی کی مٹھی سے باہر آ جائے تو کہتے ہیں، 'کچہ گل کرد'۔ 'کچہ رُو' بھی کہتے ہیں۔ اصطلاح میں 'کچہ گل کردن' بمعنی راز کھل جانا ہے۔ 'انگشتری بازی' بھی یہی ہے۔

ک ۔ د

کدوِ مطبخ: ایسا برتن جس میں بے نوا فقیر اپنا کھانا پکاتے ہیں۔

ک ۔ ر

کُر: ('ک' پر پیش)، ایک معروف ندی کا نام؛ نیز مقدارِ معیّن۔

کراسہ: ('ک' پر پیش)، مطلقاً بمعنی کتاب اور کتابِ آسمانی خصوصاً۔

کرباس: سفید پارچہ۔

کربلائی: قماش کی ایک قسم جو محرمات ہے (جس کا احرام باندھا جاتا ہے۔)

کُرسی: معروف؛ نیز بخاری کی قسم کی ایک چیز جس میں آگ جلاتے ہیں تاکہ گھر گرم ہو۔ 'کُرسیِ دار' وہ کُرسی جو دار کے نیچے رکھتے ہیں۔ پھانسی پانے والا شخص اُس پر پاؤں رکھ کر، سولی پر چڑھتا ہے؛ اور 'کرسیِ عقدِ گہر' نیز 'کرسیِ خط' بمعنی گہر و خط کی سلک کا بڑے سلیقے اور خوبی سے ہونا۔ 'کرسی دارد'، یعنی ایک دوسرے کے برابر ہے۔

کرک: ('ک' پر پیش، 'ر' ساکن)، نرم پشم جس سے بال نکلیں، اور اُنھیں کنگھی سے نکالتے اور اُن سے شال اور مخمل بُنتے ہیں؛ نیز وہ گرہیں جو بُری طرح بُنی ہوئی شال اور مخمل وغیرہ پر نمایاں ہوتی ہیں۔ اور اُنھیں 'لاس' اور 'پرزہ' بھی کہتے ہیں۔

کِرمِ پلاس بودن: ('ک' کے نیچے زیر)، کسی کی عیب جوئی کا ارادہ کرنا۔

بُرمِ کارداشتن: (پہلا 'کاف' مکسور)، کسی کام کا تردّد رکھنا/ ہونا۔ 'کرم' بمعنی تردّد، خلجان ہے۔

بُرمِ گشتن: (پہلا 'کاف' زیر کے ساتھ، دوسرا پیش کے ساتھ)، معشوق کے ساتھ دست بازی اور کھیل کود کرنا؛ نیز بمعنی باج لینا؛ نیز شہوت کی ماری عورتوں کا چرمینے سے شہوت دُور کرنا، جیسی کہ اُن کی عادت ہے۔

ک ۔ س

کُس وکاسہ برطبقِ عرض نہادن: رُسوا کرنا۔

کَس وکو: عزیز واقارب اور رفقا۔

کُس کباب: (پہلے 'کاف' پر پیش)، فاحشہ اور کنچنی کی کُس کی رقم۔

کُس گربہ: ('کاف' پر پیش)، کوڑی جسے 'خرمہرہ' کہتے ہیں۔

کسکن: ترکی لفظ۔ وہ گرز جس کا سر ازنجیر یا تسمے سے دستے میں نصب کرتے ہیں۔ فارسی میں اسے 'پیازک' اور 'پیازی' کہتے ہیں۔

کسی: معروف؛ نیز مخاطب۔

کسے را بپا طلبِ کسے گذاشتن: کسی کی بدُعا کے سپرد کرنا۔

کسے را بر چوب بستن: دیوانِ عدالت کے آگے بلند لکڑی نصب کرتے اور مجرموں کو اُس سے باندھ کر چابک اور لکڑی مارتے ہیں۔

ک ۔ ش

کشاد دادن: کسی پر درِ مقصود کھول دینا۔

کشتی بہ خشک بستن: کنجوسی اور بخل کا کنایہ۔

کشتی وجنگ قدر بودن: جنگ اور کشتی کا برابر ہونا۔ 'قدر' بمعنی برابر اور رسا بھی بہت مستعمل ہے؛ نیز تیر انداز محکم کو جو 'قدر انداز' کہتے ہیں تو اسی وجہ سے ہے کیوں کہ اُس کا ہر تیر ہدف پر پہنچتا ہے۔

کشتی یاک شدن: ہنگامۂ کشتی ختم ہونا۔

گشنگجر: (پہلے 'کاف' پر پیش، 'ش' ساکن، دوسرے 'کاف' پر زبر)، ایک آلۂ جنگ جسے بارود کی قوت سے چلاتے ہیں۔ کتبِ تاریخ میں یہ لفظ بہت آیا ہے۔

کشش: ایک مشہور معرکہ گیر کا نام۔

کشودہ شدنِ ابر: 'واشدنِ ابر' (بادل کا کھل جانا) کا مترادف۔

کشوردار: شہر اور حصار کا پہرے دار/ پاسبان۔

کشیدن: کئی معانی کے علاوہ بمعنی جماع استعمال کرتے ہیں۔ کسی کو گالی دیتے وقت کہتے ہیں، 'تر خربکشد'؛ اور اِس گھوڑی کو فلاں کے گھوڑے سے کشید کیا گیا ہے۔

ک ۔ ف

کف رفتن: چُرانا۔

کف زدن: تالی بجانا۔

کف غنچہ کردن: پنجہ کرنا (ہتھیلی بند کرنا)۔

کف کردن: کھانا۔

کف کردنِ دہان: حسرت کی وجہ سے پانی مُنھ میں آنا۔

کفشِ آہو: ہرن کے سُم۔

کفش پیشِ پاے کسے گذاشتن: کسی کی خدمت گاری کرنا؛ نیز بمعنی رخصت اور وداع کرنا۔

کفش تابتا کردن: کسی کے جوتے کے ساتھ (ایک پاؤں کا) جوتا بدلنا۔

کفشِ جتہ: نعل دار جوتا، جس کی ایڑی اونچی ہوتی ہے۔

کفش دریدن و پارہ کردن: بہت تلاش و کوشش کا کنایہ۔

کفشکی: کُشتی کا ایک داو۔ جب حریف یہ دیکھتا ہے کہ اُس کی کوئی جگہ دشمن کی دست رس میں نہیں ہے تو وہ اچانک پاؤں کا سرا (پنجہ) اُس کے خصیے پر مار دیتا ہے، تاکہ وہ اُلٹ کر زمین پر گرے۔

کفن: معروف ہے۔ ('ف' ساکن بھی استعمال کرتے ہیں)

ک - ل

کل: ('ک' پر زبر)، معروف؛ نیز بمعنی کوتاہ اور ناقص۔ بہت تحقیر اور اہانت کا لفظ۔

کلِ دشنہ کش: وہ شخص جو ذرا سی بات پر جگہ سے ہٹ جائے، اور لڑائی جھگڑے پر اتر آئے، اور خنجر نکال لے۔

کلات: وہ قلعہ جو پہاڑ کی چوٹی اور پشتے پر ہو، خواہ آباد ہو یا ویران؛ نیز ہرات کے نواح میں ایک قلعہ جو خراسان کا ایک بڑا قلعہ ہے۔ قندہار کے مضافات کا ایک قلعہ۔ لوطیوں کی اصطلاح میں مفعول کا خاص موقع پر اپنی کون اونچی کرنا۔

کلاغ بدست آوریدہ: ایسا شخص جسے زرِ سفید (کوئی سفید سکّہ) مفت میں مل جائے۔

کلاغ گرفتن و زدن: طعنہ زنی اور استہزا کرنا؛ نیز 'زاغ گرفتن' انھی معنوں میں ہے۔

کلافہ: معروف؛ نیز کشتی کا ایک داو۔ حریف کو اٹیا کی طرح لپیٹتے ہیں۔ اصل میں یہ کلاوہ (دھاگے کا لچھا) تھا۔ 'کلافہ کردنِ چیزے' (کوئی چیز جمع کرنا)، 'نکبت کلافہ کردن' (نحوست جمع کرنا۔)

کلاں کار: وہ شخص جو کارہائے عظیم انجام دے۔

کلاہِ احمد بر سرِ محمود گذاشتن: 'دولاب گردانی' کا مترادف، جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

کلاہ از سرِ کسے برداشتن: تین معنی ہیں۔ اوّل: جب کوئی مخاطب کو سنانے سے پہلے سر سے کلاہ اتار دیتا ہے اور جب تک کچھ انعام نہ پالے نہیں بتاتا۔ 'دیہیم و تاج از سر برداشتن' بھی یہی ہے۔ دوم: احوال پُرسی کرنا۔ سوم: جب کوئی کسی سے آزردہ ہو، اور اُس کا ہاتھ اُس تک نہ پہنچے تو کہتے ہیں، اُس کا کلاہ اتار لے۔

کلاہِ بارانی: بارش میں پہننے والی ٹوپی، نیز بلبلہ۔

کلاہ را قاضی کردن: نہایتِ انصاف میں مبالغہ؛ یعنی اگر حق گو منصف موجود نہ ہو تو کلاہ کو منصف قرار دے کر معاملے کا حسن و قبح معلوم کر لینا چاہیے۔

کلاہِ زنگہ: لکڑی کی کلاہ جس پر گھنٹیاں باندھتے ہیں اور مجرموں کی رسوائی کے لیے اُن کے سروں پر رکھتے ہیں۔ اِسے 'تختۂ کلاہ' اور 'کلہ' بھی کہتے ہیں۔ جب کسی کا مذاق اڑانا چاہتے ہیں تو

اہلِ محفل پر عبیر چھڑکتے ہیں اور جب اُس شخص کی نوبت آتی ہے تو اُس کے چہرے پر تھوڑا سا سرمہ مَل دیتے ہیں، جس کا مطلب ہے کہ اُسے رسوا کر دیا ہے۔

کلاہِ سلیمان وکلاہِ سلیمانی: عمرو عیار کے پاس ایک ٹوپی تھی جسے جب وہ پہنتا تو نظروں سے پنہاں ہو جاتا۔

کلاہِ نمد: نمد سے تیار کردہ ٹوپی، جو بے نوا قلندروں کا لباس ہے۔

کلاہِ نمدی بالِ تدرو: ایسی نمدی ٹوپی جس کا گوشہ تدرو پرندے کے پر کی طرح بناتے ہیں۔

کلپک: کھیتوں کے کنارے پر، کھلیان کی، باد و باراں سے حفاظت کے لیے بنایا گیا چھوٹا سا گھر؛ نیز 'خرمن بان'۔

کُلفت: ('ک' اور 'ل' پر پیش)، گندہ اور کھردرا۔

کِلک برسر کسے بستن: کسی کے سر پر مصیبت اور جنجال لانا۔ 'کلک' ('ک' اور پر 'ل' پر زبر)، بمعنی دردِ سر۔

کلک تخپ: گدا، جس کا کوئی ٹھکانا نہ ہو اور راتوں کو وہ تنور وغیرہ میں گرا پڑا ہو۔

کِلکِل وکل مِکل: (دونوں 'کاف' پر زیر)، ہرزہ گوئی۔

کلنگ: لمبے سرے والی تیز ریتی، جس سے سنگ تراش پہاڑ سے پتھر نکالتے ہیں۔

کلوخ انداز: ماہِ شعبان کے آخر کی گُل گشت (سیر)۔ وجہِ تسمیہ: اس سیر میں رمی حجارہ، عزمِ دفع کی خاطر مرسوم ہے۔ اسے 'بُر خندان' بھی کہتے ہیں۔ ('ب' اور 'غ' پر زبر۔)

کُلہ: معروف؛ نیز آلۂ تناسل، اور حرکاتِ جماع۔

کلہ برکلۂ کسے زدن: کسی سے برابری کا دعویٰ کرنا۔

کُلہ دراز: ('ک' پر زبر، 'ل' مشدّد) بے ہودہ شور و غوغا کرنے والا شخص۔

کلید افگندن: ولایت کی رسم ہے کہ جب وہاں کی عورتیں فال نکالنے والے کے پاس جاتی ہیں تو خاص افسوں چابی پر پھونک کر راستے میں رکھ دیتی ہیں۔

کلیدِ عقل: ایسا شخص جس کی تدبیر سے اُمور انجام پذیر ہوں۔

ک ۔ م

کم چیزے گرفتن: کسی چیز کو نابود سمجھنا۔

کم کاستی: بخل اور اِمساک۔

کماچ: روٹی کی ایک معروف قسم۔ 'کماچ خانہ' بمعنی ایسی چوڑی اور گول لکڑی جس پر ستون کا سرا نیچے لے جاتے ہیں۔

کمان از طاقِ بلند آویختن: دعوائے کمال کرنا۔

کمانِ بلند: دراز خانے والی کمان۔

کمان بلند کردن: کمان کھینچنا۔

کمانِ تنگ و کوتاہ خانہ: 'کمانِ بلند' کی ضد۔

کمانِ شیطان و کمانِ رستم و چرخ: قوسِ قزح۔ 'قزح' شیطان کو کہتے ہیں۔

کمان کسے کشیدن: کسی کے ساتھ 'ہم آورد' ہونے اور اُس سے عہدہ برآ ہونے کا کنایہ۔

کمانِ گروہہ: کمان کی گولی۔ 'گروہہ' گولی کو کہتے ہیں۔

کمانچہ زدن: شورش میں لانا۔

کمر کشادن و گسستن: تردّد سے نجات پانا اور آسائش میں ہونا۔

کمری: جھکے ہوئے قد والا، جس میں تاب و توانائی نہ ہو۔

کمند اندازی: کمند ہاتھ سے گرا دینا، یعنی اُسے چھوڑ دینا۔

کمند حلقہ کردن: صید و شکار کے لیے تیار ہو جانا۔

کمندِ وحدت و کمرِ وحدت: درویشوں کی ایک چیز جو ریشم، یا سُوت سے بنی ہوتی ہے، جسے وہ اکثر کمر میں باندھتے ہیں، اور کبھی جب اِسے زانو اور کمر کے گرد لپیٹتے ہیں تو اِس کے سہارے بیٹھتے ہیں۔

ک - ن

کنار خشک داشتن: مفلس اور تہی دست ہونے کا کنایہ۔

کنبوزہ: مکر و فریب ('پوزہ' بمعنی عذر۔)

کند: تیر اندازوں کی اصطلاح میں تیر چلانے کی حالت میں کمان کھینچنے کے بعد جو کھنچاؤ کیا جاتا ہے۔

کند چشمی: 'تیز نظری' ('ک' پر پیش)، کی ضد۔

گند زدن: رم کر جانا اور کنارہ کشی اختیار کر لینا۔

گند شدنِ دنداں: (’ک‘ پر پیش)، کسی ترش چیز کے کھانے کے سبب دانتوں کی چبانے کی قوت ختم ہو جانا۔

گندہ: (’ک‘ پر پیش)، کشتی کا ایک داو۔ اپنے دونوں پاؤں حریف کے پاؤں میں پھنسا کر حریف کے سینے پر زور ڈالنا؛ نیز وہ لکڑی جس پر قصاب قیمہ بناتے ہیں۔

گندۂ پا: سوراخ کی ہوئی مستطیل لکڑی جس میں قیدیوں کے پاؤں بند کرتے ہیں۔

گندہ کاری: سونے اور لکڑی وغیرہ پر نقش کھودنا۔ اسے ’گندہ گری‘ بھی کہتے ہیں۔

کنش: کردار و عمل۔ ’بد کنش‘: بد کردار۔

کندیل کردن: مار ڈالنے کا کنایہ۔ ’کندیل‘، رسّی سے بنی ہوئی حلقے دار چیز۔ جب اس کا کڑا، یا چھلا کسی کے گلے میں بند کرتے ہیں تو وہ فوراً مر جاتا ہے۔ کسی سے زور اور زبردستی سے کچھ لینا۔

ک ۔ و

کواعب: نوجوان عورتیں، جن کی چھاتیاں ابھی لٹکی ہوئی نہ ہوں۔ (نار پستاں عورتیں۔)

کوتاہ پاچہ: کوتاہ قد والا/ والی؛ نیز ایک صحرائی جانور جو بکرے کے قد کا، یا اُس سے بڑا ہوتا ہے۔ ’کوتاہ پا‘ بھی کہتے ہیں۔

کوچ: ایک جگہ سے دوسرے جگہ منتقل ہونا۔ یہ معروف ہے؛ نیز بمعنی اہل و عیال، لیکن محاورے میں خصوصاً بمعنی عورت آیا ہے۔

کوچۂ بن بست: وہ گلی جو آخر میں بند ہو۔

کوچۂ خاموشاں: قبرستان۔

کوچۂ گلبار: اصفہان کے ایک محلے کا نام؛ نیز ’گلبار‘؛ نیز شیراز کے قریب طارم کے نواح میں ایک جگہ۔

کوچۂ تو در دروازۂ تو: قحبہ خانہ، بازاری عورتوں کا کوچہ۔

کودکِ غازی: بازی گر لڑکا جو اپنے لوگوں سے آگے نکل جاتا اور سب سے پہلے چنبر (حلقے، دائرے) میں سے گزر جاتا ہے؛ نیز ’غازی لوئی‘ اور ’رسن باز‘۔

کورہ دہ: تاریکی، مجازاً گاؤں۔

کوری وکبودی: تاریکی، مجازاً اندوہ وغم۔

کوری چشمِ فلاں: یعنی فلاں کے برعکس، برخلاف۔

کوزۂ قمار: ایک برتن جس میں جہیز گروہ پیسے/رقم ڈالتا ہے جو اُس نے جواریوں کو ادھار دی ہوئی رقم سے تھوڑے تھوڑے کر کے وصول کیے ہوتے ہیں۔ جہیز گر کو 'کوزہ باز' کہتے ہیں۔

کوفتہ: کباب کی ایک قسم، نیز وہ رقم جو دیوثی اور بھڑوے پن سے کماتے ہیں۔

کوفتہ خوار: دیوث، بھڑوا، گندہ، بمعنی کوفتہ کباب۔

کوک: ایک ترکاری جسے 'کاہو' کہتے ہیں۔ یہ خاصیت کے لحاظ سے کوکنار کی طرح خواب آور ہے۔

کوکو: معروف؛ آوازِ قمری؛ نیز پرندے کے انڈے سے بنایا ہوا ایک کھانا۔

کولہ بار: گٹھر، جو پیٹھ پر اٹھایا ہوتا ہے۔

کون جنبانیدن: (مقعد ہلانا)، نیم قسم کی تواضع جو تکبر میں ڈوبے ہوئے اغنیا کا طور طریقہ ہے؛ نیز رقص اور مسخرہ پن۔

کونِ خر: ('ک' کے نیچے زیر)، احمق آدمی۔

کونِ سوختہ: ننگ و نام سے عاری شخص۔

کوہ پایہ: دامنِ کوہ، ایک پہاڑ کا نام، ارمن جس کے دامن میں واقع ہے۔

کوہ تا کوہ رسیدنِ بنگ: بھنگ کے نشے کا پورے عروج پر ہونا۔

کوہ تا کوہ وکوہ کوہ: سر سے پاؤں تک کے معنوں میں مستعمل ہے۔

کوہ کوہ از سر پریدنِ بنگ: کسی شمار میں ہونے اور ہوش میں آنے کا کنایہ۔ 'بنگ از سر پریدن' بھی مستعمل ہے۔

کوہ کوہ رسیدنِ کیف: ہر کیف آور چیز سے دماغ کا متاثر ہونا (لطف اندوز ہونا)۔

کوہ ماراں: کشمیر میں ایک ٹیلے کا نام۔

ک ۔ ہ

کہن دامی: مکروفریب میں کامل ہونا۔

کہن سلسلہ: پرانا قیدی۔ (پرانی زنجیروں والا۔)

کہن کو: ایک رگ کا نام جسے عربی میں 'عرق النساء' کہتے ہیں۔ اور 'بادۂ کہن کو' ریم کا وہ مادّہ ہے جو اِس رگ میں قائم ہو کر مرض کا باعث بنتا ہے۔

کہنۂ باصفا: ایسا بوڑھا آدمی جو جوانوں کی طرح شگفتہ رُو (تازہ چہرے والا) اور زندہ دل ہو۔

کہنۂ بے نمازی: حیض کا لتہ (چیتھڑا)، اِسے 'کہنۂ حیض' اور 'کہنۂ رنگیں' بھی کہتے ہیں۔

کہنہ سوار: پہلوانوں اور بہادروں کا سردار۔

کہنۂ شب: وہ کپڑا جس سے، جماع کے بعد، کُس و کیر کو صاف کرتے ہیں۔

کہنہ فروش: پرانی، یعنی استعمال شدہ چیزیں بیچنے والا۔ (کباڑیا۔)

کہنہ فعلگی: تجربے کاری اور مکاری۔

ک ۔ ی

کیدن: ایک طرف جانا، نیز یک سُوئی اختیار کرنا۔

کیرِ خر: 'کون خر' کا مترادف۔ (احمق۔)

کیرِ کاشی: ایک آلہ جو کاشان میں کاشی سے بناتے ہیں، اور شہوت پرست عورتیں اسے اپنے اندر داخل کرتی ہیں۔

کیسہ بر چیزے دوختن: کسی سے یا کسی چیز سے کسی فائدے کا اُمید وار ہونا۔

کیسہ دار: ذخیرہ اندوز (وہ شخص جو سستی اشیا کو ذخیرہ کر چھوڑے تا کہ موقع ملنے پر انھیں مہنگے داموں بیچے)۔

کیسہ کردن: دلاّکی کرنا (مالشیے کا کام، یا مالش کرنا)، مجازاً سرزنش کرنا۔

کیسۂ گلکار: وہ تھیلا جس میں معمار اپنے اوزار ڈالتے ہیں۔

کیک در گریبان و پاچہ و شلوار: (گریبان، یا شلوار وغیرہ میں پسّو) مراد مضطرب و بے قرار۔

کیلہ: ('ک' پر زبر)، پیمانہ۔

کیمیا: معروف؛ چوں کہ وہ بہت نایاب ہے، اِس لیے مطلق بمعنی نایاب مستعمل ہے۔

گ

گ ۔ ا

گاو تازی و گو تازی: حریف کو ڈرانے کی خاطر خود کو غالب اور پُر زور ظاہر کرنا۔

گاو زوری و گاو زور: ریاضت کے بغیر کشتی کے داو بڑے زور سے لگانا۔

گاو گون: 'گون خر' (احمق) کا مترادف۔

گاہ بگاہ: 'گاہ و بیگاہ' کا مترادف۔ (کبھی کبھار۔)

گ ۔ چ

گچ خفتہ: معماری کا ایک ضابطہ۔ معمار ہر روز مطلوبہ مقدار کے مطابق چونا بھگو کر استعمال کرتے ہیں۔ اگر بھیگا ہوا چونا ایک دن رات پڑا رہے تو بے کار ہو جاتا ہے۔ اِسے 'گچ خفتہ' کہتے ہیں۔

گ ۔ ذ

گذارہ: جو حد سے گزر جائے۔ 'مستی گذارہ'، اور 'دماغ گذارہ' بمعنی ایسی مستی جس سے انسان بے حد بے ہوشی اور بے خودی کے عالم میں گلی کوچے میں اِدھر اُدھر گھومے اور اُسے خبر نہ ہو؛ نیز 'گذارہ' بمعنی شراب پی کر بدمست ہونے والا۔

گذشت: صیغۂ ماضی۔ بمعنی 'بعد' بھی مستعمل ہے۔ 'گذشت' اور 'گذشتن' نیز بمعنی مرنا۔ اور 'از سرِ چیزے گذشتن' کسی چیز کو ترک کرنے کے بھی معنوں میں ہے۔

گ ۔ ر

گرّا: ('گ' پر زبر، 'ر' مشدّد) حجّام اور سر تراش۔

گرانبار شدن: حاملہ ہونا۔

گربہ از بغل افگندن: مکر اور حیلے بازی ترک کرنا۔

گربۂ بُراق: (دوسرے 'ب' پر زبر)، بلّی کی ایک قسم، جس کے جسم کے بال عام بلّیوں کے بالوں سے زیادہ لمبے اور چمک دار ہوتے ہیں۔

گربہ بہ تنہاں کردن: رسوا کرنا۔

گربہ بید: بید کی ایک قسم، جس کے پتے بلّی کے پنجوں سے مشابہ ہوتے ہیں، اس کے پشم (اُون) بھی ہوتی ہے۔ اِسے 'بید مشک' کہتے ہیں۔ 'گربہ خلاف' بھی کہتے ہیں کیوں کہ 'خلاف' عربی میں بمعنی بید ہے۔

گربہ در بغل داشتن: مکر و حیلہ کرنے کا کنایہ۔

گربہ زباد: علامی ابوالفضل (مصنفِ ''آئینِ اکبری'') کے مطابق ایک جانور کی مستی کی تراوش ہے۔ یہ جانور بلّی کی طرح، لیکن ذرا اُس سے بڑا ہوتا ہے، اور اِس کا چہرہ اور تھوتنی لمبے ہوتے ہیں۔ اِس کی قسموں میں ایک 'سامترائی' ہے جو سب سے اچھی قسم ہے۔ سامترا، بندرابن کے، جو دہلی اور آگرے کے درمیان واقع ہے، مضافات میں سے ہے۔ مذکورہ مستی کی تراوش (ٹپکاو) زردیِ آمیز سفید ہوتی ہے؛ نیز اِس جانور کی دُم کے نیچے چھوٹے اخروٹ جتنا نافہ ہوتا ہے۔

گرج: خربوزے کی پھانک۔

گردشِ بالینِ شبِ جمعہ: رسمِ ولایت ہے کہ جمعے کی رات یقیناً حرم سرا میں رہتے ہیں اور باہر بالکل نہیں نکلتے، اور نہ ایسا چاہتے ہی ہیں، بلکہ اِسے براشگون سمجھتے ہیں۔ 'گردشِ بالیں' بمعنی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل کرنا۔

بِرَدگریباں: ('گ' کے نیچے زیر، اور 'ذ' ساکن)، پیراہن، لباس۔

گُرد کردن: (گُ پر زبر)، ظاہر ہونا، اور 'گرد کردنِ تیر' بمعنی (تیر کا) اوپر جانا ہے۔

گردن از مُو باریک تر: کسی کی بات کو کسی عذر اور کراہت کے بغیر قبول کر لینے کا کنایہ۔

گردنِ باریک داشتن: ملائم اور ہموار ہونا۔

گردن کج کردن و داشتن: سرِ عجز جھکا لینا۔

گردہ پوشیدن: (گُ پر زبر)، پہلوانی کرتے وقت پہلوانوں کا جسم پر مٹی مَلنا۔

گرفتار: معروف؛ نیز بمعنی گرفتاری بھی مستعمل ہے۔

گرفتن: کاشنا، بند کرنا۔ کہا جاتا ہے، 'در را گرفتیم۔' (ہم نے دروازہ بند کر دیا)؛ نیز بمعنی کھودنا؛ نیز فرض کرنا، اور بمعنی شروع کرنا۔

گرفتنِ نمک کسے را: نمک حرامی کی سزا میں پکڑا جانا۔

گرگِ باراں دیدہ: تجربے کار، جس نے زمانے کی اونچ نیچ یا سرد و گرم دیکھے ہوں۔ 'گرگِ پالاں دیدہ' بھی اِس کا مترادف ہے، اِس لیے کہ ولایت کے مداری، بھیڑیے پر پالان (کجاوہ) ڈالتے ہیں۔

گرگ میش: ظاہری طور پر نیک، ویسے بد باطن۔

گرو نوشتن: از رُوے بحث بچّوں کا باہم شرط لگا کر خط کی مشق کرنا۔

گرہ بنداں: سال گرہ۔

گرہِ طاعون: وہ پھوڑا سا جو زیرِ ناف بالوں اور بغل کے نزدیک مواد اور بالوں سے نکلتا ہے۔ یہ خاصیت کے لحاظ سے مہلک ہوتا ہے۔

گریباں گرفتن: رسمِ ولایت ہے کہ اپنی تقصیر کی معذرت میں اپنا گریبان پکڑ کر معافی مانگتے ہیں؛ نیز لڑائی پر آمادہ ہونا۔

گریبانی: اہلِ ولایت سے مخصوص ایک لباس، جو آستین اور دامن کے بغیر ہوتا ہے اور اِسے زینت کی خاطر قبا اور انگرکھے پر پہنتے ہیں۔

گریہ انداختن: آنسو بہانا۔

گ ۔ ز

گز کردن: گز سے ناپنا؛ نیز 'گز مر کردن'۔

گزر: ('گ' اور 'ز' پر زبر)، معروف؛ نیز اوکھلی کا دستہ (دستۂ ہاون)۔ اِسی مناسبت سے عضوِ تناسل پر اس کا اطلاق کرتے ہیں۔

گزک: ('گ' اور 'ز' پر زبر) معروف؛ تشنج، کھنچاو، اینٹھن؛ نیز پانی چرانے، یا بُو لینے کے سبب زخم کا بگڑنا۔

گزگز جستن: بڑی شوخی اور چُستی سے کودنا۔

گزی بگوزی: بڑی بے قدری اور بے اعتباری کا کنایہ۔

گزیدنِ چشم: چشمِ زخم پہنچانا۔ (نظرِ بد لگا کر نقصان پہنچانا۔)

گ ۔ ف

گفتگو کردنِ فرنگی از سگ: فرنگیوں کی یہ عادت ہے کہ وہ کتے کا بچہ پالتے اور ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتے ہیں اور اُس سے کھیلتے ہیں۔ اِس سلسلے میں عجیب و غریب باتیں نقل کی گئی ہیں۔

گ ۔ ل

گُلِ ابر: بادل کا ٹکڑا۔

گل افشاں: آتش بازی کی ایک قسم۔

گلاب افشاں: چھوٹی شیشی۔ کبھی چاندی، کبھی سونے اور بلور سے بناتے ہیں۔

گلابِ چشم: آنسو کا کنایہ۔

گلابی: ایک چھوٹی بوتل، جس میں عرقِ گل یا شراب رکھتے ہیں۔ لیکن اہلِ ایران سے پتا چلا کہ اِن معنوں میں یہ محاورۂ ولایت (ایران) نہیں ہے، اہلِ ہند نے یہ لفظ تراشا ہے، اور ہند میں وارد ہونے والے شعرا نے یہ باندھا ہے۔ ایران میں اسے 'گُل افشاں' کہتے ہیں؛

نیز گلِ سرخ (گلاب) کے رنگ کا ایک رنگ؛ نیز 'گلاب کش'
معشوق کی صفت میں معروف ہے؛ نیز بمعنی گھوڑا۔

گل اندام:

تگ برقدم زدن و قدم را گلبانگ راه

زدن و با تگ برقدم زدن: بڑی تیز رفتاری سے چلنا۔

گل بدن: معشوق کی تعریف میں کہتے ہیں، نیز قماش کی ایک مشہور قسم۔

گلِ بدنامی: آتشک، ایک معروف مرض۔

گل برسر گذاشتن و بستن: مشہور ہے۔ (پھول سر پر رکھنا/ باندھنا۔)

گل بکسے فرستادن: کسی کو اپنے ساتھ لڑنے کے لیے طلب کرنا اور اُس کے ساتھ حریفی کا دعویٰ کرنا۔

گل بند: باغبان کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

گل بندی و گل بند: رنگین قماش کی ایک قسم، جسے ہند میں 'باندھنو' کہتے ہیں۔

گل بہ آب انداختن: کوئی نیا فتنہ کھڑا کرنا۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے، ایک شہزادی کسی دریا کے کنارے بیٹھی تھی۔ ایک بڑا ہی لطیف گل دستہ اُس کے ہاتھ میں تھا۔ اتفاق سے وہ گل دستہ اُس کے ہاتھ سے گر کر پانی میں بہ گیا۔ آخر ایک شہر میں وہ کسی شاہ زادے کے ہاتھ لگ گیا۔ وہ دل ہاتھ سے دے بیٹھا اور گل دستے کی مالکہ کے وصل کی خوش بُو پر جامۂ جاں چاک کر کے اپنے مقصود کی تلاش میں پانی میں کود گیا۔

گلِ پلاس: 'پلاس' ایک درخت کا نام، جسے فارسی میں 'پلہ' بھی کہتے ہیں، اور شیر کے ناخن جیسا گلِ نارنجی اِس پر لگتا ہے۔

گلِ پیادہ: ایسا پھول جس کا ڈنٹھل نرگس، لالہ اور سوسن کا سا ہوتا ہے۔

گلِ تسبیح و گلِ سبحہ: تسبیح کا امام۔

گلجام: وہی جام جس سے گھر اور حمام کا روشن دان ڈھانکتے ہیں۔

گلِ چشم: وہ داغ جو آنکھ کی سیاہی میں پھوٹتا ہے۔ 'گل' بمعنی داغ بہت مستعمل ہے۔

گل چیدن: معروف؛ نیز بمعنی نظارہ کرنا۔

گلِ خیر: اچھا نتیجہ۔ 'گل' بمعنی نتیجہ فصحا کے کلام میں آیا ہے۔

بِگل درآب گرفتن و کردن: (پہلے 'گ' کے نیچے زیر)، کسی کام کے لیے تیار رہنا اور اُس کا سامان درست کرنا۔

گلدستہ: وہ اونچی جگہ جو مسجد میں مؤذن کی آواز دور تک پہنچانے کے لیے بناتے ہیں؛ نیز منار کی بلند زمین۔

گُلوار ساختن: شگفتہ اور تروتازہ کرنا۔ 'گلوار شدن' اِس کا لازم ہے۔

گُل زمیں: (اضافت کے بغیر، اور اضافت کے ساتھ)، قطعۂ زمیں۔

گلستاں زادہ: پھول اور سبزہ۔

گُل شکستن: 'گل چیدن' (پھول چننا/توڑنا) کا مترادف۔

گُل شگفت: یعنی ایک عجیب امر ظاہر ہوا۔

بِگلِ شیریں: ('گ' کے نیچے زیر)، ہر چیز کی اچھی جڑ، بنیاد اور اصل۔

گُلِ عشر: ('گ' پر پیش)، وہ کاغذ جس پر معلّم ابجد خواں بچّوں کے لیے دس قرآنی آیات لکھ کر اُن پر ایک دائرہ کھینچ دیتا ہے۔ 'سرِ عشر' بھی یہی ہے۔ اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔

گُل کردن: ('گ' پر پیش)، ظاہر ہونا۔ اساتذہ کے کلام میں یہ لازم کی صورت (ظاہر کرنا) میں بھی دیکھا گیا ہے۔

گُل کردنِ چراغ: چراغ کا روشن ہونا اور چراغ کا بجھنا (دونوں معنوں میں)۔

گُلِ کفش: ('گ' پر پیش)، ریشم اور کلابتوں (سونے یا چاندی کے تار) سے بنا ہوا پھول، جو جوتے پر سیتے ہیں۔ لکڑی سے بھی بناتے ہیں جسے جوتے کی ایڑی میں چھپاتے اور اُس میں گل ہائے عاج کو باڑ بناتے ہیں۔ 'گُلِ پاپوش' بھی کہتے ہیں۔ 'کوکبِ کفش' بھی یہی ہے۔ اور وہ پھول جو کفشِ راستہ میں، جو عورتوں سے مخصوص ہے، ایڑی سے وسط تک، کچے چمڑے سے بناتے ہیں۔ اسے 'کتیہ' کہتے ہیں۔

گُل گفتی: (پہلے 'گاف' پر پیش)، 'تو نے خوب اور اچھی بات کی' کا کنایہ۔

گِلِ مختوم: ('گ' کے نیچے زیر)، تریاق کی ایک مٹی۔ وجہِ تسمیہ: چوں کہ وہ بڑی نرم و نازک ہوتی ہے اس لیے نقشِ مہر جلد پکڑتی ہے۔

گُلِ مشکی: وہی 'گُلِ مشکیچہ'۔

گلِ مشکچہ: ایک سیاہ رنگ کا پھول۔

گلقند: معروف؛ نیز لبِ معشوق کا کنایہ۔

گلہ گاہ: معروف؛ اصطلاح میں ایسی جگہ جہاں گھٹیا اور پوچ گو لوگ جمع ہوتے ہیں۔

گلیم گوش: قبیل بن آدمؑ کی نسل سے ایک جماعت جو بلادِ مشرق کی حدود میں سکونت پذیر ہے اور اُن کے کان اس حد تک بڑے ہیں کہ ایک کو تو وہ بستر اور دوسرے کان کو لحاف بناتے ہیں۔ (کتبِ تاریخ سے معلوم ہوا۔)

گ ۔ ن

گنبد: اچھل کود کرنا، نیز اِمرد کو اُلٹا کرنا۔ عمارت کی ایک قسم، جو معروف ہے؛ گنبد سے مشابہت کی بنا پر بڑی پگڑی کو 'گنبدِ دستار' کہتے ہیں؛ نیز چوتڑوں کا کنایہ۔

گنجِ آب آورد: آنسو کا کنایہ۔

گنجِ بادآورد و بادآورد و بادآوردہ: وہ خزانہ جو قیصرِ روم نے کشتیوں میں لدوا کر پرویز (خسرو پرویز) کے پاس بطورِ تحفہ بھیجا تھا۔

گنجِ رواں: قارون کا خزانہ جو زمین میں رواں ہوا تھا۔

گندماں: اصفہان کے مضافات میں ایک سرد مقام جہاں لُر قوم گرمیاں گزارتی ہے۔

گ ۔ و

گو: گاو کا مخفف۔ اہلِ ایران بیش تر 'گو' کہتے ہیں۔

گوانگل: تکمہ (گھنڈی اٹکانے کا حلقہ)، نیز وہ حلقہ، یا کڑا جس میں تکمہ بند ہو جاتا ہے۔

گودہ: ترکی لفظ، بمعنی جسم۔

گوزنہ: گیند کھیلنے کا میدان۔

گوسالۂ مردہ پُر کاہ کردن: ایک مستقل رسم، جب کسی گوجر کی گاے کا بچہ مر جاتا ہے تو اُس کی کھال میں گھاس بھر کر اُس کے سامنے رکھتے ہیں تا کہ وہ اُسے بچہ سمجھ کر دودھ دے۔

گوسفند انداز: کشتی کا ایک داو۔ جب حریف کو زمین پر گراتے ہیں تو ایک ہاتھ اُس کی گردن کے پیچھے

اور دوسرا ہاتھ اُس کی شاخ میں بند کر کے اُسے اٹھاتے اور پھر زمین پر پٹخ دیتے ہیں۔

گوسفندِ تسلیم: وہ بکرا جسے قربانی کے لیے قربان گاہ میں لایا جاتا ہے۔ مجازاً وہ شخص جو بڑا ادب آداب والا ہو۔

گوش برحرف کشودن: کوئی بات سننے کی طرف متوجہ ہونا۔

گوش برزنگ بودن: منتظر ہونے کا کنایہ، یعنی شاطر کی گھنٹی کی آواز پر کان دھرنا۔

گوش تا گوش: اِس سرے سے اُس سرے تک۔

گوش دادن: سُننا۔

گوش داری: محافظت اور نگہداری۔

گوش داشتن: سُننا؛ نیز بمعنی ملاحظہ اور توجّہ کرنا۔

گوشِ دریا و ماہی: صدف کا کنایہ۔ استعارے میں چھوٹے پیالے کو 'گوشِ ماہی' (مچھلی کا کان) کہتے ہیں۔

گوش کردن: سُننا؛ نیز نگاہ رکھنا، حفاظت کرنا، دیکھ بھال کرنا۔

گوشوارہ: دفتر کے اہلِ کاروں کی اصطلاح میں رجسٹر کے ورق کے عرض کا وسط جہاں عقدِ میزان لکھتے ہیں۔

گوشۂ زنجیر: زنجیر کا کڑا۔

گوشہ کار: (اضافت، اور فکِ اضافت کے ساتھ)، 'چشمہ کار' کا مترادف جس کا ذکر 'یک چشمہ کار' میں آئے گا۔

گوشی: ایک مقررہ محصول جو مویشیوں کی تعداد کے مطابق رعایا سے لیتے ہیں۔ جس طرح ہند میں فوج داران مواشی ایک جگہ سے لائے ہوں اور پھر رعایا کو وہ لوٹانے ہوں تو فی مویشی کچھ ٹیکس مقرر کر دیتے ہیں، جسے 'گوشی' کہتے ہیں۔

گوف: اُلّو۔

گول: احمق، نیز دغا و فریب۔ 'گول خوردن' بمعنی فریب کھانا۔

گولاک: بڑی لہر ("لغتِ جہانگیری" میں پہلا حرف 'ک' ہے۔)

گوے کوکناری: پوست کے ڈوڈے کی طرح اپنے ہاتھ پاؤں جوڑ کر یا اکھٹے کر کے سونا اور بیٹھنا۔ (ایسا عموماً غور و فکر کے موقع پر ہوتا ہے۔)

گوے گریبان و پیراہن: تکمہ۔

گویک: 'گوے گریباں' کا مترادف؛ نیز وہ گیند (یا گولا سا) جو ازار (ناڑے) کے سرے سے باندھتے ہیں، اور وہ گولا جو سر کی مانگ پر ہوتا ہے؛ نیز نطفے اور رحم کی زہ، اور زہ دان رحم، یعنی نطفہ دان۔

گ۔ ہ

گہر مہرہ: وہ مہرہ جو سانپ کے مغز میں ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ وہ جس کے ہاتھ لگے، اُس کی دولت دیر تک قائم رہتی ہے۔

گہر نیمرو: مروارید کی ایک قسم، جس کی ایک طرف گول اور دوسری ہموار ہوتی ہے۔

گہگیر: وہ گھوڑا جو سواری کو اپنے اوپر بیٹھنے نہ دے۔ اگر کوئی بیٹھ بھی جائے تو وہ قدم نہیں اُٹھاتا، خواہ کتنا ہی مہمیز کیوں نہ کیا جائے، اور وہ پاؤں پیچھے لے جاتا ہے۔#

گھگیر: بہر دو کاف عجمی: اسپے کہ تن بسواری ندہد و اگر بجہد بر و سوار شوند، ہر چند مہمیزش کنند قدم بر ندارد و پا پس کشد = وہ گھوڑا جو کسی کو سوار نہ ہونے دے، اور اگر کوشش کرکے اُس پر سوار ہو بھی جائیں، ہر چند اُسے مہمیز کریں، قدم نہیں اُٹھاتا، اور پیر پیچھے لے جاتا ہے۔ (نقش)

گہوارۂ دیو: کشتی کا ایک داو۔ دونوں حریف ایک دوسرے کو جھٹکا دیتے ہیں تا کہ ایک، دوسرے کو بے خبر کرکے زمین پر پٹخ دے۔

گ۔ ی

گیج: سر کی گردش (چکر آنا)؛ نیز وہ شخص جس کا دماغ منتشر ہو گیا ہو، دیوانہ۔

گیراندن: مقید کروانا، پکڑوانا، اور سخت قسم کے محصول وصول کرنے والوں کے وصولی کے کام میں مبتلا کرنا۔ 'بر کردنِ چراغ' اس کا متعدی ہے۔#

گیراندن: ...متعدی 'بر کردنِ چراغ'، واین معروف است = ...اور بطور متعدی اس کے معنی 'بر کردنِ چراغ' (چراغ روشن کرنا) ہیں، اور یہ معروف ہے۔ (نقش)

گیسو بریدہ: بے حیا اور بے ہودہ گو عورت۔

گیوہ: نمدی جوتا، جو پنڈلی سے ٹخنے تک ہوتا ہے۔ یہ دلیروں اور عیاروں سے مخصوص ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ گیو کی اختراع ہے جو اس نے توران میں، سرگردانی و پریشانی کے زمانے میں کی، اور اس سے کام لیتا رہا۔

گیوہ کش: وہ شخص جو مزاروں کی دہلیز پر لوگوں کے جوتوں کی حفاظت کچھ ملنے کی توقع پر کرتا ہے۔

ل

ل ـ ا

لادہ: بے عقل، احمق؛ نیز بمعنی مکروہ اور گندہ۔

لاک پشت: کچھوا جسے 'سنگ پشت' بھی کہتے ہیں۔

لالۂ چوغاسی و پیکانی و مقراضی و عباسی: لالے کی قسمیں۔ پہلی قسم سیاہ رنگ کی ہوتی ہے۔

لالۂ دختری: گلِ لالہ کی ایک قسم، جس کے پتوں کے کنارے تو بہت سرخ ہوتے ہیں جب کہ درمیانی حصہ سیاہ ہوتا ہے۔

لالۂ غلیاں: وہ لالہ جو شیشے کے حصے میں بناتے ہیں؛ نیز نرگس اور سوسن۔

لاے: شراب کی تلچھٹ؛ نیز بمعنی عدد (جیسے یک لای، یعنی یک یا دوتا)؛ نیز درویشوں کا چھوٹا لباس، اسے 'یک لای' بھی کہتے ہیں۔#

لاے: باوصفِ معانی دیگر دُردی شراب است چنانکہ مشہور است و مرادفِ 'تاے' کہ افادۂ وحدت کند، گویند: 'یک لا' و 'دولا'؛ و محتاج بہ سند نیست؛ و جامۂ کوتاہے کہ درویشاں دارند، 'یک لاے' نیز گویند = دیگر معانی کے علاوہ شراب کی تلچھٹ، جیسا کہ مشہور ہے؛ اور 'تاے' (عدد) کا مترادف جس سے وحدت کا افادہ حاصل ہوتا ہے، کہتے ہیں: 'یک لاے' اور 'دو لاے' (یعنی یک تا اور دوتا، گویا ایک عدد اور دو عدد)؛ نیز درویشوں کا مختصر لباس، اسے 'یک لائ' بھی کہتے ہیں۔ (نقش)

ل ۔ ب

لب ودنداں ولب داشتن: لیاقت اور شائستگی والا ہونا۔

لب ولنج: دہان کا اردگرد۔

لب بر چیدن: رونے اور ہنسنے کے لیے ہونٹوں کا ہلنا یا تیار رہنا۔

لب بلب جُستن: بہت تلاش اور ہر کسی سے مطلوبہ چیز کے سراغ لگانے کا کنایہ۔

لب چش: کسی چیز کا مزہ جاننے کے لیے اُسے ذرا سا چکھنا۔

لب زدن: اِس کے متضاد معنی ہیں۔ خاموش ہونا، بات کرنا؛ نیز گالی دینا اور برا بھلا کہنا۔

لب شکر: شیریں لب۔ معشوق کی تعریف کے لیے مستعمل ہے؛ نیز وہ شخص جس کے ہونٹ پیدائشی پھٹے ہوں۔

لب شیریں: ہنس مکھ۔ 'لب شیریں کردن' بمعنی ہنسنا۔ اور 'مےِ لب شیریں' وہ شراب جو تلخ اور تیز نہ ہو اور اُس میں ذرا سی مٹھاس ہو۔

لب گرداں کردنِ حوض: حوض میں اتنا پانی بھر دینا کہ وہ کناروں سے باہر آ جائے۔

لب گزیدن: ہونٹ چبانا، چار موقعوں پر بولا جاتا ہے۔ اوّل: ندامت اور پشیمانی کے وقت ہونٹ چبانا؛ دوم: غیظ وغضب سے؛ سوم: شرم سے؛ چہارم: منع کرتے وقت۔

لباسِ مرصّع: وہ لباس جس کے گریبان کے کنارے اور دامن کے اردگرد پروئے ہوئے موتی لٹکاتے ہیں۔

لبلبو: سوکھی دہی اور دودھ کے ساتھ پکائے ہوئے چقندر۔

ل ۔ ت

لت خوردن: دولتی کھانا۔

لت خوردنِ کار: کام کا بگڑ جانا۔

لت خوردنِ مہرہ: مہرے کا مضروب (چوٹ لگا ہوا) ہونا۔

ل ۔ ج

لجام در سر کردن: 'اسپ را لجام انداختن' (گھوڑے کو لگام ڈالنے) کا مترادف۔ اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔

ل ۔ چ

لچک: دو پٹا (ترکی نصاب سے معلوم ہوا)؛ نیز ایک مربع رومال جس میں بناوٹ سے کام لیا جاتا ہے۔ اِسے 'سرآغوش' (سر کے ایک زنانہ لباس) کے اوپر رکھتے ہیں اور مضبوط سربند بناتے ہیں۔ اِن معنوں میں یہ بظاہر فارسی لفظ ہے۔

ل ۔ ر

('ل' پر پیش)، شیاطین کی اولاد سے ایک قوم تھی۔ حضرت سلیمانؑ نے ایک معتمد کو کنواری لونڈیاں لانے کے لیے ترکستان روانہ کیا۔ اُسے اُنھوں نے ایک حرز (جاپ) سکھا دیا تھا جو اُسے ابلیسوں کے شر سے محفوظ رکھتا۔ جب وہ معتمد اپنے مقصد میں کام یاب ہو کر لوٹا تو قضارا ایک پڑاو پر اُسے وہ جاپ بھول گیا۔ شیطانوں نے فرصت کو غنیمت جانا اور اُن کنیزوں سے جماع کر کے اُن کا پردۂ بکارت پھاڑ دیا۔ جب حضرت سلیمانؑ نے کنیزوں کو شادی شدہ پایا تو اُس شخص سے پوچھا کہ 'تُو کہیں وہ جاپ تو نہیں بھول گیا تھا؟' اس نے اثبات میں جواب دیا اور وہ جگہ بتائی۔ حضرت سلیمانؑ نے حکم دیا اور وہ کنیزوں کو اُسی جگہ چھوڑ آیا۔ وہ ابلیس اُن کنیزوں میں گھل مل گئے اور اُن سے قومِ لُر وجود میں آئی۔ (''نگارستان'' سے نقل کیا ہے۔ اب یہ مواقع کے مطابق بمعنی احمق، اور دیہاتی مستعمل ہے۔)

لرزیدن: (کانپنا) معروف؛ نیز کسی چیز کا غم کھانا۔

ل ۔ ط

لطف گفتی: یعنی تُو نے مہربانی سے بات کی۔ لوطیوں کی زبان ہے۔

ل ۔ ع

لعبت بازی: 'شب بازی' کا مترادف۔ اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔ بعض کا کہنا ہے کہ خصوصاً وہ بھانڈ جو لڑکوں کو عورتوں کی صورت میں لا کر نچاتے ہیں۔

لعلِ بوگرک: گردے کی صورت کا ایک لعل۔ 'بوگرگ' ترکی میں گردے کو کہتے ہیں۔

لعلِ پیکانی: ایک لعل جسے پیکان کی طرح تراشتے ہیں اور عورتیں اِن کا گوشوارہ بناتی ہیں۔

لعلِ خفتاں: مرّیخ کا کنایہ؛ نیز امیر حمزہ کے ایک دستِ چپ امیر کا لقب، جس کا مصنوعی قصّہ مشہور ہے۔

لعلِ کلوخی: لعل جسے تراشا نہ گیا ہو۔

ل ۔ ک

لِکّہ: 'لِنک' ('ل' کے نیچے زیر)، کا مترادف۔ جوران کی جڑ سے لے کر پاؤں کی انگلیوں کے سرے تک ہے۔ یہ دراصل 'لِنکہ' تھا جسے لوطیوں نے 'لِکّہ' بنا دیا۔

ل ۔ گ

لگن: وہ چیز جسے عرف میں 'سلپچی' کہتے ہیں۔ وہ طشت جس میں ہاتھ دھوتے ہیں۔ ترکی میں 'چلاپچی' کہتے ہیں۔ اور وہ ظرف جو پیہ سوز (چربی جلانے والے) کے نیچے ہوتا ہے تا کہ موم پگھل کر، یا چربی پانی بن کر اُس میں گرے۔ اِن معنوں میں یہ معروف ہے۔

ل ۔ م

لَم: ('ل' پر زبر)، لیٹنا، دراز ہونا، آرام کرنا۔

ل ۔ ن

لَنک: ('ل' پر زبر)، دورانِ سفر کسی جگہ ٹھہرنا، پڑاؤ ڈالنا۔

لنگِ خاکی: (’ل‘ کے نیچے زیر)، حریف کو زمین پر گرا کر اُس کی پیٹھ پر پاؤں مارنا۔

لِنگ سرکش: (’ل‘ کے نیچے زیر)، کشتی کا ایک داو۔ اپنی پوری ٹانگ حریف کے کسی عضو پر جوڑ کر زور سے کھینچنا۔

لنگِ کمر: (’ل‘ کے نیچے زیر، اضافت کے ساتھ)، کشتی کا ایک داو۔ پاؤں حریف کے پاؤں میں جوڑ کر اُس کی کمر پر زور ڈالنا تاکہ وہ زمین پر گر جائے۔

لنگر: جہاں ہمیشہ غریبوں، فقیروں کو مفت کھانا دیا جاتا ہے۔

لنگر کردن: قرار پکڑنا۔ کیوں کہ ’لنگر‘ ایک بھاری لوہا ہے جس سے کشتی کی حفاظت کرتے ہیں۔ اسی مناسبت سے ’لنگر دار‘ بمعنی بہت بوجھل چیز ہے۔ ’تیغ لنگر دار‘ مشہور ہے۔

ل ۔ و

لواش: نان کی ایک قسم، پھلکا۔

لواشہ: (’ل‘ پر زبر)، رسّی کی قسم کی ایک چیز، جس میں چھوٹی سی لکڑی بھی ہوتی ہے۔ گھوڑے کی نعل بندی کے وقت سخت سر اِس سے باندھتے اور اُس کے بعد اِسے پابند کر دیتے ہیں۔ ’لغتِ جہانگیری‘ میں ’لباشہ‘ تحریر ہے۔

لوطی: نامقید، بے باک، جسے زبانِ ہند میں ’بانکا‘ کہتے ہیں۔ رسم ہے کہ ہر لوطی ولایت کسی ایک سلطان یا امیر سے منسوب ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے، ’یہ فلاں امیر کا لوطی ہے‘، یا ’فلاں بادشاہ کا لوطی ہے‘، اور ’لوطی الٰہی‘، لوطی خدا ہے۔

لولہ پیچ: ایک قماش جسے لوٹے کی ٹونٹی کی طرح لپیٹتے ہیں۔

لولہین: ٹونٹی دار لوٹا، جو زیادہ تر بیت الخلا میں کام آتا ہے۔

لوِند: (’ل‘ پر زبر، ’و‘ کے نیچے زیر)، مفعول لڑکا یا آدمی (جسے اِغلام کرانے کی عادت ہو)۔

ل ۔ ی

لیف وصابون: ’لیف‘، گھاس کا ایک گچھا، جس سے جولاہا، کام کرنے سے پہلے، خود کر تر کرتا ہے، اور پانی

لگاتا ہے۔ مجازاً بمعنی بے مقصد یا بے کار قسم کا اختلاط۔

لیقہ: باپ مشعل کا پرانا کپڑا۔ محاورے میں دوات کا صوف؛ مستعمل اور بہت مشہور ہے۔ اس کو 'لیق' بھی کہتے ہیں۔

لیوہ: احمق، نادان اور یاوہ گو؛ نیز آوارہ گرد۔

م

م ۔ ا

ما را ہم ازیں نمد کلاہے: یعنی جو کچھ تجھے میسر ہے اس میں سے ہمیں بھی کچھ ملے۔ اور 'از نمد چیزے کلاہ داشتن' کنایہ ہے کسی کے (ساتھ) ہم طور اور ہم وضع ہونے کا۔

ماجرا کردن: قصہ اور بکھیڑا کرنا۔

ماحضر: بے تکلف اور حاضر و مہیا کھانا۔ خاصا مشہور ہے۔ اسے 'حاضری' اور 'درویشانہ' بھی کہتے ہیں۔

مار بدستِ دیگرے گرفتن: کسی کو اُس کی طاقت سے بڑھ کر کارِ دشوار فرمانا۔

مار خوردن: زیادہ رنج و کلفت اٹھانے کا کنایہ۔

مارگیری: مکاری اور فریب کاری۔

ماشو: ('ش' پر پیش)، چھلنی۔

مال و جہات: نقد و جنس اور اشیا و اسباب۔

مال بکوری رفتن: مالک کی بے پروائی اور بے خبری سے مال کا بے مصرف ضائع ہونا۔

مال دادہ: (اضافت کے بغیر)، جو چیز قیمت دے کر خریدی گئی ہو۔ محاورے میں خاص طور پر غلام کے لیے مستعمل ہے۔

مالِ غائب: ایسا مال جس کا مالک معلوم نہ ہو۔ سفر پر روانہ ہونے والے کسی شخص کا مال بادشاہِ عصر کے حکم پر کسی امین کے سپرد کیا جاتا ہے تاکہ کسی غیر کے ہتھے نہ چڑھے۔ اگر مسافر زندہ واپس آ جاتا ہے تو وہ مال اُسے لوٹا دیا جاتا ہے ورنہ اُس کی موت کی تصدیق ہونے پر اُس کے وارثوں کو دے دیتے ہیں۔

مال کاسب: بہت سستا مال۔ جب پھل سستا ہوتا ہے تو کہتے ہیں، 'مال کاسب ہوگیا ہے'، یعنی اِس حد تک سستا ہوگیا ہے کہ مزدور وغیرہ بھی، جو اکثر مفلس ہوتے ہیں، خرید سکتے ہیں؛ نیز ملبوسات کی وہ قسم جو دیرپا ہو۔ مخمل اور سقرلاط وغیرہ۔ اِس لیے کہ شاہ عباس ماضی نے اِس امر کی بنیاد ڈالی تھی کہ مذکورہ کپڑے اہلِ حرفہ، مزدور وغیرہ سے مخصوص ہوں تاکہ اُنھیں لباس جلد تبدیل کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔

مال میزیہ: اصفہان کا ایک معروف قبیلہ۔

ماہِ خرگاہی: چاند جو ہالے کے اندر ہو۔

ماہیِ سُرب: سیسے کی بنی ہوئی مچھلیاں، جو جال کے اطراف میں باندھتے ہیں۔

مالعرف: وہ پورا مال جو کسی کی بساط میں ہو۔

م - ب

مُبہا: ('م' پر پیش)، بکرے کی انتڑی، جس میں چاول اور قیمہ بھر کر پکاتے ہیں۔

مبارک مردہ آزاد کردن: قدیم زمانے میں کسی مریض کی صحت کے لیے کوئی جانور اُس کے سر پر وار کر چھوڑ دیتے تھے۔ مُراد کارِ بے حاصل۔ یہ ایک شخص کے قصّے سے ماخوذ ہے۔ اُس کا مبارک نامی ایک غلام تھا۔ وہ شب و روز اُسے خرکمان میں کھینچتا۔ جب وہ مر گیا تو مالک بولا، 'میں نے مبارک کو آزاد کردیا' اور یوں یہ مثل مشہور ہوگئی۔

م - ت

متاعِ بزرِ نزدیک: وہ سامان، یا سودا جسے خریدنے پر گاہک مائل ہو۔

متاعِ پردار: کثیر منافع والی مروّجہ متاع۔ اِسی کو 'متاعِ رواں' کہتے ہیں۔

متاعِ تنگ: نایاب، قیمتی۔ لفظ 'تنگ' کے کئی معنی ہیں: قحط، کوتاہ، خروار (گدھے کا بوجھ)، متاع کا بستہ (تھیلا)، 'تنگ شکر' معروف ہے: معشوق کے ہونٹوں کو 'تنگ شکر' کہنا اِسی بنا پر ہے؛ نیز آغوش، 'تنگِ اسپ' جو معروف ہے؛ نیز نزدیک؛ نیز کم؛ نیز نقاشوں کا صفحہ، جس پر وہ اپنی

صنعت ظاہر کرتے ہیں۔

متاعِ غرور: بے نمازی بوڑھا۔#

متاعِ غرور: کہنۂ بے نمازی = حیض کا چیتھڑا، اسے 'کہنۂ حیض' اور 'کہنۂ رنگیں' بھی کہتے ہیں۔ ملاحظہ ہو، اسی فرہنگ میں 'کہنۂ بے نمازی'؛ 'متاعِ غرور' کے مرادی معنی ہیں = دنیا، جہان (''اُردو لغت''، جلد ہفت دہم [کذا، صحیح ہفدہم]، اُردو لغت بورڈ، کراچی، دسمبر ۲۰۰۰ء، ص ۳۰۶) (نقش)

متہ بر ذرہ نہادن: کسی کام پر پورا پورا غور کرنا۔ 'متہ' بڑھئیوں کا برما ہے۔ گویا 'ذرّہ'، 'نقطۂ موہوم ہے' اسے بھی وہ دو ٹکڑے کرتا ہے۔ 'متہ بر خشخاش نہادن' انھی معنوں میں ہے۔

م ۔ ح

محبرہ: عربی لفظ۔ دوات؛ نیز قلم دان۔

محرم: معروف؛ نیز حلیلہ (منکوحہ بیوی) کا کنایہ۔

محمود: معروف؛ نیز ایک شخص کا نام، جو ایران کے مشہور مسخروں میں سے تھا۔ بظاہر عہدِ اکبری میں وہ ہندوستان آیا۔ اسے 'محمود مذاقی' بھی کہتے ہیں۔

م ۔ خ

مخملِ مُشکی: سیاہ مخمل۔

م ۔ د

مدِ بلبل: نالۂ بلبل۔

مد ندادنِ سیاہی: میرزایانِ دفتر (رجسٹر حساب وغیرہ سے متعلق اہلِ کار، یا افسر) کی اصطلاح میں سیاہی کا رواں نہ ہونا۔#

مد ندادنِ سیاھی: با اصطلاح میرزایانِ دفتر جاری نبودنِ مداد است، چوں سیاہی

از سرِ حرف وانشود، گویند، 'مدنمی دہد' = منشیوں کی اصطلاح میں روشنائی کا رواں نہ ہونا ہے۔ جب سیاہی حرف پر نہیں کھلتی، کہتے ہیں، 'مد نہیں دے رہی'۔ (نقش)

مداخل: داخل ہونے کی جگہ، 'درآمدِ زر' کا مترادف؛ نیز زین کا پلو الٹا سید ھا بُننا اور سینا۔ لیکن یہ زین سے مخصوص نہیں ہے، جو عزیزوں کا گمان ہے؛ نیز زیور کی ایک قسم جو عورتیں ہاتھوں اور پاؤں پر باندھتی ہیں۔ بعض کے بقول ایک بُوٹے دار منہدی جو رعنا عورتیں ہاتھ اور پاؤں پر لگاتی ہیں۔ بہرحال، دوسرے معنی زیادہ قوی ہیں؛ نیز اماکن اور گھروں کو بھی کہتے ہیں۔

مدارداشتنِ جامہ: یعنی اُس کا دیر تک خدمت کرنا ہے۔

مدار کردن وگذشتن وگردیدن: حد سے گزرنا، اختتام کو پہنچانا، اختتام کو پہنچنا، اخیر ہونا۔

م ۔ ذ

مذاق: ظرافت؛ نیز معشوق کے سامنے بے تابیِ شوق کا اظہار۔

م ۔ ر

مِرجَل: ('م' کے نیچے زیر، اور 'ج' پر زبر کے ساتھ)، پیتل کی دیگ۔

مردۂ چیزے بودن: کسی کا عاشق ہونا۔

مُردہ رنگ: ('م' پر پیش)، ایسا شخص جس کا رنگ، بے حد خوف یا کثرتِ غم کے سبب، مردے جیسا ہو۔

مرصّع: چند مواقع پر مستعمل ہے۔ اوّل، بناوٹی بات کرنا؛ دوم، رنگیں کلامی اور خوش سخنی؛ سخنی؛ سوم، قصہ خوانی کی تمہید۔

مُرغِ آتشباز: آتش بازی کی ایک قسم۔

مرغِ آغال: پرندوں کے رہنے کی جگہ (آشیانہ)، کیوں کہ 'آغال' حیوانوں اور پرندوں کی جگہ ہے۔

مرغِ آمین: ایک فرشتہ جو فضا میں پرواز کرتا ہے اور ہمیشہ 'آمین' کہتا ہے۔ ہر وہ دُعا جو اس کی آمین تک پہنچتی ہے، قبول ہوتی ہے۔

مرغ بسمل اللہ #: بسمل اللہ' # جو پرندے کی شکل میں لکھتے ہیں۔

''مصطلحات الشعرا'' میں 'بسمل اللہ' کتابت کی غلطی ہے، درست ترکیب 'مرغ بسم اللہ' ہے، یعنی پرندے کی شکل میں لکھی ہوئی ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔'' (نقش)

مرغ کاغذی: پتنگ کی ایک قسم۔

مرغ کُرُک: (پہلے 'کاف' پر پیش، 'ر' ساکن)، انڈے پر بیٹھنے والا پرندہ تاکہ بچّہ ہو۔

مرغ ہمایوں فال: ہُما۔

مرکب چوبین: تابوت۔

مرگ: معروف؛ نیز ایک دوائی جو ماہی گیر دریا میں پھینکتے ہیں۔ مچھلی اِسے کھا کر بے ہوشی کے عالم میں خود بخود پانی کے اوپر آ جاتی، اور شکار ہو جاتی ہے، چوں کہ یہ مچھلی کی موت کا باعث بنتی ہے اِس لیے اِس نام سے موسوم ہوئی۔

مرگِ کسے دیدن: 'پشتِ سرِ کسے دیدن' (کسی کی پُشتِ سر دیکھنا) کا مترادف، اِس کا ذکر ہو چکا ہے۔

مرگِ نو مبارک باد: ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی نیا فتنہ اٹھ کھڑا ہو۔

مِرگی: معروف ہے۔

م ۔ ز

مزاد کردنِ متاع: نرخِ متاع بڑھانا۔

مزار بستن: قبر درست کرنا۔

مُزلف: نوخط معشوق۔

مزوّر: (تشدید کے ساتھ)، بیمار کا کھانا جس میں پالک اور دھنیا وغیرہ ڈالتے ہیں۔

م ۔ ژ

مژگانی: وہ چیز (یا پیسا) جو خوش خبری لانے والے کو دیتے ہیں۔

مژگان: مژہ کی جمع۔ مفرد کے طور پر مستعمل ہے۔ اصل میں 'ژ' پر زبر ہے، 'ژ' ساکن کے طور پر زیادہ

مستعمل ہے۔

مژگان وِمژہ گرم کردن: 'دیدہ گرم کردن' (آنکھ گرم کرنا) کا مترادف۔ اس کا ذکر ہو چکا ہے۔

مژگانِ زرّیں: پیازی رنگ (شراب رنگ) پلکیں۔

م ۔ س

مستاں: جمع مست، جو معروف ہے؛ نیز مست؛ نیز مستانی۔ اور 'مستِ مستاں' بمعنی بہت مست۔

مستغل: عربی؛ اور معروف لفظ ہے، بمعنی منکوحہ عورت؛ نیز گھر کے نیچے واقع دکانیں جن کے کرائے سے مالک فائدہ اٹھاتا ہے۔ مجازاً ہر وہ چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔

مستی: معروف؛ نیز آرزومندی اور عاشقی؛ نیز حیوانوں کی وہ حالت جو زورِ شہوت کے سبب ہوتی ہے۔

م ۔ ش

مشت و درفش: بہت دشوار امر کا کنایہ۔

مشت مال: مالش کرنا۔ یہ معنی مشہور ہیں؛ نیز کشتی کا ایک داو۔ حریف ایک دوسرے کے بازو پر بازو مَل کر مُکا مارتے ہیں۔

مُشتلق: ('م' پر پیش، 'ش' ساکن، 'ت' پر زبر، 'ل' اور 'قاف' ساکن)، ترکی لفظ، بمعنی شکرانہ۔ ('ل' پر پیش ہو تو) بمعنی وہ چیز جو خوش خبری لانے والے کو دیتے ہیں (مژدگانی)۔ 'لُق' بمعنی قیمت، 'مشت' ('م' پر پیش)، بمعنی مژدہ۔ ترکوں کے استعمال میں یہ 'مشت' بن گیا، یعنی خوش خبری کی قیمت۔

مشروطہ با کسے داشتن: کسی کے ساتھ ارادت کے عہد و پیماں درست رکھنا۔

مشق کشیدن و زدن: مشق کرنا۔

م ۔ ص

مصالح: ہر چیز کی تیاری کی ضروریات۔ اسبابِ عمارت مثلاً اینٹ، پتھر وغیرہ سے اس کی تخصیص

صحیح نہیں ہے۔

مصحف خصمِ کسے کردن: کسی کو نفرین کرنا؛ ملامت، بدؑدعا دینا۔

مصحف خوردن: 'مصحف' (مراد: قرآنِ مجید) کی قسم کھانا؛ نیز 'قرآن خوردن'۔

مصرع برجستہ وتندوتیز: وہ عمدہ مصرع جو سوچے بغیر، اُس مبداءِ فیاض کے فیض سے، غیب سے ذہن میں آئے۔

مصرع پُرکن: شعرا کی اصطلاح میں فالتو لفظ، جس کا معنی میں دخل نہ ہو، اور میرزایانِ دفتر کی اصطلاح میں یہ ہے کہ جب محرر (لکھنے والا) کاغذ سے کوئی چیز کاٹتا ہے تو اُس کی جگہ، محرری کے قاعدے کے مطابق، پُر کرتا ہے تاکہ راز کھل نہ جائے۔

م - ط

مطراق: معروف؛ بمعنی آلۂ تناسل مستعمل ہے۔

مطلعِ دولخت: ایسا مطلع جس کے ہر مصرع کا مضمون جداگانہ ہو یعنی ایک مصرع کا دوسرے سے کوئی تعلق نہ ہو۔

م - ع

معرّف: اِس کے لغوی معنی معلوم ہیں۔ اصطلاح میں وہ شخص جو کسی کا تعارف دوسرے سے کرائے۔ فارسی میں ایک قوم، جسے 'معرفہ' کہتے ہیں۔ جب کوئی مرتا ہے تو اُس کے تیسرے، یا چوتھے روز مرحوم کی تعریف اور تعزیت میں نظم، یا نثر لکھ کر اُس کے عزیز واقارب کے سامنے پڑھتے اور اُن سے نقدی اور خلعت وصول کرتے ہیں۔

معشوق پرانی: 'عاشق پرانی' کی ضد، جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

معشوقِ خیالی: ایسا معشوق جس کا وجود نہ ہو اور جو عاشق کے خیال میں سمایا ہوا ہو۔

معشوقہ ومعشوقِ روزبینوائی: اصطلاح میں یہ معنی ہیں کہ مثلاً ایک نوجوان کا دل آج کسی سادہ پسر، یا عورت پر آ گیا ہے اور اُس سے اُس کی صحبت رہتی ہے، لیکن کچھ عرصے بعد اُس سے بہتر کے ساتھ اُس کی صحبت ہو جاتی ہے۔ ایک روز وہ اپنے دل پسند معشوق سے، جس سے وہ کبیدہ خاطر ہوا تھا،

موافقت کر لیتا ہے، اور کہتا ہے، 'میں نے روزِ بے نوائی کی معشوقہ کے ساتھ موافقت کر لی۔'
بے نوائی کے ایام میں جو کچھ واقع ہو، اُس پر اس مثل کا عام اطلاق ہوتا ہے۔

معقد: (تشدید کے ساتھ)، ایسی عبارت جس میں تعقید ہو۔ تعقید دو قسم کی ہے، معنوی اور لفظی۔ لفظ و معنی کا اپنے صحیح مقام پر نہ ہونا، اور یہ فصاحت و بلاغت کے عیبوں میں سے ہے۔

معلق کشیدن: پہلوانوں کی ایک ورزش۔ کھوپڑی زمین پر رکھ کر دوسری طرف لڑھکنا (قلابازی)، کبوتر، جو قلابازی لگائے، اُسے 'کبوترِ معلق' کہتے ہیں۔

م ۔ غ

مغز خوردہ: احمق اور بے عقل کا کنایہ۔

مغز دیدہ بر مژگاں دویدن: گریۂ خونیں کرنے کا کنایہ۔

م ۔ ف

مفتول: بٹا ہوا دھاگا، تار، خواہ ریشم کا ہو، خواہ کلابتوں، اور خواہ سوتر کا ہو۔ 'فَتل' بمعنی بٹنا۔

مفرد: اس کے لغوی معنی معلوم ہیں۔ اصطلاح میں بمعنی غلام اور فرماں بردار۔

م ۔ ق

مقابل کوب: وہ چیز جو اپنے سامنے کی چیز (مقابل) کو بلندی یا خوبی سے پست بنا دے / کر دے۔

مقراض بر سر کسے راندن: 'سر کے تراشیدن' کا مترادف، جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

مقراضہ و مقراضک: کشتی کا ایک داو۔ جو اپنے دونوں پاؤں حریف کی گردن یا کمر میں اُڑا کر چکر دینا ہے۔ 'مقراضہ' ایک حلوائی کا نام ہے۔ اِسے 'مقراضی' بھی کہتے ہیں۔ 'مقراضۂ تیز' تیر کی ایک قسم، جس کی اَنی کے دو سرے، یا کنارے ہوتے ہیں۔

مقرراست: یعنی تحقیق و ثابت ہے۔

مقری تسبیح: تسبیح کا امام۔

مقصودِ کلاغ باز: ایک مکار اور عیار کا نام۔

م ۔ ک

مُکاری: (مُ پر پیش)، وہ شخص جو کرائے کا گھوڑا، اونٹ، اور گدھا اِدھر اُدھر لے جائے۔

مُکاس: (مُ پر پیش)، سودے یا مال کے مالک کا فروخت میں توقف کرنا۔

مکرّر: معروف ہے۔ اصطلاح میں بمعنی غیر مرغوب کا مترادف#

مکرّر: معروف؛ ودر اصطلاح مرادف 'غیر مرغوب' است=معروف؛ اور اصطلاح میں 'غیر مرغوب' کا مترادف۔ (نقش)

م ۔ گ

مگس پرانی: کساد بازاری۔

م ۔ ل

مَلاحی: (مَ پر زبر)، سفید انگور کی ایک قسم۔

مُلا روشنی: چمگادڑ۔

مُلا زادہ: (تشدید، نیز تخفیف کے ساتھ)، فارسی والوں کی اصطلاح میں آلہ تناسل۔

م ۔ ن

مِنار: معروف؛ نیز آلہ تناسل کا کنایہ۔

مِنار کلّہ: (تشدید کے ساتھ)، وہ مینار جو مقتولوں کی کھوپڑیوں پر کھڑا کرتے ہیں۔#

منارِ کلّہ: بالتشدید؛ منارے کہ از کلہائے کشتگان برپا کنند=...وہ مینار جو مقتولین کی کھوپڑیوں سے بناتے ہیں۔ (نقش)

مِنارِ گلبار: (گ پر پیش)، گلبار کے محلّے میں (یہ اصفہان میں واقع ہے) ایک بلند مینار کا نام۔

مَنْتو: ('م' پر زبر، 'ت' پر پیش)، چھوٹے گیپا کی ایک قسم (گیپا: چاول، گوشت اور لوبیا وغیرہ سے تیار کردہ کھانا۔)

مندفہ: گالا (دھنکی ہوئی روئی کا گولا)۔

مندل: وہ حصار جو عزیمت خواں (منتر پڑھنے والا) حفاظت کی خاطر اپنے گرد کھینچتا ہے؛ نیز دل کی ایک قسم۔ بعض کے مطابق یہ ہندی لفظ ہے۔ #

مندل: حصارے کہ عزیمت خواں از جہتِ حفظ بر گردِ خود کشد۔ ونوعے از دل [دہل]؛** بقولِ صاحب 'رشیدی'، باین معنی لفظِ ہندی است = وہ حصار جو افسوں پڑھنے والا حفاظت کے لیے اپنے گرد کھینچتا ہے؛ نیز ڈھول کی ایک قسم؛ صاحب [فرہنگِ] رشیدی [سیّد عبدالرشید ٹھٹھوی] کے بقول، اِس معنی میں یہ لفظ ہندی ہے۔ (نقش)

** 'دل' بظاہر کتابت کی غلطی ہے۔ یہ لفظ دراصل 'دہل' بمعنی ڈھول ہے۔ دیکھیے، ''مندل'' در ''اے ڈکشنری اوف اُردو، کلاسیکل ہندی، اینڈ انگلش'' از جان ٹی پلیٹس:

A kind of drum (beaten with the fingers), a kettle drum.؛

نیز ''غیاث اللغات'': مندل۔ (بفتحِ میم وسکون وفتحِ دالِ مہملہ) دائرہ کہ افسون گران و عزائم خوانان گردِ بگردِ خود برزمین کشند وبزبانِ ہندی نوعی از دہل کہ آنرا ''پکھاوج'' نیز گویند۔ (از برہان و سروری و مصطلحات)

نیز ''جامع اللغات'': مَنْدَل (ھ۔ مؤنث) ۱ ڈھول۔ پکھاوج ۲ چرخے کے بیچ کی لکڑی جس پر مال پھرتی ہے ۳ وہ دائرہ جو عزیمت خواں اپنے گرد بناتے ہیں (س۔ مردل)۔ (نقش)

منقار وقت وساعت: ایک ایسا حلقہ جس پر وقت وساعت کا بند ہونا، یا کھلنا موقوف ہے۔

منقاش: موچنا (جس سے بال اُکھاڑتے ہیں)۔ 'انتقاش' بمعنی بال اُکھاڑنا ہے۔

م ۔ و

مُو برآوردن وگرفتنِ چشم: آنکھ میں بال اُگنے کا کنایہ۔ اصطلاحِ اطبا میں اسے 'شعرِ منقلب' کہتے ہیں۔ یہ بال بینائی کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ 'دردیدہ مُو گرفتن' بھی اِنھی معنوں میں ہے۔

برآوردنِ زبان: انتہائی مبالغے کے موقع پر بولتے ہیں، یعنی زبان کا بال نکالنا تو کہیں بھی نہیں؛ ایسی حالت ہوئی (یعنی بال نکلا) لیکن فلاں بات کرنے سے باز نہ آیا۔ اور 'مو برزبان سبز شدن' (بال کا زبان پر سبز ہونا) بھی انھی معنوں میں ہے۔

دادن وفرستادن: جب کوئی شخص کسی عورت پر عاشق ہو جاتا ہے اور اُس کا وصل اُسے میسّر نہیں آتا تو وہ کاغذ میں بال لپیٹ کر صندوق میں ڈال دیتا اور اپنی معشوقہ کو بھجوا دیتا ہے۔ یہ گویا علامت ہے ہجر میں تکلیف اٹھانے کے سبب ضعف اور کمزوری کی۔ اگر معشوقہ بھی اُس کی مشتاق ہو تو وہ بھی جواب میں بال بھجوا دیتی ہے۔

مُو در آسیا سفید کردن: انتہائی حماقت کا کنایہ۔ 'محاسن از آسیا سفید کردن' بھی انھی معنوں میں ہے۔

موزدنِ ترازو: ترازو کے ایک پلڑے میں تھوڑا فرق ہونا۔ لیکن میرزا صائب کے ایک شعر میں ترازو کے کمالِ اعتدال پر ہونے کے معنی نکلتے ہیں۔

موے زنخ کندن: (ٹھوڑی کے بال نوچنا)، حیران وسراسیمہ ہونے کا کنایہ۔

موے زیاد و مُوے لب و مُوے دماغ و

مُوے بینی: چاروں مترادف ہیں، اور اِن کا اطلاق مکروہ اور ناہموار جگہ یا موقع پر ہوتا ہے۔

مُوے کلاہ: سمور اور قاقم کا گھیر جو کلاہ (ٹوپی) کے گرد سیتے ہیں۔ (سمور اور قاقم: دونوں جانوروں کی کھالیں ہیں۔)

موٹی خان: (تاے ہندی، یعنی 'ٹ') ایک طنبور کا نام جو بیجا پور کے حاکم ابراہیم عادل شاہ کے پاس تھا۔ علمِ موسیقی میں بے حد کمال کے سبب اُسے وہ اتنا عزیز جانتا تھا کہ جب اُسے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جاتا تو تختِ رواں پر رکھ کر پرچم، نقارہ اور ناقوس ہمراہ بھیجے جاتے، اور اُمرا اُسے کورنش کرتے تھے۔ #

موٹی خان/ موٹے خان/ موتی خان: مذکورہ ساز کے مختلف نام سامنے آتے ہیں۔ 'مصطلحات' میں واضح طور پر ''موتی خان'' لکھ کر ''بہ تاے ہندی...''، (یعنی 'ٹ' سے) لکھا گیا ہے۔ چوں کہ اُس دور میں یاے معروف اور یاے مجہول کے املا میں آج کی طرح امتیاز روا نہیں رکھا جاتا تھا، بنابریں ''موٹی خان'' اور ''موٹے خان'' دونوں تلفظ ممکن ہیں۔ ''اُردو لغت، تاریخی اصول پر'' (جلد نوزدہم، اُردو ڈکشنری بورڈ، کراچی، ۲۰۰۴ء) میں ''نور اللغات'' کے حوالے سے ''موٹے خان'' درج ہوا ہے۔ ''نور اللغات'' (جلد چہارم، نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد، طبعِ سوم ۱۹۸۹ء) کا اندراج ملاحظہ فرمایئے:

> موٹے خان: مذکر۔ ایک طنبور کا نام جس کو ابراہیم عادل شاہ حاکمِ بیجا پور بہت عزیز رکھتا تھا۔ یہ باجہ تختِ رواں پر چلتا اور علم و نقارہ وکرنا اُس کے ساتھ ساتھ ہوتے۔ امرا اُس کو کورنش و آداب بجالاتے۔

دراصل ساز کا نام ''موتی خاں'' تھا۔ ڈاکٹر نذیر احمد نے ''کتابِ نورس'' کے مقدمے میں لکھا ہے:

> کتابِ مذکور میں متعدد جگہ آتش خاں اور موتی خاں کی مدح کی گئی ہے۔ اوّل الذکر بادشاہ کا مخصوص ہاتھی تھا جس پر بیٹھ کر وہ شکار کھیلا کرتا تھا؛ موتی خاں اُس کا محبوب طنبورہ تھا...

'موتی خاں' کے سلسلے میں ڈاکٹر نذیر احمد کا حاشیہ بھی لائقِ توجہ ہے:

> ظہوری اور ملک قمی کی متعدد رباعیاں اسی مخصوص طنبورے کی مدح میں موجود ہیں، مثلاً ملاحظہ ہو:

'موتی خاں' کے سلسلے میں ڈاکٹر نذیر احمد کا حاشیہ بھی لائق توجہ ہے:

ظہوری اور ملک قمی کی متعدد رباعیاں اسی مخصوص طنبورے کی مدح میں موجود ہیں، مثلاً ملاحظہ ہو:

ساز تو ز نغمہ گشت لاہوتی خاں
گسترده ز نغمہ ہاے ناسوتی خاں
بحرین و بدخشاں چو مخاطب گشتند
شد دستِ تو لعل و اُو موتی خاں

(کلیاتِ ظہوری، ورق ۲۵/بعد)

... سنجر نے بھی ایک قصیدے میں اس کا ذکر اس طرح کیا ہے:

رواست کورنش و تسلیم ازاں بہ موتی خاں
کہ شاہ چوں خلفانش گرفتہ در دامن
دُرے کہ دامنِ شاہش صدف بود شاید
کہ جاں فشاندنش از مہر دایۂ معدن

لیکن ''مصطلحات الشعرا'' میں وارستہ نے 'موتی خاں' غلط لکھا ہے، ملاحظہ ہو ص ۲۴۱۔

(''کتاب نورس''، ابراہیم عادل شاہ، مرتبہ ڈاکٹر نذیر احمد، دانش محل، لکھنو، ۱۹۵۵ء، ص ۲۱-۲۰)
(نقش)

مورد رپیرا ہن ریختن: کسی کو بے قرار اور بے آرام کرنا۔

موسیقی و موسیقی: پہلا لفظ معروف ہے۔

مُش دنداں: وہ سنجاف (جھالر، لڑی) اور قیطون (ریشم کی بنی ہوئی ڈوری) جس کی لکیروں کے درمیان فاصلہ نمایاں ہو۔ ہند میں اسے 'لہریہ' کہتے ہیں؛ نیز اُس دھاگے کو بھی، جو کُرتے یا قمیض کے کنارے پر لگانے کے لیے دورنگی ریشم سے بنتے ہیں، 'موش دنداں' کہتے ہیں۔

موشک دوانی: فتنہ انگیزی کا کنایہ۔

م - ہ

مہ پرست: عاشق۔

مہتابی: مہتاب تک پہنچی ہوئی چیز (؟) # (زری کی قسم کا کپڑا)؛ نیز رنگِ شکستہ؛ نیز وہ چبوترہ جو چاندنی کی سیر کے لیے بناتے ہیں۔ 'تختِ مہتابی' اور 'ماہتابی' یہی ہے۔

مہتابی: چیز مہتاب رسیدہ...= چاندنی میں رکھی ہوئی شے... (نقش)

مُہر کربلا و مُہر نماز و مُہر خاک و مُہر سجدہ: وہ مُہر جو خاکِ کربلا سے بناتے ہیں اور اہلِ تشیع اُس پر سجدہ کرتے ہیں۔

مہر گیا: آدمی کی شکل کی ایک نبات، جو جس کسی کے پاس ہوتی ہے لوگ اُس سے محبت کرتے ہیں۔

مُہرہ صفیر: وہ ناقوس جو قدیم زمانے میں جنگ کے موقع پر بجاتے تھے۔ اِسے 'سفید مہرہ' بھی کہتے ہیں۔

م - ی

مے در گریبان کردن: زبردستی شراب دینا۔

مےِ کافور: ایسی شراب جس کی گرمی کی تیزی کم کرنے کے لیے اُس میں کافور ملاتے ہیں۔

مےِ ناہار: امرِ ناگوار کا کنایہ۔ کیوں کہ صبح خالی معدے کے سبب شراب ناگوار ہوتی ہے۔

میانِ پا و میانِ پاچہ: شلوار؛ نیز فرج کا کنایہ؛ نیز 'میانِ ران'۔

میانجی: واسطہ اور وساطت (وسیلہ بننے والا۔)

میاں دادن: اجازت دینا۔

میاں داری: دلّالی، نیز کسی کام میں وسیلہ و واسطہ ہونا۔ چوں کہ بھڑوا اور دیّوث، عاشق اور معشوق کے درمیان واسطہ ہوتا ہے، اِس لیے اِن لوگوں کو 'میاں دار' کہتے ہیں۔ جب کہ پہلوانوں کی اصطلاح میں 'میاں دار' ایسا شخص ہے کہ جب دو پہلوان باہم کشتی لڑیں تو وہ اُنھیں ایک دوسرے سے الگ نہ ہونے دے تا کہ وہ باہم زور کریں۔

میدان: معروف؛ جوہریوں کی اصطلاح میں یاقوت اور زمرد وغیرہ کا طول و عرض۔

میدان دادن: کسی کی تعظیم کی خاطر اپنی جگہ اُس کے لیے چھوڑ کر خود ایک طرف ہو جانا۔

میرزا کبیری: خربوزے کی ایک قسم۔

میل: نشان کا پتھر۔ اسے 'میلِ فرسنگ' اور 'نشانہ فرسنگ' بھی کہتے ہیں (اُردو والے سنگِ میل کہتے ہیں)۔ پہلوانوں کی 'میل گیری' یعنی وزنی لکڑی جس سے پہلوان ورزش کرتے ہیں۔ اسے 'سنگ زور' بھی کہتے ہیں؛ نیز سرمہ لگانے کی سلائی۔

میل تاج: (تاج کی سلاخ) قدیم زمانے میں ایک سلاخ تاج پر آراستہ کرتے تھے۔

میل گنبد: ایک مستطیل لوہا، یا تانبا جو مزاروں اور مسجدوں کے گنبد پر نصب کرتے ہیں، اور اکثر اُسے سونے سے ملمع کرتے ہیں۔

ن

ن ۔ ا

نابرید: جس کے ختنے نہ ہوئے ہوں۔ تحقیر کے موقع پر بولتے ہیں۔

ناتراشیدہ: بے ادب۔

ناداشتی: بے حیائی۔

نادیدگی: معروف؛ نیز مفلسی اور بے خبری۔

ناسفتہ گوہر مژگانی: آنسو کا کنایہ۔

ناشکر: نعمت کا کفران کرنے والا۔

نامردم: گھٹیا، نالائق۔ لفظ 'مردم' کا مفرد اور جمع، دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔

نامشخص: ایسا شخص جو ایک ہی حالت اور وضع پر نہ ہو۔

ناخن بر یک دیگر زدن و بہم زدن وزدن: دو آدمیوں میں لڑائی کرانا۔ یہ بات سنی گئی کہ جب کسی سے لڑائی جھگڑا کرنا چاہتے ہیں تو ناخن باہم بجاتے ہیں اور یہ اشارہ ہے لڑائی کی تحریک کا۔ 'ناخن زدن' بمعنی مزاج میں تصرف کرنا بھی ہے؛ نیز 'ناخن بدل زدن وشکستن'۔

ناخن بسنگ آمدن: کسی ناملائم امر کے پیش آنے کا کنایہ۔

ناخن گیر: معروف؛ نیز ایسی نرم چیز جس میں ناخن کھب جائے۔

ناخنک زدن: گھٹیا لوگوں اور لوطیوں کا یہ پیشہ ہے کہ وہ بازار میں گھما گھمی کے باوجود حلوائی اور نان بائی کی دکان سے کوئی چیز دو انگلیوں سے اٹھا کر منہ میں ڈال لیتے ہیں، اور آگے بڑھ جاتے ہیں۔

نادر برابر و نادر مقابل: نالائق اور ناشائستہ اور بے قدر۔

نار باغِ سینہ: پستان کا کنایہ۔

نار مزاج: 'نازک مزاج' کا مترادف۔

نارنجِ نشاں: وہ نارنج جس پر تیر چلاتے ہیں۔ یہ کمان داروں کی رسم ہے۔

نارین قلعہ: قلعۂ بغداد کا نام، جو شہر کے مغرب میں واقع ہے۔

نازو: بلی۔

ناظر: میر سامان (ایک عہدہ)۔

ناف اُفتادن و گسیختن: بہت بھاری بوجھ اٹھانے، یا اپنی قوت سے بڑھ کر زور لگانے، یا بہت بڑے خوف کے سبب ناف کا اپنی جگہ سے ٹل جانا۔ جب کسی اونٹ یا خچر پر زیادہ بوجھ لادتے ہیں تو کہتے ہیں، 'ایسا نہ کرو کہ اِس کی ناف گر جائے۔' 'ناف نہادن و گذاشتن و افگندن' اِس کا متعدی ہے۔

ناف پیچ: ایسی گرد جو ناف میں پڑ جائے۔

نافِ ہفتہ: منگلوار۔

نافہ مُو: (بغیرِ اضافت) بوڑھا آدمی، جس کے بال نافے کے بالوں کی طرح سفید ہوں۔

نالہ ریختن: نالہ وزاری کرنا۔

نام آباد و دہ ویران: ایک مشہور مثل۔ اسمِ بے مسمّٰی (وہ نام جس کا نام والا نہ ہو)۔

نام حلقہ کردن و کشیدن: کسی کا نام اعتبار کے دائرے سے باہر نکال دینا۔ کیوں کہ میرزایانِ دفتر (منشی) کسی کا نام جھوٹ ثابت ہونے پر اُس (نام) پر دائرہ بنا دیتے ہیں۔

نامہ راز بانی کردن: خط کا مضمون پیغام کی صورت میں ادا کرنے کا کنایہ۔

نان بدیوار زدن: بے حاصل کام کرنے کا کنایہ، جس طرح بجھے ہوئے تنور میں روٹی لگانا۔

نان بر شیشہ مالیدن: نہایتِ بُخل اور خست کا کنایہ۔ ایک انتہائی کنجوس آدمی کی یہ عادت تھی کہ وہ سالن شیشے میں رکھتا اور روٹی شیشے پر مَل کر کھاتا۔

نان در آستیں خوردن: انتہائی بخل کا کنایہ، یعنی حاضرین سے آستین میں چھپا کر روٹی کھانا۔

نانِ دشتری: وہ روٹی جو چھنے ہوئے آٹے سے گردے میں پکاتے ہیں (گردہ: گول چیز۔)

نانِ راہ: توشۂ مسافر۔

نان ریزہ فروش: روٹی کے ٹکڑے بیچنے والا۔

نان کور: (بغیر اضافت)، ایسا کنجوس اور بخیل جس کی روٹی سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔

نانِ گرجی: ایسی روٹی جو دائرے کی طرح درمیان سے خالی ہو۔ یہ گرجستان سے مخصوص ہے۔

نانِ نوکری: وہ غذا جو کسی نوکر سے ملے۔

ناوک: وہ بانس جس میں معروف چھوٹا تیر رکھ کر کمان کی زہ میں بند کر کے چلاتے ہیں۔ اِسے کبھی لوہے سے بھی بناتے ہیں۔ اِسے 'نے ناوک' بھی کہتے ہیں۔ بمعنی تیر بھی مستعمل ہے۔

ن ـ ج

نجیب: معروف؛ نیز جیسے اونٹ نے ... ہو۔

ن ـ خ

نخ بر چیزے پیچیدن: ڈور، یا ریشم کے تار کا سرا گم کرنا۔

نخ برائے کسے تافتن: (کسی کے لیے سُوت بٹنا)، 'ریسماں برائے کسے تافتن' کا مترادف ہے، اور یہ مشہور ہے۔

نخالہ گوے: بے معنی اور بے مغز باتیں کرنے والا۔ 'نخالہ' وہ بھوسی جو چھلنی سے نہ گزرے۔

نخجوان: ('ن' کے بعد 'خ')، تبریز کے نزدیک ایک بلند پہاڑ پر واقع ایک شہر۔ 'نخجوانی' وہاں کا رہنے والا۔ 'نخجہ' یہ ہے کہ عورتیں نقش بٹھانے کے لیے انگلیوں پر مہندی لگاتی ہیں۔ 'جامۂ نخجوانی' سے مراد سقرلات (بانات، جو ایک قدیم اور مشہور کپڑا ہے) اور لندرہ (بانات) ہے۔

نخلِ پیشِ عماری: نشان۔

نخلِ پیوند: یعنی 'برگ پیوند' جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

نخلِ ماتم و نخلِ محرم و نخلِ تابوت و نخل: آغازِ محرم سے نویں محرم تک کے لیے بنایا گیا تابوت۔ دسویں محرم کا تابوت اگرچہ تابوت ہی کی شکل کا ہوتا ہے لیکن وہ اُس سے دس گنا بڑا ہوتا ہے، اور وہ 'نخل' ہے۔ ایک ایرانی کے مطابق تابوت کی آرائش۔

ن - د

ندانم بسر زندہ ام، یا بپا: ایک مثل جو بہت تشویش کے موقع پر بولتے ہیں، یعنی 'مجھے اپنے سر تا پا کا کوئی ہوش نہیں/ خبر نہیں۔#

ندانم بسر زنده ام، یا بپا: مثلے است کہ در کمال تشویش گویند؛ یعنی از سراپاے خود خبر ندارم = ایک مثل ہے جو بے حد تشویش کے موقع پر بولتے ہیں، یعنی 'مجھے اپنے سراپا کی کوئی خبر نہیں۔' (نقش)

ن - ر

نردبان در راہ نہادن و افگندن: راستہ چلتے ہوئے ساتھیوں کے ساتھ باتیں کرتے چلنا تا کہ سفر کسی تکلیف کے بغیر کٹے۔

نرگدا: ڈھیٹ قسم کا بھک منگا۔ 'نر' بمعنی زشت، کریہہ اور ناہموار ہے۔

نرگسی: کئی معنی سنے گئے۔ اوّل، اشارہ، جیسے آنکھ کا اشارہ کرنا؛ دوم، طنز کرنا؛ سوم، معشوق کا ناز کے ساتھ، طنز کے ارادے سے، اپنی زبان باہر نکالنا۔

نرگسی: پلاو کی ایک قسم۔ 'نرگسی' ایک معروف شاعر کا نام۔

نرگسی برداشتن: کسی کی طنز اور تمسخر برداشت کرنا۔

ن - ز

نزول: عربی کا معروف لفظ؛ فارسی والے بمعنی 'منزل' استعمال کرتے ہیں۔

ن - س

نستعلیق گو: وہ شخص جو بنا سنوار کر بات کرے اور الفاظ مخرج سے ادا کرے۔ ایسے آدمی کے بارے میں یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ قلم کے لفظ سے بات کرتا ہے، یعنی کتابی عبارت میں بات کرتا ہے۔

ن - ش

نشانِ مردی: آلۂ تناسل۔ 'نشان' کے بھی یہی معنی ہیں۔

نشستنِ آفتاب: آفتاب کا غروب ہونا۔

نشستنِ تب: مفارقتِ تب (یعنی بخار ختم ہونا)۔

نشستنِ شراب: شراب کا جوش ختم ہونا۔

نشیمن: معروف؛ بیٹھنے کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

ن - ص

نصیری: ('ن' پر پیش، 'ص' پر زبر)، حضرت شاہ کا ایک نُصَیر نامی فدائی جس کی موت وحیات کا قصہ اظہار سے مستغنی ہے۔ یائے نسبتی کے ساتھ بمعنی ہر فدائی۔ ('ن' پر زبر اور 'ص' کے نیچے زیر)، خربوزے کی ایک قسم۔

ن - ط

نطعِ جواہری: اس کے وہی معنی ہیں جو 'بساطِ جواہر' میں بیان کیے گئے ہیں؛ نیز ایسی کھال جو کسی ایسے آدمی کے پاؤں کے نیچے بچھاتے ہیں جس کی گردن اُڑانا مقصود ہو۔ یہ ایک قدیم رسم ہے۔

نطعی: ایک ایسی چرم (کھال، چمڑا) جسے ایک مدّت تک روغن میں بھگوئے رکھتے ہیں اور پھر اُس سے پاجامہ تیار کرتے ہیں، جو پہلوانوں کے سردار پہنتے ہیں۔ بعض کا کہنا ہے کہ یہ چمڑے کا ایک ٹکڑا ہے جو کشتی کے موقع پر زمین پر بچھاتے ہیں، اور یہ اس لیے کہ چمڑے پر پاؤں پھسلتا ہے اور آگے نکل جاتا ہے اور اس بہانے ایک کم زور وکم مشق حریف کو بآسانی گرایا جاسکتا ہے؛ نیز وہ چمڑا جو بادشاہ کی سواری کے خاص گھوڑے کے پاؤں کے نیچے بچھاتے ہیں تاکہ عام گھوڑوں اور اُس گھوڑے کی آواز میں امتیاز رہے۔#

نطعی: چرمے است کہ مدّتہا در روغن خیسانیدہ تنباں از آں سازند و سردارانِ کشتی گیراں پوشند۔ بعضے گویند؛ 'نطعی' پوستے است کہ در حالتِ کشتی برزمیں گسترند وایں از بہرِ آن

است کہ بر چرم البتہ پا می لغزد و از پیش می رود، بہ ایں بہانہ حریفِ کمزورِ کم مشق را زود از پا تواں درآورد؛ و پوستے کہ زیر پاے اسپ خاصہ سواری پادشاہ گسترانند از جہتِ امتیازِ آواز افراسِ دیگر = مدتوں روغن میں بھگویا ہوا چمڑا، جس سے جانگھیا بنایا جاتا ہے، جسے پہلوانوں کے سردار پہنتے ہیں۔ بعضے کہتے ہیں کہ 'نطعی' وہ چمڑا ہے جسے کشتی کے موقع پر زمین پر بچھا دیتے ہیں، اور ایسا اس لیے کرتے ہیں کہ چمڑے پر پاؤں پھسل جاتا ہے اور آگے نکل جاتا ہے، اس بہانے کم مشق کم زور حریف کو جلد پیر سے گرایا جاسکتا ہے؛ اور وہ چمڑا جو بادشاہ کی سواری کے خاص گھوڑے کے سُموں کے نیچے دیگر گھوڑوں سے (اُس گھوڑے کے قدموں) کی آواز میں امتیاز کی خاطر بچھاتے ہیں۔ (نقش)

نطعی پوش: پہلوانوں کا سردار، بڑا پہلوان، اسے 'تنباں پوش' (پاجامہ پہننے والا) بھی کہتے ہیں۔

ن ۔ ظ

نظر تنگ: (بغیر اضافت)، مراد تنگ چشم، تنگ نظر۔

نظر کردن: کسی کو فیض پہنچانا۔

نظر گاہ: اولیا کا آستاں؛ نیز سلاطین کے بارِ عام کا ایوان۔

نظر گرم کردن: نگاہ کرنا، دیکھنا۔

نظر یافتن و دیدن و داشتن: تربیت پانا اور فیض یاب ہونا۔

نَظَری: ('ن' اور 'ظ' پر زبر)، باطل؛ میرزایانِ دفتر کی اصطلاح ہے، اس لیے کہ جو کیس (معاملہ) جھٹلانے کے لائق ہو، یعنی مسترد (نامنظور) کرنا مقصود ہو، اُس پر لفظ 'نظر' لکھ دیتے ہیں۔

ن ۔ ع

نعل: معروف؛ نیز ایک ایسی چیز جو موٹی اور بڑی بھاری لکڑی سے نعل کی صورت میں بنائی جاتی ہے۔ پہلوان اُسے کھینچ کر ہاتھ کے اوپر رکھ کر اِدھر اُدھر گھماتے ہیں؛ نیز رسّی کی قسم کی ایک چیز جو توپ کھینچنے کے کام آتی ہے؛ نیز وہ لوہا جو جوتی کی ایڑی کے نیچے چھپاتے ہیں۔

نعل بریدن: نعل کی شکل کا داغ جلانا۔

نعلِ در: (’ل‘ کے نیچے زیر)، دروازے پر لگایا جانے والا لوہے کا آلہ، جس میں حلقہ لگ جاتا ہے۔

ن ۔ ف

نفاذ: معروف لفظ ہے۔

نفور: نفرت کرنے والا، اور یہ مشہور ہے؛ نیز بمعنی نفرت۔

نفیرِ دادخواہاں: مظلوموں کی فریاد وفغاں؛ نیز بمعنی نفرت کرنے والا، بھاگنے والا۔

ن ۔ ق

نقارۂ آفتابِ زرد: وہ نوبت جو بادشاہوں کے در پر شام کے وقت بجاتے ہیں۔ یہ پانچ مشہور نوبتوں میں سے ایک ہے۔

نقد: بیٹا۔

نقرۂ جمہور: غیر معیاری چاندی (پگھلی ہوئی چاندی، سکہ۔)

نقشِ بدنشیں: ایسا نقش جو مراد کے مطابق نہ ہو؛ ’قمارِ بدنشیں‘ سے بھی یہی مراد ہے۔

نقش برآب زدن: کسی بے ثبات امر کا ارتکاب؛ نیز کوئی عجیب وغریب کام انجام دینا؛ نیز کوئی نیا منصوبہ گھڑنا۔ ’نقش برآب ریختن‘ بھی انھی معنوں میں ہے، اِسی طرح ’مکرِ تازہ برآب زدن‘ بھی مستعمل ہے۔

نقش برآب کشیدن: بے کار، یا فضول قسم کا کام کرنا۔

نقشِ جہاں: شاہِ اصفہان کے دولت خانے کے دروازے کے قریب واقع ایک میدان مجدالدین علی قوسی کے مطابق یہ اصفہان کا ایک باغ ہے۔

نقش زدن: داو جیتنا۔

نقطوی: حکما کا ایک فرقہ جو جسم وجاں کے خالق (خدا) کو جسم والا ثابت کرتا ہے۔ اِس فرقے کو ’مجسمیہ‘ بھی کہتے ہیں۔

نقطہ ریختن: فال لینے کا کنایہ۔

نُقل دان: (’ن‘ پر پیش)، عجیب قسم کی شکلوں والے طاق جو گھر کی دیواروں میں بناتے ہیں تا کہ اُن میں نُقل اور حلوہ جات رکھے جائیں۔ ’جام گاہ‘ بھی یہی ہے۔

نُقلِ ماتم: (’ن‘ پر پیش)، ایسا نُقل جو ماتم کے موقع پر تقسیم کرتے ہیں ایران میں یہ ہندوستان کے برعکس سیاہ تیار کیا جاتا ہے۔

نَقلِ مذہب: کسی شخص کا ایک مذہب چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرنا۔

ن - ک

نکاح: میاں اور بیوی کے درمیان ہونے والا عقد و پیماں۔ جماع کے معنوں میں بھی ہے۔ ’اِستنکاح‘ کا مطلب ہے، جماع طلب کرنا۔

ن - گ

نگاہ زدن: نظر کرنا، دیکھنا (’نظر زدن‘ بھی مستعمل ہے۔)

نگہ چرانی: ’چشم چرانیدن‘ کا مترادف، اِس کے معنی دیے جا چکے ہیں۔

نگیں خامہ: (اضافت کے بغیر)، ایک فولادی قلم جس سے نگین کو کھودتے ہیں۔ ’خامہ حکاک‘ بھی یہی ہے۔

نگینِ دولائی: دو نگینے جو ایک خانے میں سوار ہوں؛ نیز بمعنی عاشق و معشوق۔

نگینِ سوار: ایسا نگینہ جو انگوٹھی کے خانے میں جڑا گیا ہو۔

نگیں نگیں: قطعہ قطعہ۔

ن - م

نم از رخسار چیدن: رخساروں سے آنسو پونچھنا۔

نم بیروں دادن: ریزش کم ہونے کا کنایہ۔ کہا جاتا ہے، ’فلاں نم بیروں نمی دہد‘ یعنی فلاں کے ایک قطرہ بھی ٹپکانے کے لیے نہیں ہے۔

نمدِ آب چیں: ریشمی گلیم، جس سے بدن خشک کرتے ہیں۔

نمدان: لوطیوں کی اصطلاح میں بمعنی فرج۔ 'نم زدہ' اور 'نمدینہ' بھی مستعمل ہے۔

نمد بخرے گذاشتن: لوطیوں کی اصطلاح میں، اچانک بھاگ اٹھنا۔

نمد بگردن افگندن: دادخواہی کرنا۔

نمدِ بیدزدہ: وہ نمدہ جس میں، کرم خوردگی کے باعث بہت سوراخ، یا چھید ہو گئے ہوں۔ 'بید' ایک قسم کا کرم ہے جو پشمینے اور کتاب چاٹتا/کھاتا ہے۔

نمک تازہ کردن: نئے سرے سے عقدِ محبت کرنا اور نئے عہد و پیماں کرنا۔

نمک چش: کھانے کا ایک لقمہ جو کھانے کا ذائقہ چکھنے کے لیے اُس میں سے نکالتے ہیں۔ یہ بادشاہوں اور اُمرا کے باورچیوں کا دستور ہے۔

نمک خوردن و نمک دان شکستن: نمک حرامی کرنا۔

نمک دان: معروف؛ نیز دہانِ معشوق کا کنایہ۔

نمک سنگ: وہی 'سنگِ نمک' جس کے معنی دیے جا چکے ہیں۔

نمی دانیم سرِ ما بر کدامیں بالین است: یعنی ہمیں علم نہیں کہ قسمت ہمیں کہاں کھینچ لے جائے گی اور کہاں ہم خوابِ عدم میں آنکھیں بند کر لیں گے (ہماری موت کہاں واقع ہو گی)۔

ن - و

نواجان: ('ن' پر زبر)، گروگان (رہن، گرو، روپے کا بدل/عوض)؛ نیز بمعنی گروگانِ جان (جان کا گرو/گروی ہونا/پڑنا)۔

نواخت: موافق۔

نواخوانی: نوا، نغمے، یا راگ کی ایک لے، مجازاً بمعنی سخنِ خوب و خوش؛ نیز جو کچھ طنز اور استہزا کے طور پر کہا جائے؛ نیز 'نوازدن' بھی انھی معنوں میں ہے۔

نوبر کردن: معروف؛ (پہلی بار کوئی تازہ پھل متعلقہ فصل میں کھانا، یا چکھنا)، 'نوبادہ کردن' بھی انھی معنوں میں ہے۔

نوخط: کسی نئی چیز کا کام میں آنا۔

نورہ: (’ن‘ پر پیش، ’واؤ‘ پر زبر)، ایک ایسی چیز جس سے بدن کے بال صاف کرتے ہیں (بال صفا پاوڈر)، ایرانی دوسرے حرف کو ساکن استعمال کرتے ہیں۔ یہ لفظ نہادن (رکھنا)، مالیدن (ملنا)، کشیدن (کھینچنا) اور کردن (کرنا) کے ساتھ مستعمل ہے؛ نیز دارو۔

نوری: چمکتے ہوئے سرخ رنگ والا ایک جانور، جس کا تمام جسم توتے کی چونچ کی طرح سرخ ہوتا ہے، لیکن توتے سے ہٹ کر ہے، اس لیے کہ کہا جاتا ہے، وہ توتے کی طرح حرف قابلی بولتا ہے (سیکھی ہوئی باتیں کہتا ہے)۔

نونِ قوسی: کاتبوں کی اصطلاح میں ایسا ’نون‘ (’ن‘) جو کمانِ حلقہ کی مانند ہوتا ہے۔ ایسے ’نون‘ کے لکھنے کو ’تقویسِ نون‘ کہتے ہیں۔ لوطیوں کی اصطلاح میں بمعنی فرج۔

ن ۔ ہ

نہاں خانہ: تہ خانہ، ایرانی بمعنی خلوت خانہ استعمال کرتے ہیں۔

ن ۔ ی

نےِ پیچ: (اضافت کے ساتھ)، حقے کی نالی جس کے اندر جست، یا تانبے، لوہے، یا چاندی کا تار لگاتے ہیں اور وہ پیچ دار ہوتا ہے۔

نے در ناخن کردن: ایک سزا جس میں نے کا سرا تیز اور باریک تراش کر ناخن میں توڑتے ہیں۔

نیچۂ عیاری: عیاروں کا نیچہ جس میں دارو ڈال کر اُس میں پھونک مارتے ہیں اور سوئے ہوئے آدمی پر ڈالتے ہیں جو دماغ پر اثر کرتا ہے اور وہ آدمی دیر تک ہوش میں نہیں آتا۔ #

نیچۂ عیاری: نیچہ ایست کہ عیاراں دارند؛ بیہوش دارُو درآں پُر کردہ بر رُوے بینی شخصِ خوابیدہ گذارند و پف کنند۔ بیہوش دارُو بدماغ صعود کند و چناں از خود برد کہ تا دیرے بخود نیاید = نیچہ جو عیاروں کے پاس ہوتا ہے۔ اِس میں بے ہوشی کی دوا بھر کر سوئے ہوئے شخص کے چہرے اور ناک پر سے گزارتے ہیں اور پھونک مارتے ہیں۔ بے ہوشی

کی دوا دماغ میں چڑھ جاتی ہے اور اُسے ایسا بے خود کرتی ہے کہ وہ تا دیر اپنے حواس میں نہیں آتا۔ (نقش)

نیزۂ خطّی: یمامہ کے ایک موضع خط کا نیزہ، جو بہت اچھا ہوتا ہے۔

نیفۂ رُوباہ: لومڑی کے جسم کے بال، جن سے پوستین بناتے ہیں۔

نیک: 'خوب' کا مترادف، بہت کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

نیکی کردن و درآب انداختن: کسی اُمید کے بغیر کسی کے ساتھ نیکی کرنا۔ [اُردو میں ہے، 'نیکی کر اور دریا میں ڈال'۔ یزدانی]

نیل بزیاں رفتن: جب رنگ ریزوں کا نیل بے کار ہو جاتا ہے تو وہ بے کار قسم کی بات پھیلاتے اور اُسے کالے (جادو) کا توڑ بتاتے ہیں۔ ایران اور ہند میں مشہور ہے۔

نیلِ چشم زخم: نظرِ بد سے بچانے کی خاطر بچّوں کے چہرے پر لگایا جانے والا سیاہ داغ۔

نیل کشیدن: سیاہ داغ لگانا۔

نیلوفرِ ماتم: نیلوفر کا پھول جو کالا ہوتا ہے اور ماتم کرنے والے سیاہ پوشوں کے سوا اور کوئی سر پر نہیں لگاتا۔

نیم آورد: اصفہان کے ایک محلّے کا نام۔

نیم تاج: ریشم سے بُنتے اور جواہر سے مرصّع کرتے ہیں۔

نیم تسلیم: سلام کرنے کی خاطر ہاتھ ناف تک لے جانا اور جھکنا۔ یہ 'نیم تسلیم' ہے، جب کہ ہاتھ زمین پر رکھنا اور پیشانی پر پکڑنا 'تمام تسلیم' ہے۔

نیم تہ کردن: کمر سے پکڑ کر گرانا۔

نیم جاں: عاشق۔

نیمدار: ایسا لباس اور بچھونا جو پوری طرح استعمال نہ ہوا ہو۔ دراصل یہ 'نیم مدار' تھا۔

نیم رُو: وہی 'نیمبر نیمرو'، جس کے معنی دیے جا چکے ہیں۔

نیم زباں: وہ شخص جو ادب و حیا، یا مخاطب کے دبدبے کے سبب پوری طرح بات نہیں کرتا۔

نیم کاسہ زیرِ کاسہ داشتن: مکر و حیلے کا کنایہ۔

و

و ۔ ا

وابوسیدن: رُوگردانی کرنا اور بے دماغ ہونا۔

جبی: مقررہ وظیفہ۔

وازدن: لوٹا دینا۔

وازدن متاع: کسی سودے، یا چیز کی گرانی کے بعد اُس کا سستا ہو جانا۔

واسرنکیدن: پہلو تہی کرنا، رُوگردانی کرنا۔

واشدن: شگفتہ ہونا اور تکلف سے باہر نکلنا؛ نیز 'از سروا شدن' کا مترادف، جس کے معنی دیے جا چکے ہیں۔

قع شدن: معروف؛ نیز اچانک ملاقات ہونے کا کنایہ۔

واقعہ: معروف؛ نیز خواب کے اندر دیکھا جانے والا خواب۔

واقف باش: یعنی خبردار ہو جا۔

کشیدن و وا اُفتادن: لیٹ جانا۔ 'واکشیدن' کے معنی کسی سے مکر و حیلے سے کچھ ہتھیانے کے بھی ہیں، لیکن اس صورت میں لفظ 'از' کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

گوئی: 'باز گوئی' کا مترادف۔ معنی دیے جا چکے ہیں۔ لفظ 'باز' اور 'وا' ایک دوسرے کے مترادف ہیں۔

گیر: جب دو پہلوان باہم کشتی لڑتے ہیں، اور ایک اپنے مخالف کو زمین پر پٹختا ہے تو وہ کہتا ہے، 'میں بے خبر تھا، ہاں، وا گیر است'، یعنی دوبارہ کشتی کرنی چاہیے۔

واو چقماقی: خطاطوں (کاتبوں) کی اصطلاح میں، ایسا 'واو' جو چقماق سے ملتا جلتا ہو۔

وایہ: مراد، حاجت۔

و ۔ خ

وخ: 'واہ واہ' کا مترادف؛ نیز 'وخ جان'۔

وخ وخ: کوئی چیز اچھی لگنے پر یہ الفاظ بولے جاتے ہیں۔

و ۔ ر

ورقِ خام: میرزایانِ دفتر کا اصل رجسٹر کا کاغذ، جس میں سے کوئی لفظ مٹایا گیا ہو، یا اُس کی اصلاح کی گئی ہو۔ اس سے اس جماعت (یعنی میرزایاں) کی دیانت اور بددیانتی ظاہر ہو جاتی ہے۔

ورکار: لوطیوں کی اصطلاح میں، عورتوں کی جائے مخصوصہ۔

ورورپُف: (دونوں 'و' کے نیچے زیر اور 'پ' پر پیش)، جادوگروں کا آہستہ آہستہ دم کرنا۔

و ۔ ز

وزیدنِ بُو: بو (خوش بُو) کا پھیلنا۔

و ۔ ض

وضعِ بے شیرازہ: مختلف حال اور طور۔ 'وضعِ اوراق' بھی کہتے ہیں۔

وضو داشتن: ...سو کی ضرورت ہونا۔

وضو گرفتن: وضو کرنا۔

و ۔ ق

وقت وساعت: ('واو عاطفہ' کے ساتھ)، گھڑیال کی قسم کی ایک چیز، جس سے دن اور رات کا وقت معلوم کرتے ہیں۔ عرفِ عام میں اسے 'گھڑیالِ فرنگی' (یورپی گھڑیال) کہتے ہیں۔ شیشۂ ساعت؛

بھی مراد لی جاتی ہے۔

وقواق: ایک ایسا درخت ہے جس کا پھل آدمی اور دوسرے حیوانات کی شکل کا سا ہوتا ہے، جب تک وہ درخت پر لگا رہتا ہے، باتیں کرتا ہے۔ بعض کے بقول یہ ایک جزیرے کا نام ہے جہاں یہ درخت پایا جاتا ہے۔

و ۔ ی

ویران شہر: ایک جگہ کا نام، جہاں عمدہ زعفران ہوتا ہے۔

ہ

ہ ۔ ا

ہاے ہاے: آہ و نالہ کی صورت میں اٹھنے والی آوازیں۔#

ھایھاے: از اصوات است در صفتِ نالہ و آہ واقع شود۔ بحذف یاے ہلکی آخر نیز = نالہ و آہ کو ظاہر کرنے والی آوازیں۔ آخری 'ے' کے حذف کے ساتھ [ہاے ہا] بھی مستعمل۔ (محشی)

ہ ۔ د

ہد: تفت یزد میں ایک مقام کا نام۔

ہ ۔ ر

ہراسہ: نقلی چوکی دار، جو کھیتوں میں لگایا جاتا ہے تاکہ جانور اور پرندے فصل کو نقصان نہ پہنچائیں۔

ہر چہ ایں می زند یا می نوازد وآں می رقصد: یعنی جو کچھ یہ کہتا ہے، وہی کچھ وہ کرتا ہے۔ مراد تابع ہونا ہے۔ یہ مطلب اِس امر سے ماخوذ ہے کہ سازندہ ساز بجاتا ہے اور رقاص اُس کے سُروں کے مطابق رقص کرتا ہے۔

ہر دو یکی: فنِ پہلوانی کا ایک داو، اور وہ یہ کہ ایک ہاتھ حریف کے کندھے پر رکھ کر اُس کی پشت و کمر تک لے جاتے اور دوسرا ہاتھ اُس کے چوتڑوں کے درمیان رکھ کر دونوں ہاتھ باہم ملا لیتے، اور پھر اُسے (حریف کو) زور سے گرا دیتے ہیں۔

ہرزہ چانگی: بے ہودہ گوئی، یاوہ گوئی۔

ہرزہ خرج: فضول خرچ آدمی، بے مقصد دولت خرچ کرنے والا۔

ہرزہ دکیلی: بلا سبب کسی کے معاملے میں دخل دینا۔

ہرہفت: سات قسم کا سامانِ آرائش، حنا، وسمہ، گلگونہ وغیرہ۔

ہریسہ دیگِ قشری: لوطیوں کی اصطلاح میں گوہ اور گندگی۔

ہ ۔ ز

ہزار پیشہ: بڑا پیالہ؛ نیز ایسی چیز جس میں کچھ اور چیزیں رکھی جائیں، مثلاً قلم دان وغیرہ۔

ہزار خانہ: بکرے کی اوجھڑی، اور انسانی معدہ۔

ہزار رنگ برآمدن: خود کو کئی طریقوں سے سجانا۔

ہزاری: پہلوانوں کی اصطلاح میں، ایک ایسا پہلوان جو دن میں ہزار مرتبہ تختۂ شلنگ (چھلانگ لگانے کے تختے) کی ورزش کرتا ہے۔

ہزاہز: مسلسل ہلنا۔

ہ ۔ س

ہست وبود 'بود و نبود' (ہونے نہ ہونے، ہستی اور عدم) کا مترادف۔

ہ ۔ ف

ہفت پشتِ کسے را بسنگِ آبی رسانیدن: کسی کی بڑی ہی غیر واقع اور مبالغے کی حد تک تعریف کرنا۔

ہفت وحشت: خصومت انگیز گفتار کا کنایہ۔

ہ ۔ ل

ہل: ('ہ' کے نیچے زیر)، تیل نکالنے کے بعد تیل کے بیجوں کا پھوک جو ہاتھ اور سر دھونے کے کام آتا ہے۔

ہلال: معروف؛ نیز ناخن کی خراش۔

ہلال ہلال: ٹکڑے ٹکڑے اور لخت لخت۔

ہلو: شفتالو۔

ہلیہ: ایک چھوٹی سی چوڑی لکڑی، جس سے چھوٹی کشتیاں چلاتے ہیں اور ملاح کشتی چلاتے وقت 'ہلیہ ہلیہ' کہتے ہیں۔

ہ ۔ م

ہم: 'نیز' کا مترادف، جو معروف ہے۔

ہم آورد: باہم جنگ کرنے والے دو حریف۔ دونوں ایک دوسرے کے 'ہم آورد' ہوں گے۔

ہمراہی: برابری؛ نیز مدد۔

ہم قلم: کسی تحریر میں مددگار۔ ایک ایرانی کا کہنا تھا کہ 'ہم قلم' وہ آدمی ہے جو تحریر میں سلاطین اور اُمرا کی طرف سے، اہلِ دیوان کا شریک ہوتا ہے تاکہ تفاوت نہ کر سکے۔

ہمگیر: کسی کے ساتھ پہنچنے والا۔

ہمہ دادن: 'سراپا دادن' کا مترادف، اِس کے معنی دیے جا چکے ہیں۔

ہ ۔ ن

ہنوار: 'ہموار' کا مترادف۔

ہ ۔ و

ہوا خوردنِ بادہ: شراب کی کیفیت کے زائل ہونے کا کنایہ، اِس لیے کہ ہوا کے تصرف سے شراب کا نشہ زائل ہو جاتا ہے۔

ہوا شکستہ است: یعنی موسم اب گرمی سے سردی میں بدل رہا ہے۔

ہوا گرفتن: پرواز کرنا۔

ہوایافتن وخوردن: موسم کا مزاج میں تبدیلی لانا۔

ہوائے ابر: معروف؛ نیز کام کو بگاڑنے والے کسی خلل انداز کا حاضر ہونا۔

ہوائی: دوست؛ نیز ایسا باج جو مقررہ باج کے علاوہ خزانۂ سلاطین میں لایا جاتا ہے۔ ہند میں اِسے 'فروعی' کہا جاتا ہے۔

ہُوئے اوّل: پہلوانوں کی اصطلاح میں، پہلی بار۔

ہ ۔ ی

ہیچ کس: ناکس (گھٹیا)۔

ی

ی ۔ ا

یادوست: ایرانی گداگروں کی صدا۔

یادرفتہ است: یعنی 'از یاد رفتہ است۔' (بھول گیا ہے۔)

یاری: ایک مرد کے نکاح میں جو دو عورتیں ہوں۔ ایک عورت دوسری کی 'یارے' (سوکن) ہے۔

یال بستن: اشاروں کنایوں میں کسی پر چوٹ کرنا، اور بے جا تفاخر کرنا۔

یال وکوپال: 'یال' بمعنی گھوڑے کی گردن کے بال؛ نیز گردن، اور 'کوپال' بمعنی گرز۔

ی ۔ ت

یتیم: معروف؛ نیز بمعنی غلام۔

یتیم خانہ: عیاروں کے رہنے کی جگہ۔

ی ۔ خ

یخ بسیار شود تا ایں کار ساختہ گردد: یہ مثل ایسے موقع پر بولی جاتی ہے جہاں کسی کام کی انجام دہی میں بڑی مشقت درکار ہو۔

یخدان: اکھٹے باندھے ہوئے دو صندوق، جو سفر میں ساتھ لے جاتے ہیں۔ ان کی دو قسمیں ہیں، ایک کو 'یخدان شربت خانہ' کہتے ہیں، اِس میں کھانے اور حلوہ جات ہوتے ہیں، جب کہ دوسری کو 'یخدان صندوق خانہ' کہا جاتا ہے، اِس میں لباس رکھا ہوتا ہے۔

یخدان کش: ایسا آدمی جو صندوقِ یخدان اونٹ پر لاد کر لے جاتا ہے، اور یہ نوکروں میں کم ترین ہوتا ہے۔

ی ـ ر

یراق: ہر چیز کا سامان وغیرہ۔

ی ـ س

یسل ویسال: ترکی لفظ ہے، بمعنی فوج کی قطار۔

ی ـ ک

یک اسپہ: بہادرانہ، 'یک تنہ' کی مانند۔

یک بادام: بہت کم کا کنایہ۔

یک پشتِ ناخنِ بوکمان: بہت ہی قلیل مقدار کا کنایہ۔

یک پہلو اُفتادن: کسی کام میں پوری طرح متوجہ ہونا اور کسی بھی صورت میں اُسے نہ چھوڑنا۔

یک جلو: تیز رَو۔

یک چشمہ کار: ایک آراستہ اور منظم کام۔

یک دندانہ: یکساں۔

یک دہن خندیدن: کم، یا تھوڑی ہنسی کا کنایہ۔

یک رُو کردن: بالکل قطع کر دینا۔

یک سوارہ: حملہ کرنے والا اکیلا سوار۔

یک شبہ: چادر، جو گھاس سے تیار کرتے ہیں اور یہ بہت نازک ہوتی ہے، ایک رات سے زیادہ کام نہیں آتی۔ بعض کے مطابق، یہ ایک بہت باریک ابریشمی جامہ ہے، جو زفاف کے دن کے لیے دولھا اور دلہن کے لیے تیار کرتے ہیں۔ (تاہم پہلے معنی زیادہ صحیح ہیں۔)

یک طرف و یک جانب اُفتادن: 'طرف شدن'، اِس کے معنی دیے جا چکے ہیں۔

یک کاسہ کردن: پورا چڑھا جانا، پی جانا۔

یک گز رُوے کار دارد: یعنی بہت نمایاں ہے، اِس میں تہ نہیں ہے۔ اِس کا ماخذ وہ قماش ہے جس کے لیے ایک گز کافی ہوتا ہے۔

یک لخت: یک دست (پورا)، اور یکساں۔

یکا یک کردنِ متاع: متاع پہنچنے کی انتہا۔

یکہ باطل: ایک باطل چیز جو یاد رکھنے کے لیے کاغذ پر لکھ لیتے ہیں کہ شاید کسی روز کام آ جائے۔

یکہ خوان: 'فرد نوا' کا مترادف، معنی گزر چکے ہیں۔

ی ۔ ل

یلاں باف: ایک ایسی چیز جس کے خطوط (نقش) دال کی مانند ہوتے ہیں، اور اکثر اِس سے چادر و قبا وغیرہ بناتے ہیں۔

یللی وا کردن: دُکھ اور رنج کو عیش میں بدلنا۔ 'یللی' ایک ایسا لفظ ہے جو عیش و نشاط کے موقع پر بولتے ہیں۔

یلمان: تلوار کو لٹا دینا۔

ی ۔ ن

ینگ: آئین اور روش؛ نیز ایک جزیرے کا نام جسے متاخرین نے دریافت کیا ہے۔ زمانِ قدیم میں یہ ناپدید تھا۔ لغتِ فرنگ میں 'ینگ' کے کچھ اور معنی ہیں، یعنی جزیرہ۔

ی ۔ ی

ییلاق: ٹھنڈا مقام (پہاڑ وغیرہ)، جہاں جا کر لوگ گرمیوں کا موسم گزارتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

تمّت بالخیر

☆☆☆☆☆☆☆

مطبوعاتِ ادارۂ یادگارِ غالب

مقالاتِ ممتاز	ڈاکٹر ممتاز حسن	مرتبہ: شان الحق حقی	علمی وادبی مقالات اور شخصی خاکوں کا مجموعہ۔	۱۵۰؍ روپے
یادگارِ غالب	مولانا الطاف حسین حالی		طبع اول ۱۸۹۷ء کا عکس۔	۲۰۰؍ روپے
رموزِ غالب	ڈاکٹر گیان چند		مجموعۂ مقالات۔	۲۵۰؍ روپے
نامہ ہاے فارسیِ غالب	مرزا اسد اللہ خاں غالب	ترجمہ: پرتو روہیلہ	غالب کے فارسی خطوط کا ترجمہ۔	۱۲۰؍ روپے
تذکرۃ الشعرا	مولانا حسرت موہانی	مرتبہ: شفقت رضوی	پہلی مرتبہ کتابی صورت میں شائع ہوا ہے۔	۳۰۰؍ روپے
مآثرِ غالب	مرتبہ: قاضی عبدالودود	تدوینِ نو: ڈاکٹر حنیف نقوی	غالب کی غیر مدون اُردو فارسی تحریروں کا مجموعہ۔ مع ترجمہ خطوطِ فارسی از پرتو روہیلہ	۱۵۰؍ روپے
تصحیح و تحقیقِ متن	ڈاکٹر نذیر احمد		اصولِ تحقیق و تدوین	۸۰؍ روپے
اِملاے غالب	رشید حسن خاں		غالب کے طرزِ املا کا مفصل مطالعہ۔	۱۴۰؍ روپے
جہاتِ غالب	مرتبہ: ڈاکٹر ممتاز حسن	ترجمہ: محی الحق فاروقی	بین الاقوامی دانش وروں کے انگریزی مقالات کا ترجمہ۔	۱۰۰؍ روپے
غالب کی اُردو نثر اور دوسرے مضامین	مولانا حامد حسن قادری		مجموعۂ مقالات۔	۱۵۰؍ روپے
اِنشاے غالب	مرزا اسد اللہ خاں غالب	مرتبہ: رشید حسن خاں	غالب کے کلامِ نظم و نثر کا انتخاب، جو خود غالب نے کیا تھا۔	۱۵۰؍ روپے
آئینۂ افکارِ غالب	شان الحق حقی		غالب سے متعلق مقالات کا مجموعہ۔	۱۴۰؍ روپے
غالب: شخصیت و کردار	پروفیسر لطیف اللہ		غالب کے بارے میں مستقل کتاب۔	۸۰؍ روپے
نوادرِ غالب	ڈاکٹر اکبر حیدری		مجموعۂ مقالات۔	۲۰۰؍ روپے
غالب شناس مالک رام	ڈاکٹر گیان چند		غالب پر مالک رام کے کاموں کا جائزہ۔	۱۴۰؍ روپے
غالب صد رنگ	سید قدرت نقوی		مجموعۂ مقالات۔	۲۰۰؍ روپے
تعبیراتِ غالب	ڈاکٹر فرمان فتح پوری		مجموعۂ مقالات۔	۳۰۰؍ روپے
غالبیات کے چند فراموش شدہ گوشے	ڈاکٹر اکبر حیدری کشمیری		مجموعۂ مقالات۔	۲۰۰؍ روپے

اُردو کے ضرب المثل اشعار	محمد شمس الحق		آٹھ سو سے زیادہ اشعار کی تحقیق۔	۳۰۰؍روپے
حسین بن منصور حلاج۔ایک تحقیقی جائزہ	پروفیسر لطیف اللہ		مشہور شخصیت پر بھرپور تحقیق۔	۱۲۰؍روپے
اشاریہ کلامِ فیض	ڈاکٹر معین الدین عقیل		فیض احمد فیض کے کلام کا اشاریہ۔	۴۰؍روپے
عمرِ گزشتہ کی کتاب	مرزا ظفر الحسن		یادداشتیں۔	۷۵؍روپے
دکن اُداس ہے یارو	مرزا ظفر الحسن		یادداشتیں۔	۴۰؍روپے
معربات رشیدی	سید عبدالرشید تتوی	مرتبہ: ڈاکٹر عبدالستار صدیقی تدوین نو مع ترجمۂ اردو: ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی	عربی میں دخیل الفاظ کے بارے میں ایک اہم تصنیف۔	۲۲۰؍روپے
چراغ حسن حسرت: احوال وآثار	ڈاکٹر طیب منیر		اعلیٰ تحقیقی مقالہ۔	۳۰۰؍روپے
غالب: نظر اور نظارہ	ڈاکٹر حنیف فوق		مجموعۂ مقالات۔	۱۲۰؍روپے
غالب کے سات رنگ	ڈاکٹر سہیل بخاری		غالبیات میں اہم اضافہ۔	۱۰۰؍روپے
جگر و اصغر	جلیل قدوائی	مرتب: شاہ انجم	دو بڑے شاعروں کا اہم جائزہ۔	۱۵۰؍روپے
گفتۂ غالب	سید مقبول حسین احمد	مرتب: شیما مجید	غالبیات میں اہم اضافہ۔	۱۵۰؍روپے
خرمنِ جاں	مجید ملک		مجموعۂ نظم ونثر	۲۵۰؍روپے
آہنگِ پنجم	مرزا اسد اللہ خاں غالب	ترجمہ: پرتو روہیلہ	("پنج آہنگ" کے فارسی خطوط کا ترجمہ)	۲۵۰؍روپے
نذرِ غالب	ڈاکٹر وحید قریشی		مجموعۂ مقالات۔	۱۵۰؍روپے
میرے جیون کی کچھ یادیں	ڈاکٹر زیڈ اے احمد	ترجمہ: یعقوب خاور	آپ بیتی، ہندی سے ترجمہ	۲۰۰؍روپے
لفظیاتِ اُردو	ڈاکٹر سہیل بخاری		اُردو الفاظ کی تحقیق	۱۰۰؍روپے
غالب	شمارہ ۱،۲		ادارۂ یادگارِ غالب کا علمی وادبی کتابی سلسلہ	۱۰۰؍روپے
غالب	شمارہ ۳ تا ۵		ادارۂ یادگارِ غالب کا علمی وادبی کتابی سلسلہ	۱۵۰؍روپے
غالب	شمارہ ۶ تا ۱۰		ادارۂ یادگارِ غالب کا علمی وادبی کتابی سلسلہ	۲۰۰؍روپے
غالب	شمارہ ۱۱ تا ۱۸		ادارۂ یادگارِ غالب کا علمی وادبی کتابی سلسلہ	۲۰۰؍روپے
غالب	شمارہ ۱۹		ادارۂ یادگارِ غالب کا علمی وادبی کتابی سلسلہ	۲۰۰؍روپے

''مصطلحات الشعراء'' دیگر معروف اور ضخیم لغات کے مقابلے میں مختصر ہے لیکن اس اعتبار سے جامع اور مفید ہے کہ اس کے مرتب سیالکوٹی مل وارستہ لاہوری نے اسے اسناد کے اہتمام کے باعث مستند لغت بنا دیا ہے اور یہ کوشش کی ہے کہ اسناد اہل زبانِ ایران سے اخذ کی جائیں۔ مؤلف نے چوں کہ ایک عرصہ ایران میں بسر کیا تھا اور جہاں اس نے ایرانی روزمرہ اور محاورات و اصطلاحات سے خاطر خواہ استفادہ کیا تھا، اس لیے اسے اہل زبان کی سی نزاکتوں کا احساس رہا اور اسی اعتبار سے اس نے ان تمام الفاظ و اصطلاحات کو غیر اہم سمجھا ہے، جو ہندوستان میں شعرا اور مصنفین میں رائج رہی ہیں۔ اپنی اس محنت اور اہتمام میں اس نے مسلسل پندرہ سال صرف کیے تب یہ لغت مرتب ہوئی۔ اس کا سال تکمیل ۱۱۸۰ھ/۶۷-۱۷۶۶ء ہے۔ اس کی اولین اشاعت ۱۲۷۰ھ/۵۴-۱۸۵۳ء میں لکھنؤ میں ہوئی اور یہ دوسری بار ۱۳۱۶ھ/۱۸۹۹ء میں شائع ہوئی۔ اس کا ایک حالیہ ایڈیشن ۲۰۰۱ء میں تہران سے شائع ہوا ہے جسے ڈاکٹر شہروس شمیسا نے نہایت مفید مقدمے، حواشی اور تصحیحات کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ اس نسخے کی بنیاد انھوں نے اس کی اشاعت ثانی (۱۸۹۹ء) کو بنایا ہے، لیکن اس کے قلمی نسخے (مخزونہ: مدرسہ عالیہ، ڈھاکہ) اور مطبوعہ نسخوں کو بھی پیش نظر رکھا۔

زیر نظر نسخہ اس کے اردو ترجمے کے ساتھ شائع ہو رہا ہے، جس کا اہتمام فاضل محقق و مصنف ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی نے کیا ہے۔ اس کی ترتیب اور حواشی کا کام کوئی سرسری سا یا آسان کام نہ تھا، یہ بے حد دقت نظری اور جانفشانی کا تقاضا کرتا تھا۔ ڈاکٹر صاحب فارسی زبان و ادب پر کامل عبور، گہری واقفیت اور اعلیٰ ذوق کے لحاظ سے معروف ہیں۔ متعدد بلند معیار تحقیقی مقالات ان کی کاوشوں کا نتیجہ ہیں اور ان کے علاوہ ''شرح کلیات غالب فارسی'' اور ''طنز و مزاح در شعر فارسی'' ان کی مؤقر تصانیف ہیں، جو اپنے موضوع کے حوالے سے یادگار ہیں۔ ''مصطلحات الشعرا'' بھی ان کی ایسی ہی کاوشوں میں شامل رہے گی۔

''ادارہ یادگار غالب'' کو یقین ہے کہ اس کی یہ کوشش اپنی افادیت اور اہمیت کے پیش نظر پسندیدگی کی نظروں سے دیکھی جائے گی اور اس کی ترتیب و حواشی کے لیے ڈاکٹر یزدانی صاحب کی محنت و جستجو کو سراہا جائے گا۔

معین الدین عقیل

